ترکی اور اردو زبان کے مشترک الفاظ

Türkçe ve Urduca' daki Ortak Kelimeler

اصغر حمید

ASGHER HAMİD

ترکی اور اُردو زبان کے مشترک الفاظ

Türkçe ve Urduca' daki Ortak Kelimeler

اصغر حمید

Asgher Hamid

Turki Aur Urdu Zuban Kay Mushtarak Alfaaz
by Asgher Hamid

نام کتاب	:	ترکی اور اُردو زبان کے مشترک الفاظ
مصنف/ ناشر	:	اصغر حمید، حسن پور-244241 (ضلع جیوتی باپھولے نگر) یوپی فون: 05924-264446 / Mobile No. 9259900385
صفحات	:	552
قیمت	:	اندرون ملک -/500 روپے (پانچ سو روپے) جنوبی ایشا و ترکی کے لیے -/500 ہندوستانی روپے کا زرِ متبادل دیگر ممالک 35 امریکی ڈالر India- Rs. 500/- South Asia & Turkey Equivalent to Rs. 500/- Other Countries : $ 35
تعداد	:	500
سال اشاعت	:	2006ء
مطبع	:	شاہد پبلیکیشنز، نئی دہلی
کمپوزنگ	:	محمد اسلام خان، فون: 9910100445
زیر اہتمام	:	ڈاکٹر شاہد حسین، نئی دہلی، موبائل: 9868572724

ISBN - 81-903966-0-9

ملنے کے پتے

ASGHER HAMID *(Advocate)*
Hasanpur, Pin Code : 244241
Distt. Jyoti Ba Phoole Nagar, (U.P.) INDIA
Mobile No. 9259900385

NAYA SAFAR PUBLICATIONS DELHI
C-166, Vivek Vihar, Phase-I, Delhi-110095
Phone : 011-22153058, (Mob.) : 9910153058

SHAHID PUBLICATIONS
2253, Resham Street, Kucha ChellanDarya Ganj,
New Delhi-110002 Mob.: 9868572724 Tel. (R) : 23272724

انتساب

ترکوں اور ہندوستانیوں

کے

قدیم تہذیبی رشتوں کے

نام

Bu kitap asırlara dayanan Türk ve Hint halklarının kültürel münasebetlerine ithaf edilmektedir.

فہرست

FOREWORD

The links between Turkish and Urdu has not been sufficiently brought into light neither in Turkey nor in other countries especially for those who are not experts in this area. Altough the linguists and the members of the two cultures who could have the chance of witnessing it are famillar with the existence of common words in two languages, it might be surprising to know that the number of those common words approach nine thousand. However the fact that the Turks reigned in South Asia starting from their arrival from Central Asia nearly at the 11th century untill the beginning of the British colonialist rule at the 18th century and integrated with the people of the region, clearly indicates the naturalness of the existence of commonalities between the two languages. Some of the vocabulary in this work which lost in time their active usage in our spoken and written language have actually played an important role in Turkish and have been used both in daily and literary languages. This lexicon of words prepared throughout long years with great effort by scrutinizing thoroughly the vocabulary of the two languages deserves to come to light. I earnestly wish that this valuable work encourages other people to conduct research in this area and leads the way to similar ones.

I would like to congratulate the author who had the chance of learning Turkish almost fifty years ago in our country and despite of not being a linguist gave life to this lexicon of words keeping his love for the language with a decisiveness and tenacity, rarely seen nowadays. I hope that this book will be a bridge for the two peoples bound by historically deep rooted ties to rediscover each other. 16.06.2006

Halil Akıncı
Ambassador of the Republic of Turkey in New Delhi

ÖNSÖZ

Türkçe ile Urduca arasındaki bağlantı konunun uzmanı olmayanlar açısından ülkemizde ve dünyada genelde yeterince ışığa çıkartılmamıştır. İki dilde ortak kelimeler olduğu dilbilimciler ve iki kültürün karşılıklı temas sırasında şahit olma şansı yakalamış mensuplarınca bilinse de, sözkonusu kelimelerin sayısının dokuz bine yaklaşması hayret uyandırabilir. Oysa takriben İ.S. 1000 yılından itibaren Türklerin Orta Asya'dan Güney Asya'ya gelerek bölge halkıyla kaynaşmış ve 18. yüzyılda İngilizlerin sömürge yönetimine kadar hüküm sürmüş olması, iki dil arasındaki sözkonusu ortaklığın doğallığını açıkça göstermektedir. Türkçe ve Urduca'daki ortak kelimeleri bir araya getirmeye çalışan bu eserde karşılaşılan bugün artık dilimizde aktif olma özelliğini yitirmiş, yazı dilinde dahi kullanımdan düşmüş sözcükler esasen tarihte Türkçe'nin bir parçası olarak işlev görmüş, günlük dilde ve/veya edebi dilde kullanılmışlardır. Uzun yıllar büyük emekle ve iki dilde mevcut sözlüklerin hassas bir taramaya tabi tutulması neticesinde hazırlanan bu derleme gün ışığına çıkartılmayı hak etmektedir. Elimizde tuttuğumuz bu değerli çalışmanın benzeri çalışmaları cesaretlendirmesini ve yol göstermesini içtenlikle temenni ediyorum.

Dilbilimci olmamakla birlikte neredeyse elli yıl önce ülkemizde Türk diliyle tanışma şansı elde eden ve Türkçe'ye olan sevgisini yıllarca kalbinde saklayarak, günümüzde örneği gittikce azalmakta olan bir inat ve kararlılıkla bu eseri ortaya koyan kitabın yazarını tebrik ediyor, çalışmanın tarihten gelen derin bağlara sahip iki halkın birbirlerini yeniden keşfetmesinde bir köprü olmasını diliyorum. 16.06.2006

Halil Akıncı
Türkiye Cumhuriyeti
Yeni Delhi Büyükelçisi

پیش لفظ

اصغر حمید صاحب کی یہ تصنیف یا تالیف ایک علمی دیوانگی کا کرشمہ ہے اور دیوانگی بھی ایسی جس کا آغاز اور عروج کبرسنی کے عہد میں ہوا جب اعضا کی توانائی جواب دینے لگتی ہے۔ لیکن دماغ تنومند ہو جاتا ہے۔ شاید اس پروجیکٹ سے ان کو جوڑنے اور مستعد بنانے میں کچھ حصہ میرے تحریک کا بھی ہے۔ چھ سات سال قبل جب میں تاشقند کے سفر سے واپس آیا اور ان سے ملاقات ہوئی تو میں نے پوچھا کہ آپ نے اردو اور ترکی کی مشترک لفظیات پر کام کرنے کا جو منصوبہ بنایا تھا اس کا کیا رہا؟ بولے کام تو شروع کیا ہے لیکن رفتار سست ہے۔ کچھ گھر کی مصروفیات کچھ وسائل کی کمی۔ میں نے عرض کیا کہ ایسے علمی کاموں کی تکمیل اسی وقت ہوتی ہے جب اسے زندگی کے دوسرے مشغلوں سے الگ کر کے ترجیحی اہمیت دی جائے اور اسے پورا کرنے کے لیے ایک جنون طاری کیا جائے۔

اسی دوران میرے ان کے ایک مشترک دوست اور السنہ ترکی کے ماہر ڈاکٹر اکمل ایوبی گزر گئے۔ لیکن ایسا لگتا ہے کہ میری بات ان کے دل کو لگی اور انھوں نے کمر کس لی۔ گزشتہ پانچ چھ سال کی مدت میں برابر ان سے رابطہ رہا اور تبادلۂ خیال بھی ہوتا رہا۔ انھیں یہ خیال تھا کہ میں نے دس بارہ سال چغتائی ترکی کے علاقے میں گزارے ہیں اس لیے میں ترکی زبان کی لسانی ساخت سے کچھ آشنا ہوں گا، وہم ثابت ہوا۔ اس لیے کہ تاریخی حالات سے عثمانی ترکی اور وسطی ایشیا کی چغتائی ترکی میں خاصہ فاصلہ پیدا ہو چکا ہے۔ اس لیے چغتائی ترکی زبان کی لغات کے بارے میں جو مواد اور کتابیں انھیں دیں وہ بھی زیادہ سودمند ثابت نہیں ہوئیں لیکن یہ ضرور ہوا کہ ان کا کام کرنے کا حوصلہ بڑھتا رہا اور انھوں نے خاصی مشقت کر کے رضا لائبریری رام پور، علی گڑھ کے کتب خانوں اور ترکی کے سفارت خانے سے کچھ قیمتی مواد حاصل کیا اور اس طرح اس منصوبہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔

اصغر حمید صاحب سے میرے دوستانہ مراسم (جو بعد میں رشتہ داری میں بدل گئے) ۵۷-۱۹۵۶ء کی علی گڑھ کی طالب علمی کے زمانہ سے ہی قائم ہیں۔ ہم دونوں نے روسی زبان کے ڈپلوما کورس میں بھی داخلہ لیا تھا اور ایک نہایت خوب صورت اور مہذب انگریز ٹیچر سے روسی زبان سیکھی تھی۔ پھر وہ حکومت ہند سے ایک وظیفہ پا کر ترکی زبان کی تعلیم کے لیے ترکی چلے گئے۔ کئی سال تک ہم ایک دوسرے کے لیے لاپتہ ہو گئے۔ بعد میں معلوم ہوا کہ موصوف نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں ترکی کا استاد بننے کی کوشش کی تو انھیں وکالت کرنا پڑی۔ اور مجھے وکالت کا پیشہ ترک کر کے یونیورسٹی میں استاد کا منصب ملا۔ قدرت اس طرح کی غلط بخشیاں کرتی ہی رہتی ہے۔ اتنا ضرور ہوا کہ ترکی سے واپس آنے کے بعد اصغر حمید صاحب جدید ترکی ادب کے ترجمہ کی طرف مائل ہوئے۔ انھوں نے ترکی شعرا ناظم حکمت، یحییٰ کمال، الہامی بیکر تیز اور خالدہ نصرت زورلوتنا کی نظموں کے نیز چند ترکی افسانوں کے ترجمے اردو میں کیے۔ حسن پور اور مراد آباد میں وکالت کے علاوہ انھوں نے خاندانی کاشت اور باغبانی کا مشغلہ بھی اختیار کیا اور اس طرح جب ان کے جوان ہوئے بچوں نے انھیں اس کام سے بے دخل کیا اور ان میں فراغت کی تو وہ پہلے کے لسانی اور علمی تحقیق کے اس کاروبار کی طرف لوٹ گئے جسے انھوں نے علی گڑھ میں شروع کیا۔ استنبول (ترکی) میں آگے بڑھایا اور واپس آکر بہ مجبوری اس سے چھٹکارا پایا۔ لیکن اس دوری کے ایام میں بھی اس سے ایک علمی تعلق قائم رہا۔ یہی وجہ ہے کہ کچھ فراغت پاکر اصغر حمید صاحب نے جب اس کام کو دوبارہ ہاتھ میں لیا تو پانچ چھ سال کی مسلسل محنت اور جانفشانی سے اسے پایۂ تکمیل تک پہنچا دیا۔

دراصل ترک نسل کی قوم کا اصل خطہ یورال کا التائی کوہستانی علاقہ مانا جاتا ہے۔ صدیوں پہلے ترکوں کے کچھ قبیلے ہجرت کر کے ترکی اور مشرقی یورپ کے کچھ علاقوں میں آباد ہو گئے۔ باقی وسطی ایشیا مغربی چین اور کاکیشیا (کوہ قاف) کے خطے میں پھیل گئے۔ ان کی زبان بھی مختلف جغرافیائی اور لسانی اثرات کے تحت پرورش پاتی رہی۔ مثلاً آذری میں فارسی زبان کے اثرات گہرے ہیں اس لیے کہ یہ علاقہ مدت تک ایران کا ایک صوبہ رہا۔ وہاں شیعہ عقیدہ کے لوگوں کی اکثریت ہے۔ لیکن ازبکستان کی چغتائی ترکی میں عربی فارسی کے دخیل الفاظ کے باوجود قواعد اور زبان کی ساخت میں ترکی غالب ہے۔ یہی دو زبانیں ایسی ہیں جن میں شعر و ادب کا سرمایہ بھی تقریباً ایک ہزار سال سے ملتا ہے۔ تاہم یہ صحیح ہے کہ جغرافیائی تاریخ اور بعض سیاسی اسباب کی بنا پر چغتائی ترکی اور عثمانی ترکی میں رابطے بہت کم رہے۔

تاہم اس سلسلے میں جیسا کہ اصغر حمید صاحب نے اشارہ کیا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ اردو زبان کی تشکیل پر وسطی ایشیا کے ترکوں کی زبان ہی اثر انداز ہوئی۔ یہی نہیں جن لسانی اور تہذیبی عناصر کو ایرانی اثرات سے منسوب کیا جاتا ہے وہ سب وسطی ایشیا کی اقوام ترکمانی، تاجکی اور ازبیک نسل کے لوگوں سے یا ان کے واسطے سے آئے۔ عربوں کی طرح

ایرانی النسل خاندان نے بھی صدیوں تک وسطی ایشیا کے بڑے علاقے پر حکومت کی ہے۔

بہرحال اصغر حمید صاحب کے اس مطالعہ کا تعلق وسطی ایشیا کی ترکی سے نہیں بلکہ عثمانی ترکی سے ہے اور وہ بھی عہد جدید کی ترکی سے جب رسم الخط کی تبدیلی سے ترکی زبان کی بعض بنیادی آوازوں میں بھی تبدیلی پیدا ہوئی۔ مثلاً ق، غ اور ع کی آوازیں جن مخارج سے ادا ہوتی تھیں اب ان مخارج سے نہیں نکلتیں۔ اسی طرح دوسری تبدیلیاں عمل میں آئیں۔ اگر چہ یہ حیرت کی بات ہے کہ وسطی ایشیا کی چغتائی ترکی زبان کا رسم الخط بھی دو مرتبہ تبدیل ہوا لیکن ان کی آوازوں کے مخارج اور ادائیگی میں کوئی بنیادی فرق نہیں آیا۔

اصغر حمید صاحب نے دیباچہ میں ان تبدیلیوں اور اس نوع کے لسانی مسائل کی وضاحت خوبی سے کردی ہے۔ میرا حال وہی ہے جو مشہور مصرع میں کہا گیا ہے ؎

زبان یار من ترکی و من ترکی نمی دانم

اصغر حمید صاحب نے ترکی اور اردو زبان میں استعمال ہونے والے ترکی الفاظ کے معنی و مفہوم تلفظ اور لہجہ میں جہاں جہاں فرق دیکھا ہے اس کی نشان دہی بھی کردی ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ اردو زبان اور محاورہ کے ماہرین کو اس میدان میں زیادہ وقت نظر سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔

ترکی زبان کے بارے میں کچھ مضامین اور رسائل شائع ہوتے رہے ہیں لیکن دونوں زبانوں کے مشترک الفاظ کے ذخیرہ پر اتنا وسیع کام اب تک سامنے نہیں آیا ہے۔

مجھے امید ہے کہ اہل نظر کی جانب سے اصغر حمید صاحب کو اس تحقیقی مطالعہ کی داد ملے گی اور اس کے ساتھ ترک شناسوں کو اس میدان میں مزید کام کرنے کا حوصلہ ملے گا۔

قمر رئیس

۵/جون ۲۰۰۶ء

دہلی

دیباچہ

ترکی زبان سے میرا تعلق تقریباً نصف صدی پرانا ہے۔ یہ بات ۱۹۵۶ء کی ہے جب میں شعبہ جغرافیہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ریسرچ کا طالب علم تھا۔ اس زمانے میں نمبر ۱ حالی روڈ کے ایک حصہ میں جہاں میں قیام پذیر تھا ایک شامی بزرگ المامون صاحب رہا کرتے تھے۔ وہ ترکی زبان سے واقف تھے اور انھوں نے ترکی زبان کی تدریس کے لیے کچھ اسباق رومن حروف تہجی میں تیار کیے تھے۔ ان اسباق میں الفاظ کا تلفظ پرانی زبان کا تھا جو اس وقت ترکی میں مروج نہیں تھا۔ ترکی زبان کی ابتدائی تعلیم میں نے انھیں کے توسط سے حاصل کی۔ خوش قسمتی سے ۱۹۵۷ء میں مجھے حکومت ہند کی وزارت تعلیم کے وظیفہ پر ترکی جانے کا موقع مل گیا جہاں استنبول یونیورسٹی میں میں نے ترکی زبان کی تعلیم حاصل کی۔ ترکی کے قیام کے دوران میں نے محسوس کیا کہ ترکی اور اردو زبان میں مشترک الفاظ کی تعداد بہت زیادہ ہے جن کو کتابی شکل میں یکجا کیا جا سکتا ہے لیکن ہندوستان آکر آلام روزگار نے مہلت نہ لینے دی۔ اس لیے میں نے اس کام کی انجام دہی کے لیے اپنے ایک دوست اور ساتھی سے درخواست کی جو ترکی زبان سے بخوبی واقف تھے جب انھوں نے اس طرف کوئی توجہ نہ دی تو چاروناچار میں نے خود ہی اس منصوبہ کو اپنے ہاتھ میں لیا اور تقریباً گزشتہ چھ سال کی محنت شاقہ کے بعد تقریباً نو ہزار الفاظ کی فہرست پیش کر رہا ہوں جو ترکی اور اردو زبان میں مشترک ہیں۔

لفظ اردو ترکی زبان سے ماخوذ ہے۔ ترکی زبان میں ORDU اُردُو کے معنی فوج، لشکر، کیمپ اور کسی ملک کی عسکری قوت کے ہیں۔ مسلم فاتحین جب ہندوستان آئے تو اپنے ساتھ عربی، فارسی اور ترکی بولنے والے فوجی بھی لائے۔ ان کی آمد کا سلسلہ حضرت عمر فاروقؓ کی خلافت کے زمانہ میں حاکم یمن ابوالعاص کی آمد ۶۳۶ء سے شروع ہوا۔ اس نے تھانہ صوبہ مہاراشٹر پر حملہ کر کے فتح حاصل کی۔ اس کے بعد ۶۶۴ء میں مُہلّب بن ابی صفرہ نے ملتان اور ۷۱۲ء میں محمد بن قاسم نے سندھ پر قبضہ کیا۔ یہ سب عربی النسل تھے۔ ترکوں کی ہندوستان میں آمد سبکتگین اور پھر محمود غزنوی (۹۹۸-۱۰۳۰ء) کے حملوں سے شروع ہوئی۔ اس کے بعد غوری، ایبک، التوتمش، بلبن، خلجی، تغلق، مغل، آصف جاہی و قطب شاہی حکومتیں جو ترک النسل تھیں قائم ہوتی چلی گئیں۔ ان کے فوجیوں کو اپنی روزمرہ کی ضروریات کے لیے مقامی باشندوں سے رابطہ قائم کرنا پڑا اور اس طرح آپسی تعلقات سے ایک نئی لشکری زبان جو عربی، فارسی، ترکی اور مقامی زبانوں خصوصاً ہندی کا مرکب تھی وجود میں آئی۔ اس مخلوط زبان کو دلّی میں "اردوئے معلّٰی" یعنی سلاطین کے لشکر کی بولی کہا گیا۔ گجرات میں اسے "گجری" اور دکھن میں اسے "دکنی" کے نام سے موسوم کیا گیا۔ کسی نے اسے "ہندی" یا "ہندوی" کہا اور کسی نے اسے "لاہوری"، "دہلوی" یا "ریختہ" کا نام دیا۔ کسی نے سندھی سرائیکی کے علاقہ کو اس کے پیدا ہونے کی جگہ قرار دیا۔ شاہجہاں نے اس کے رواج پر دھیان دیا اور بقول مولوی سید احمد دہلوی مصنف "فرہنگ آصفیہ" شاہجہاں نے ہر بازار میں دلال مقرر کر دیے تاکہ جو الفاظ سامان کی خرید و فروخت وغیرہ کے وقت لوگوں کی زبان سے نکلیں انھیں مع موقعۂ استعمال بغیر کانٹ چھانٹ اسی طرح لکھ کر بادشاہ کے سامنے پیش کرتے رہیں۔ اس طرح شاہجہاں کی توجہ سے یہ زبان روز بروز ترقی کرتی چلی گئی۔ انگریزوں کی حکومت کے دوران اس میں انگریزی کے الفاظ بھی شامل ہو گئے۔ ۱۸۳۵ء میں اردو نے فارسی زبان کی جگہ لے لی جو ۱۱۹۱ء سے ہندوستان کی سرکاری زبان تھی۔

اس طرح اردو زبان جو جدید ہند آریائی خاندان سے تعلق رکھتی ہے پہلے ترکی، عربی اور فارسی اور ہندی زبانوں کا مرکب تھی مگر بعد میں اس میں انگریزی اور دوسری زبانوں کے الفاظ بھی شامل ہو گئے اور اب یہ ان سب کا سنگم ہے۔ ۱۹۴۷ء تک اردو ہندی ہندوستان کی سرکاری زبانیں رہی ہیں لیکن ملک کے آزاد ہونے کے بعد قانون بنا کر اردو کو اس حیثیت سے بے دخل کر دیا گیا اور مرکز سے رابطہ سے انگریزی سرکاری زبان بنی رہی۔ اردو پاکستان اور ریاست جموں و کشمیر میں سرکاری زبان ہے۔ اس کے علاوہ ملک کی کئی ریاستوں مثلاً بہار و دلّی میں اسے دوسری سرکاری زبان کا درجہ حاصل ہے۔ یہ ہندوستانی آئین کے آٹھویں شیڈول میں دوسری زبانوں کے ساتھ ایک قومی زبان کی حیثیت سے شامل ہے۔ برصغیر ہندو پاکستان کے علاوہ یوروپ کے بعض ملکوں میں بھی اس زبان کے شعبے قائم ہیں اور اردو بولنے والے موجود ہیں۔

ترکی زبان تورانی یا یورال التائی زبانوں کی ایک اہم شاخ ہے۔ یہ ترکیائی Turkic زبان کی مغرب ترین زبانوں میں سے ایک ہے جو مرکزی ایشیا تک بولی جانے والی زبان ہے اور اسے عام طور پر جنوبی مغربی گروپ کے ممبر کی حیثیت سے اغوز گروپ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ دوسری ترکیائی زبانیں جن کا ایک دوسرے سے قریبی تعلق ہے آذر بائیجانی (آذری) قزاق، کرغیز، تاتار، ترکمین، اُوئی غر، اُزبیک اور بہت سی دوسری زبانیں ہیں جو بلقان سے مرکزی ایشیا، شمالی مغربی چین و جنوبی سائبیریا میں بولی جاتی ہیں۔ ترکی کے علاوہ جہاں اس کے بولنے والوں کی تعداد قریب ۷ کروڑ ہے اسے بلغاریہ، مقدونیا، قبرص، رومانیہ، اُزبکستان، آذر بائیجان، قزاقستان، کرغیزیا، تاتارستان، ترکمنستان، ہرزی گووینیا، چیچنیا، جرمنی، بیلجیم، آسٹریا، ایران، عراق و جنوبی مشرقی یوروپ سے روس کے ینیسی دریا اور چین کے شمالی مغربی علاقہ تک یعنی قریب ۳۵ ملکوں میں بولا جاتا ہے۔ کچھ عالموں کے مطابق منگولیا اور ترکی کے درمیان بولی جانے والی زبانوں کو Turkic یا ترک زبانیں کہا جانا چاہیے اور لفظ ترکی صرف ترکی میں ہی بولی جانے والی زبان کے لیے استعمال کیا جانا چاہیے لیکن عام طور پر سب زبانوں کو ترکی زبان کہا جاتا ہے اور جغرافیائی حدود یا ادبی لہجوں کے مطابق ان میں فرق کر دیا جاتا ہے جیسے آذر بیجان میں بولی جانے والی آذری ترکی، چین کے مغربی حصہ میں بولی جانے والی زبان کو اُوئی غر، چغتائی، تاتاری اور عثمانی ترکی وغیرہ وغیرہ۔ پندرہویں صدی تک اناطولیا کے ترک اُوئی غر رسم الخط میں ترکی زبان لکھتے تھے۔

۲۳-۱۹۱۹ء کے انقلاب ترکی کے بعد مصطفیٰ کمال نے جنھیں اتاترک کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے "یوروپ کے بیمار آدمی" یعنی ترکی کو ایک جدید اور ترقی یافتہ ملک بنانے کے لیے جہاں دیگر اصلاحات کیں وہیں ترکی زبان کو عربی رسم الخط کے بجائے رومن رسم الخط میں لکھے جانے کا فیصلہ بھی لیا۔ اس کے لیے انھوں نے عوام کو اس طرف راغب کرنے کے لیے تختہ سیاہ کا سہارا لینے کے ساتھ ساتھ سختی سے بھی کام لیا۔ اتاترک نے ترکی کے ادیبوں اور حکام کی ایک میٹنگ طلب کی جس میں انھوں نے دریافت کیا کہ اس میں کتنا وقت لگے گا تو عام رائے تھی کہ پندرہ سال لیکن چونکہ کمال اتاترک اس تبدیلی کو جلد از جلد لانا چاہتے تھے اس لیے انھوں نے اس کام کے لیے چھ ماہ کی مدت مقرر کی۔ ۹ اگست ۱۹۲۸ء کو اتاترک پہلے ملک کے اکابر کے سامنے اور پھر عوام کو نئے حروف تہجی سکھانے کے لیے گاؤں کی سڑکوں پر نکل پڑے۔ ساٹھ سال کی عمر تک کے مردوں اور پچاس سال کی عمر تک کی عورتوں کے لیے شام کی کلاسوں میں نئے ترکی حروف تہجی کو سیکھنا لازمی قرار دے دیا گیا۔ یکم نومبر ۱۹۲۸ء کو ترکی پالیمنٹ نے نئے حروف تہجی کو جاری کرنے اور سال کے ختم ہونے کے بعد شائع کی جانے والی کتابوں میں عربی حروف کے استعمال پر پابندی لگانے کا قانون پاس کر دیا اور ۱۹۲۹ء سے ترکی زبان کے لیے رومن رسم الخط جاری کر دیا گیا۔

"اوثمان لی جا" یا عثمانی ترکی جو عربی رسم الخط میں لکھی جاتی تھی کہ حروف تہجی کی تعداد ۳۱ تھی جو ذیل میں درج ہیں:

ا۔آ (الف ممدوح) ب۔پ۔ت۔ث۔ج۔چ۔ح۔خ۔د۔ذ۔ر۔ز۔ژ۔س۔ش۔ص۔ض۔ط۔ظ۔ع۔غ۔ف۔ق۔ک۔ل۔م۔ن۔و۔(ہ،ھ)۔ی۔

اس کے برخلاف جدید ترکی زبان میں جواب رومن رسم الخط میں لکھی جاتی ہے۔ ۲۹ حروف تہجی ہیں جن کو معہ ان کی آوازوں کے نیچے لکھا جاتا ہے۔

A(آ)	B(ب/بے)	C(ج/جے)	Ç(چ/چے)	D(د/دے)	E(اے)
جیسے	جیسے	جیسے	جیسے	جیسے	جیسے
Arz(اَرض)	Baba(بابا)	Cam(جام)	Çay(چائے)	Daire(دائرے)	Ecnebi(اَجنَبی)
Askerî(اَسکیری) بمعنی عسکری میں	میں	بمعنی شیشے میں	میں	بمعنی دائرہ میں	بمعنی اجنبی میں

F(ف/فے)	G(گ/گ)	Ğ(خاموش) G	H(ح/ہ/ہے)	İ(ای)	(ای) بھاری آواز I
جیسے	جیسے		جیسے	جیسے	
Faide(فائدے) بمعنی فائدے میں	Günah(گیُوناہ) بمعنی گناہ و Garur(گرُور) بمعنی غرور میں		Hacet(حاجیت) بمعنی حاجت، Hafta(ہفتا) بمعنی ہفتہ و Haber(خبیر) بمعنی خبر میں	İbadet(اِبادیت) بمعنی عبادت و İkrar(اِکرار) بمعنی اقرار میں	

J(ژ رژے)	K(ک رکا)	L(ل رلے)	M(م رمے)	N(ن رنے)	O(اَو)
جیسے Jeoloji (ژےاَولوژی) بمعنی جیولوجی میں	جیسے Kâfir(کیافر) بمعنی کافر یا Kabahat(کباحت) بمعنی قباحت میں	جیسے Lehçe(لیہچے) بمعنی لہجے میں	جیسے Malik(مالک) بمعنی مالک میں	جیسے Nadir(نادر) بمعنی نادر میں	جیسے Hoş(ہوش) بمعنی ہوش میں

Ö(اَو)	P(پ رپے)	R(ر رے)	S(س رسے)	Ş(ش رشے)	T(ت رتے)
(دونوں ہونٹوں کو گول کرکے) جیسے Ömür(اومُور) بمعنی عمر میں	جیسے Parça(پارچا) بمعنی پارچہ میں	جیسے Rehber(رِیہبَر) بمعنی رہبر میں	جیسے Sahil(ساحِل) Sabit(سابِت) بمعنی ثابت و San'at (صنعت) بمعنی صنعت میں	جیسے Şah(شاہ) میں	جیسے Tabut(تابُوت)و Taraf(طرَف)میں

U(اُو)	Ü(اِیُو)	V(و روے)	Y(ی ریے)	Z(ز رزے)
جیسے Unsur(اُنسُور) بمعنی عنصر، و Usul(اُصُول)بمعنی اُصُول میں	(دونوں ہونٹوں کو گول کرکے) جیسے Üslup(یُسلُوپ) بمعنی اسلوب، یا Güll گیُول بمعنی گل میں	جیسے Vade (وادے) بمعنی وعدہ میں	جیسے Yadigâr (یادِگار) بمعنی یادگار میں	جیسے Zade(زادے)بمعنی زادہ، Zaruri (زَرُوری)بمعنی ضروری، Zarif(زَرِف) بمعنی ظریف، وZihin(زِہن)بمعنی ذہن میں

پرانی ترکی زبان یا عثمانی ترکی میں خ، ق، غ اور ع کی آوازیں حلق سے نکالی جاتی تھیں لیکن جدید ترکی زبان میں اب ایسا نہیں ہوتا۔ ایک سی آوازوں والے حروف تہجی ت و ط کے لیے اب T؛ ث، س، ص کے لیے S؛ ح، ہ، خ کے لیے H؛ ز، ذ، ض، اور ظ کے لیے Z؛ غ کے لیے G؛ اور ک، ق کے لیے K استعمال کیے جاتے ہیں۔ عربی رسم الخط میں بیشتر حروف تہجی ابتدائی، درمیانی، آخری یا جدا یا الگ الگ ہونے کی حالت میں شکلیں بدلتے تھے۔ ان پر زیر، زبر اور پیش کی علامت نہ لگائے جانے کی وجہ سے ان کے پڑھنے میں مبتدی کو بہت سے نشانات و حروف اور ہجوں کے قاعدے سیکھنے پڑھتے تھے یا انکل سے ان الفاظ کو پڑھنا پڑھتا تھا بالکل ایسے ہی جیسے کہ اردو میں ان کو انکل یا پریکٹس سے پڑھا جاتا ہے۔ اس وجہ سے ترکی زبان کو لکھنا پڑھنے سیکھنے میں مبتدی کو قریب تین سال لگ جاتے تھے لیکن اب ترکی زبان کو رومن رسم الخط میں لکھے جانے اور زبان کے صوتی Phonetic ہو جانے کی وجہ سے ایک ترک بچہ اس کو تین ماہ میں سیکھ سکتا ہے۔

موجودہ ترکی زبان کی ساخت سادہ اور منطقی ہے اور ہندیوروپی Indo-European یا سامی النسل Semitic زبانوں کی ساخت سے بالکل مختلف۔

Osmanlica (اَوثمان لی جا) یا عثمانی ترکی میں عربی اور فارسی زبانوں کے الفاظ کی بھرمار تھی بالکل اسی طرح جیسے کہ پرانی اردو زبان میں یعنی یہ کہ فعل

کو چھوڑ کر زیادہ تر الفاظ عربی و فارسی کے ہوا کرتے تھے۔ انقلاب ترکی ۱۹۲۳-۱۹۱۹ء کے بعد ہزاروں عربی فارسی الفاظ کو جو صدیوں سے استعمال ہو رہے تھے ترکی زبان سے خارج کر دیا گیا اور ان کی جگہ قدیم ترکی الفاظ کو پرانی کتابوں سے نکال کر یا ترک زبانوں سے درآمد کر کے یا کچھ نئے الفاظ ایجاد کر کے شامل کر دیا گیا بالکل اسی طرح جیسے کہ ہمارے ملک میں ہندی کو قومی زبان بنائے جانے کے بعد فارسی، عربی اور انگریزی کے الفاظ کو خارج کر کے ان کی جگہ ٹھیٹھ سنسکرت کے اجنبی اور غیر مروج الفاظ ہندی میں داخل کر کے یا نئے الفاظ ایجاد کر کے کیا گیا۔ یہ سلسلہ ۱۹۵۰ء کے بعد مذہب نواز ڈیموکریٹک پارٹی جس کے قائد عدنان مینڈریس تھے کہ برسر اقتدار آنے سے نہ صرف بند ہوا بلکہ مینڈریس حکومت نے ملک کی باگ ڈور سنبھالنے کے بعد ایک قانون پاس کر ریپبلکن پارٹی کے دور حکومت میں نکالے گئے عربی و فارسی الفاظ کو دوبارہ ترکی زبان میں شامل کر دیا۔

ترکی زبان کے موجودہ ۲۹ رومن حروف تہجی میں ۸Vowels یا حروفِ علّت اور ۲۱Consonants یا حروفِ صحیح ہیں۔ منہ سے نکالے جانے والے حروفِ علّت e,ö,ü,i کو Closed Vowels یا Front Vowels (سامنے کے حروف علّت یا بند حروفِ علّت کہتے ہیں اور مُنہ کی خالی جگہ سے نکالے جانے والے حروفِ علّت a,ı,o,u کو Back Vowels پیچھے کے حروفِ علّت یا Open Vowels کھلے حروفِ علّت کہا جاتا ہے۔

ان حروفِ علّت کی ایک دوسری درجہ بندی آوازوں کو ہونٹ گول کر کے یا بغیر گول کیے نکالنے سے کی گئی ہے۔ ہونٹوں کو آگے نکال کر اور گول کر کے آواز نکالے جانے والے حروف علّت کو Rounded Vowels کہا جاتا ہے اور اس صف میں o,ö,u,ü آتے ہیں۔ ہونٹوں کو گول کیے بغیر آواز نکالے جانے والے حروفِ علّت a,e,ı,i ہیں جنھیں Unrounded Vowels کہا جاتا ہے۔

ترکی زبان میں بعض حروف علّت کی آوازوں کو بعض ایسی ہی دوسری آوازوں کے پیچھے آنے اور بعض حروفِ صحیح کو ساتھ ساتھ استعمال کیے جانے کے اصول کو Law of Euphony ضابطہ حسن یا Law of Assimilation ضابطہ مطابقت کہا جاتا ہے اور عملی طور پر تمام اسماء و افعال کے آخری حصے اس اصول سے متاثر ہوتے ہیں۔ اس کے مطابق اگر لفظ کے ارکان تہجی میں Back Vowels پیچھے کے حروفِ علّت a,ı,o,u میں سے کوئی ہو تو آگے آنے والے تہجی ارکان میں اسی طرح کے حروف علّت کا استعمال کیا جائے گا اور اگر ارکان تہجی میں سے Front Vowels یا سامنے کے حروفِ علّت e,i,ö,ü میں سے کوئی ہو تو اس کے بعد انھیں حروفِ علّت میں سے کسی کا استعمال کیا جائے گا۔

ترکی الفاظ کے آخر میں b,c,d,g شاذ و نادر ہی استعمال کیے جاتے ہیں لیکن اگر غیر ترکی زبانوں کے الفاظ میں ان کی آوازوں کا اخراج ہو تو یہ p,ç,t,k میں تبدیل ہو جاتے ہیں جیسے عربی زبان کا لفظ "احمد" Ahmet (احمیت) اور "کتاب" Kitap میں بدل جاتے ہیں۔

Law of Euphony کے اس آہنگ اور ترتیب کی وجہ سے جدید ترکی زبان کو "مشرق کی اطالوی زبان" کا نام دیا گیا ہے۔

ترکی زبان میں چھ نئے حروف تہجی Ğ,I,Ö,Ü,Ç,Ş کا اضافہ کیا گیا ہے جن میں سے Ü اور Ö کو جرمن زبان سے لیا گیا ہے۔ Ş کو "ش" کے لیے اور Ç کو "چ" کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ Ğ جسے نرم G (گ۔ گے) بھی کہا جاتا ہے کہ آواز سخت G کی طرح حلق کے اوپری حصہ میں کھچاوٹ پیدا کر کے نکالی جاتی ہے لیکن G کی صورت میں راستہ وقتی طور سے بند کر دیا جاتا ہے جبکہ Ğ کی آواز میں ہوا کا راستہ پوری طرح بند نہیں کیا جاتا۔ اس کا کوئی متبادل حرف انگریزی زبان میں نہیں ہے۔

انگریزی میں جو کتابیں ترکی زبان کے بارے میں لکھی گئی ہیں ان کے مطابق اگر Ğ (نرم G) کے پہلے سامنے کا حرف علّت Front Vowel ہو تو اس کا تلفظ انگریزی لفظ Yet کے Y کی طرح ادا کیا جائے گا لیکن اگر اس سے پہلے پیچھے کا حرفِ علّت Back Vowel ہو تو یہ حروف علّت کی آواز کو طول دے دیتا ہے جیسے Ağaç (آ عاچ) بمعنی پیڑ میں۔ Ğ اگر کسی لفظ کے آخر میں آئے یا اس کے بعد کوئی حرف صحیح ہو تو یہ اپنے سے پہلے والے حرفِ علّت کی آواز کو کھینچ دیتا ہے جیسے Dağ (داغ) سابقہ داغ بمعنی پہاڑ میں۔ اور اگر Ğ سے قبل اور بعد میں پیچھے کے حروفِ علّت a,ı,o,u میں سے کوئی ہو تو پہلے والا حرفِ علّت طول دے دیا جاتا ہے، Ğ سے پہلے یا بعد میں اگر سامنے کے حروف علت میں سے کوئی ہو تو Ğ کی آواز انگریزی لفظ Paying کے Y کی خفیف آواز کی طرح ہوتی ہے جیسے Diğer بمعنی دیگر یا Eğer بمعنی اگر میں۔ لیکن دراصل Ğ جو سابقہ ترکی زبان یا عثمانی ترکی کے حرف تہجی "غ" کے Substitute یا بدل کے طور پر اکثر استعمال کیا جاتا ہے کی آواز "غ" کی خفیف آواز کی طرح نکالی جاتی ہے۔

اردو اور ترکی زبان کے مشترک الفاظ میں کچھ ایسے الفاظ بھی ہیں جن کے مروج معنی ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ ایسے الفاظ ذیل میں درج کیے جاتے ہیں:

ترکی لفظ	مروج معنی ترکی زبان میں	اردو لفظ	مروج معنی اردو زبان میں
Abdest	وضو۔وضو کرنا	آب دست	پیشاب کے بعد پانی سے طہارت کرنا
Abla	بڑی بہن۔گھر کا کام کرنے والی بزرگ عورت	ابلا	کمزور عورت، نازک عورت۔خوب صورت عورت
Ablak	گول۔صرف Yüzlü کے ساتھ یعنی Ablak-yüzlü بمعنی گول چہرہ والا میں	ابلق	چتکبرا۔سفید دست و پا گھوڑا۔دو رنگہ گھوڑا۔کوڑھی
Adak	قسم۔دھمکی	اَدق	نہایت مشکل کام۔دقت طلب کام
Alâyiş	شو۔نمائش۔دکھاوا	آلائش	آلودگی۔نجاست۔ناپاکی
Ameliyat	چیڑ پھاڑ۔فوجی آپریشن	عملیات	منتر۔افسوں
Caize	نشان۔مارک	جائزہ	جانچ پڑتال
Havale	منی آرڈر	حوالہ	سپردگی۔تحویل۔پتہ۔نشان
İhracat	ایکسپورٹس۔برآمدات	اخراجات	جمع اخراج کی۔جمع خرچ کی
Kâhil	بالغ۔پختہ	کاہل	سست۔آرام طلب۔کام چور
Kilid/Kilit	تالا	کلید	کنجی۔تالی
Nehir	دریا۔ندی	نہر	نہر۔دریا کی شاخ
Perende	قلابازی	پرندے	پرندکی جمع۔اُڑنے والے۔طیور۔پکھیرو
Vekil	وزیر۔مختار	وکیل	وکیل۔مشیر قانونی
Yafta	اشتہار۔لیبل (خاص طور سے سزا سنائے ہوئے مجرم کے گلے میں لٹکایا ہوا کارڈ جس پر اس کا جرم تحریر ہو)	یافتہ	پایا ہوا۔حاصل کیا ہوا
Yasak	پابندی۔امتناع۔ممنوع	یُساق	مہم۔جنگ کی تیاری۔دیوان۔دربار
Yatak	بستر	یَتاق	پاسبانی

علاوہ ازیں پرانی ترکی زبان میں ایسے مرکب الفاظ بھی ہیں جو حالانکہ اردو زبان میں نہیں ہیں لیکن عربی فارسی ساخت ہونے کی وجہ سے اردو داں حضرات ان کے معانی بآسانی سمجھ سکتے ہیں جیسے Âkil-ül-beşer، Ecsam-i-lâtife، Ezher Cihet، Hakikat-ül-emir، Hüsnü-muamele، Hüsnü-tesadüf، Kabl-essüru، Madum-ul-fikarat وغیرہ وغیرہ۔خوف طوالت کے تحت ان کو کتاب میں شامل نہیں کیا گیا۔

کتاب ہذا میں الفاظ کے ماخذ ترکی اور اردو لغات کے مطابق تحریر کیے گئے ہیں۔کہیں کہیں لغات کے ماخذ کے بارے میں اختلاف ہے مثلاً ایک لغت میں لفظ کا ماخذ فارسی لکھا ہے تو دوسری میں عربی درج ہے۔اسی طرح اگر ایک لغت میں انگریزی درج ہے تو دوسری زبان کی لغت میں فرانسیسی لکھا گیا ہے۔ایسی صورت میں ماخذ کی جگہ ایک زبان نہ لکھ کر دونوں زبانوں یعنی عربی رفارسی یا انگریزی رفرانسیسی لکھ دیا گیا ہے۔کتاب میں ماخذ کے خانہ میں عربی کو''ع'' اور فارسی کو ''ف'' سے ظاہر کیا گیا ہے اور باقی زبانوں کے مخففات نہ لکھ کر ان کے پورے نام لکھ دیے گئے ہیں۔تمام الفاظ کو سلسلہ وار تحریر کیا گیا ہے۔

مجھے اس کتاب کی تیاری میں جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا ان کا تذکرہ بے سود ہے۔بس اتنا عرض کر دینا ضروری ہے کہ اس وقیع کام کو میں نے نہایت بے سروسامانی کی حالت میں پایۂ تکمیل کو پہنچایا ہے جس کے لیے مجھے اپنے وکالت کے پیشہ کو بھی خیر باد کہنا پڑا۔ایک بات یہ بھی مودبانہ عرض کر دوں کہ میں کسی علمی یا

ادبی پیشہ سے وابستہ نہیں رہا اس لیے جو کچھ بھی لکھا گیا ہے اس میں زبان کی فصاحت، تعمق خیال، ادبی اصطلاحات کے صحیح استعمال اور اسلوب نگارش کا حسن تلاش کرنے کی کوشش شاید بارآور نہ ہو۔ بول چال کی سیدھی سادی عام زبان میں ہی اظہار خیال کی کوشش کی گئی ہے۔ امید ہے کہ اہل علم حضرات میری کوتاہیوں کو درگزر فرمائیں گے۔

میں اپنے ان ساتھیوں اور دوستوں کا مشکور ہوں جنھوں نے اس کتاب کی تیاری میں میری مدد کی نصوصاً پروفیسر قمر رئیس صاحب ریٹائرڈ صدر شعبہ اردو، دلی یونیورسٹی وسابق ڈائریکٹر انڈین کلچر سینٹر تاشقند (ازبکستان) جو ازبیک زبان سے بھی بخوبی واقف ہیں اور ہز ایکسلینسی حسن گیوؤش (Hasan Göğüs) سابق سفیر ترکی و ہز ایکسلینسی خلیل اکنچی (Halil Akıncı) سفیر ترک جمہوریہ برائے ہندو جناب محمد ایوز گیون ارمان (Mehmet Özgün Arman) کونسلر ترکی سفارت خانہ، نئی دہلی کے تعاون اور رہنمائی کے بغیر میرے لیے کتاب ہذا کو مرتب کرنا بہت مشکل کام تھا۔

اصغر حمید
ایڈوکیٹ ونوٹیری پبلک
حسن پور، ضلع جیوتی با پھلے نگر - (یوپی) - ہندوستان
پن کوڈ-244241
فون نمبر-05924-264446

GİRİŞ

Hindistan Hükümeti tarafından Türkçe öğrenmem amacıyla gönderildiğim Türkiye'de kaldığım 1957-58 yıllarında Türkçe ve Urduca'da çok sayıda ortak kelime olduğunun farkına vardım. Sözkonusu kelimeleri bir kitapta bir araya getirme fikri aklıma o yıllarda gelmişti, ancak Hindistan'a döndükten sonra hukuk alanında iş hayatına atılınca buna bir türlü vakit ayıramamıştım.

Altı yıl önce üzerinde çalışmaya başladığım bu kitap tek başına ve elverişsiz şartlarda kaleme alınmış olup takdir okuyucuya aittir. Kitabın yazıldığı elverişsiz şartları gözönüne alarak bilgi sahibi okuyucularımın bu kitapta bulabilecekleri hataları hoşgörüyle karşılayacaklarını umuyorum.

Urdu kelimesi Türkçe'de silahlı kuvvetler manasına gelen "Ordu" kelimesinden türemiştir Hindistan'a gelen Müslüman işgalciler Arapça, Farsça ve Türkçe konuşan askerler getirmişlerdir. Müslümanların bölgeye gelişleri İ.S. 636 yılında Maharashtra'daki Thane'yi fetheden Yemen Hükümdarı Abu Al'as'la başlamıştır. Daha sonra İ.S. 664 yılında Muhallab-Bin Ali Safrah, Multan'ı ve İ.S. 712 yılında Mohd. Bin Qasim, Sind'i işgal etmiştir.

Anılan hükümdarların hepsi Arap asıllıydılar. Türklerin Hindistan'a gelişi Sübüktekin ve Gazneli Mahmud zamanında İ.S. 998 -1030 yılları arasında başlamıştır. Daha sonra Hindistan'da hüküm süren Ghoriler, İltutmuşlar, Balabanlar, Halaçlar (Kiljiler), Tuğluklar, Moğullar, Asaf Jahi ve Kutub Şahiler hepsi Türk soyundandır. Anılan idarecilere bağlı ordu mensuplarının yerel halkla temasları Arapça, Farsça, Türkçe ve başta Hintçe olmak üzere yerel dillerin karışımı yeni bir dile hayat vermiştir. Bu dillerin karışım veya birleşimi sonucu ortaya çıkan dilin adı "Urdu-Ye-Maulla" veya hükümdarların dili olarak adlandırılmış ve zaman içerisinde "Urduca"ya dönüşmüştür. Gujarat'ta bu dil "Gucri", Güney'de "Dakkini", olarak adlandırılmış, kimileri "Hindi" veya "Hindvi" olarak tanımlamış, kimileri ise"Lahori", "Delhvi" veya "Rekhta" demiş, bazıları "Brij Bhaşa" ile ilişkilendirmiş, bazılar ise "Khari Boli"yle arasında bağlantı olduğunu iddia etmiştir. Ayrıca, bu dili "Zuban-e-Pencab" veya Pencap dili olarak da tanımlayanlar olmuş, Sindh Sarayki bölgesi dilin doğduğu yer olarak gösterilmiştir.

Parhange Asafiye'nin yazarı Molvi Seyid Ahmed Delhvi'ye göre Şah Cihan'ın hükümdar olduğu dönemde bahsekonu dil gelişmeye devam etmiştir. Şah Cihan dilin kullanımına eğilmiş, her pazar yerinde halkın günlük dilinde kullandığı kelimeleri orjinal halleriyle değiştirmeden kaydederek kendisine sunacak uzmanlar görevlendirmiştir. Şah Cihan'ın dili kayırması ve ilgi göstermesiyle Urduca gelişme kaydetmiştir. İngiliz idaresi sırasında İngilizce kelimeler dile eklenmiş, 1835 yılında Urduca İ.S. 1191'den beri resmi dil olan Farsça'nın yerini almıştır.

Urduca Indo-Aryan dil ailesine aittir. Başta Türkçe, Arapça, Farsça ve Hintce'nin karışımı olan dile daha sonra İngilizce ve diğer dillerden de kelimeler girmiştir.

1947 yılına kadar Urduca ve Hintce Hindistan'da resmi diller olmaya devam etmiş, ancak bağımsızlıktan sonra Urduca resmi statüsünü kaybetmiş, ingilizce merkezi hükümetle iletişim dili olarak kalmıştır. Urduca Pakistan ve Jammu Keşmir Eyaleti'nin resmi dilidir. Ayrıca Bihar ve Delhi gibi bir çok eyalette de ikinci resmi dil olarak kabul edilmektedir.

Urduca 'da" ع (Ayın), غ (Gayn), خ (hı), Ve (Qaf) ق "Arapça harfleri Molvi'lerdeki gibi gırtlaktan söylenmez.

Asgher Hamid
Avukat-Noter
Hasanpur-244241
Jyotiba Puhle Nagar
Hindistan

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی

A(a)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Aah	آہ	ف	نہیں۔نہیں ہوسکتا...	کلمۂ تاسف۔اے جائے۔ہائے۔حیف۔افسوس۔اُف۔واویلا۔
Ab	آب	ف	پانی۔بارش۔دریا...	پانی،جل،نیر،بارش،مینہ،پسینہ،آنسو،عرق،خالص شراب،شوربا، پھلوں کا قدرتی رس، پالش، رونق، چمک، عزت، قدر، جوہر، روشنی،بڑاقی،تازگی،دھار،تیزی۔
Aba	عَبا	ع	موٹے اون سے بنا کپڑا۔عربی پوشاک	کمبل،ایک لمبا کوٹ یا چغہ جو پاؤں تک ہوتا ہے۔جبہ،چغہ۔
Âba	آباء	ع	جمع Eb کی۔پدران...	اَب کی جمع،باپ،والد،بہ مجاز دادا،مورث اگلی پیڑھیاں،بڑے بوڑھے۔
Âbad	آباد	ف	خوش حال،خوش حال جگہ	خوب بسا ہوا۔آدمیوں سے مزین،گنجان،خوش وخرم،پھلا پھولا، ضد ویران کا۔
	آباد	ع	جمع Ebed کی۔ہمیشگیاں	ابد کی جمع۔
Âbadan	آبادان	ف	خوش حال،خوش حال مقام یا جگہ	بسا ہوا،خلیج فارس پر بسا ہوا ایران کا ایک شہر۔
Âbadani	آبادانی	ف	خوش حال،خوش حال جگہ	رونق۔گہما گہمی، چہل پہل،بستی،معموری، خیر خواہی،تہذیب، درستگی،بوئی جوتی زمین۔
Abanoz	آبنوس	ع	آبنوس،ایک سخت وسیاہ لکڑی	ایک مشہور درخت جس کی لکڑی نہایت سیاہ،وزنی اور مضبوط ہوتی ہے نیز پانی میں ڈوب جاتی ہے۔
Abdal Aptal	اَبدال	ع	بیوقوف،ضعیف الذہن،ناتواں،اولیا مجتہد،پیر	ولی اللہ۔افغانوں کے ایک جرگے کا مورثِ اعلیٰ۔
Abdest/ Aptest	آب دَست	ف	وضو۔وضو کرنا	لفظی معنی منہ دھونا، وضو کرنا،طہارت، پاکیزگی جو پانی سے کی جائے،بمجاز استنجا،پاکی۔
Abe	اَبے	نامعلوم	توجہ دلانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	اے،ارے،او،اپنے سے بہت چھوٹی عمر یا کم رتبے والے کو مخاطب کرنے کا ایک طریقہ۔تحقیراً حرف ندا مگر بے تکلفی کے طور پر برابر والے سے بھی کہہ دیتے ہیں۔
Âbede	عُباد	ع	جمع Âbid کی۔پرہیزگار،متقی لوگ، پوجنے والے،معتقد۔	جمع عابد کی،عبادت کرنے والے۔
Abes	عَبَث	ع	بیہودہ،بے کار،بے قاعدہ۔	بے فائدہ، بیہودہ، ناحق،بلاوجہ،فضول، بیکارہ، نکما، لاحاصل، بازی،کھیل۔
Abıhayat	آبِ حیات	ف	زندگی کا پانی، ایک چشمہ،کوئی بھی بڑھیا پانی۔	امرت۔وہ پانی جس کو پینے سے کبھی موت نہیں آتی۔بمجاز رونق حسن چہرہ کی آب،لب معشوق،معشوق کا منہ۔
Aberevan	آبِ رواں	ف	بہتا ہوا پانی۔	بہتا ہوا پانی۔
Abıru	آبرو	ف	عزت،ناموس	عزت،مرتبہ، شرف، ناموری،ساکھ، شرم، حیا،عصمت،

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
				نیک نامی، عمامہ، پگڑی، ٹوپی۔
Abid	عبدُ	ع	غلام، انسانی، بشری	بندہ، غلام، ملازم، نوکر، چیلا، داس۔
Âbid	عابد	ع	پجاری، زاہد	عبادت کرنے والا، پوجا پاٹ کرنے والا، پجاری، داس، سیوک، پرہیزگار، متقی، بھگت۔
Abla	اَبلا	ع	بڑی بہن، گھر میں کام کرنے والی بزرگ عورت	کمزور عورت، کامنی، مطلق عورت، تریا، ناری، استری، پیربانی۔
Ablak	اَبلق	ع	گول (صرف چہرہ کے لیے استعمال ہوتا ہے)	چتکبرا، سفید دست وپا گھوڑا، دورنگ، چتکبرا اور خصوصاً وہ گھوڑا جس کا رنگ سیاہ وسفید ہو، کوڑھی۔
Abu-hava	آب وہوا	ع	موسم، آب وہوا	پانی اور ہوا، پانی اور ہوا کی کیفیت، رُت، موسم۔
Abus	عَبُوس	ع	مہیب، ڈراونا، ترش رو، تیز مزاج	ترش رو، بدخُلق، درندہ خاص کر شیر۔
Abudane	آب ودانہ	ف	پانی ودانہ، روزمرہ کی خوراک، قسمت	رزق، خوراک، کھانا پینا، دانہ پانی، روزی
Acaıb Acayib	عجائب	ع	جمع Acibe کی، حیرت انگیز، عجیب وغریب چیزیں، عجیب، انوکھی، نرالی، کتنے تعجب کی بات ہے، تم ایسا نہیں کہتے۔ (اکثر تعجب کے اظہار کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔)	عجیب کی جمع، حیرت انگیز چیزیں۔
Aceb Acaba	عجب	ع	کیا یہ ایسا ہے۔ مجھے تعجب ہے؟ شبہ کرنے کے اظہار کے لیے استعمال ہوتا ہے۔	تعجب، حیرت، انوکھا، عجوبہ، نادر، عمدہ، نیا، نرالا، عجیب، اچنبھے میں لانے والا، دُور، بعید۔
Acele	عاجلہ	ع	جلدی، فوری، عجلت سے، جلدی کرنا، جلدی میں ہونا۔	فوری، فوراً، جلدی، شتابی، کنایۃً یہ جہاں
Acem	عجم	ع	ایران، فارس	عرب کے علاوہ کوئی ملک اکثر مراد ایران وفارس سے۔ گونگا، وحشی آدمی، غیر عرب۔
Acemi	عجمی	ع	نیا بھرتی شدہ۔ ناتجربہ کار۔ اناڑی۔	غیر عربی، عجم کا رہنے والا، ایرانی، تورانی، گونگا، وحشی۔
Acenta	ایجنٹ	اطالوی	ایجنٹ (کاروبار)، کارندہ، مختار	گماشتہ، آڑھتی، قائم مقام۔
Acib/Acip	عجیب	ع	انوکھا، تعجب خیز	انوکھا، نرالا، حیرت انگیز، قابل تعریف، نادر
Acibe	عجوبہ	ع	عجیب وحیرت انگیز چیز۔	عجیب چیز، انوکھی چیز، نایاب چیز
Âcil	عاجل	ع	جلدی کا، فوری، ضروری، مجبور کرنے والا	جلدباز
Aciz	عجز	ع	کمزوری، ناتوانی، نااہلیت، تجارت میں قرضہ نہ ادا کرنے کی حالت۔	کمزوری، ناتوانی، عاجزی، انکساری، بے قدری، مغلوبی، ہار، مسکینی، غریبی، منت سماجت، خوشامد درآمد۔
Âciz	عاجز	ع	معذور، کمزور، لاچار، غریب	لاچار، کمزور، ناتواں، بے بس، تنگ، مجبور، مایوس، مسکین، تھکا ہارا۔
Âcizi	عاجزی	ع	عجز، خاکساری	عجز، انکسار، منت، سماجت، خوشامد درآمد فروتنی۔ لاچاری۔
Acul	عَجُول	ع	بے صبر، جلدباز	جلدباز، بہت دوڑنے والا۔
Acuze	عجوزہ/عجوز	ع	بڑھیا، پیرزال، ڈائن	بڑھیا، بوڑھی عورت

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Açar	آچار/اَچار	ف	کھولنے کا اوزار، چابی، ذائقہ دار چیز، اچار۔ چٹنی۔ بھوک کھولنے کی کھانے پینے کی چیز۔	پھل یا ترکاری کا مرکب جو سرکہ، تیل یا پانی میں مرچ مصالحہ ڈال کر تیار کیا جاتا ہے۔ اچار، کھٹا کیا ہوا پھل، کچومر۔
Ad	عَدّ	ع	گننا، عدد، حساب لگانا، قدر کرنا۔	شمار کرنا، گننا۔
Âda	أعدا	ع	جمع Adu بہت سے دشمن، جمع دشمن کی۔	جمع عدو کی۔ بہت سے دشمن، رقیب، بدخواہ، بیری، مخالف۔
Âdab	آداب	ع	جمع Edeb کی، رسم ورواج، طور، طریق۔	جمع ادب کی، مرتبہ کا لحاظ پاس، تہذیب، اخلاق، تعظیمی الفاظ، اطوار، دستور، تعظیم وتکریم، طور، طریقہ، آدر، حجاب، وہ طریقے جن سے بڑوں کی بڑائی اور چھوٹوں کی چھوٹائی ثابت ہو۔ سلیقہ، حسن اخلاق، سلام، تسلیم، بندگی، قواعد۔
Âdad	اعداد	ع	جمع Âdded کی، ہندسے، رقوم۔	گنتی، ہندسے، رقوم، جمع عدد کی۔
Adak	اَدَق	ع	منت، منت پر بھینٹ، وعدہ کرنا۔ نذر کرنا۔ دھمکی۔	نہایت باریک، نہایت مشکل، دوبھر، کٹھن، وقت طلب، سخت، دقیق تر۔
Adalet	عدالت	ع	انصاف، حقانیت، ہر شخص کو قانون کے مطابق حق دینا۔	انصاف کرنے والا، انصاف، برابری، عدل، کچہری، دربار، اجلاس۔
Adam	آدم	ع	آدمی، انسان، شخص، ایجنٹ، ملازم، طرف دار۔	پہلا آدمی، انسان، نام پہلے پیغمبر کا جس سے انسان کی نسل چلی، سمجھدار، عقل مند، فہیم، عقیل، تمیزدار۔
Âdat	عادات	ع	جمع Adet کی، رسم ورواج۔	عادت کی جمع، خصلتیں، طبیعتیں، خاصیتیں، سوبھاؤ، قاعدے، دستور، رسوم۔
Adavet	عداوت	ع	دشمنی، عداوت، رنجش، نفرت	بغض، دشمنی، کینہ، مخالفت، خصومت۔
Aded	عَدَد	ع	گنتی، شمار، نمبر۔	گنتی، شمار، ہندسہ، تعداد، رقم۔
Adedi	عَدَدی	ع	عدد سے متعلق	عدد سے منسوب، عدد سے متعلق۔
Adem	عَدَم	ع	غیر موجودگی، نہ ہونا، نیستی، موت، کمی۔	نفی، نہ ہونا، ناپیدی، غیر حاضری، نقصان۔
Âdem	آدم	ع	دینی کتابوں کے مطابق دنیا کا پہلا انسان و پہلا پیغمبر، حضرت آدم۔	آدمی، انسان، حضرت آدم جو پہلے انسان تھے۔
Âdemî	آدمی	ع	انسان، آدمی۔	انسان، بنی آدم، انسانی اخلاق والا، سمجھدار، نوکر، خادم، قاصد، خاوند، آشنا۔
Âdemiyet	آدمیّت	ع	انسانیت	اخلاق، مروت، ملنساری، سلیقہ، عقل وشعور، سمجھ، انسانیت، تربیت، شرافت، تمیزداری۔
Âdemzade	آدم‌زاد	ع	نوع انسان، بنی انسان۔	آدم کی اولاد، آدم کی قسم، انسان، ابن آدم، اولاد آدم، انسان کا بچہ۔
Adese	عَدَسہ	ع	لینس، وہ شیشہ جس پر کرنیں پڑتی ہیں اور چیزیں چھوٹی یا بڑی کی جاسکتی ہیں۔	فوٹوگرافی کے کیمرہ کا وہ چھوٹا سا آئینہ جس میں عکس آتا ہے۔ محدب شیشہ، لینس۔
Âdet	عادت	ع	رسم، رواج، عادت، دستور، ماہواری۔	خو، خصلت، سوبھاؤ، طبیعت، طور طریقہ، دستور، قاعدہ، رسم، الفت۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Adım	قدم		قدم، پیچ کا اُتار، چلتے وقت آدمی کے ایک قدم سے دوسرے قدم کا فاصلہ جو ستر سینٹی میٹر شمار کیا جاتا ہے۔	پاؤں، پیر، نشان، ڈگ، گام، وہ فاصلہ جو چلنے کی حالت میں ایک قدم سے دوسرے قدم تک ہو۔ روش، رفتار، چال، پیر کا نشان، تشریف آوری مجازاً واسطہ، دخل، ذات، گھوڑے کی چال، موجودگی۔
Âdi	عادی	ع	عام۔ عام طور سے۔ عام جگہ۔ رسمی۔ حسب دستور۔ ہمیشہ کا۔ معمولی۔ حقیر۔ ادنیٰ۔	خوگر، وہ شخص جسے کسی امر کی عادت پڑ گئی، ناانصاف، دشمن، بدباطن۔
Adil	عَدل	ع	انصاف، مساوات، برابری، حق رسانی۔	انصاف، برابری، مساوات، نیا ہے، نظیر، مانند۔
Âdil	عادِل	ع	جو انصافاً ٹھیک ہو، حق شناس، منصف، انصاف سے الگ نہ ہونے والا، قانوناً گواہی کے لائق گواہ۔	منصف، جج، انصاف کرنے والا، جس کی گواہی شرعاً معتبر ہو۔
Adîl	عَدِیل	ع	برابر، یکساں، مانند، جوڑ، رتبہ اور قد میں مساوی، ثانی، مقابل۔	برابر نظیر، ہم رتبہ اور قد میں مساوی، ہمسر، عادل، منصف۔
Adîm	عدِیم	ع	بغیر۔ کمی والا، (اس کے بعد عربی حرف تنکیر اور اسم لگایا جاتا ہے جیسے ترکی لفظ Adîm-ül-imkân بمعنی ''ناممکن'' میں۔	نیست، نابود، ناپید، گم، نایاب، معدوم۔
Adlîye	عدلیہ	ع	وزارتِ انصاف	عدل وانصاف کا شعبہ، عدالتی نظام۔ جوڈیشری۔
Adres	ایڈریس	فرانسیسی/ انگریزی	پتہ	پتہ، نشان، خطاب، سرنامہ، تحریری شکریہ۔
Adu/Aduv	عَدُو	ع	دشمن	دشمن، بدخواہ، مخالف، رقیب۔
Af	عَفو	ع	معافی، بریت، ڈسمسل، بخشش، جرم قصور یا سزا سے معافی۔	معافی، بخشا، بخشش۔
Âfak	آفاق	ع	جمع ufuk کی۔ اُفق کے دائرے۔	اُفق کی جمع، دائرے، اُفق، گرداگرد، آسمان کے کنارے، کنارہ، عالم، سنسار، دنیا، جہان، اس کنارے سے اس کنارے تک۔
Âfaki	آفاقی	ع	بیرونی، آوارہ، یہاں اور وہاں، ادھر اور اُدھر، سطحی، ظاہری، مادّی، کسی واضح موضوع پر نہ ہو کر اِدھر اُدھر کی بات کرنا، بیہودہ زبان۔	ساری دنیا کا، عالمگیر، آسمان کے کنارے، دُنیا، حرم سے باہر کا باشندہ، دُنیاوالا۔
Afât	آفات	ع	جمع Âfet کی۔ مصیبتیں، آفتیں، دُکھ۔	آفت کی جمع۔ بلائیں، مصیبتیں، دُکھ۔
Aferide	آفریدہ	ف	پیدا کیا ہوا۔	پیدا کیا ہوا، مخلوق
Aferim/ Aferin	آفرین	ف	واہ واہ، براوٗ، چہ خوب، اکثر مایوسی کا اظہار کرنے کے لیے طنزاً استعمال کیا جاتا ہے۔	شاباش، مرحبا، واہ واہ، کیا کہنا ہے۔ کیا بات ہے۔ کیا خوب کلمہ تحسین، وستائش۔ کبھی طنزاً بھی استعمال ہوتا ہے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Âfet	آفت	ع	مصیبت، حادثہ،غضب، سحر کن، خوب صورت شخص	بلا،صدمہ،دکھ،بپتا،آسیب۔
Âfetzede	آفت زدہ	ف	مصیبت کامارا۔	مصیب کامارا،مبتلائے آفت،ستم زدہ،سرگشتہ وتباہ،پریشان،تباہی کامارا،بدبخت،کم نصیب،مفلوک،بےوقعت،ذلیل وخوار۔
Afgan	افغان	ف	افغانستان،افغانستان کارہنے والا۔	پٹھان،افغانستان کا،افغانستان کارہنے والا۔
Afif	عفیف	ع	پاک،بے گناہ۔	پارسامرد،پرہیزگار،جوشخص حرام کاری نہ کرتا ہو۔
Afitab	آفتاب	ف	سورج،خوب صورت چہرہ۔	سورج،دھوپ،شراب کاپیالہ،یکتائے زمانہ،لاجواب،جس کا ثانی نہ ہو۔معشوق۔
Afitab-perest	آفتاب پرست	ف	سورج کوپوجنے والا،سورج مکھی۔	ایرانیوں کاوہ فرقہ جوسورج کومبدأنورمان کرپوجتاہے۔آفتاب کی پرستش کرنے والا، نیلوفر کا پھول، سورج مکھی کا پھول،کنول کا پھول،گرگٹ۔
Afiyet	عافیت	ع	صحت۔صحت البدنی	صحت۔سلامتی۔امن۔آسودگی۔خیریت۔نیکی۔بھلائی۔
Afsun/Efsun	اَفسُون	ف	سحر۔ جادو۔ٹونا۔ عیاری سے گھڑی گئی کہانی	جادو۔سحر۔ٹونا۔ٹوٹکا۔منتر۔فریب۔کرتوت۔
Afsunger	اَفسوں گر	ف	ساحر۔جادوگر۔ساحرہ۔ڈائن	ساحر۔جادوگر۔
Afyon	اَفیون	ع	افیون	افیون۔افیم۔
Agâh	آگاہ	ف	جانکار۔خبردار۔ ہوشیار۔ ایسا شخص جسے معلومات ہوں۔	خبردار۔واقف۔جاننے والا۔ماہر۔ہوشیار
Ağa	آغا	ت	پرانے زمانہ میں ترکوں میں نامورو برگزیدہ اشخاص کو دیا گیا لقب۔ سابقہ میں کچھ تنصیبات کے سربراہوں کا رسمی خطاب۔ لارڈ۔ شریف آدمی۔ سردار۔ مالک۔ بڑا بھائی۔ آغابے۔ عثمانی ترکوں کے آخری دور میں بے پڑھے اور چھوٹے کام وخدمت کرنے والوں کودیا گیالقب یانام۔	بڑا بھائی۔ برادرکلاں۔ صاحب۔ مالک۔ خداوند۔ آج کل کا بابیوں اورمغلوں کاجیسے خاں وپٹھان کاخطاب۔
Ağaz	آغاز	ف	شروع۔ابتدا۔شروعات	شروع۔ابتدا۔اول۔سرنامہ۔عنوان۔دیباچہ
Ağleb	اغلب	ع	سب سے زیادہ۔ بہت زیادہ مروج۔ بہت زیادہ موثر یازورآور۔	غالب تر۔گمان۔غالب۔یقین کے قریب۔ضرور۔یقینی
Ağnam	اَغنام	ع	جمع Ganem کی بھیڑیں،بکریاں،گلّے	جمع غنم کی۔گوسفند۔بھیڑیں۔بکریاں
Ağniya	اَغنیا	ع	جمع Gani۔دولت مندلوگ۔امیر آدمی	غنی کی جمع۔دولت مندلوگ
Ağraz	اَغراض	ع	جمع Garaz کی۔مقاصد۔ارادے	غرض کی جمع۔مطالب۔مقاصد۔ارادے۔نیتیں۔حاجتیں۔
Ağuş	آغوش	ف	بغل گیری۔آغوش میں لینا۔ہم آغوشی۔چپٹانا۔	گود۔بغل۔کنار۔گودی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ağyar	اَغیار	ع	جمع Gayr کی۔ دوسرے۔ اجنبی لوگ۔ رقیب۔	اجنبی۔ غیر۔ باہر والے۔ عدو۔ دشمن۔ رقیب۔ وہ شخص جو صوفیہ مذہب نہ رکھتا ہو۔ جس سے رشتہ داری نہ ہو۔
Ah	آہ	ف	آہ۔ اوہ۔ آہ بھرنا۔ بددعا	کلمہ افسوس۔ اوہ۔ آہ۔ ہائے وائے۔ حیف۔ اُف۔ ہا۔ وایلا۔ نالہ۔ سانس۔۔ دم۔ نفس۔
Aha	اَہا	ف	ترکی کے کچھ علاقوں میں بمعنی دیکھو۔ ایسے، یہاں، اب، یوں، اس طرح، ایسا کے استعمال ہوتا ہے۔	تعجب وخوشی کا کلمہ۔ ہیں۔ ایں۔ واہ واہ۔ کیا خوب۔ سبحان اللہ۔ اہاہا۔ اہوہو۔ شاباش۔ مرحبا۔ آفرین۔ اوہو۔
Âhad	آحاد/اَحاد	ع	اکائیاں۔ لوگ۔ افراد۔	احد کی جمع۔ اکائیاں۔ ایک سے نو تک گنتی یا ہندسے
Ahadiyet	اَحدِیّت	ع	ایک ہونا۔ وحدانیت۔ خدا کا واحد ہونا	ایک ہونا۔ یکتائی۔
Ahali	اَہالی	ع	جمع Ehil کی۔ باشندے۔ رہنے والے لوگ۔ عوام الناس۔ پبلک۔	اہل کی جمع۔ صاحبان۔ کام کرنے والے لوگ
Ahar	اَہار	ع	سفید رنگ کا پینٹ جو نشاشتہ وغیرہ سے بنا کر کاغذ پر چپکایا جاتا ہے۔ کاغذ وغیرہ کو فنش دینے کا لاسہ یا سریش۔	نشاشتہ وغیرہ جس کو پکا کر کاغذ پر لگاتے ہیں۔ کلف۔ لئی۔ بھوجن۔ خورش۔ بھروسہ
Âhar	آخَر	ع	دوسرا۔ مختلف	اور۔ ایک اور۔ دوسرا
Ahbab/ Abbap	اَحباب	ع	جمع Hib کی۔ بہت سے دوست۔ (عام طور پر واحد کے صیغہ میں استعمال ہے)۔ جانکار۔ ملاقاتی۔	حبیب کی جمع۔ بہت سے دوست یار۔ آشنا۔
Ahcar	احجار	ع	جمع Hacer کی۔ پتھر	جمع حجر کی۔ بہت سے پتھر
Ahdar	اخضر	ع	ہرا۔ سبز	ہرا۔ سبز
Ahdü-peyman	عہدوپیمان	ع	قسم کھانا	قسما قسمی۔ اقرار۔ قول وقرار
Ahen	آہن	ف	لوہا	لوہا
Ahenger	آہن گر	ف	لوہار	لوہار۔ لوہے کا کام کرنے والا۔
Ahenk	آہنگ	ف	مقصد۔ نیت۔ سمجھوتہ۔ سرور۔ نغمہ۔ راگ	وقت۔ قصد۔ ارادہ۔ انداز۔ نغمہ۔ راگ۔ زمزمہ۔ آواز۔ ایک باجے کا نام۔
Aheste	آہستہ	ف	سست رفتار۔ دھیما۔ موسیقی (پیانو)	ہولا۔ دھیما۔ نرم۔ نرمی۔ تہج سے۔ ملائمیت سے۔
Ahfad	اَحفاد	ع	Hafid کی جمع۔ پوتے۔ اولاد و نسل	حافد کی جمع۔ پوتے۔ نواسے وغیرہ
Ahfeş	اَخفش	ع	جو رات میں بہتر دیکھتا ہے۔	چُندھا۔ کمزور نظر والا۔
Âhır/Âhir/Ahir	آخِر	ع	آخر۔ آخری۔ بعد کا۔ پچھلا۔	پیچھے۔ پچھلا۔ انتہا۔ ختم۔ انجام۔ حد۔ تمام
Ahibba	اِحبّا	ع	جمع Habib کی۔ بہت سے دوست۔	جمع حبیب کی۔ بہت سے دوست۔ عزیز۔ احباب
Ahid	عَہد	ع	قسم۔ وعدہ۔ سمجھوتہ۔ زمانہ۔	زمانہ۔ وقت۔ پیام۔ قول وقرار، اقرار۔ قسم۔ سوگند۔ سلطنت کا زمانہ۔ زمانہ حکومت۔ پابندی

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ahidname	عہدنامہ	ع	سمجھوتہ۔ اقرار نامہ۔	سمجھوتہ۔ تحریری معاہدہ۔ اقرار نامہ
Ahidşiken	عہد شکن	ف	سمجھوتہ کو توڑنے والا۔ اقرار نامہ کی خلاف ورزی کرنے والا۔	وعدہ خلاف۔ اپنے قول و قرار پر قائم نہ رہنے والا۔ سمجھوتہ کو توڑنے والا۔
Ahiren	آخریں	ف	آخری۔ آخر کار۔ حال میں۔ پچھلے دنوں میں۔	آخر کا۔ سب سے بعد کا۔
Ahiret/Ahret	آخرت	ع	دوسری دنیا۔ مستقبل کی زندگی	دوسرا عالم۔ وہ عالم جہاں مرنے کے بعد انسان کی روح جائے گی۔ عاقبت۔ پرلوک۔ عقبا۔ انجام
Ahirül-emir	آخر الامر	ع	معاملہ کے آخیر میں۔ آخر کار۔ آخرش۔ تمامی۔	آخر کار۔ انجام کار۔ آخر کو
Ahkâm	احکام	ع	جمع Hüküm کی۔ تجویزیں۔ فیصلے۔ آرا۔ قانون۔ ضابطے۔ ترتیبات۔ شگون یا علم ہیئت کے مطالعہ سے حاصل کردہ نتائج۔ توہماتی آرا یا انکلیں۔	جمع حکم کی۔ فرمان۔ آرڈر۔ فرامین۔ حکم نامے۔ ارشادات
Ahlâf	اَخلاف	ع	جمع Halef کی۔ نسل۔ اولاد۔ جنس	جمع خلف کی۔ پیچھے آنے والے۔ بعد میں آنے والے۔ اولاد۔
Ahlâk	اخلاق	ع	جمع Hulk کی۔ اخلاقی صفات۔ اخلاق کردار۔ اچھی خصلتیں۔ خوش گوئی۔	جمع خُلق کی۔ طریقے۔ آداب۔ ملنساری۔ خوش گوئی۔ اچھی خصلتیں۔ اچھا برتاؤ۔ خاطر مدارات۔ آؤ بھگت (فلسفہ) وہ علم جس میں تہذیب نفس اور سیاست مدن پر بحث کی جاتی ہے۔ علم الاخلاق۔ اخلاقیات۔
Ahlâkî	اخلاقی	ع	منسوب بہ اخلاق۔ مہذب۔ شائستہ	اخلاق سے منسوب۔
Ahlâkıyat	اخلاقیات	ع	علمِ اخلاق۔ اصولِ اخلاق۔	اصول۔ اخلاق۔ علم الاخلاق۔ تعلیم و تربیت کا وہ شعبہ جس کے ذریعہ اخلاق کی تربیت دی جاتی ہے۔
Ahlât	اخلاط	ع	جمع Hilt کی۔ (جسم کی) طبیعتیں۔ مزاج۔	(طب) خلط کی جمع۔ چاروں خلطیں یعنی سودا، صفرا، خون، بلغم۔
Ahmak	احمق	ع	بیوقوف۔ مورکھ	بیوقوف۔ مورکھ۔ نادان۔ نا سمجھ۔ جاہلِ مطلق۔
Ahmer	احمر	ع	سرخ۔ لال۔	بہت سرخ۔ لال
Ahrar	احرار	ع	جمع Hür کی۔ آزاد لوگ۔ آزاد خیال لوگ۔	جمع حُر کی۔ آزاد لوگ۔
Ahret	آخرت	ع	مستقبل کی زندگی۔ بعد کی دنیا۔	عقبیٰ۔ عاقبت۔ پرلوک۔
Ahsan/ Ahsen	احسن	ع	بہتر۔ بہترین۔ زیادہ یا بہت خوب صورت۔	بہت اچھا۔ بہت نیک۔ بہت خوب صورت۔
Ahşa	اَحشا	ع	آنتیں۔ انتڑیاں۔ جمع Haşa کی۔	حشو کی جمع۔ جو کچھ معدے اور انتڑیوں کے اندر ہو۔ بھرتی۔ اندر بھرنے کی چیزیں۔
Ahter	اختر	ف	ستارہ۔ قسمت۔	ستارہ۔ تارا۔ سیارہ۔
Ahu	آہو	ف	ہرن۔ مرگ۔	ہرن۔ مرگ۔ عیب۔ نقص۔ برائی۔ کنایہ چشم معشوق

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Âhüzar	آہ وزاری	ف	کراہنا۔ افسوس کرنا۔ شکایت کرنا۔ گریا کرنا۔ آہیں بھرنا۔ سسکنا۔	رونا پیٹنا۔ واویلا کرنا۔ رونا دھونا۔ ہائے وائے کرنا۔ مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا۔
Ahval	احوال	ع	جمع Hal کی۔ حالات۔ کیفیتیں۔ کسی شخص کی صحت کی حالت۔	حال کی جمع۔ کیفیتیں۔ حالات بیان۔ سرگذشت۔ حال چال۔ خیریت۔
Ahvel	احول	ع	بھینگنے والا۔ بھینگا۔ ترچھا دیکھنے والا۔	بھینگا۔ جس کو ایک کے دو نظر آئیں۔
Ahyan	احیان	ع	جمع Hin کی۔ اوقات۔ زمانے۔ لمحات۔	حین کی جمع۔ زمانے۔ اوقات
Ahyanen	احیاناً	ع	کبھی کبھار۔ کبھی کبھی۔ گاہے بہ گاہے۔ اتفاقاً۔	اتفاقاً۔ اتفاق سے۔ شاید۔ کبھی۔ کسی وقت۔ بھولے سے۔
Aid/Ait	عائد	ع	متعلق۔ بارے میں۔ لیے۔	اُلٹ کر آنے والا۔ واپس آنے والا۔ پھرنے والا۔ ذمے پڑنا۔ صادق آنا۔
Aile	عائلہ	ع	خاندان۔ بیوی	خاندان۔ بیوی۔
Akabe	عقبہ	ع	ڈھالو سڑک۔ درّہ۔ خطرناک لمحہ	اونچی اور لمبی پہاڑی جس کی چوٹی تک راستہ جاتا ہو۔ مشکل گھاٹی۔
Akaid	عقائد	ع	جمع Akide کی۔ یقین کی بنیادیں۔ مذہبی نظریں۔ سوال وجواب کی کتاب۔	عقیدہ کی جمع۔ مذہب کے اصول۔ وہ چیزیں جن کو حق و سچا جان کر دل میں مضبوط کریں۔ دل میں جمے ہوئے یقین یا اعتقاد۔
Akça/Akçe	اقچہ	ت	سکہ۔ سکہ کا تیسرا۔ زر۔ پیسہ۔ رقم۔	روپیہ۔ اشرفی۔ سونے یا چاندی کا سکہ۔
Akdah	اقداح	ع	جمع Kadeh کی۔ پیالے۔ ساغر۔ جام۔ کٹورے۔	جمع قدح کی۔ پیالے
Akdem	اقدم	ع	جمع Kadim کی۔ زیادہ پرانے۔ پہلے۔ زیادہ قدیم۔ سینئر۔ زیادہ خاص۔	بہت مقدم۔ سب سے اوّل
Akdes	اقدس	ع	سب سے زیادہ پوتر یا پاک	بڑا پاک، سب سے زیادہ پاک، اطہر
Âkıbet	عاقبت	ع	انجام، آخر، آخر میں، مستقبل قریب، قسمت۔	انجام۔ دوسرا عالم۔ قیامت۔ خاتمہ۔ نتیجہ۔ ثمرہ۔ حاصل۔ آخرت۔ عقبیٰ۔ آخرکار۔
Akıbet-bin	عاقبت بین	ع رف	دور کی فکر کرنے والا۔ ہوشیار۔ انجام کی فکر کرنے والا۔	دور اندیش۔ انجام سوچنے والا۔ ہوشیار۔ عاقل۔ انجام پر نظر رکھنے والا۔
Akıbetendiş	عاقبت اندیش			
Akıbet-ülemir	عاقبت الامر		آخر میں۔ انت میں۔	(متعلق فعل) آخرکار
Âkıd	عاقد	ع	قول و قرار کرنے والا۔ معاہدہ کرنے والا۔	قول و قرار کرنے والا۔ گرہ لگانے والا۔
Âkıl	عاقل	ع	عقل مند، ہوشیار	عقلمند، دانا، ہوشیار، زیرک۔
Akıl	عقل	ع	سمجھ۔ ہوشیاری۔ یادداشت۔ رائے۔ تدبیر۔ فکر۔ انسان کے سوچنے، سمجھنے و تدبیر کرنے کی صلاحیت۔	خرد۔ دانائی۔ فہم۔ تمیز۔ سمجھ۔ نفس ناطقہ۔ ادراک
Akib	عقب	ع	ذیل کا۔ بعد کا۔ موخر۔ پیچھے۔	پیچھے۔ پس پشت۔
Akid	عقد	ع	باندھنا۔ گرہ۔ گانٹھ۔ معاہدہ۔ سودے بازی۔ شادی	گرہ۔ گانٹھ۔ قول و قرار۔ شادی۔ نکاح۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Âkid	عاقد	ع	معاہدہ کرنے والی پارٹی ر معاہدہ پر دستخط کر کے پابند ہونے والا۔	گرہ لگانے والا۔ عہد کرنے والا۔
Akide	عقیدہ	ع	دینی یا مذہبی اعتقاد۔ مذہب	دل میں جمایا ہوا یقین۔ ایمان۔ اعتقاد۔ اعتبار۔
Akif	عاکف	ع	مختی۔ تن دہ۔ پراشری۔ پتے مار۔ ٹھیک حالت میں رکھنے والا۔ نقصان سے محفوظ رکھنے والا۔	گوشہ نشین۔ مسجد میں ایک گوشہ کے اندر عبادت کے لیے بیٹھنے والا۔ اعتکاف کرنے والا۔ معتکف۔
Akik	عقیق	ع	مختلف ہلکے رنگوں میں کوارٹس کی پرتوں سے بنا ایک قیمتی پتھر۔ سنگ سلیمانی۔ مہر وغیرہ اشیاء بنانے میں استعمال میں لایا جانے والا ایک قیمتی پتھر۔	ایک سرخ رنگ کا قیمتی پتھر۔ ایک پودے کے بیج جس سے تسبیح کے دانے بنتے ہیں۔
Âkil	آکل	ع	کھانے والا۔	کھانے والا
Âkile	آکلہ	نامعلوم	رفتہ رفتہ کھا جانے والا ناسور۔	منہ کا ناسور۔
Akim	عقیم	ع	بانجھ۔ بنجر۔ بغیر نتیجہ کے۔	بانجھ مرد یا عورت۔
Akis	عکس	ع	گرمی یا روشنی کا انعکاس۔ پانی میں پڑا پرتو۔ الٹی سائڈ۔ الٹا۔ مخالف	پرچھائیں۔ پرتو۔ فوٹو۔ سایہ۔ خلاف۔ الٹا۔ اوندھا۔ ضد
Aklen	عقلاً	ع	ہوشیاری سے۔ سمجھداری سے۔ عقل سے۔	از روئے عقل۔ عقلیہ
Aklî	عقلی	ع	دماغ اور دلیل سے متعلق۔ ذہنی۔ قرین۔	عقل سے منسوب۔ ذہنی
Akli-selim	عقلِ سلیم	ع	کامن سینس۔ عام عقل۔	پوری عقل۔ رائے صائب
Akliyat	عقلیات	ع	عقلی علوم۔ عقل کے ذریعہ حاصل کردہ علم	وہ علم جس کا تعلق عقل سے ہو۔ فلسفہ وغیرہ۔
Akordeon	ایکارڈیون	فرانسیسی	اکارڈین۔ دھونکی والا ایک قسم کا باجہ جو ہاتھ سے بجایا جاتا ہے۔	اکارڈین۔ ہاتھ سے بجانے والا ایک قسم کا باجہ
Akraba	اقربا	ع	جمع Karib کی۔ رشتے دار۔ اعزاء	جمع قریب کی۔ رشتہ دار۔ بھائی بند۔ اقارب۔ اپنے۔ یگانے۔ اعزاء
Akran	اقران	ع	Kirn کی جمع۔ برابر۔ ہم عصر۔ ساتھی۔ عمر، پیشہ و اجتماعی پوزیشن جیسے حالات میں ایک دوسرے کے برابر۔	قرن کی جمع۔ پاس کے لوگ۔ ہم عصر لوگ۔ معاصرین۔
Akreb-Akrep	عقرب	ع	بچھو۔ گھڑی کے گھنٹے کی سوئی۔	بچھو۔ منحوس۔ آسمان کے آٹھویں برج کا نام جو شکل بچھو کے ہے۔
Aksa	اقصیٰ	ع	زیادہ یا بہت دور۔ سب سے زیادہ۔ منتہائے زراعت و آبادی۔	بہت دور۔ بیت المقدس۔
Aksam	اقسام	ع	جمع Kisim کی۔ حصے۔ ٹکڑے۔ قسمیں۔ انواع	قسم کی جمع۔ قسمیں۔ انواع۔ طرفین اور جمع قسم بمعنی سوگند کے۔
Aktar	اقطار	ع	جمع Kutur کی۔ وہ خطوط مستقیم جو دائروں کے مراکز سے گزرتے ہوئے دونوں طرف محیط تک جائیں۔ طرفین۔ علاقے۔	قُطر کی جمع۔ کنارے۔ علاقے
Aktar/Attar	عطّار	ع	بساطی۔ ریشمی اور اونی کپڑے بیچنے والا۔ دوا فروش۔ جڑی بوٹیاں بیچنے والا۔ عطر فروش۔ مخلوں	عطر فروش۔ دوا فروش

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			کے بیچ دوکان میں سوئی ڈورا، مصالحے، تمباکو جیسی چھوٹی موٹی مختلف چیزیں فروخت کرنے والا۔	
Aktör	ایکٹر	انگریزی/ فرانسیسی	ایکٹر۔اداکار۔رول کرنے والا	ایکٹر۔اداکار
Aktris	ایکٹریس	انگریزی/ فرانسیسی	ایکٹریس۔تھیئٹریس میں کرنے والی اداکارہ۔	ایکٹریس۔اداکارہ۔
Akur	عقور	ع	پاگل کتا۔برہم۔برانگیختہ۔غضب ناک	کٹکھنا کتا۔
Akval	اقوال	ع	جمع Kavil کی۔بیانات۔قول۔آرا۔کہے ہوئے الفاظ۔	قول کی جمع۔باتیں۔مقولے۔
Akvam	اقوام	ع	جمع Kavım کی۔قومیں	قوم کی جمع۔قومیں۔گروہ۔مختلف ملکوں کے باشندے۔
Akvaryum	اکیواریم	لاطینی	پانی کا ٹینک یا ٹینکوں کا سلسلہ جو عام طور سے شیشے سے بنایا جاتا ہے اور اس میں پتھروں کے ٹکڑے یا پودے وغیرہ قدرتی حالات کی طرح رکھے اور اگائے جاتے ہیں۔ پودوں کو اگانے کے مصنوعی تالاب یا حوض۔	ایکواریم۔عام طور سے شیشے سے بنائے گئے حوض یا ٹینک جن میں پانی بھرا جاتا ہے اور پتھروں کے ٹکڑے یا آبی پودے قدرتی حالات میں رکھے جاتے ہیں۔
Al	اَل	ع	————	عربی زبان میں اسم جو صفت کے ساتھ آکر اس کے معنوں میں خصوصیت پیدا کر دیتا ہے۔
	آل	ت	سرخ۔سرخ رنگ۔گہرا سرخ رنگ۔بھورا گھوڑا۔ غازہ۔جاپے کا بخار۔پرسوت۔	سرخ رنگ۔لال
	اَل	ت	ایلومنیم دھات سے بنا علامتی نشان	————
	اَل	ت	چال۔فریب۔حیلہ۔دغابازی	————
	اَل	ہندی	————	وشن کا نام۔ذیلی گوتر
Âl	آل	ف	————	ایک قسم کی شراب
Berzah	برزخ	ع	دو حالتوں یا چیزوں کے ملنے کے درمیان کا انٹرول۔مرنے اور قیامت کے درمیان کا پیریڈ۔فکر و تردد اور مصیبت کا مقام یا حالت۔ڈھال۔خاکنائے۔	مرنے کے بعد سے قیامت تک کا زمانہ۔دو مخالف چیزوں کے درمیان کی چیز۔مصیبت اور آرام کا درمیانی درجہ۔وہ عالم جس میں مرنے کے بعد سے قیامت تک روحیں رہیں گی۔آڑ۔پردہ۔روک۔
Besalet	بسالت	ع	ہمت۔بہادری۔	شجاعت۔دلیری۔
Besmele	بَسملَہ	ع	بسم اللہ کا مخفف۔خدائے نام میں۔خدا کے نام سے۔	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا مخفف بمعنی اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔رسم مکتب نشینی۔
Beste	بستہ	ف	بندھا ہوا۔پابند۔جما ہوا۔سُر۔موسیقی کی دھن۔	بندھا ہوا۔رُکا ہوا۔جما ہوا۔جزدان۔بقچہ۔
Beşaret	بشارت	ع	اچھی خبر۔معجزہ۔خوبصورتی۔اختراع۔	خوشخبری۔مژدہ۔الہام۔غیبی آواز۔
Beşaşet	بشاشت	ع	مسکراتا ہوا ہونا۔خوشی۔مسرّت۔	خوشی۔مسرّت۔تازگی۔فرحت۔خوش اخلاقی۔خندہ روئی۔
Beşer	بشر	ع	نوع انسان۔	آدمی۔انسان۔
Beşerî	بشری	ع	انسانی۔	بشر سے منسوب۔انسانی۔
Beşeriyet	بشریت	ع	انسانیت۔آدمیت۔	آدمیت۔انسانیت۔
Beşre	بشرہ	ع	جلد کی اوپر کی پرت۔جھلی۔پتوں کے دونوں طرف کی جھلی جس کے ذریعہ پانی چھن کر ان میں پہنچتا ہے۔	لغوی معنی بیرونی جلد۔اصطلاحی معنی چہرہ۔مکھڑا۔حلیہ۔قیافہ۔پیشانی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Beşir	بشیر	ع	خوش خبری دینے والا۔ بشارت دینے والا۔	خوش خبری دینے والا۔ نیک بات بتانے والا۔ بشارت سنانے والا۔ رسول اللہ کا صفاتی نام۔
Beşuş	بشاش	ع	مسکراتا ہوا۔ خوش وخرم۔ مسکراتے چہرہ والا۔	مسرور۔ مگن۔ خوش وخرم۔ شگفتہ۔ تر وتازہ۔
Beter	بتر۔ بَتَر	ف	بدتر۔ زیادہ خراب۔ زیادہ بُرا۔ Bed کی متقابل شکل۔	بدتر کا مخفف۔ زیادہ خراب۔ بہت بُرا۔ بہت خراب۔ بہت نکما۔ نہایت بُرا۔ بہت ناقص۔
Bevil	بَول	ع	پیشاب۔	پیشاب۔
Bevvab/ Bavvap	بَوّاب	ع	چوکیدار۔ دربان۔ پرانے زمانہ میں قُلی۔	چوکیدار۔ دربان۔
Bey	بے	ت	شریف آدمی۔ سردار۔ امیر۔ مالدار۔ پرانے زمانہ میں ترکی میں پاشا سے کمتر اور آغا سے بالا خطاب۔	
		ہندی	————	حرف ندا وتخاطب۔ اے کا مخفف۔
		ف	————	حرف نفی۔ بغیر۔ بن۔ سوا۔
Beyaban	بیابان	ف	ریگستان۔ صحرا۔	ریگستان۔ جنگل۔ ویرانہ۔ اجاڑ۔ جہاں کوسوں تک پانی ودرخت نہ ہو۔
Beyan	بیان	ع	اعلان۔ گھوشنا۔ تشریح۔ طرز تحریر وتقریر۔ کہنا۔ بتانا۔	لیکچر۔ تقریر۔ وعظ۔ گفتگو۔ ذکر۔ شہادت۔ گواہی۔ صاف۔ رپورٹ۔ خبر۔ اطلاع۔ مقولہ۔ بات۔ کلام۔ اظہار۔ ایک علم جس میں تشبیہ واستعارہ مجاز ا کنایہ وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔
Beyanat	بیانات	ع	جمع Beyan کی۔ اطلاعات۔ تقریر۔ (صیغہ واحد میں)	جمع بیان کی۔ تقاریر۔ کتھن۔ لیکچر۔ باتیں۔ تذکرے۔ مکالمات۔
Beyaz	بیاض	ع	سفید رنگت۔ سفید۔ آنکھوں کی سفیدی۔ انڈے کی سفیدی وغیرہ۔ پاکیٹ بک۔	سفیدی۔ اُجلاپن۔ یادداشت کی کاپی۔ پاکیٹ بک جس میں اشعار لکھتے ہیں۔
Beyhude/ Bihude	بیہودہ	ف	واہیات۔ بیکار۔	بے فائدہ۔ باطل۔ غیر مہذب۔ فضول۔ ناشائستہ۔
Beyi	بَیع	ع	بیچنا۔ بکری۔ فروخت۔	بیچنا۔ فروخت۔ بکری۔ مول لینا۔
Beyit/Beyt	بَیت	ع	شعر۔ نظم۔ مکان۔ گھر۔	ایک وزن کے دو مصرعے۔ شعر۔ گھر۔ حویلی۔ مکان۔ محل۔
Beyn	بَین	ع	درمیان۔ بیچ۔	درمیان۔ بیچ۔ فاصلہ۔ فرق۔
BeynBeyn	بَین بَین	ع	بیچ میں۔	درمیانی۔ بیچ کا۔ ملا جلا۔ متوسط۔
Bi-Namaz	بے نماز	ف	Beynamaz کا بگڑا ہوا۔ جو مذہبی ناپاکی کی وجہ سے نماز پڑھنے سے روکا گیا ہو۔ منکر۔ بے دین۔	نماز نہ پڑھنے والا۔ تارک نماز۔ حائضہ۔ ماہواری ایام سے۔
Beytullah	بیت اللہ	ع	اللہ کا گھر۔ خانہ کعبہ۔	خانہ کعبہ۔ اللہ کا گھر۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Beyt-ül-haram	بیت الحرام	ع	اللہ کا گھر۔ خانہ کعبہ۔	خانہ کعبہ۔ مکہ معظمہ۔ وہ احاطہ جہاں قتل، شکار، گرفتاری منع ہے۔
Beytülmal	بیت المال	ع	(سابقہ) سرکاری خزانہ۔ (خاص طور سے وراثت سے متعلق شرعی قانون کا شعبہ۔	مال گھر۔ خزانہ عامرہ۔ سرکاری خزانہ۔ شاہی خزانہ۔ خیرات کا فنڈ۔ ملک کا ماحصل۔ وہ مال جس کا کوئی خاص مالک نہ ہو۔ عام لوگوں کا حصہ ہو اور جس سے ہر مستحق کو مدد دی جائے۔
Beyza	بیضہ	ع	انڈا	انڈا۔
Beyzâ	بیضا	ع	سفید۔	روشن۔ سفید۔
Beyzî	بیضوی	ع	انڈے کی شکل کا۔	انڈے کی طرح گول لمبوترا۔ انڈے کی مانند۔
Bezim	بزم	ف	دعوت۔ شراب خوری۔ بدمستی۔ تقریب۔ کھانے پینے کے لیے لوگوں کا اجتماع۔ ضیافت۔	سبھا۔ محفل۔ مجلس۔ خوشی کی محفل۔ جشن۔
Bezzaz	بزار	ع	پارچہ فروش۔ کپڑا فروخت کرنے والا۔ بزاز۔	کپڑا بیچنے والا۔ پارچہ فروش۔
Bi	بے	ف	بغیر۔ کم۔	حرف نفی۔ بغیر۔ بدون۔ سوائے۔ بن۔
Bi-aman	بے امان	ف	بے رحم۔ بے امان۔	بے بچاؤ۔ بغیر۔ پناہ کے۔ بے پناہ۔
Bibehre	بے بہرہ	ف	بدنصیب۔ بغیر صلاحیت کا۔ بغیر اہلیت کا۔ بغیر علم والا۔ بے علم۔ بغیر حصہ کا۔ نااہل۔	محروم۔ بے نصیب۔ گستاخ۔ بے ادب۔ آوارہ۔ خراب۔ بدتمیز۔
Bibi	بی بی	ت	باپ کی بہن۔ پھوپھی۔	بیگم۔ خانم۔ امیر زادی۔ گھر والی۔ صاحب خانہ۔ نیک۔ عورت۔ حضرت فاطمہ کا لقب۔
Bibliyografi	بلوگرافی	یونانی	کتابوں کے موضوع پر وسیع جانکاری۔ کسی موضوع پر چھپی کتابوں کا مجموعہ یا رسالہ۔ کسی رسالہ میں نئی شائع شدہ کتابوں کی جانکاری دینے والا حصہ۔	کتابوں کی جانکاری کا علم۔
Biçare	بیچارہ	ف	بے یار و مددگار۔ خستہ حال۔ غریب۔	بے بس۔ عاجز۔ غریب۔ مفلس۔ بدنصیب۔ مجبور۔ لاچار۔
Bidar	بیدار	ف	جاگتا ہوا۔ ہوشیار۔ چوکنا۔	خفتہ کی ضد۔ ہوشیار۔ چوکنا۔ جاگتا ہوا۔
Bid'at	بدعت	ع	ایسی اختراع جو مذہبی نظریہ سے منحوس تصور کی جاتی ہے۔ دین سے گمراہی۔ الحاد۔	دین میں کوئی نئی بات یا نئی رسم نکالنا۔ نیا دستور یا نیا رسم و رواج۔ سختی۔ ظلم۔ جھگڑا۔ فساد۔ شرارت۔
Bidayet	بدائت	ع	شروعات۔	شروع ہونا۔ ابتدا۔ آغاز۔
Bi-edeb	بے ادب	ف	جس کی تربیت ٹھیک طرح سے نہ ہوئی ہو۔	ناشائستہ۔ غیر مہذب۔ گستاخ۔ شریر۔
Bigâh	بیگاہ	ف	بے وقت۔ نامعقول۔ انداز سے زیادہ جسے کوئی غم یا فکر نہ ہو۔	بے وقت۔ شام کا وقت۔
Bigam	بے غم	ف	جسے کوئی غم یا فکر نہ ہو۔	جسے غم نہ ہو۔ خوش۔ مگن۔ بے فکر۔
Bigâne	بیگانہ	ف	غیر۔ ناآشنا۔ اجنبی۔ بے سروکار۔ بے تعلق۔	غیر۔ ناواقف۔ پرایا۔ اجنبی۔ پردیسی۔
Bigünah	بے گناہ	ف	معصوم۔ جس پر الزام نہ لگا ہو۔ بے قصور۔	بے قصور۔ بے خطا۔ بے جرم۔ بلا جرم کے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Bihaber	بے خبر	ف	ناواقف۔ انجان۔ لاعلم۔	لاعلم۔ ناواقف۔ غافل۔ بیہوش۔ ناسمجھ۔ بیوقوف۔ جاہل۔ ان جان۔
Bihad	بے حد	ف	جس کی کوئی حد یا لمٹ نہ ہو۔ غیر محدود۔ بے انتہا۔	غیر محدود۔ بے انتہا۔ بیشمار۔ بے حساب۔ بے اندازہ۔ بہت زیادہ۔
Bihesab	بے حساب	ف	بے شمار۔ جس کی گنتی نہ ہو۔ بے تعداد۔	بہت زیادہ۔ بے شمار۔ لاتعداد۔ بے انتہا۔ بے گنتی
Bihaya	بے حیا	ف	بے شرم۔	بے شرم۔ بے غیرت۔ بے ادب۔ گستاخ۔ بد چلن۔
Bihengâm	بے ہنگم	ف	بے وقت۔ غلط ٹائم پر۔	بے وقت۔ بے موقع۔
Bihod	بے خود ربیخود	ف	ڈر۔ نشہ یا وجد میں اپنے آپ سے بے خبر۔	اپنے آپ سے بے خبر۔ از خود رفتہ۔ مدہوش۔ سرشار۔
Bihuş	بے ہوش	ف	بے عقل۔ جو خود کو بھول چکا ہو۔ جسے اپنا ہوش نہ ہو۔	جسے اپنا ہوش نہ ہو۔ بے خبر۔ ناواقف۔ بیخود۔ مدہوش۔ غافل۔
Bi-huzur	بے حضور	ف	بے آرام۔ بے آسائش۔	غائب۔ کھویا ہوا۔
Bi-hüner	بے ہنر	ف	بغیر کسی قابلیت یا ہنر کے۔	وہ شخص جس میں کوئی ہنر نہ ہو۔ نا قابل۔ پھوہڑ۔ وہ شخص جسے کوئی کام نہ آتا ہو۔
Bikes	بے کس	ف	بے یارومددگار۔ مفلس۔ یتیم۔ لاچار۔	بے یارومددگار۔ جس کی مدد پر کوئی نہ ہو۔ لاچار محتاج۔
Bikir	بکرا	ع	لڑکیوں کا کنوارا پن۔ پاک دامنی۔ دوشیزگی۔ اچھوتی۔	دوشیزگی۔ کنوارا پن۔ ہرنیا کام۔ غیر مستعمل۔ جو کام نہ آئی ہو۔
Bilâ	بلا	ع	بغیر۔	بغیر۔ سوا۔ بنا۔ بن۔
Bilâivaz	بلا عوض	ع	بدلے میں کوئی چیز دیے بغیر۔ بدلے میں چیز کی امید نہ کرتے ہوئے۔ بغیر دلچسپی کے۔	بغیر عوض کے۔ بغیر بدلے کے۔
Bilâd	بلاد	ع	جمع Beled/Belda کی۔ ممالک۔ علاقے۔ شہر۔ قصبات۔	جمع بلدہ کی۔ شہر۔ قصبے کے۔
Bilâfasıla	بلا فصل	ف	بغیر روک ٹوک کے۔ بغیر رکے۔	بغیر رکے۔ بغیر فاصلے کے۔ لگاتار جاری رہنا۔
Bilâhara	بالآخر	ع	بعد میں۔ زیادہ بعد میں۔	آخر کار۔ آخر میں۔
Bilâkis	بالعکس	ع	برخلاف۔ الٹا۔	برعکس۔ برخلاف۔ الٹا۔
Bilâsebeb	بلا سبب	ع	بغیر وجہ یا سبب کے۔	خواہ مخواہ۔ بغیر وجہ کے۔
Bilâteredüd	بلا تردد	ع	بغیر ہچکچاہٹ کے۔ بغیر کسی شک کے۔ پس و پیش کے بغیر۔	بلا تامل۔ کسی تذبذب کے بغیر۔
BilaVasıta	بلا واسطہ	ع	کسی کو درمیان میں ڈالے بغیر۔ سیدھا۔ سیدھے یا ڈائریکٹ طریقے سے۔	براہ راست۔ بغیر کسی ذریعہ کے۔ سیدھا۔
Bilcümle	بالجملہ	ع	تمام۔ ٹوٹل۔ تماماً۔ مجموعاً۔	حاصل کلام۔ ساری بات کا حاصل یہ ہے۔ تھوک فروش۔
Bilfarz	بالفرض	ع	مان کر۔ فرض کر کے۔	فرض کرتے ہوئے۔ مانتے ہوئے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Bilfiil	بالفعل	ع	دراصل۔ درحقیقت۔ فی الواقع۔	اس وقت۔ سردست۔ اب۔ فی الحال۔
Bilhassa	بالخصوص	ع	خاص طور سے۔ خاص کر۔	خاص کر۔ خصوص کے ساتھ۔
Bil-ittifak	بالاتفاق	ع	مشترکہ رضامندی کے مطابق۔ مشترکہ رائے سے۔ عام مشورہ سے۔	متفقہ طور سے۔ متحد ہو کر۔ اتفاق کے ساتھ۔
Bilkuvve	بالقوہ	ع	جبلی۔ ذاتی۔ پیدائشی۔ حقیقی۔ موثر۔ موثر طریقہ سے۔	قوت اور طاقت سے۔ از روئے طاقت۔ (منطق کی اصطلاح میں) اس قوت سے جو ابھی وجود میں نہیں آئی لیکن آ سکتی ہے۔
Billahi	باللہ	ع	Vallahi کے ساتھ۔ میں خدا کی قسم کھاتا ہوں۔	اللہ کی قسم۔
Billur	بلّور	ع	ٹھوس اور شفاف پتھر۔ اچھے قسم کا شیشہ۔ ایسی ٹھوس چیز جس کے آر پار دکھتا ہو۔	صاف شفاف قسم کا ایک پتھر۔ ایک چمکدار معدنی جوہر کا نام۔ صاف۔ شفاف۔ چمکدار
Bilmûkable	بالمقابل	ع	جواب میں۔ بدلے میں۔	آمنے سامنے۔ روبرو۔ موجودگی میں۔
Bilmuacehe	بالمواجہہ	ع	دو آدمیوں کا ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہونا۔	آمنے سامنے۔ بالمشافہ۔ روبرو۔
Bilûmum	بالعموم	ع	عام طور سے۔	عام طور پر۔ عموماً
Bilvasıta	بالواسطہ	ع	ان ڈائریکٹلی۔ سیدھے طریقہ سے نہ ہو کر۔ پھیر سے۔ ناراستی سے۔ کجی سے۔ پیچ سے۔	وسیلہ سے۔ ذریعہ سے۔ پیچ سے۔ پھیر سے۔ سیدھے طریقہ سے نہ ہو کر۔
Bilyon	بلین	فرانسیسی / انگریزی	کھرب	کھرب۔ ایک ہزار بلین۔
Bimâna	بے معنی	ف	بے موزوں۔ بغیر معنی یا مطلب کے۔ لغو۔ بغیر۔ بلاضرورت۔	مہمل۔ لغو۔ بیہودہ۔ بے سروپا۔
Bimar	بیمار	ف	روگی۔ مریض۔	روگی۔ مریض۔ علیل۔ عاشق۔
Bimisil	بے مثل / بے مثال	ع	بے مثال۔ بے نظیر۔ لاثانی۔ یکتا۔	جس کی مثال نہ ہو۔ بے نظیر۔ یکتا۔
Bimuhaba	بے محابا	ف	بلا جھجک کے۔ بلا تامل۔ بغیر تعظیم کے۔ بے خوف۔ بے رحمانہ۔ بے غرض۔ بے طرفدار۔	بے خوف۔ بے دھڑک۔ بلا تامل۔
Bin	بن	ع	بیٹا (خاص طور سے عربی ناموں میں)	بیٹا۔
Bin	بین	ف	دیکھنے والا۔ فارسی اضافت جیسے Durbin میں۔ دور اندیش۔ ٹیلس کوپ۔	دیکھنے والا۔ مرکبات میں مستعمل ہے۔
Bin	بن	ت	ہزار۔ بہت زیادہ۔ بہت سے۔	———
Bina	بنا	ع	عمارت۔ حویلی۔ عمارت کے بنانے کا عمل۔ بنانا۔ کسی حقیقت کے بنانے کا عمل۔ بنانا۔ کسی حقیقت یا اصلیت پر اپنے دعویٰ وغیرہ کی بنیاد بنانا۔ عربی قواعد میں گردان نہ کیے جانے والے الفاظ کا باب۔	عمارت۔ عمارت کی بنو۔ جڑ۔ بنیاد۔ اصل۔ باعث۔ سبب۔ شروع۔ آغاز۔
	بنا	ہندی	———	چھوڑ کر۔ بغیر۔
Bîna	بینا	ف	دیکھنے والا۔ دیکھنے کے قابل ہونا۔ ذی شعور۔	دیکھنے والا۔ بصر۔ دانا۔ عقلمند۔ ہوشیار۔
Binaberin	بنابریں	ف	اس لیے۔ اس واسطے۔ اس وجہ سے۔	اس لیے۔ اس بنیاد پر۔ اس وجہ سے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Binam	بے نام	ف	جس کا کوئی نام نہ ہو۔	گم نام۔
Binam-ve-nişan	بے نام ونشان	ف	بغیر نام و پتہ کا۔	بے پتہ۔ بے ٹھکانا۔
Bint	بنت	ع	بیٹی۔لڑکی۔	بیٹی۔لڑکی۔
Bipayan	بے پایاں	ف	بے انتہا۔ بے حد۔ ہمیشہ قائم رہنے والا۔	بے حد۔ بے انتہا۔ بے اندازہ۔ بیکراں۔
Biperva	بے پروا	ف	بے خوف۔ نڈر۔ بے اصول۔ بغیر ڈر کے۔بغیر خوف کے۔ بدنیت۔	غافل۔ بے فکرا۔ کاہل۔توجہ نہ کرنے والا۔دھیان نہ دینے والا۔ بے غرض۔ متوکل۔دولت مند۔
Bira	بیئر	جرمن	بیئر شراب۔شراب۔	ایک قسم کی شراب جو جَو سے تیار کی جاتی ہے۔بیئر۔
Birader	برادر	ف	بھائی۔	بھائی۔بھرا تا۔ہم قوم۔ہم پیشہ۔رشتہ دار۔
Bire/Bre	بَرے	ت	کچھ علاقوں میں ''بے'' کے بجائے استعمال کیا جاتا ہے۔اب،تب،ارے،تم (کبھی تعریف کے لیے) حیرت انگیز۔	ــــــــــــــــ
Bisküvit	بسکٹ	انگریزی	بسکٹ۔	بسکٹ۔
Bismillâh	بسم اللہ	ع	خدا کے نام میں۔ مسلمان لوگ کام شروع کرنے سے پہلے استعمال کرتے ہیں۔	اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں۔اللہ کا نام لیتا ہوں۔مکتب نشینی کی رسم۔
Bitab/Bitap	بیتاب	ف	ناتواں۔بغیر طاقت کا۔تھکا ہوا۔	ناتواں۔ کمزور۔ بے طاقت۔ بے چین مضطرب۔ بے قرار۔ برداشت نہ کرنے والا۔
Bitabi	بے تابی	ف	تھکن۔کمزوری۔	بے چینی۔گھبراہٹ۔جلدی۔شتابی۔
Biyoloji	بائیولوجی	یونانی	پھولوں وحیوانوں کی پیدائش وزندگی سے متعلق سائنس۔ بایولوجی۔	بایولوجی۔زندگی اور جاندار چیزوں کی سائنس۔
Bivefa	بے وفا	ف	بددیانت۔دھوکے باز۔ بے ثبات۔ بے استقلال۔	بے عہد۔ وعدہ نہ پورا کرنے والا۔ بے مروت۔ نامہربان۔ ناشکرگذار۔جو دوستی کا حق ادا نہ کرے۔
Bizaa/ Bizaat/Bizzat	بذاتہ	ع	قابلیت۔صلاحیت۔	اپنی ذات کے ساتھ۔
Bizar	بے زار	ف	تھکا ہوا۔ پریشان۔ بیزار۔ کسی چیز سے دل یا طبیعت بھرا ہوا۔ پریشان کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔	جدائی ڈھونڈنے والا۔ پریشان۔ متنفر۔ ناخوش۔خفا۔ناراض۔
Blöf/Bülöf	بلف	انگریزی	کسی کام کو نہ کرنے کے لیے اصلی بات کو نہ بتا کر بہانہ بنا دینا وتعبیر گھڑ دینا۔	بلف۔ بہانہ کرنا۔ کسی کام کو نہ کرنے کے لیے دھوکا دینا۔
Blûz/Bulûz	بلاوز	فرانسیسی انگریزی	بلاوز۔ باریک کپڑے سے بنا استر کا کپڑا جسے عورتیں قمیض کے نیچے پہنتی ہیں۔	بلاوز۔عورتوں کی کرتی جو وہ ساڑھی کے نیچے پہنتی ہیں۔
Bobin	بوبین	فرانسیسی	اٹیرن۔ڈوری۔لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جس پر ڈوری یا دھاگہ لپیٹا جاتا ہے۔پونیا۔بجلی کا کوائل۔	بوبین۔ لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جس پر ڈوری ودھاگا وغیرہ لپیٹا جاتا ہے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Bohça	بُغچہ	ت	پارسل۔ لپیٹنے والا چوکھونا کپڑا۔ بنڈل۔ چوکھونا شال۔ عمدہ قسم کا اچھی طرح تراشا تمباکو۔	کپڑوں وغیرہ کی چھوٹی گٹھری۔
Boks	بوکس	انگریزی	سر وکان پر مارا گیا مکا۔ ہاتھ یا مکّے سے مارنا۔ مکّوں سے لڑنا۔	مکّوں سے لڑنا۔
Boksit	باکسائٹ	انگریزی	باکسائٹ۔	باکسائٹ۔ ایک قسم کی مٹی جس میں ایلومونیم ہوتا ہے۔
Boksör	باکسر	انگریزی	مکّوں سے لڑنے والا۔ باکسر۔ مکّے باز۔	مکّے بازی کرنے والا۔ مکّے باز۔
Bomba	بم	اطالوی	بم۔	بم۔
Bombardıman	بومبارڈمینٹ	انگریزی	بومبارڈمینٹ۔ بمباری۔	بمباری۔ بمبارڈمینٹ۔
Bostan	بوستان	ف	سبزیوں کا باغیچہ خاص طور سے تربوز و خربوزے کا۔ تربوز۔ کمرخ۔	باغ۔ باغیچہ۔ پھلواری۔
Böbür	بَبر	ع	چیتا اور کبھی کبھی بگھرا۔	ایک قسم کا بڑا شیر جس کی گردن پر بال ہوتے ہیں۔
Brehmen Brahmin	براہمن/برہمن	ہندی	براہمن۔	ہندوؤں کی سب سے افضل قوم۔ برہمن۔
Broşür/ Buroşür	بُروشَر	فرانسیسی	مختصر پمفلٹ۔ بروشر۔	مختصر پمفلٹ۔ رسالہ۔
Bû	بُو	ف	خوشبو۔ باس۔ مہک۔	باس۔ مہک۔ خوشبو۔ بدبو۔ سڑاند۔ خبر۔ آن بان۔ شان۔ شبہ اور شک کی جگہ۔
Bûd	بُود	ف	ہستی۔ وجود۔	ہستی۔
Buda	بُدھا	ہندی	مہاتما بدھ۔	مہاتما بدھ۔
Buğz	بُغض	ف	عداوت۔ نفرت۔ بدخواہی۔	نفرت۔ عداوت۔ دشمنی۔ کینہ۔ حسد۔
Buhar	بُخار	ع	بھاپ۔ دھواں۔ بخار۔ تبخیر۔	دھواں۔ بھاپ۔ حرارت۔ تپ۔ غصہ۔ رنج۔ کدورت۔ غبار۔
Buhran	بُحران	ع	نازک وقت۔ کرائسس۔ بے چینی۔ خطرہ کا وقت۔	تعطل۔ اڑچن۔ بیماری کے زور کا دن۔ تپ کی بیماری میں مزاج میں سخت تغیر۔
Buldok	بُلڈاگ	انگریزی	بلڈاگ نسل کا کتا۔	بل ڈاگ نسل کا کتا۔ بڑے سر کا خوف ناک کتا۔
Bulûz	بلاوُز	فرانسیسی/ انگریزی	بلاوُز۔	بلاوز۔
Bûm	بُوم	ف	اُلّو۔	اُلّو۔ تنہائی پسند۔ منحوس۔ بیوقوف۔ جگہ۔ مقام۔
Burak	بُراق	ع	آسمانی گھوڑا جسے محمد صاحب نے استعمال کیا تھا۔	وہ بہشتی گھوڑا جسے حضرت محمد صاحب نے شب معراج کو آسمان پر تشریف لے جانے کے لیے استعمال کیا تھا۔
Burc/Brurç	بُرج	ع	مینار۔ راس یعنی ستارے کا مقام۔ پرانے قلعوں کے گوشوں میں بنائے گئے اونچے	گنبد۔ راس یعنی ستارے کا مقام۔ دائرۂ آسمان کا نظری طور پر بارہواں حصہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			میناروں میں سے ہرایک۔	
Burjuva	بُورژواء	فرانسیسی	متوسط درجہ۔ صاحب جائداد اور سرمایہ دار لوگ۔	متوسط طبقہ کا صاحب جائداد یا سرمایہ دار۔
Burjuvazi	بُورژوازی بُورژوائی	فرانسیسی	صاحب ثروت لوگوں سے منسوب۔ ثروت ودولت سے وابستہ۔ شہریوں کے متوسط طبقہ سے متعلق۔	متوسط طبقہ کا صاحب جائداد یا سرمایہ دار۔
Buse/Puse	بُوسہ	ف	چُمی۔ بوسہ۔	چمی۔ بوسہ۔ پیار۔
Buud	بُعد	ع	فاصلہ۔ جسامت۔	دُوری۔ فاصلہ۔ مسافت۔
Bühtan	بُہتان	ع	جھوٹا الزام۔ جھوٹی تہمت۔	جھوٹا الزام۔ تہمت۔ عیب۔ بدنامی۔ کلنک۔
Büfe	بُفے	فرانسیسی	کھانے کے ریسٹورینٹ میں کھانے رکھنے کی الماری۔ تفریح کے مقام میں کھانا وشراب رکھنے کی میز۔ اسٹیشنوں پر واقع ریستوران۔	ہلکی پھلکی چیزیں کھانے وناشتہ کرنے کا چھوٹا اسٹول۔ بار۔
Bükâ	بُکا	ع	رُونا۔	چیخ وپکار۔ گریہ وزاری۔ فریاد۔ دُہائی۔ رونا پیٹنا۔
Bülbül	بلبل	ف	بلبل۔	بلبل۔
Bülend Bülent	بلند	ف	اونچا۔ بلند۔	اونچا۔ اعلیٰ۔ رفیع۔ برتر۔ دراز قد۔ لمبا۔ سراپے کا بانس۔
Bülend-awaz	بلند آواز	ف	اونچی یا بلند آواز والا۔ اونچی آواز سے بولنے والا۔	اونچی آواز۔ اونچا سُر۔ بلند آہنگ۔ بڑی سُر والا۔
Bülend-pervaz	بُلند پرواز	ف	آرزومند۔ حوصلہ مند۔ اُمنگی۔ پُرزعم۔ دلیر۔	عالی خیال۔ اونچا اڑنے والا۔ گہری فکر والا۔
Bülheves	بُوالہوَس	ع	بدکار۔ پُرشہوت۔ زناکار۔ تلون مزاج۔ بوالہواس۔ عیاش۔	بہت حریص۔ بڑا لالچی۔ انسانی خواہشات کا بہت سخت حریص۔ جس کو حرص زیادہ ہو۔ بہت ہوس والا۔
Bülten	بُلیٹین	فرانسیسی	بلیٹن۔	بُلیٹین۔ سرکاری اطلاع۔ خبرنامہ۔ اہم واقعات یا بیمار کی کیفیت کا اطلاع نامہ۔ کیفیت باضابطہ۔
Bülûğ	بُلوغ	ع	جوانی۔ شباب۔ پختگی۔ بالغ ہونے کی حالت۔	بالغ ہونا۔ جوانی کو پہنچنا۔ جوانی۔ شباب۔ حد کو پہنچنا۔
Bünyan	بُنیان	ع	عمارت بنانے کا عمل یا کام۔ عمارت سازی۔ بنانے کا کام۔ عمارت۔	عمارت۔ نیو۔ بنیاد۔
Bünyat	بنیاد	ف	نیو۔ بنیاد۔	جڑ۔ اصل۔ نیو۔ طاقت۔ مقدور۔ بساط۔ حوصلہ۔
Bürhan	بُرہان	ع	ثبوت۔ شہادت۔	دلیل۔ وجہ عقلی۔ دلیل جس میں شک شبہ نہ ہو۔ حجت۔
Büro	بیورو	فرانسیسی	بیورو۔ دفتر۔	سرکاری محکمہ۔ دفتر۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Bürokrasi	بیوروکریسی	فرانسیسی	لال فیتہ شاہی۔ دفتر شاہی۔	سرشتہ کی حکومت۔ اہل کاروں کا راج۔
Bürudet	بُرودَت	ع	سردی۔ خنکی۔ ٹھنڈک۔	سردی۔ خنکی۔ ٹھنڈک۔
Büst	بَسٹ	اطالوی	جسم کی سینہ سے اوپر کھنچی ہوئی تصویر یا اسٹیچو۔	اسٹیچو۔ انسانی جسم کا اوپری حصہ سینہ سے اوپر کی کھنچی تصویر۔ عورت کا سینہ۔

■❖■

C/(c)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Cabeca	جابجا	ف	یہاں وہاں۔ جگہ بہ جگہ۔	جگہ بہ جگہ۔ ہر جگہ۔ ہر کہیں۔ ہر مقام پر۔
Cadde	جادّہ	ع	خاص سڑک۔ شاہراہ۔ ہائی وے۔	راستہ۔ راہ۔ سڑک۔ پگڈنڈی۔ طریقہ۔ رواج۔
Caferî	جعفری	ع	شیعوں کی ایک شاخ اور اس شاخ کا فرد۔	حضرت امام جعفر سے منسوب۔ حضرت امام جعفر کی اولاد۔
Cah	جاہ	ع	اونچی پوزیشن۔ شان۔ عہدہ۔ مرتبہ۔ رتبہ۔	رتبہ۔ قدر۔ مرتبہ۔ عزت۔ قدرومنزلت۔ درجہ۔ منصب۔ بزرگی۔ عظمت۔ شان۔
Cahil	جاہل	ع	ان پڑھ۔ بے علم۔ ناواقف۔ جسے تجربہ نہ ہو۔ ناتجربہ کار۔	ان پڑھ۔ بے علم۔ ناواقف۔ ناخواندہ۔ وحشی۔ بداخلاق۔ بے ادب۔ گستاخ۔ نادان۔
Cahiliyet	جاہلیت	ع	جہالت کا دور یعنی حضرت محمد صاحب سے قبل کا زمانہ۔	جہالت۔ زمانہ قبل از اسلام جب لوگ بت پرستی کرتے تھے۔
Caiz	جائز	ع	قانونی۔ جس کی اجازت دی گئی ہو۔	صحیح۔ درست۔ بجا۔ برحق۔ روا۔ مطابق شرع۔ قانون کی حدود میں مباح۔ حسب ضابطہ۔ مستند۔ قابل قبول۔ سگی اولاد۔ صُلبی۔
Caize	جائزہ	ع	پرانے زمانہ میں شاعروں کو ان کے تحریر کردہ قصیدوں کے لیے دیا گیا انعام ومشاہرہ۔ کسی عبارت میں وقفہ کی علامات میں سے کسی چیز کو دوبارہ پڑھے جانے سے متعلق دیا گیا نشان۔ ڈیش۔ نشان۔ ہلکا نشان۔ انعام۔ تحفہ۔	صلہ۔ انعام۔ جانچ۔ پڑتال۔ مقابلہ۔ وہ نشان جو رقومات پر پڑتال کے وقت لگایا جائے۔ درستی کا نشان۔ پڑتال کی علامت۔ حاضری۔ گنتی۔ اہل دفتر کی اصطلاح میں علامت تصحیح کی جو بعد مقابلہ کرتے ہیں۔
Câli	جعلی	ع	جھوٹا۔ نقلی۔ بے وفا۔	جھوٹا۔ نقلی۔ کاذب۔ بے وفا۔ دغاباز۔
Câlib/Câlip	جالب	ع	پرکشش۔ دلفریب۔ دلکش۔ باعث ہونے والا۔	کسی چیز کو اپنی طرف کھینچنے والا۔ پرکشش۔ دلفریب۔
Câlis	جالس	ع	تخت پر بیٹھا ہوا۔ حکومت کرتا ہوا۔	بیٹھنے والا۔ بٹھانے والا۔
Calût	جالوت	ع	ایک دیونما شخص کا نام۔	ایک کافر بادشاہ کا نام جس کو طالوت کے ہمراہی داؤد علیہ السلام نے قتل کیا تھا۔
Cam	جام	ف	شیشہ۔ فوٹو بنانے کی پلیٹ۔	پیالہ۔ شراب پینے کا برتن۔ ساغر۔ پیمانہ۔
Çâm	جام	ف	شراب پینے کا گلاس۔	آئینہ۔ مربّہ۔ جام۔
Camadan	جامہ دانی	ف	ڈبل ورسٹینڈ واس کٹ۔ کپڑوں کے رکھنے کا صندوق۔ سفر کرنے والے کا تھیلا یا بکس جس میں کپڑے رکھے جاتے ہیں۔	کڑھا ہوا پھول دار کپڑا۔ کپڑوں کی پیٹی۔ چمڑے کا صندوق جس میں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں۔ شیشے یا ابرک یا کاغذ کی چھوٹی سی صندوقچی جس میں بچے محرم کے دنوں میں گوٹا بھر کر رکھتے ہیں۔
Cambaz	جمباز	ف	رسّی یا گھوڑے پر مختلف شکلوں سے خود کو خطرہ میں ڈال کر جسم کے ہنر دکھانے والا۔	جمناسٹک کرنے والا۔ اچھل کود کرنے والا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			نٹ۔ بازی گر۔ دھوکے باز۔ گھوڑوں کا تاجر۔ چالاک۔	
Cami/Camii	جامع	ع	مسجد۔	مسجد جس میں نماز پڑھائی جائے۔
Câmi	جامع	ع	جمع کرنے والا۔ ایک ساتھ ہونے والا۔ شامل۔	مکمل۔ ہمہ گیر۔ پورا۔ جمع کرنے والا۔ شامل۔
Câmia	جامعہ	ع	لوگوں کا گروہ یا اجتماع۔ جماعت۔	دارالعلوم۔ یونیورسٹی۔ درس گاہ۔
Camid/ Camit	جامد	ع	ٹھوس۔ جما ہوا۔ بے رگ وریشہ مادّہ۔ بے رگ وریشہ کی دھات۔ جمادات۔	جما ہوا۔ ٹھوس۔ بے حس وحرکت پتھر۔ وہ اسم جس سے نہ تو کوئی لفظ نکلے اور نہ ہی وہ کسی لفظ سے نکلا ہو۔
Camus	جاموس	ع	پانی کی بھینس۔ بھینسا۔	بھینسا۔
Can	جان	ف	روح۔ زندگی۔ زندہ آدمی۔ محبوب۔ پیارا۔ دوست۔ طاقت۔ لوگ۔ آدمی۔ مسلمانوں کے چند فرقوں کا کوئی فرد۔ خوشگوار۔ خوش آئند۔	روح۔ آتما۔ زندگی۔ طاقت۔ ہمت۔ حوصلہ۔ تاب وتواں۔ جوہر۔ لب لباب۔ مغز۔ نہایت عزیز چیز۔ معشوق۔ پیار کا کلمہ۔ بچہ۔ پیارا بیٹا۔ زیب وآرائش۔
Canum	جانم	ف	میرے پیارے ساتھی۔ پیارے۔ محبوب۔	میری جان۔
Canan	جاناں/جاناناں	ف	محبوب۔ محبوبہ۔ تصوف کی اصطلاح میں خدا۔	محبوب۔ محبوبہ۔ جانی۔ پیارا۔ خدا کے لیے بھی (بعض صوفی شعرا نے استعمال کیا ہے)
Canavar	جناور	ف	جنگلی جانور۔ جنگلی ریچھ۔ ظالم۔ دیو۔	جانور۔ حیوان۔
Candar	جان دار	ف	زندہ مخلوق۔ زندہ۔ جاری رکھنے والا۔ بچاؤ کرنے والا۔	ذی رُوح۔ جان رکھنے والا۔ طاقت ور۔ قوی۔ باہمت۔ چست۔ چالاک۔ دولت مند۔ مالدار۔ صاحب حیثیت۔
Canfeza	جاں فزا	ف	مشرقی موسیقی میں ایک راگ۔	فرحت انگیز۔ مسرّت انگیز۔
Cani	جانی	ع	گناہ گار۔ خطاوار۔ مجرم۔	گنہگار۔ تقصیروار۔
	جانی	ف	————	منسوب طرف جان کے۔ پیار کے قابل۔ پیارا۔ معشوق۔ اماں ابا جیسے الفاظ کے ساتھ بولا جانے والا محبت کا لفظ۔
Canib	جانب	ع	سمت۔ طرف۔ کسی کاروبار یا معاملہ میں شریک۔	طرف۔ رُخ۔ سمت۔ پہلو۔ ایک طرف یا باہر کا حصہ۔ فریق۔ دھڑا۔ حصہ۔
Canibdar	جانب دار	ف	پہلو کی حفاظت کرنے والی فوج۔	طرف دار۔ حمایتی۔ مددگار۔ بچ کرنے والا۔
Car	جار	ع	پڑوسی۔	ہمسایہ۔ پڑوسی۔ نگہبان۔ ساجھی۔ شریک۔ پناہ دیا گیا۔ شوہر۔
		ت	عورتوں کا شال یا برقعہ۔ تیز اور لگا تار آواز یا بات چیت۔ بلند آوز۔ ندا۔	ڈھونڈرے کی آواز۔ جمیت۔
		انگریزی	————	مٹی یا شیشے کا برتن۔
Cari	جاری	ع	دوڑتا ہوا۔ بہتا ہوا۔ چالو روپیہ پیسہ وغیرہ۔ جائز۔ وقوع ہونے والا۔ حالیہ۔ معمول کے مطابق۔	رواں۔ بہتا ہوا۔ رائج الوقت۔ مروّجہ۔ لگا تار۔ مسلسل۔ صادر۔ مستعمل۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Carih	جارح	ع	زخم کرنے والا۔	نشتر لگانے والا۔ زخمی کرنے والا۔ حملہ کرنے والا۔ حملہ آور۔ حملہ میں پہل کرنے والا۔
Cariha	جارحہ	ع	Carih کا مونث۔ شکاری جانور۔ باز و یا جسم کا حصہ۔	زخم کرنے والی چیز۔ شکاری جانور۔ انسانی عضو جیسے ہاتھ پاؤں وغیرہ۔
Cariye	جاریہ	ع	غلام عورت۔ لونڈی۔ رکھیل۔ شریفانہ معنوں میں "میری بیٹی"	لونڈی۔ باندی۔ کنیز۔ داسی۔ بیٹی۔ کشتی۔ آب رواں۔ نعمتِ خداداد۔
Casus	جاسُوس	ع	جاسوس۔ مخبر۔	وہ شخص جو ایک ملک کے سرکاری رازوں کو دوسرے ملک کو بھیجے۔ مخبر۔ سراغ رساں۔ خفیہ پولیس۔
Cavid	جاوِید	ف	ابدی۔ ازلی۔ لازوالی۔ مدامی۔ آسمانی۔	دائمی۔ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے۔
Cavidan	جاوِدان	ف	ابدی۔ ازلی۔ لازوالی۔ مدامی۔ آسمانی۔	ہمیشہ۔ دائم۔ مدام۔ سدا۔
Cay	جائے	ف	جگہ یا نقطہ (صرف مرکب الفاظ میں) اضاف کے ساتھ۔	جگہ۔ مقام۔ گنجائش۔ سمائی۔ موقع محل۔
CayıSual	جائے سَوال	ف	سوال کرنے کی جگہ۔ سوال کرنے کا نقطہ۔	سوال کرنے کی جگہ۔
Cayır	جائر	ت	Cayir cayir۔ تشدد یا زیادتی کو ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	____________
		ع		جور کرنے والا۔ ستم گار۔ راہ حق چھوڑ کر جور او باطل پر ہو جائے۔
Cayigir	جا گیر	ف	قائم کیا ہوا۔ موجود۔	وہ زمین جو بادشاہ یا حکومت کی طرف سے بطور انعام دی جائے۔
Caz	جاز	انگریزی	جاز۔ ایک قسم کا آرکیسٹرا جو صرف ناچ کے موقعہ پر استعمال کیا جاتا ہے۔ ناچ کے موقعہ پر بجائی جانے والی موسیقی۔	جاز۔
Cazbant	جاز بینڈ	انگریزی	جاز بینڈ۔	جاز بینڈ۔
Cazib	جاذِب	ع	پرکشش۔ کھینچنے والی۔ لبھانے والی۔	جذب کرنے والی۔ چوس لینے والا۔ پرکشش۔ وہ کاغذ جو سیاہی کو جذب کرے۔ بلاٹنگ پیپر۔
Cazibe	جاذِبہ	ع	کشش۔ کھنچاؤ۔ فریفتگی۔ دلکشی۔ کشش کی قوت۔ Cazib کا مونث۔	جذب کرنے والی۔ کشش۔ تاثیر۔ محبت۔ حسن۔ خوب صورتی۔ فریفتگی۔ (قوت کے ساتھ) کھینچنے کی طاقت۔ ایک قوت جو اعضاء میں موجود ہے اور موافق مادہ کو جذب کرتی ہے۔
Ceb	جیب	ع	بٹوہ۔ تھیلی۔ ہمائی۔ پاکیٹ۔	پاکیٹ جو تھیلی، کرتے، کوٹ یا واسکٹ میں لگاتے ہیں۔ گریبان۔ سینہ۔ پیراہن۔ دامن۔
Cebanet	جبانت	ع	بزدلی۔ نامردی۔ کم ہمتی۔	نامردی۔ بددلی۔
Cebbar	جبّار	ع	قادرِ مطلق۔ ظالم۔ ظلم کرنے والا۔	جبر کرنے والا۔ ظلم کرنے والا۔ ظالم۔ جابر۔ زبردست۔ خدا کا صفاتی نام۔
Cebe	جبّہ	ت	ہتھیار۔ زرہ بکتر۔ لڑائی کا سامان۔ گولہ بارود۔	بکتر۔ بکسر زرہ۔ زرہ۔ سلاح۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Cebel	جبل	ع	پہاڑ۔کوہ۔	کوہ۔پہاڑ۔
Cebelî	جبلی	ع	پہاڑی۔پہاڑ سے متعلق۔کوہ پیا۔	پہاڑی۔پہاڑی کا۔
Cebelitarik	جبل الطارق	ع	جبرالٹر۔	آبنائے جبرالٹر۔
Caberut	جَبرُوت	ع	شان خداوندی۔جبر۔ظلم۔ظالم۔توفیق۔فکرت۔	تکبر۔عظمت۔بزرگی۔خدا کا جلال۔وحدت۔بزرگی۔جاہ وجلال۔اسم صفات الٰہی۔
Cebhane	جُبہ خانہ	فج	پاوڈر۔میگزین۔گولابارو غیرہ۔جنگی گودام۔	میگزین۔اسلحہ خانہ۔وہ جگہ جہاں گولہ بارود رکھی جاتی ہے۔
Cebhe	جَبہہ	ع	پیشانی۔ماتھا۔	ماتھا۔پیشانی۔جبین۔چہرہ کا وہ حصہ جو ابروؤں کے درمیان ہوتا ہے۔بُرج اسعد کی پیشانی پر چار ستارے۔
Cebin/Cebîn	جبین رجبیں	ع	ماتھا۔پیشانی۔غیر دل۔	پیشانی۔ماتھا۔
Cebir	جَبر	ع	طاقت۔تشدد۔زبردستی۔	ظلم۔ستم۔سینہ زوری۔طاقت۔سختی۔مجبور کرنا۔حساب میں کسروں کا اختصار کرنا۔معاوضے کے طور پر کچھ زیادہ لینا۔ڈنڈ۔
Cebire	جَبیرہ	ع	سرجن کی کھپاچ۔ٹوٹی ہڈی جوڑنے کے لیے استعمال میں لائی گئی لکڑی کی پٹی۔ٹین کی پلیٹ وکارڈ بورڈ۔	ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑنے کے لیے لگائی گئی لکڑی کی پتلی کھپاچیں جنھیں ڈاکٹر باندھتا ہے۔کنگھن۔
Cebrail	جبرائیل	ع	جبرائیل فرشتہ۔	حضرت جبرائیل۔جبرائیل فرشتہ۔
Cebren	جبراً	ع	طاقت سے۔زبردستی۔	زبردستی۔مجبور کرکے۔بہ زور۔
Cebrî	جبری	ع	طاقت کے ذریعہ کیا گیا۔لازمی۔الجبر سے متعلق۔	منسوب بہ جبر۔
Cebriye	جَبرَیہ	ع	اعتقاد یا فلسفہ کہ سب کچھ ہونا یا نہ ہونا ایک طاقت کے ذریعہ پہلے سے تعین کردیا گیا ہے جسے بدلا نہیں جاسکتا۔	مجبور کرتے ہوئے۔زبردستی۔اسلام کا ایک فرقہ جس کا اعتقاد ہے کہ انسان کو اپنے اعمال و افعال پر کوئی اختیار نہیں۔
Ced	جَدّ	ع	دادا۔پُرکھے۔بزرگ۔اسلاف۔	باپ کا باپ۔دادا۔
Ceddi	جَدّی	ع	دادا۔پُرکھے۔بزرگ۔اسلاف۔	ایک دادا کی اولاد۔منسوب بہ جد۔آبائی۔موروثی۔پشتینی۔
Ceddi-âlâ	جَدِ اعلیٰ	ع	دور کا پُرکھا۔کسی خاندان کا قائم کرنے والا۔	پردادا۔پدر جد۔باپ کا باپ۔جمع اجداد۔
Cedde	جَدّہ	ع	دادی۔نانی۔پُرکھا استری۔	دادی۔نانی۔
Cedel	جدل	ع	قضیہ۔جھگڑا۔تنازعہ۔بحث۔دلیل۔کسی سوچ یا فکر کو الفاظ میں بیان کرنے کا عمل۔	لڑائی۔جنگ۔معرکہ۔بحث۔قضیہ۔
Cederî	جَدری	ع	چیچک۔	چیچک۔سیتلا۔
Cedi	جَدی	ع	مکر راس۔بُرج جدی۔خطِ جدی۔	زمین کے گرد ایک قیاسی دائرہ جو خط استوا کے متوازی اس کے ۲/۱ ۲۳ جنوب میں ہے اور خط جدی کہلاتا ہے۔قطبی۔تارا۔آسمان کی ایک برج جو بکرے کی شکل کا ہے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Cedid	جَدید	ع	نیا۔ ماڈرن۔ حال کا۔	نیا۔ نو۔ تازہ۔ اب کا۔ حال کا۔ عروض میں ایک بحر کا نام۔
Cedvel	جَدوَل	ع	پانی کی نہر۔ رول کیا ہوا کاغذ یا کتاب۔ لسٹ ۔ فہرست۔ فہرست کی شکل۔ شیڈول۔ رولر۔	پانی کی نہر۔ نالہ۔ کھیتوں کی کیاریاں۔ وہ خط جو صفحے کے چو۔۔ کھنچا جائے۔ نقشہ۔ فہرست۔
Cefa	جفا	ف	ظلم۔ زیادتی۔ بُرا سلوک۔ بدسلوکی۔	ظلم۔ زیادتی۔ تشدد۔ ناانصافی۔ ظلم وستم۔
Cefakeş	جفاکش	ف	تکلیف اٹھانے والا۔ جس کو بہت زیادہ تکلیف پہنچائی گئی ہو۔ لمبے عرصے سے تکلیف یا زیادتی سہا ہوا۔	سختیاں برداشت کرنے والا۔ جو بے تکان محنت ومشقت کرے۔ محنتی۔ جو کڑیاں جھیلنے کا عادی ہو۔
Cehalet	جہالت	ع	بے علمی۔ نادانی۔	نادانی۔ بے علمی۔ ناواقفیت۔ بے وقوفی۔ حماقت۔ بے رحمی۔ سنگ دلی۔ کٹھورپن۔
Cehd/Ceht	جَہد/جُہد	ع	کوشش۔ سعی۔	کوشش۔ سعی۔ دوڑ دھوپ۔ طاقت۔
Cehennem	جہنم	ع	دوزخ۔	دوزخ۔ گہرا کنواں۔
Cehennemî	جہنمی	ع	دوزخی۔	دوزخی۔ دوزخ میں جانے والا۔
Cehil	جَہل	ع	جہالت۔	جہالت۔ بے علمی۔ بے وقوفی۔ جاہلانہ۔ ہٹ یا ضد۔ تکرار۔
Cehlibasit	جَہلِ بَسیط	ع	قبول کردہ جہالت۔ ضد Cehlimürekkeb (جہل مرکب) کی۔	کسی چیز کی حقیقت کو نہ جاننا۔ ناواقفیت۔
Cehli-mürekkeb	جَہلِ مُرکّب	ع	جہالت جو عقلمندی کے طور پر ظاہر کرے۔	دوسری جہالت۔ جاہل ہونا مگر خود کو عالم فاضل سمجھنا۔ کسی چیز کی حقیقت کے خلاف اس کے بارے میں اعتقاد کر لینا جیسے کوئی رانگے کو چاندی جان لے۔ غلط واقفیت۔
Cehiz/ Cihaz	جہیز/جہاز	ع	دلہن کا سامان۔ سازوسامان۔ کریا کرم یا کفن دفن کا سامان۔ آلات۔ اوزار۔	لڑکی کی رخصت شادی کا سامان۔ سامان دفن مردہ۔ مسافر کا اسباب۔
Cehren Cehri	جَہراً جَہری	ع	اونچی آواز سے۔ صاف طور سے۔ اعلانیہ طور سے۔ زور سے۔ واضح طریقہ سے یا اعلانیہ پڑھا گیا یا کہا گیا۔	اونچی آواز سے۔ کھول کر۔ صاف طور سے۔
Ceket	جیکیٹ	فرانسیسی	کوٹ۔ جاکیٹ۔ قمیض کے اوپر پہننے والی واسکٹ۔ بغیر آستین کا کوٹ۔	چھوٹا کوٹ۔ کرتی۔ کرتی۔ نیم آستین۔ جاکیٹ۔
Celâdet	جلادت	ع	اخلاقی ہمت۔ مضبوطی۔ بہادری۔ دلیری۔	چستی۔ چالاکی۔ جواں مردی۔ بہادری۔ پھرتی۔ طاقت۔ زور۔ بل۔ قوت۔
Celâl	جلال	ع	شان۔ عظمت۔ (خاص طور سے خدا کی) دبدبہ۔ غصہ۔	بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی۔ شان وشوکت۔ رعب داب۔ طاقت۔ غصہ۔ طیش۔ تیزی۔ تندی۔ جوش۔
Celâli	جَلالی	ع	جلدی طیش میں آنے والا۔ تنگ مزاج۔ غصہ ور۔ باغیانہ۔ شخص۔ باغی۔	منسوب بہ جلال۔ خوفناک۔ غضبناک۔ صاحب جلال۔ وہ دعا یا نقش یا تعویذ یا عمل جس سے خدا کی شان قہاری ظاہر ہونے کی خواہش ظاہر ہو۔ درویشوں کا ایک سلسلہ جو سیّد جلال الدین بخاری

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
				سے شروع ہوا۔ قہاری کی صفت۔
Celb/Celp	جَلب	ع	حاصل کرنا۔ کشش۔ عدالت کے سمن۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ درآمد کرنا۔ سپلائی۔	حاصل کر لینا۔ لینا۔ کھینچنا۔ بیچنا۔ سودا۔ نفع۔ سود۔ مال سوداگری جو ایک ملک سے دوسرے ملک کو بہ غرض نفع کے لے جائیں۔ فاحشہ عورت۔
Celi	جَلی	ع	روشن۔ ظاہر۔ آشکارا۔	روشن۔ ظاہر۔ آشکارا۔ کاتبوں کی اصطلاح میں موٹا لکھا ہوا۔
Celil	جَلیل	ع	صاحب مرتبہ۔ نامور۔ مشہور۔ نامی۔	بزرگ۔ بڑا۔ اعلیٰ۔ افضل۔ خدائے تعالیٰ کا ایک صفاتی نام۔
Cellâd/ Cellât	جلّاد	ع	پھانسی دینے والا۔ بے رحم۔ قاتل۔	پھانسی دینے والا۔ جان لینے والا۔ بے رحم۔ بے درد۔ ظالم۔ کٹھور۔
Celse	جلسہ	ع	نشست۔ اجلاس۔ سیشن۔	مجمع۔ جمگھٹا۔ اجلاس۔ بیٹھک۔ نشست۔ انجمن۔ مجلس۔ ملاقات۔ نماز میں سجدہ کرنے سے پہلے بیٹھنا۔ خطبہ دیتے وقت خطیب کا پہلے اور دوسرے خطبہ کے درمیان بیٹھنا۔
Cem	جَم	ف	جمشید۔ (ایک افسانوی ایرانی بادشاہ)	ایران کے ایک قدیم بادشاہ "جمشید" کے نام کا مخفف۔
Cem/Cemm	جَم	ع	بہت۔ تمام۔ سب۔ کل۔	تمام۔ بہت۔ جماعت۔
Cemmigafir	جمِ غفیر	ع	بہت زیادہ بھیڑ۔	زبردست ہجوم۔ بہت بھاری بھیڑ۔
Cemaat	جماعت	ع	نماز، مولود یا وعظ کے لیے جمع ہوئی پبلک۔ پارٹی۔ گروپ۔ اجتماع۔ فرقہ	آدمیوں کا گروہ۔ ٹولی۔ گروپ۔ پارٹی۔ تنظیم۔ سوسائٹی۔ زمرہ مجلس۔ سبھا۔ بھیڑ۔ پرا۔ صف۔ نماز۔ فرقہ۔ سلسلہ۔ ہجوم۔ انبوہ۔
Cemadat	جمادات	ع	Cemadجمع کی۔ بے رنگ و ریشہ۔ مادّے۔ بے جان چیزیں۔	جماد کی جمع۔ بے جان چیزیں جیسے دھات۔ پتھر۔ پہاڑ وغیرہ۔
Cemahir	جماہیر	ع	Cüm-hurجمع کی۔ صرف Cemahiri Müttehidei Amerika(جمہوری میوتیحدِلی امیریکا) میں جو ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے لیے لکھا جاتا ہے، میں استعمال کیا جاتا ہے۔	جمع جمہور کی بمعنی آدمیوں کے گروہ۔
Cemal	جمال	ع	خوب صورتی۔	خوب صورتی۔ حسن۔ جوبن۔
Cem'an	جمیعاً	ع	سب کے سب۔ تمام۔ تمام کے بطور۔	سب کے سب۔ تمام۔
Cemazi-yelâhir	جمادی الآخرۃ جمادی الاخریٰ	ع	اسلامی کلینڈر کا چھٹا مہینہ۔ توبہ کرنے کا چھوٹا مہینہ۔	چھٹا اسلامی قمری مہینہ۔
Cemazi-yel-evvel	جمادی الاولیٰ/ جمادی الاوّل	ع	اسلامی سال کا پانچواں مہینہ۔ توبہ کرنے کا بڑا مہینہ۔	اسلامی سال کا پانچواں مہینہ۔
Cemi/Cem'i	جمع	ع	ایک ساتھ لانا۔ جوڑنا۔ ٹوٹل۔ جمع۔	جماعت۔ کل۔ اکٹھا کرنا۔ اصل سرمایہ۔ شاعری کی ایک صفت جس سے شاعر ہم وصف چیزوں کو یکجا جمع کر دے۔
Cemî	جمیع	ع	تمام۔ سب۔ کل۔ ہر ایک۔	کل۔ تمام۔ سب۔
Cemil	جمیل	ع	خوب صورت۔ دل ربا۔ پُرکشش۔	خوب صورت۔ حسین۔ شکیل۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Cemile	جمیلہ	ع	تعریف۔ کسی کے دل کو خوش کرنے کے لیے کیا گیا کام۔ نیک خوئی سے کیا گیا کام۔	جمیل کا مونث۔ خوب صورت۔ حسین۔ سندر۔ اصلی صورت والی عورت۔
Cemiyet	جمعیت	ع	مجمع۔ مجلس۔ سبھا۔ محفل۔ نشست۔ سوسائٹی۔ شادی بیاہ۔	گروہ۔ مجمع۔ انبوہ۔ جماعت۔ فوج۔ لشکر۔ سپاہ۔ اکٹھا ہونا۔ اطمینان۔ تسکین۔ تشفی۔
Cemiyet-i-Akvam	جمعیتِ اقوام	ع	لیگ آف نیشنز۔	لیگ آف نیشنز۔ موجودہ اقوام متحدہ سے پہلے دنیا کے ملکوں کی تنظیم۔
Cemre	جمرہ	ع	لفظی معنی جلتا ہوا کوئلہ یا لکڑی کا ٹکڑا۔ بہار سے کچھ پہلے ہوا، اس کے بعد پانی اور سب سے آخر میں زمین کی حرارت کا بڑھنا۔ فروری میں گرمی کا رفتہ رفتہ بڑھنا۔	آگ کی چنگاری۔ آتش پارہ۔ انگارہ۔ حج کے دوران کنکری مارنا۔ آتشک۔
Cenab/ Cenap	جناب	ع	بزرگی۔ مرتبہ۔ بادشاہت۔ جہاں پناہ۔ عزت کے طور پر نام سے پہلے لگایا جاتا ہے۔	حضرت۔ حضور۔ قبلہ۔ آپ۔ صاحب۔ خداوند۔ درگاہ۔ آستانہ۔ چوکھٹ۔ احاطہ خانہ۔
Cenabet	جنابت	ع	نجاست کی حالت۔ نجاست کی حالت میں کسی شخص کا ہونا۔ (گالی کے طور پر) گندا۔ ظالم۔ بے ادبی کی گفتگو۔ کفر ہو کر گندگی سمجھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	ناپاکی۔ نجاست۔ آلودگی۔ دوری مجازاً ناپاکی یعنی حاجت غسل کی اس لیے کہ اس میں طہارت اور نماز وغیرہ سے دوری ہو جاتی ہے۔
Cenah	جناح	ع	پر۔ مچھلی کا بازو یا پَر۔ دائیں اور بائیں سائڈوں پر فوج کے سپاہی۔	پرندوں کے پر۔ بازو۔ پنکھ۔ لشکر کے آگے چلنے والا حصہ۔ ہراول دستہ۔
Cenaze	جنازہ	ع	مردہ جس کو ہنوز دفن نہ کیا گیا ہو۔ لاش۔ میت۔ مردہ جسم۔	مردے کا تابوت۔ لاش۔ مردہ جسم۔
Cenıb	جنب	ع	باریک اور نازک جھلی جو پھیپھڑوں کے چاروں طرف ہوتی ہے اور دل کی خالی جگہوں کو ڈھکتی ہے۔	پہلو۔ پسلی۔ طرف۔ کنارہ۔ ملک کا ایک حصہ۔
Cenbî	جنبی	ع	جنب سے متعلق۔	جب سے متعلق۔ جنبی۔
Cendere	چیندرا	ع	پریس۔ رولر پریس۔ تنگ درّہ۔ سمندر۔	
Cendre	چیندرا	ہندی	———	گھاس وغیرہ اکٹھی کرنے کا آلہ جس سے آبپاشی کے دوران مٹی اکٹھی کر کے کیاریاں بناتے ہیں۔ قفل۔ تالہ۔
Cengâver	جنگ آور	ف	لڑاکو۔ بہادر۔	لڑاکو۔ لڑائی کرنے والا۔ شجاع۔ دلیر۔ بہادر۔
Cengel/ Cangal	جنگل	ت/ف	ہندوستان میں اونچے پیڑوں و آدمی کے قد سے اونچی گھاس سے بھرے ہوئے مقامات کو دیا گیا نام۔	درختوں کی کثرت کا مقام۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Cenin	جنین	ع	بچہ جو حمل میں ہو۔ بالیدگی کے ابتدائی مراحل میں بچہ۔	پیٹ کا بچہ۔ وہ بچہ جو رحم مادر میں ہو۔ ادھورا بچہ۔ لوتھڑا۔
Cenk	جنگ	ف	لڑائی۔ جھگڑا۔ جنگ۔	لڑائی۔ معرکہ۔ دشمنی۔ بیر۔ کینہ۔ عداوت۔
Cenkcu	جنگجو	ف	لڑاکو۔ لڑائی جھگڑا کرنے ولا۔ جھگڑالو۔	لڑاکا۔ جھگڑالو۔ لڑائی کے بہانے ڈھونڈنے والا۔
Cennet	جنت	ع	بہشت۔ سورگ۔	بہشت۔ سورگ۔ باغ۔
Centilmen	جنٹلمین	انگریزی	شریف آدمی۔ اچھی صحبت وتربیت والا۔ نیک آدمی۔	شریف آدمی۔
Cenub/ Cenup	جنوب	ع	دکھن۔	دکھن۔
Cenubî	جنوبی	ع	دکھنی۔	دکھنی۔ دکھن سے متعلق۔ جنوب کی سمت۔
Cer/Cerrî	جر	ع	کھینچنا۔ جیک۔ کرین۔ ڈیرک۔	کھچاؤ۔ کسرہ۔ بنیاد۔ نچلا حصہ۔ کسی کلمہ کو زیر کردینا۔ پہاڑ کا دامن۔ کوزیاں۔ ٹھیکریاں۔ مٹی کے گھڑے۔ کشش۔
Cerahat	جراحت	ع	پس۔ پیپ۔ مواد۔ گندگی۔	زخم۔ گھاؤ۔
Ceraid	جرائد	ع	جمع Ceride۔ اخبارات۔	اخبارات۔ رسالے۔ جریدہ کی جمع۔
Ceraim	جرائم	ع	جمع Cerime کی۔ بہت جُرم۔ گناہ۔ جُرمانے۔	جریمہ کی جمع۔ بہت سے جُرم۔
Cereb	جُرب	ع	کھجلی۔ خارش۔ کھاج۔	کھجلی وخارش کا مرض یعنی تر کھجلی جس سے مواد نکلے۔
Cereme Cerime	جُریمہ	ع	جرمانہ۔ تاوان۔ معاوضہ۔ مکافات۔ ڈنڈ۔	گناہ۔ خطا۔ جرم۔
Ceres	جُرس	ف	جانوروں کے گلے میں بندھی گھنٹی۔	گھنٹہ۔ گھڑیال۔ وہ گھنٹہ جو قافلے کی روانگی کے وقت بجایا جاتا ہے۔ آواز۔ قافلے کے وقت گھنٹی کی آواز۔
Cereyan	جریان	ع	بہنا۔ رواں ہونا۔ وقوع ہونا۔ آب رواں۔	بہاؤ۔ رواں ہونا۔ پانی کا بہنا۔ رسنے کا عمل۔ ایک مرض جس میں پیشاب کے ساتھ یا بعد میں یا پہلے منی کا اخراج ہوتا ہے۔
Cerh	جُرح	ع	زخم۔ شہادت کو تسلیم کرنے سے انکار کرنا۔ تردید۔	چوٹ کرنا۔ وہ سوالات جو ایک فریق دوسرے سے حقیقت یا سچائی معلوم کرنے کے لیے کرے۔ طعن کرنا۔ عیب بتانا۔
Ceride	جریدہ	ع	اخبار۔ رسالہ۔ رجسٹر۔	اخبار۔ رسالہ۔ رجسٹر۔
Ceriha	جُرح	ع	گھاؤ۔ زخم۔	گھاؤ۔ زخم۔
Cerrah	جّراح	ع	سرجن۔ چیر پھاڑ کرنے والا۔ پرانے زمانہ میں چھوٹے موٹے زخموں کا علاج کرنے والا۔ عطائی حکیم۔	وہ شخص جو زخموں اور پھوڑے پھنسیوں کا علاج کرے۔ زخموں کی چیر پھاڑ کرنے والا سرجن۔
Cerrahî	جراحی	ع	سرجری سے متعلق۔ جراحی کا۔ چیر پھاڑ سے متعلق۔	جراح کا پیشہ۔ زخموں کا علاج۔ ڈاکٹری۔ چیر پھاڑ۔
Cerrar	جرار	ع	پریشان کرکے طاقت کے زور پر روپیہ	بہت بھاری یا کثیر لشکر۔ بہادر۔ دلیر۔ دلاور۔ کھینچنے والا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			کھینچنے والا۔ وعظ دینے والا فقیر۔ پریشان کرنے والا فقیر۔	
Cesamet	جسامت	ع	بڑا ہونا۔ سائز۔ اہمیت۔ شان۔	جسیم ہونا۔ موٹا۔ موٹاپا۔ عرض۔ طول۔ عمق۔ ڈیل ڈول۔
Cesaret	جسارت	ع	ہمت۔ دلیری۔ شجاعت۔	دلیری۔ مردانگی۔ شجاعت۔ جواں مردی۔ دلاوری۔ حوصلہ۔ بیباکی۔
Cesed	جَسَد	ع	مردہ آدمی کا جسم۔ لاش۔	تن۔ بدن۔ جسم۔
Cesim	جَسیم	ع	بہت بڑا۔ بہت زیادہ اہمیت کا۔ عظیم۔	فربہ۔ موٹا۔ صاحب جسم۔ تنومند۔ لحیم۔
Ceste-Ceste	جَستہ جَستہ	ع	تھوڑا تھوڑا۔ رفتہ رفتہ۔ قسط وار۔	کم کم۔ کہیں کہیں۔ رفتہ رفتہ۔
Cesur	جَسُور	ع	بہادر۔ جسارت والا۔ دلیر۔	بہادر۔ دلیر۔ جرأت مند۔
Cevab	جواب	ع	جواب۔ کٹھن۔ سوال۔ تحریر یا ضرورت کا مقابل۔	سوال کی ضد۔ جو کچھ لکھ کر یا زبانی پوچھا جائے اس کے بارے میں بتائی گئی بات۔ ریاضی کی اصطلاح میں سوال کا حل۔ مقابل۔ ہمسر۔ (قانونی اصطلاح میں) تردید۔ بدلہ۔ عوض۔ موقوفی۔ برطرفی۔ معزولی۔ رشتہ واپس کرنا۔
Cevaben	جواباً	ع	جواب میں۔	جواب میں۔ جواب کے طور پر۔ بجواب۔
Cevabname	جواب نامہ	ف	جواب میں خط۔ جوابا خط۔	وہ کپڑا جس پر مسلمان کلمہ لکھ کر مردے کے کفن میں رکھتے ہیں۔
Cevahir	جواہر	ع	جمع Cevher کی۔ ہیرے جواہرات۔ جواہر۔	ہیرے۔ قیمتی پتھر۔
Cevami	جوامع	ع	جمع Cami کی۔ مساجد۔	جمع جامعہ جامع کی۔ مساجد۔
Cevari	جواری	ع	جمع Cariye۔ لونڈیاں۔ بیٹیاں۔ رکھیلیں۔ جاری ہونے والی چیزیں۔	جمع جاریہ کی۔ لونڈیاں۔ بیٹیاں۔
Cevaz	جَواز	ع	جس کی اجازت ہو۔ جو قانونی ہو۔ اجازت۔	اجازت۔ منظوری۔ قانونی اجازت۔ جائز ہونا۔ برداشت۔ تحمل۔ تندرستی۔ موزونیت۔ درست ہونا۔ پروانہ راہداری۔ پاسپورٹ۔
Cevelân	جَولان	ع	گردش۔ چکر۔ دوران۔	گردش۔ کود پھاند۔ حرکت۔ دوڑنا۔ دوڑانا۔ گھوڑے کا سدھانا۔ گھومنے جانا۔
Cevelângâh	جولاں گاہ	ع	جگہ جہاں حلقہ بنا ہو۔ کھیل کے لیے دائرہ یا گھیرا۔	گھوڑوں کا میدان۔ گھوڑے کدانے یا چکر دینے کی جگہ۔
Cevf	جَوف	ع	خلا۔ خالی جگہ۔ اندرون۔	اندرونی خلا۔ کھوکھلا پن۔ پیٹ۔ شکم۔ غار۔ گڑھا۔ برچھی کا زخم جو پیٹ کے اندر ہو۔
Cevher/ Güher	جوہر	ع	ست۔ اصلیت۔ عطر۔ خوشبو۔ مادہ۔ ہستی۔ وجود۔ خاصیت۔ کچی دھات۔	قیمتی پتھر۔ خلاصہ۔ لب لباب۔ عطر۔ ست۔ وہ چیز جو بذات خود قائم ہو۔ خاصیت۔ گُن۔ ہنر۔ لیاقت۔ بھید۔ اصل حقیقت۔ چالاکی۔ آئینے کی آب و تاب۔ ایٹم۔ تقسیم نہ ہونے والا ذرہ۔
Cevherî	جوہری	ف	جواہرات یا کچی دھاتوں سے متعلق۔ ضروری۔ طبعی۔ فطری	جوہر سے متعلق۔ ایٹمی۔ ایٹم کا۔ جواہرات کا سوداگر۔ کسی چیز کی خوبی یا عیب کو پرکھنے والا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Cevir	جبر	ع	غیر انصافی۔ ظلم۔ زیادتی۔	ظلم۔ ستم۔ سینہ زوری۔ سختی۔ زور۔ طاقت۔ ڈنڈ۔ مجبور کرنا۔
Cevza	جوزا	ع	متھن راس۔ بُرج جیمنی۔	تیسرا آسمانی برج جو دو جڑواں لڑکوں کی شکل کا ہے۔
Ceyş	جیش	ع	فوج۔ لشکر۔	لشکر۔ فوج۔ سپاہ۔ دل۔
Ceyyid	جیّد	ع	اچھا۔ تازہ۔ عمدہ۔	خوب۔ کھرا۔ نیک۔ خالص۔ زبردست۔
Ceza	جزا	ع	سزا۔ جرمانہ۔ تاوان۔ بدلہ۔	بدلا۔ عوض۔ نیکی کا وہ بدلا جو آخرت میں ملے گا۔ ثواب۔ انعام۔ صرف ونحو میں فقرے کا شرط کے بعد آنے والا حصہ۔ اجر۔
Cezair	جزائر	ع	جمع Cezire کی۔ ٹاپو۔ جزیرے۔	جزیرے۔ ٹاپو۔ ایک قسم کی بڑی بندوق۔
Cezb	جذب	ع	کشش۔ کھچاؤ۔ سانس اندر کھینچنا۔ لبھاؤ۔	کھینچنا۔ کشش۔ کھچاوٹ۔ چوسنا۔ جذب کرنا۔ وہ حالت جو مجذوب فقیروں کے لیے مخصوص ہو۔
Cezbe	جذبہ	ع	انبساط۔ وجد۔ جوش۔ بیخودی۔ صوفیانہ مراقبہ۔	دل کا جوش۔ کشش۔ ولولہ۔ غصہ۔
Cezim	جزم	ع	پکّا فیصلہ۔ ارادہ۔ عزم۔	پکّا۔ مصمم۔ مضبوط۔ اٹل۔ حروف کو ساکن کرنا۔ حروف ساکن پر ڈالی جانے والی علامت۔
Cezir	جذر	ع	جڑ۔ منبع۔ اصل۔ اسکوائر روٹ۔	مادّہ۔ اصل۔ بنیاد۔ بِنا۔ اصلیت۔ علم ریاضی میں کوئی عدد اس قسم کا جذر کہلاتا ہے جو اسی کے ساتھ ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے۔
Cezir	جزر	ع	بھاٹا۔ سمندر کے پانی کا اتار۔ زوال۔	دریا یا سمندر کے پانی کا اترنا یا گھٹنا۔ کاٹنا۔ قطع کرنا۔ اونٹ کی قربانی کرنا اور اس کی کھال کھینچنا۔ درخت کے پھل توڑنا۔
Ceziri-Murrabba	جذری مربعہ	ع	اسکوائر رُوٹ۔	اسکوائر روٹ۔
Cezri-mikâb	جذری الکعب	ع	کیوب رُوٹ۔	کوئی عدد اس رقم کا جذر کہلاتا ہے جو اس کو تین دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو۔
Cezire	جزیرہ	ع	پانی کے بیچ میں ٹاپو۔ دیپ	جزیرہ۔ وہ قطع زمین جس کے چاروں طرف پانی ہو۔ ٹاپو۔ دیپ
Cıva	جیوہ	ع	پارہ۔ سیماب۔	سیماب۔ پارہ۔
Cibayet	جبایت	ع	کرایوں یا ٹیکسوں کا جمع کرنا۔	مال جمع کرانا۔ خراج جمع کرنا۔
Cibillî	جبلی	ع	طبعی۔ پیدائشی۔	فطری۔ پیدائشی۔ خلقی۔ طبعی۔ حقیقی۔ ذاتی۔
Cibillîyet	جبلّت	ع	سرشت۔ عادت۔ طبعی مزاج۔	پیدائش۔ خلقت۔ اصلی طبیعت۔ سرشت۔ فطرت۔
Cidal	جدال	ع	جھگڑا۔ لڑائی۔ جنگ۔	لڑائی۔ جنگ۔ معرکہ۔ جھگڑا۔ بحث۔ تکرار۔ قضیہ۔
Cidar	جدار	ع	دیوار۔	دیوار۔
Cife	جیفہ	ع	لاش۔ مردہ یا سڑا ہوا گوشت۔ ایسی چیز جس سے کراہیت ہو۔	مردہ جسم جس میں بدبو پیدا ہوگئی ہو۔ مردار۔
Cifir	جفر	ع	رقموں، حرفوں، علامتوں ومعجزوں کو استعمال کر کے آنے والے وقت کا احوال بتانے کا علم۔	ایک علم جس سے غیب کو معلوم کیا جاسکے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ciğer	جگر	ع	جگر۔ پھیپھڑے۔ دل۔ اعضائے رئیسہ۔	کلیجہ۔ جگر۔ دل۔ جان۔ حوصلہ۔ اصل۔ جوہر۔ پیارا۔ معشوق۔ قریبی عزیز۔ یار۔ دوست۔ احباب۔
Ciğerpare	جگر پارے	ف	محبوب۔ عزیز۔ لخت جگر۔	کلیجے کا ٹکڑا۔ بیٹا۔ فرزند۔
Cihad	جہاد	ع	غیر مسلموں سے مذہبی جنگ۔ کسی اچھے مقصد کے لیے لڑائی۔	دین کی حمایت کے لیے ہتھیار اٹھانا۔ کوشش۔ جدوجہد۔
Cihan	جہان/جَہاں	ف	دنیا۔ عالم۔	دنیا۔ عالم۔ تمام ملک۔ سنسار۔
Cihandide	جہاں دیدہ	ف	جس نے دنیا دیکھی ہو۔ تجربہ کار۔	دنیا دیکھا ہوا۔ تجربہ کار۔ آزمودہ کار۔
Cihangir	جہاں گیر	ف	دنیا کو فتح کرنے والا۔	دنیا کو فتح کرنے والا۔
Cihan-nüma	جہاں نُما	ع	ایسا چبوترہ، بالا خانہ یا برآمدہ جس سے دُور دُور کا نظر آئے۔ دُنیا کا نقشہ۔	دُنیا کو دکھانے والا۔ آئینہ۔ اونچا۔ مینار۔ اونچا شاہی خیمہ۔
Cihat	جِہات	ع	سمتیں۔ سائڈیں۔ طرفین Cihet کی جمع۔	طرفین۔ سمتیں۔ جہت کی جمع۔
Cihet	جِہت	ع	سائڈ۔ طرف۔ سمت۔ خیال۔ مقصد۔	طرف۔ واسطے۔ جانب۔ وجہ۔ سبب۔ باعث۔
Cilâ	جلا	ع	چمک۔ پالش۔ وارنش۔ پالش کرنا۔ صیقل کرنا۔ چمکدار کرنا۔	روشن کرنا۔ صاف کرنا۔ زنگ چھڑانا۔ صفائی۔ روشنی۔ چمک۔ آب۔ صیقل۔
Cild/Cilt	جلد	ع	کھال۔ ہڈی۔ کتاب کی جلد باندھنا۔ کتاب۔	پوست۔ چمڑا۔ کھال۔ کتاب۔
Cildî	جلدی	ع	جلد سے متعلق۔ متعلق چرم۔	جلد کے متعلق۔ چمڑے کی بیماری۔ جلد کی بیماری۔
Cilve	جَلوَہ	ف	حسن۔ خوب صورتی۔ نظارہ۔ کوئی خاص چیز۔	رونق۔ نور۔ تجلی۔ نظارہ کرنا۔ نمائش کرنا۔ خود کو دوسروں کو دکھانا۔ کسی خاص انداز سے سامنے آنا۔ نمودار ہونا۔ معشوق کا ناز وادا سے چلنا۔ دولہا دلہن کا آمنے سامنے بیٹھ کر آئینے میں ایک دوسرے کی صورت دیکھنا۔
Cima	جماع	ع	جنسی عمل۔ مجامعت۔	مرد کا عورت سے صحبت کرنا۔ مباشرت۔ مجامعت۔
Cimnastik	جِمناسٹک	یونانی	بدن کو طاقتور بنانے و چاق و چوبند رکھنے کی غرض سے اصول کے تحت کی گئیں جسم کی حرکات۔	کسرت کے متعلق۔
Cin	جن	ع	جن۔ بھوت۔ پریت۔ دیو۔ ہوشیار آدمی۔	بھوت پریت۔ دیو۔ آسیب۔ ایک پوشیدہ مخلوق جو مسلمانوں کے عقیدہ کے مطابق آگ سے پیدا کی گئی ہے۔ رُوح۔ ہمزاد۔ عام انسانوں سے زیادہ کام کرنے والا۔ مضبوط۔ جفاکش۔ ثابت قدم۔ سرکش۔ ضدی۔ غصہ۔
Cinayet	جنایت	ع	جُرم۔	تقصیر۔ گناہ کرنا۔
Cinnî	جِنّاتی	ع/ف	جنوں و بھوت پریت سے متعلق۔	جنات سے منسوب۔
Cins	جِنس	ع	نسل۔ قوم۔ نوع۔	نوع۔ قسم۔ صنف۔ چیز۔ شے۔ اسباب۔ سامان۔ اثاثہ یا اشیائے

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
				منقولہ۔ پیداوار۔ اناج۔ غلہ۔ علم قواعد میں تذکیروتانیث۔ نوع وہ جس کے اصناف ہوں۔
Cinsilâtif	جنس لطیف	ع رف	سلیم الطبع جنس۔ عورتیں۔	عورتیں۔
Cinsî	جنسی	ع	جنس کا۔ متعلق بہ مردوزن۔	جنس کے متعلق۔ مرد عورت کے۔
Cinsiyet	جنسیّت	ع	ایک جنس یا نسل کا ہونا۔ قومیت۔ شہوت۔ جنس کی خصوصیت۔	یکسانیت۔ ہم جنس ہونا۔ ایک میل کے ہونا۔
Cirm	جرم	ع	جسم (جو زندہ نہ ہو)۔ سائز۔ جسامت۔ مقدار۔	جسم۔ بدن۔ دھڑ۔ تن۔ جثہ۔ نورانی یا لطیف جسم۔ نگینے کا عیب۔
Cisim	جسم	ع	جسم۔ مادّہ۔ مادّی چیز۔ تن۔	بدن۔ تن۔ پنڈا۔ ڈیل۔
Cismanî	جسمانی	ع	مادّی۔ جسم سے متعلق۔	جسم سے متعلق۔ بدنی۔ مادّی۔ جسم والی چیز۔
Civan	جوان	ف	جوان آدمی۔ نوجوان۔	گبرو۔ بالغ۔ مرد یا عورت جو لڑکپن سے نکل چکا ہو۔ مضبوط۔ طاقتور۔ دلیر۔ بہادر سپاہی۔ بالغ مرد یا عورت۔ لڑکا۔ چھوکرا۔ نیا۔ تازہ۔ سیانا۔
Civan-merd	جواں مرد	ف	فیاض۔ سخی۔ داتا۔	بہادر۔ سورما۔ دلیر۔ سخی۔ بلند حوصلہ۔ مردمیداں۔
Civar	جوار	ع	پڑوس۔ گردونواح۔ اطراف۔ پڑوس میں رہنے والا۔	پڑوس۔ ہمسایہ۔ پڑوس میں رہنے والا۔
Ciyadet	جدّت	ع	تازگی۔ نفاست۔ خوبی۔ شرف۔ شان۔ فضیلت۔ فوقیت۔	تازگی۔ نیاپن۔ نیا ہونا۔
Cizye	جزیہ	ع	الیکشن کا ٹیکس۔ خراج۔ پرانے زمانہ میں غیر مسلموں سے فوج کی ڈیوٹی پر نہ جانے کے بجائے ٹیکس۔	اسلامی حکومت میں غیر مسلموں پر سالانہ محصول۔ خراج۔ بدلے کا روپیہ۔
Coğrafîya	جغرافیہ	یونانی	جغرافیہ۔ بھگول۔	جغرافیہ۔ بھگول۔ سطح زمین، اس کی آبادی نباتات، حیوانات اور طبعی تقسیم وغیرہ سے متعلق علم۔
Cokey	جوکی	انگریزی	گھوڑدوڑ کا سوار۔ گھوڑے پر سوار ہوکر دوڑنے کا پیشہ کرنے والا۔	گھوڑدوڑ کا سوار۔
Cuma	جُمعہ	ع	جمعہ کا دن۔ ہفتہ کا چھٹا دن۔	جمعہ کا دن۔ جمعرات کے بعد کا دن۔
Cumhur	جُمہور	ع	جمہوریہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ عوام۔	پبلک۔ عوام۔ آدمیوں کا بہت بڑا گروہ۔ باشندگانِ ملک۔ ریت کا ڈھیر۔
Cumhurî	جمہوری	ع	جمہور سے متعلق۔ عوامی۔	جمہوری۔ جس کا تعلق جمہور سے ہو۔ عوامی۔
Cumhuriyet	جمہوریت	ع	جمہوریت۔ عوام کے چُنے ہوئے نمائندوں کے ذریعہ چلائی جانے والی حکومت۔	پرجاتنتر۔ وہ نظام حکومت جس میں عوام کے چنے ہوئے نمائندوں کی اکثریت رکھنے والی سیاسی جماعت حکومت چلاتی ہے اور عوام کے سامنے جواب دہ ہوتی ہے۔
Curnal/ Jurnal	جرنل	فرانسیسی	ڈائری۔ رپورٹ۔ مطلق العنانہ دور میں کچھ جاسوسوں کی آزادخیال لوگوں کے	روزنامچہ۔ روزنامچہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			خلاف جانچ کی تہمت آمیز اور جھوٹی رپورٹ۔	
Cuş/Cuşiş	جوش	ف	اُبلنا۔ آپے سے باہر ہونا۔ ہلچل۔ اضطراب۔ دل سوزی۔	اُبال۔ دل کی سوزش۔ ہیجان۔ جذبات کا بے قابو ہونا۔ ولولہ۔ لہر۔ موج۔ حرارت۔ تیزی۔ زیادتی۔ مستی۔ شہوت۔ غصہ۔ شوق۔ طغیانی۔ سرگرمی۔
Cuş-u-huruş	جوش وخروش	ف	اضطراب۔ ہلچل۔ ولولہ۔ برانگیختگی۔ تحریک۔	ہیجان۔ بہت زیادہ غصہ۔ غل۔ شور۔
Cübbe/ Cüppe	جُبّہ	ع	لمبی آستینوں اور لمبی قمیض والی پوشاک۔	فقیروں کا لباس۔ چوغہ۔ ایک قسم کا ڈھیلا کوٹ جس کی آستینیں کلائی سے اوپر رہتی ہیں۔
Cüda	جُدا	ف	الگ۔ تنہا۔ جسے دُور کر دیا گیا ہو۔ جو الگ ہو۔	علاحدہ۔ الگ۔ تنہا۔ طرح طرح کا۔ انوکھا۔ بچھڑا ہوا۔
Cühelâ	جُہلا	ع	جمع Cahil کی۔ جاہل لوگ۔ مورکھ۔	جاہل کی جمع۔ جاہل لوگ۔ مورکھ۔
Cülûs	جلوس	ع	تخت پوشی۔ تخت پر بیٹھنا۔	تخت نشینی۔ بادشاہ یا امیروں کی سواری نکلنا۔ بہت سے لوگوں کا کسی خاص موقعہ پر اکٹھے ہوکر بازاروں سے گذرنا۔ ساز وسامان۔ کر وفر۔ تزک واحتشام۔ بیٹھنا۔ نشست۔
Cümle	جملہ	ع	کل۔ تمام۔ فقرہ۔ جملہ۔	فقرہ۔ حصہ۔ کلام۔
Cünun	جنون	ع	پاگل پن۔ سودا۔	پاگل پن۔ دیوانگی۔ سودا۔ خبط۔ غصہ۔ طیش۔ کسی چیز کی دھن۔
Cünub/ Cünup	جُنُب	ع	جماع کرنے کے بعد دین کے احکامات کے مطابق بغیر نہایا اور ناپاک۔	ناپاک آدمی۔ بے غسل آدمی۔ وہ آدمی جسے جماع یا احتلام کی وجہ سے غسل کی حاجت ہو۔
Cürà	جُرعہ	ع	گھونٹ۔ تلچھٹ۔	گھونٹ۔
Cürèt	جُرأت	ع	ہمت۔ دلیری۔	دلیری۔ دلاوری۔ بے باکی۔ جواں مردی۔ چالاکی۔ شوخی۔
Cürüm	جُرم	ع	کمی۔ قصور۔ گناہ۔ خطا۔	گناہ۔ قصور۔ خطا۔
Cüsse	جُثّہ	ع	جسم۔ ڈھانچہ۔ دھڑ۔	تن۔ قالب۔ جسم۔ پنڈا۔ کایا۔ لاش۔ جسامت۔
Cüz/Cüz'ü	جُز	ع	حصہ۔ ٹکڑا۔ قرآن شریف کے تیس پاروں میں سے ایک۔ کتاب کا حصہ۔ پمفلٹ۔	حصہ۔ ٹکڑا۔ سوائے۔ علاوہ۔ دن۔ بدون۔
Cüzülâ-yetecezza	جُزولایتجزیٰ	ع	ایٹم۔	ایٹم۔ جوہر۔ وہ جُز جس کے مزید ٹکڑے یا اجزا نہ ہوسکیں۔ مادہ کا سب سے چھوٹا حصہ جو آگے تقسیم نہ ہو سکے۔
Cüzam	جُذام	ع	کوڑھ۔	کوڑھ۔
Cüzdan	جُزدان	ف	جیبی کتاب۔ جھولا۔ جامدانی۔	بستہ جس میں کتابیں رکھی جائیں۔
Cüz'î	جُزئی	ع	غیر اہم۔ حصے یا ٹکڑے سے متعلق۔	منسوب بہ جز۔ تھوڑا حصہ۔ ادنیٰ۔
Cüzi	جُزوی	ع	جزوی۔ تھوڑا حصہ۔ تھوڑا سا۔	خال خال۔ کچھ۔ چند۔ خالص۔ بہت تھوڑی سی۔ تھوڑا سا۔ حقیر۔ ادنیٰ۔ خفیف۔

■❖■

Ç/(ç)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Çabuk	چابک	ف	تیز۔ تیزی سے۔ جلدی۔ فوراً۔ جلد۔ پھرتیلا۔ چست۔ مستعد۔	چست۔ چالاک۔ پھرتیلا۔ تیز۔ چوکنا۔ ہوشیار۔ کوڑا۔ تازیانہ۔ ہنٹر۔ چھی۔
Çadir	چادر	ف	تنبو۔ خیمہ۔	مستطیل اور مربع مگر دبیز کپڑا جو سر کے اوپر یا دوپٹہ کی جگہ اوڑھا جاتا ہے۔ پلنگ پر بچھانے کا کپڑا۔ شال چادر کی شکل کی لڑیوں میں گندھے ہوئے پھول جو قبر پر ڈالے جاتے ہیں۔ کسی دھات کے لمبے، چوڑے اور پتلے ٹکڑے یا پترے۔ پانی کی چوڑی دھار۔ ایک استعمالی کپڑا۔
Çağatay	چغتائی	ت	ترک نسل کا چغتائی فرقہ۔	چغتا سے منسوب جو چنگیز خاں کا بیٹا تھا۔ چغتائی کی اولاد میں سے۔ خاندان مغلیہ۔
Çak	چاک	ف	پھٹا ہوا۔ چٹخا ہوا۔ کریک۔ جس میں دراریں ہوں۔ تمام ٹکڑے ٹکڑے۔	کٹا ہوا۔ پھٹا ہوا۔ دامن یا آستین کا کھلا ہوا۔ چاک۔ شگاف۔
Çak	چاق	ت	بالکل اسی طرح۔ جیسا کا تیسا۔ ٹھیک ٹھیک۔ ہو بہو۔ ٹھیک۔	صحیح۔ تندرست۔ چست۔ چالاک۔ پھرتیلا۔ ہوشیار۔ تروتازہ۔ چوڑا۔ طاقتور۔
Çaki	چاقو	ف	جیب کا چاقو۔ جیبی چاقو۔	قلم تراش۔ کاٹنے کا اوزار۔ چاقو۔
Çakmak	چقماق، چقمق	ف	جیب کا لائٹر۔ فولاد کا ٹکڑا جسے پتھر پر مار کر چنگاریاں پیدا کرتے ہیں۔	ایک پتھر جس سے آگ نکلتی ہے۔ آہنی آلہ جس کو مار کر آگ نکالتے ہیں۔ طعنہ۔ سرزنش۔
Çalak	چالاک	ف	تیز۔ پھرتیلا۔ چست۔	تیز۔ چست۔ ہوشیار۔ ذہین مکار۔ فریبی۔ ہنرمند۔ جفاکش۔
Çalaki	چالاکی	ف	چستی۔ تیزی۔ پھرتیلا پن۔	چستی۔ پھرتی۔ تیزی۔ مکاری۔ عیاری۔ دانائی۔
Çalapa	جُلاب	ع	دوائے مسہل۔ گُل عباس کی جڑ۔	مُسہل۔ دست آور دوا۔
Çare	چارہ	ف	ذریعہ۔ مدد۔ باہر نکلنے کا راستہ۔ علاج۔ دوائی۔ تدبیر۔ تدارک۔	مدد۔ تدبیر۔ علاج۔ دوستی۔ سرانجام۔ مکروفریب۔
Çare-saz	چارہ ساز	ف	علاج۔ دوا یا ذرائع پانے والا۔	مشکل آسان کرنے والا۔ کام بنانے یا کرنے والا۔ معالج۔
Çark	چَرخ	ف	پیڈل کا پہیہ۔ کوئی چیز جو گھومتی ہے۔ مشینری۔ آسمان۔ قسمت۔	پہیہ۔ بیلن۔ کنویں یا پن چکی کی پہیہ۔ کمہار کا چاک۔ آسمان۔ گردش۔ چکّر۔ گردش کرنے والی چیز۔ وہ آلہ جس پر ظروف کو چڑھا کر صاف کرتے ہیں۔ وہ لکڑی جس پر اونی کپڑے کو چڑھاتے ہیں۔ ایک سفید رنگ کا باز۔ لکڑ بھگا۔ کھنچی ہوئی کمان۔
Çarki-felek	چَرخ فلک	ف	آسمان۔ قسمت۔ پہیہ۔ جس کے چاروں طرف دانتے ہوں۔ آتش بازی کا گھومنے والا پہیہ۔	عرش۔ آسمان۔ عرشِ اعظم۔
Çarnaçar	چارو ناچار	ف	چاہے نا چاہے۔ ضرورت سے۔	مجبوراً۔ قہراً۔ زبردستی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Çarşamba	چارشنبہ/ چہارشنبہ	ف	ہفتہ کا چوتھا دن منگل وجمعرات کے درمیان۔ بدھ۔	بدھ۔
Çatpat	چٹ پٹ	ف	تھوڑا سا۔ کبھی کبھی۔ گاہے بگاہے۔ شاذو نادر۔ کچھ کچھ۔ اب اور تب۔	فی الفور۔ بہت جلد۔ تڑنت۔ معاً۔ ناگاہ۔ یکا یک۔
Çavuş	چاؤش	ت	سارجینٹ۔ دربان۔ پیامبر۔ سفیر کا باوردی حاضر باش ملازم۔	نقیب لشکر اور قافلہ کا۔ چپہا۔ چوب دار۔
Çay	چائے	ف	چائے۔	چائے۔
Çayhane	چائے خانہ	ف	چائے خانہ۔ چائے کی دوکان۔ چائے کا باغ۔	چائے خانہ۔ چائے پینے کی دوکان۔
Çeçen	چیچین		شمالی مشرقی کوہ قفقاز کا چیچن قبیلہ۔ چیچن نسل کا۔ زیادہ بولنے والا۔	چیچنیا کے باشندے۔ چیچن نسل کا۔
Çehre	چہرہ	ف	چہرہ۔ صورت۔ شکل۔ بشرہ۔	صورت۔ مکھڑا۔ سامنے کا رخ۔ مہرہ۔ حلیہ۔ خدوخال۔
Çek	چیک	انگریزی	———	چارخانہ کپڑا۔ چارخانہ دار۔
		ت	زیکوسلوواکیا کا شہری۔	ملک زیکوسلوواکیا کا شہری۔
		فرانسیسی	چیک۔ بینک کا روپیہ دینے کا حکم۔	بینک سے روپیہ نکلوانے کا تحریری حکم۔
Çemçe	چمچہ	ف	لکڑی کی ڈوئی۔ ایک قسم کی مچھلی۔	کوئی رقیق پینے کا آلہ۔ ڈوئی۔ کفچہ۔ کفگیر۔
Çengel	چنگل/ چنگال	ف	آنکڑا۔ کانٹا۔ ٹیڑھا۔ خم دار۔ کج۔	آدمی یا حیوان کا پنجہ۔ چھری کانٹا جس سے کھانا وغیرہ کھایا جاتا ہے۔
Çenk	چنگ/ چنگ	ف	ہاتھ۔ پنجہ۔ شکاری پرند کا پنجہ۔ چنگ۔ ایک باجہ کا نام۔	ٹیڑھی چیز۔ پنجہ۔ نگارخانہ مانی۔ ایک باجے کا نام۔ چونچ۔ منقار۔ ہاتھی کا آنکس۔ جانور کا چنگل۔
		ف		چونچ۔ منقار۔
Çerağ	چراغ	ف	لیمپ۔ موم بتی۔ ٹارچ۔	دیا۔ لیمپ۔ شمع۔ بیٹا۔ فرزند۔
Çerkes/ Çerkez	چرکس	ت	کوہ قاف کے علاقعوں کی نسلوں میں سے ایک۔ اس نسل کا کوئی بھی۔	علاقہ کوہ قاف کا مسلمان۔
Çeşm	چشم	ف	آنکھ۔ نظر۔	آنکھ۔ دیدہ۔ نین۔ نیتر۔ آس۔ امید۔
Çeşme	چشمہ	ف	فوارہ۔ چشمہ۔	پانی کا سوتہ۔ سوئی کا ناکہ۔ عینک۔
Çeşni	چاشنی	ف	ذائقہ۔ مزہ۔ سیمپل۔ ذائقہ چکھنے کے لیے تھوڑا کھایا گیا حصہ۔ جانچ۔ کھانے پینے کی چیزوں کا ذائقہ۔	مزہ۔ ذائقہ۔ شربت کا تار۔ شربت کے پکنے کا انداز۔ تھوڑا سا پگھلا کر چاندی یا سونے کی اصلیت معلوم کرنا۔ مٹھائی اور کھٹاس ملی ہوئی ذرا سی شیرینی۔ آم کے پودے میں پہلا پھل۔ ثبوت۔ قوام۔ بندوق کی ٹوپی۔ رنجک۔
Çevgen/ Çevkân	چوگان	ف	پولو۔ گھوڑے پر سوار ہو کر گیند کا کھیل۔ پولو کا ڈنڈا یا اسٹک۔ پرانے ترکی بینڈ میں استعمال کی جانے والی لکڑی جس کے آخر	گھوڑے پر چڑھ کر گیند کا کھیل۔ پولو۔ گیند کا بلا۔ گلی ڈنڈا۔ چوب۔ بلا۔ نقارہ کی چوب جس کا سرا کج ہو۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			میں گھنٹیاں لگی ہوتی ہیں۔	
Çeyiz	جہیز	ف	دلہن کا سامان۔دلہن کے لیے تیار کی گئی ہر قسم کی اشیا۔	لڑکی کی رخصت شادی کا سامان۔اسباب۔سامان۔سامان دفن مردہ۔
Çinar	چنار	ف	چنار کا درخت۔	چنار کا درخت۔
Çıtpıtı	چٹ پٹی	ت	پسند کرنے لائق۔ خوب صورت۔ مزیدار۔خوش وضع۔خوش ذائقہ۔لذیذ۔	———
		ہندی	———	خوب کراری چیز جس میں نمک مرچ ملا ہو۔مزیدار۔چٹکیلا۔ جلدی۔سرعت۔ناگہانی موت۔کئی موتیں تلاوپر ہوجانا۔
Çiçek	چیچک	ت	پھول۔ چیچک۔ بظاہر اچھا دکھنے والا مگر بہت خراب آدمی۔	سیتلا۔ماتا۔ایک بیماری جس میں جسم پر دانے پڑ جاتے ہیں۔
Çifaide	چہ فائدہ	ف	کیا فائدہ ہے۔	کیا فائدہ۔کیا فائدہ ہے۔
Çift	جُفت	ف	جوڑا۔ ڈبل۔ دوگنا۔ دو بیل کا جُوا۔ چمٹی یا دست پناہ کا جوڑا۔دو یا دو سے تقسیم ہونے والا عدد۔ہر شے جو دو ہوں۔بیلوں کی جوڑی۔	دو چیزیں۔جوڑا۔جوڑ۔طاق کی ضد۔جوتوں کی جوڑی۔جوتے۔ ہم پایہ۔ثانی۔وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم ہو جائے۔ہل چلانے والی بیلوں کو جوڑی۔
Çifte	جُفتہ	ف	گھوڑوں کا پچھلے پیروں سے دولتی مارنا۔ ایک ساتھ دو دو کا پایا جانا یا ہونا۔ جوڑا کیا ہوا۔ ڈبل کیا ہوا۔ دونالی بندوق۔ کشتی جس کے چپوار کا جوڑا ہو۔ گھوڑے کی پیشانی پر دوہرا بل جو اچھا نہیں سمجھا جاتا۔	گھوڑے کا پچھلے پیروں سے دولتی مارنا۔کنواں۔گڑھا۔سوراخ۔ چھید۔خمیدہ۔کج۔چوتھڑ۔
Çihar	چہار	ف	چار۔خاص طور سے ڈسک پھینکنے میں شمار کرتے ہیں وقت استعمال کیا جاتا ہے۔	چار۔
Çikolata	چاکلیٹ	اسپانوی	چاکلیٹ۔	چاکلیٹ۔
Çil	چیل	ت	چمکدار۔ چتی دار۔ داغ دار۔ دھبہ۔ داغ۔بھورے رنگ کا تیتر۔مرغ کی نسل سے گوشت کھانے والا پرندہ۔	چیل۔
Çile	چلّہ	ف	ریشم کا انٹی یا لچھا۔کمان کا چھلا۔ پرانے زمانہ میں درویشوں کا خود کو قابل بنانے کے لیے محنت و مشقت کا دور۔ چالیس دن کا مذہبی گوشہ نشینی و روزہ رکھنے کا عرصہ۔ توبہ تلّہ وکفارہ ادا کرنے کا زمانہ۔ آزمائش۔تکلیف۔	چالیس روز کا عمل۔چالیس روز کا توبہ واستغفار و گوشہ نشینی کا زمانہ۔ کمان کی تانت۔زچہ کا چالیسویں دن نہانا۔وہ مقام جہاں کسی بزرگ نے چلّہ کشی کی ہو۔
Çilekeş	چلّہ کش	ف	تنہائی اور روزہ داری کی تکلیف اٹھانے والا۔درویش۔	چلّہ کھینچنے والا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Çimen	چمن	ف	چراگاہ۔ لان۔ گھاس کا میدان۔ سبزہ زار۔	وہ جگہ جہاں سبزہ پھول وغیرہ۔ بوئیں۔ باغ کے قطعات۔ گلزار۔ پھلواری۔
Çimenzar	چمن زار	ف	گھاس دارجگہ۔ پھیلا ہوا لایا گھاس کا میدان۔ سبزہ زار۔	پھولوں کا قطعہ۔ پھلواری۔ گلزار۔
Çin	چین	ف	چین	ملک چین
Çin	چیں	ف	پکڑنے والا۔ جمع کرنے والا۔	شکن۔ بل۔ سلوٹ۔ چننے والا۔ جھری۔ چنت۔
	چیں	ہندی	______	چڑیا کی آواز۔
Çini	چینی	ہندی	پورسلین۔ روغن چڑھے برتن۔ چمکدار اور پکائے ہوئے سجاوٹی ٹائل۔ ہندوستانی روشنائی۔	چین کی مٹی کا برتن۔ ایک قسم کی روغن دار مٹی۔ باشندہ چین۔ چین کا رہنے والا۔ کھانڈ۔ بورا۔ سفید۔ شکر۔ چینی۔
Çiredest	چیرہ دست	ف	پھرتیلا۔ چالاک۔ استادی کا۔ تیز دست۔	غالب۔ زور آور۔ زبردست۔
Çoban	چوپان	ف	گڈریا۔ گنوار۔ دہقانی۔	بکریوں کا چرواہا۔ حیوانات کا رکھوالا۔ گڈریا۔
Çorab	جُراب	ع	موزہ۔	موزہ۔
Çorba	شوربا	ف	شوربا۔	شوربا۔ پتلا سالن۔ پکے ہوئے گوشت کا پانی۔
Çünki/ Çünkü	چونکہ	ف	اس سبب سے۔ اس وجہ سے کہ۔ اس کارن سے۔	(حرف شرط)۔ کیونکہ۔ اس لیے۔ اس باعث سے۔ اس واسطے کہ۔

■❖■

D/(d)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Da	دَا	ت	میں۔ پر۔ اور۔ بھی۔ لیکن۔	———
Da	داء	ع	بیماری۔ مرکب جملوں جیسے Daül kelb میں۔	بیماری۔ مرض۔ دُکھ۔
Dâd	دَاد	ف	تحفہ۔ بکری۔ انصاف۔ بخشش۔ فیاضی۔ نالہ۔ گریہ وزاری۔	عدل۔ انصاف۔ آفرین۔ تحسین۔ واہ واہ۔ فریاد۔ نالش۔ سزا۔ پاداش۔
Mürettib/ Mürettip	مُرتّب	ع	کمپوز کرنے والا۔ کمپوزیٹر۔	ترتیب دینے والا۔ باقاعدہ چلنے والا۔ راست و درست کرنے والا۔
Mürevvic	مُروّج	ع	رواج دینے والا۔ خیالات وغیرہ کو پھیلانے والا۔ آسانی فراہم کرنے یا آگے بڑھانے والا۔	رواج دینے والا۔ رائج کرنے والا۔ چلانے والا۔
Mürid/ Mürit	مُرید	ع	شاگرد۔ درویشوں میں مبتدی یا نو آموز۔	دینی شاگرد۔ چیلا۔ معتقد۔ ارادہ کرنے یا رکھنے والا۔ مطیع۔ فرماں بردار۔ خواہش مند۔ مشتاق۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Mürsel	مُرسَل	ع	بھیجا گیا۔سفیر۔رسول۔	بھیجا گیا۔ارسال کیا گیا۔نبی۔صاحب کتاب۔حدیث کی ایک قسم۔پیغمبر۔
Mürsileyh	مُرسَل اِلَیہ	ع	جس کو کوئی چیز یا آدمی بھیجا جائے۔مکتوب الیہ۔	جس کی طرف بھیجا جائے۔
Mürsil	مُرسِل	ع	بھیجنے والا۔	بھیجنے والا۔نامہ بھیجنے والا۔ارسال کرنے والا۔خط بھیجنے والا۔
Mürşid/ Mürşit	مُرشِد	ع	صحیح راستہ دکھانے والا۔ روحانی گرو یا استاد۔گائیڈ۔رہبر۔	نیک اور صحیح راہ بتلانے والا۔ہدایت کرنے والا۔راہ نما۔ہادی۔پیر۔استاد۔مختار۔ہوشیار۔فریبی۔دغاباز۔پاکھنڈی۔گرو گھنٹال۔
Mürtebit	مُرتبِط	ع	وابستہ۔بندھا ہوا۔جو ربط میں ہو۔	وابستہ۔بندھا ہوا۔
Mürted/ Mürtet	مُرتد	ع	منکر دین۔منحرف۔ بے دھرم۔ تارک الدین۔	منحرف۔مردود۔ملحد۔ملعون۔مذہب اسلام سے پھرا ہوا۔
Mürtefi	مُرتفع	ع	اُٹھایا گیا۔بلند کیا گیا۔ہٹایا گیا۔	بلند ہونے والا۔اُبھرنے والا۔بلند۔کسی جگہ سے باہر ہونے والا۔
Mürtekib	مُرتکِب	ع	بے ایمان۔ رشوت لینے والا۔ گناہگار۔ رشوت خور۔گناہ کرنے والا۔	ارتکاب کرنے والا۔کسی فعل کو کرنے والا۔قصوروار۔مجرم۔گناہ کرنے والا۔
Mürtesem	مُرتسَم	ع	بیان کیا ہوا۔نقش بنایا ہوا۔خاکہ اتارا ہوا۔خاکہ۔نقشہ۔	نشان کیا گیا۔مہر لگایا گیا۔نقش پکڑنے والا۔
Mürteşi	مُرتشی	ع	رشوت قبول کرنے والا۔بے ایمان۔	رشوت لینے والا۔راشی۔رشوت خور۔
Mürur	مُرُور	ع	کسی شخص کا راہگذر یا راستہ۔ وقت کا گذرنا۔	چلا جانا۔گذرنا۔منقضی ہونا۔
Mürüvvet	مُروّت	ع	کشادہ دلی۔فیاضی۔سخاوت۔رحمت۔فضل۔شادی یا پیدائش کے سلسلے میں ضیافت۔	رعایت۔لحاظ۔خلق۔اخلاق۔بھل منسائی۔انسانیت۔فیاضی۔توفیق۔مردانگی۔بہادری۔جوانمردی۔
Müsaade	مُساعدہ، مُساعدت	ع	مدد۔ حمایت۔ اجازت۔ پچداری۔ عنایت۔یاوری۔	یاری۔یاوری۔اعانت۔مدد۔مدد کرنا۔
Müsabaka	مُسابقت	ع	کمپیٹیشن۔مقابلہ۔دوڑ۔	باہم سبق لے جانا۔آگے بڑھ جانا۔سبقت۔
Müsademe	مُصادمت	ع	ٹکراؤ۔تصادم۔	تصادم۔ٹکراؤ۔صدمہ پہنچانا۔ٹکرانا۔
Müsadere	مُصادرے، مُصادرت	ع	کسی چیز کو سزا کے طور پر مالک سے لے کر سرکاری خزانہ میں دینا۔	ڈنڈ۔تاوان۔واپسی۔تاوان لینا۔تاوان دینا۔
Müsaferet	مُسافرت	ع	مہمان ہونا۔	سفر۔سیاحی۔پردیس۔سفر کرنا۔
Müsahele	مُساہلت	ع	مناسب سلوک ہونا۔خلیق ہونا۔عنایت۔نرمی۔ملائمت۔	آسان معلوم کرنا۔سہل جاننا۔تساہل کرنا۔سستی کرنا۔سستی۔
Müsaid/ Müsait	مُساعِد	ع	اجازت دینے والا۔ مددگار۔ مہربان۔ طرفدار۔مناسب۔موافق۔	مددگار۔یاور۔معاون۔موافق۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Müsakkafat	مُسقّفات	ع	چھت والی عمارتیں۔ سکنائی جائداد۔ سکنائی جائداد سے ہونے والی وقف کی آمدنی۔	چھت والی عمارتیں۔
Müsalâha	مُصالحت	ع	صلح کرنا۔ صلح صفائی۔ از سرِ نو میل ملاپ۔	باہمی صلح۔ آپس میں میل ملاپ کرنا۔ ملاپ۔
Müsalemet	مُسالمت	ع	اطمینان۔ دھیرج۔ تسکین۔ امن سے رہنا۔ میل۔ ہم آہنگی۔ صلح کے ساتھ۔ دل کے اندر امن و چین ہونا۔ امن۔ چین۔	باہمی صلح و آشتی کرنا۔ صلح۔ دوستی۔
Müsamaha	مُسامحت	ع	برداشت۔ تحمل۔ صبر۔ بے پرواہی۔ غفلت۔ بے التفاتی۔ کسی غیر معقول حرکت سے چشم پوشی کرنا۔	چشم پوشی کرنا۔ کسی چیز کو آسان و سہل جان کر اس کی طرف توجہ نہ دینا۔ کسی کا عیب نہ ظاہر کرنا۔ سستی۔ کاہلی۔ کسی سے نرمی کا برتاؤ کرنا۔
Müsamere	مُسامرت	ع	شام کی تفریح۔ کنسرٹ۔ شام کا اجتماع۔ شام کی پارٹی۔ شام کو چائے کے ساتھ سوشل میٹنگ۔	قصہ کہنا۔ قصہ سنانا۔ کہانی کہنا۔ داستان گوئی۔
Müsaraat	مُسارعت	ع	جلدی۔ شتابی۔ لڑائی یا ڈیوٹی کے لیے جلدی کرنا۔ دوڑنا۔ شدت سے چاہنا۔	باہمی شتابی اور جلدی کرنا۔ جلد بازی۔
Müsattah	مُسَطّح	ع	سطح کیا گیا۔ لیول کیا گیا۔ ہموار۔ جگہ پر سطحی۔ سطحی۔	پھیلایا ہوا۔ بچھا ہوا۔ کھلا ہوا۔ سطح کیا ہوا۔
Müsavat	مُساوات	ع	برابری۔	برابری۔ ہمسری۔ باہم برابر ہونا۔
Müsavi	مُساوی	ع	برابر۔ برابر کا۔ برابر کا نشان "="	برابر۔ یکساں۔
Müsbet	مُثبَت	ع	ثابت کیا ہوا۔ قائم کیا ہوا۔ قطعی۔ یقینی۔ پوزیٹو۔ علامت (بجلی کی)۔ تصدیق کیا ہوا۔	مقرر شدہ۔ تصدیق شدہ۔ اسٹامپ لگا ہوا۔ مہر لگا ہوا۔ ثابت کیا ہوا۔ نشان لگا ہوا۔ قائم کیا ہوا۔ جو منفی نہ ہو۔
Müsbit	مُثبِت	ع	ثابت کرنے والا۔	ثابت کرنے والا۔ تصدیق کرنے والا۔ منظور کرنے والا۔ اثباتی۔ مدلل۔
Müsseba	مُسبّع	ع	سات حصوں والا۔ سات لائنوں کا شعر۔ سات پہلو والا۔ سات برابر ضلعوں والی شکل۔	سات برابر ضلعوں والی شکل۔ سات مصرعوں کے بند والا شعر۔ سات حصے کیا گیا۔ سات پہلو والی چیز۔
Müssebbeb	مُسبَّب	ع	باعث کیا گیا۔ لایا گیا۔ نکالا گیا۔ تمام کیا گیا۔	سبب کیا گیا۔ باعث۔ وجہ۔
Müssebbib	مُسبِّب	ع	پیدا کرنے والا۔ سبب ہونے والا۔ باعث ہونے والا۔ ورغلانے والا۔ مقصد۔ مصنف۔	سبب پیدا کرنے والا۔ وجہ نکالنے والا۔
Müsecca	مُسَجّع	ع	شاعرانہ نثر۔	سخن با قافیہ۔ مقفیٰ۔ قافیہ بند کیا ہوا۔ قافیہ دار عبارت۔ وہ عبارت یا مضمون جس میں قافیہ کا اہتمام ہو۔ وہ عبارت جس میں تک ہو۔
Müseccal	مُسجّل	ع	سرکاری طور پر رجسٹر کیا ہوا۔ داخل فہرست کیا گیا۔ کالج میں بھرتی کیا گیا۔ بدنام چور وغیرہ۔	رجسٹری شدہ۔ کاغذ جس پر حاکم یا قاضی کی مہر ہو۔ درست۔ صحیح۔ ثابت شدہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Müseddes	مُسدّس	ع	چھ حصوں والا۔ چھ مصرعوں کا بند۔ چھ کناروں اور چھ زاویوں والی سادہ شکل۔ شش پہلو۔ چھ گوشہ۔	شش پہلو۔ چھ کونیا۔ ایک قسم کی نظم جس کی اصل بیت پر چار مصرے اور زیادہ ہوتے ہیں یا وہ نظم جس کے چار مصرے ہم قافیہ ہوتے ہیں یا وہ نظم جس کے چار مصرے ہم قافیہ اور آخیر تک بیت بطور گرہ نئے قافیہ کے ساتھ ہو۔
Müsekkin	مُسکّن	ع	خاموش کرنے والا۔ سکون دینے والا۔ آرام دینے والا۔ دردکم کرنے والا۔ مُسکّن دوا۔ تسکین بخش۔	آرام دینے والا۔ تسکین دینے والا۔ تسلی بخش۔
Müsellâh	مُسلّح	ع	ہتھیار بند۔ ہتھیاروں سے لیس۔	ہتھیار بند۔
Müsellem	مُسلّم	ع	جسے سب نے منظور یا قبول کیا ہو۔ جو مباحثہ طلب نہ ہو۔	تسلیم کیا ہوا۔ مانا گیا۔ درست۔ بجا۔ پورا۔ کامل۔ ثابت۔ بیشک۔ ضرور۔ واجب۔ فرض۔ سلامت رکھا گیا۔
Müsellemat	مُسلّمہ	ع	قبول شدہ حقائق۔ راستی۔	مانی ہوئی باتیں۔ تسلیم شدہ امور۔
Müselles	مُثلث	ع	تکنا۔ مثلث۔ تکونیا۔ سہ گوشہ۔ ایسا شربت یا شراب جسے اُبال کر ایک تہائی کردیا جائے۔	سہ گوشہ۔ تکون۔ تکھونٹ۔ وہ نظم جس کے ہر بند میں تین مصرے ہوں۔ ایک خوشبو کا نام جو مشک، کافور اور صندل سے مرکب ہوتی ہے۔ ایک قسم کی ادبی نشست یعنی دوزانو۔ علم عروض کے ایک وزن کا نام جس میں تین رکن ہوتے ہیں۔ تین ضلعوں کی جیسے ▲۔ علم تعویذات کی ایک شکل کا نام جسے سہ در سہ کل نو خانے ہوتے ہیں اور اُسے مربع کی نسبت زیادہ موثر خیال کیا جاتا ہے۔ ایک قسم کی شراب جو صاف کرتے کرتے ایک تہائی باقی رہ جاتی ہے۔
Müselsel	مُسلسل	ع	مُتَسلسل۔ متواتر۔ یکے بعد دیگرے۔ ملا ہوا۔ جُڑا ہوا۔ جوڑا گیا۔ ملا ہوا۔	سلسلہ وار۔ لگاتار۔ زنجیر بند۔ لڑی بند۔ مجازاً متواتر۔ پے درپے۔ متصل۔ پیہم۔ یکے بعد دیگرے۔ سلسلہ بندی کیا ہوا۔
Müsemma	مُسمّیٰ	ع	پکارا گیا۔ نام دیا گیا۔	موسوم کیا گیا۔ نام رکھا گیا۔ پکارا گیا۔ صاحب نام۔
Müsevvid/ Müsevvit	مُسوِد	ع	مسودہ تیار کرنے والا۔ سکریٹری جو خطوط وغیرہ ڈرافت کرتا ہے۔	لکھنے والا۔ کالا کرنے والا۔
Müshil	مُسہل	ع	جُلاّب۔ مُسہل۔ مصفّی۔	جُلاّب۔ وہ دوا جس کے کھانے پینے سے دست آئے۔ دست آور۔
Müsin	مُسن	ع	بہت بوڑھا۔ معمّر۔	بہت بوڑھا شخص۔ عمر رسیدہ۔ پرانا۔ کہنہ۔ تجربہ کار۔ دانا۔
Müskir	مُسکر	ع	نشہ لانے والی چیز۔ نشہ آور۔	نشہ پیدا کرنے والی چیز۔ سُستی لانے والی شے۔
Müskirat	مُسکرات	ع	نشہ پیدا کرنے والی چیزیں۔	وہ چیزیں جن سے نشہ اور مستی پیدا ہو مثلاً شراب اور بھنگ وغیرہ۔ نشہ لانے والی چیزیں۔ جمع مسکر کی۔
Müskit	مُسکت	ع	خاموش کرنے والا۔ اپنے دلائل سے دوسرے کو خاموش کرنے والا۔ راغب کرنے والا۔ مائل کرنے والا۔	چپ کرانے والا۔ خاموش کرانے والا۔
Müslim	مُسلم	ع	مسلمان۔	مسلمان۔ مسلم۔ دین محمدی کا پیرو۔ وہ جس کا مذہب اسلام ہو۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Müslüman	مُسلمان	ع	مسلمان۔ مسلم۔ پاک۔ ایمان دار۔	مسلمان۔ مسلم۔ وہ شخص جو اسلام میں یقین رکھتا ہو۔
Müsmir	مُثمر	ع	پھل دار۔ فائدہ مند۔ پیداوار دینے والا۔ کامیاب۔	ثمردار۔ پھل دار۔ فائدہ دینے والا۔ نتیجہ بخش۔
Müsned/ Müsnet	مُسنَد	ع	وہ چیز جس سے سہارا لیا جائے۔ جس کی طرف جھکا جائے۔ مدد کی گئی۔ سہارا دی گئی۔ (قواعد) فاعل کے بارے یا تعریف میں جو کہا جائے۔	ٹیک لگانے کی چیز۔ سہارا دیا گیا۔ وہ چیز جس سے پیٹھ لگا کر بیٹھیں۔ وہ شخص جس کی طرف پناہ لی جائے۔ دوسرے کی سند سے بیان کیا گیا۔ نحو کی اصطلاح میں خبر۔
Müsned-ün-ileyh	مُسند الَیہ	ع	(قواعد میں) فاعل۔	علم نحو میں مبتدا کو کہتے ہیں۔
Müsrif	مُسرِف	ع	فضول خرچ۔	فضول خرچ۔ بیہودہ خرچ کرنے والا۔ زیادہ اور بے جا خرچ کرنے والا۔
Müstacel	مُستعجل	ع	ضروری۔ فوری۔ تاکیدی۔ عجلت کے ساتھ۔	شتابی۔ جلد باز۔ اتاؤلا۔ دوڑنے والا۔
Müstafi	مُستعفی	ع	استعفیٰ دینے والا۔ کام سے ہٹنے والا۔	استعفیٰ دینے والا۔ نوکری یا عہدہ چھوڑنے والا۔ عفو چاہنے والا۔ برطرفی چاہنے والا۔
Müstağfir	مُستغفِر	ع	توبہ کرنے والا۔ معافی مانگنے والا۔	گناہوں سے معافی مانگنے والا۔ استغفار کرنے والا۔
Müstağni	مُستغنی	ع	جس کی کوئی ضرورت نہ ہو۔ بے نیاز۔ مطمئن۔ آزاد۔ متکبر۔	فارغ البال۔ آسودہ حال۔ بے نیاز۔ دولت مند۔ بے پرواہ۔ آزاد۔ بری۔ مطمئن۔
Müstağrak	مُستغرَق	ع	ڈوبا ہوا۔ غرق ہوا۔ مغلوب کیا ہوا۔	غرق شدہ۔ ڈوبا ہوا۔ نہایت مصروف۔ کام میں پوری طاقت سے لگ جانے والا۔
Müstahak/ Müstahik	مُستحق	ع	لیاقت والا۔ حق دار۔ واجب۔ واجب انعام یا سزا۔ لائق۔	حق دار۔ دعویدار۔ لائق۔ سزاوار۔ نادار۔ مسکین۔ قابل۔ درویش۔
Müstahber	مُستخبَر	ع	سنا ہوا۔ معلوم کیا ہوا۔ اعلان کیا ہوا۔ موصول ہوئی اطلاع۔	خبر ڈھونڈا ہوا۔
Müstehdem	مُستخدَم	ع	ملازم۔ نوکر۔ نوکری میں رکھا گیا۔	وہ شخص جس سے خدمت چاہیں۔ نوکر۔ ملازم۔
Müstahfız	مُستحفِظ	ع	(فوج) ریزروسٹ۔ ریزر رکھا گیا سپاہی۔	نگرانی رکھنے والا۔
Müstahîl	مُستحیل	ع	ناممکن۔ بیہودہ۔ واہیات۔ خلاف عقل۔ اُوٹ پٹانگ۔	محال۔ ناممکن۔ ایک حال سے دوسرے حال پر پھرنے والا۔ حیلہ کرنے والا۔ بدلا ہوا۔
Müstahkem	مُستحکم	ع	مضبوط۔ قلعہ بند۔	مضبوط۔ استوار۔ اٹل۔ پکا۔ سخت۔ قائم کرنے والا۔
Müstahrec	مُستخرَج	ع	جُز نکالا ہوا۔ بھگو کر یا جوش دے کر چھان کر نکالا ہوا۔ کھینچا گیا۔ نتیجہ نکالا ہوا۔ کم کیا گیا۔ گھٹایا گیا۔	باہر لایا گیا۔ باہر نکالا ہوا۔ خارج کیا ہوا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Müstahsen	مستحسن	ع	تعریف کیا گیا۔ پسند کیا گیا۔ منظور کیا گیا۔	پسند کیا گیا۔ پسندیدہ۔ خوب۔ بہتر۔ نیک شمار کیا گیا۔
Müstaid/ Müstait	مُستعِد	ع	چالاک۔ لائق۔ قابل۔ مائل (کسی بیماری کی طرف)	آمادہ۔ کربستہ۔ تیار۔ چست۔ چالاک۔ ہوشیار۔ طرار۔
Müstakar	مُستقر	ع	بسی ہوئی یا ٹھہرائی گئی جگہ۔ یا وقت۔ بسا ہوا۔	جائے قرار۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ ٹھکانہ۔
Müstakbel	مُستقبل	ع	آگے آنے والا زمانہ۔ زمانہ مستقبل۔	آگے آنے والا۔ زمانہ آئندہ۔ وہ فعل جو آنے والے زمانے سے تعلق رکھے۔
Müstakil	مُستقِل	ع	قطعی طور سے۔ مطلقاً۔ بالکل۔ آزاد۔ بے ٹوک۔ صاف صاف۔ صریحاً۔	مضبوط۔ صاحب استقلال۔ مستحکم۔ قائم۔ اٹل۔ برقرار۔ پائدار۔ پکا۔ ہمیشہ۔ مدام۔
Müstakim/ Müstekim	مُستقیم	ع	سیدھا۔ ایمان دار۔ سچا۔ کھرا۔	راست۔ سیدھا۔ مضبوط۔ درست۔ مقابل کج اور وہ چیز جو سیدھی کھڑی ہو۔
Müstamel	مُستعمل	ع	استعمال میں لایا ہوا۔ کام میں لیا گیا۔ استعمال کیا گیا۔ جو نیا نہ ہو۔	استعمال میں لایا ہوا۔ کام میں لایا گیا۔ عمل میں لایا ہوا۔
Müstamer	مُستعمر	ع	آباد کیا ہوا۔ کالونی بنایا گیا۔	کالونی۔ نوآبادی۔ آبادی چاہا ہوا۔
Müstamerat	مُستعمرات	ع	کالونیاں۔ نوآبادیات۔	جمع مُستعمرکی۔ کالونیاں۔ نوآبادیات۔
Müstatil	مُستطیل	ع	وہ جس کی لمبائی چوڑائی سے زیادہ ہو۔ عرض سے لمبا۔ مستطیل۔	وہ چار ضلعوں کی شکل جس کے چاروں ضلع قائم اور مقابل کے برابر ہوں۔ جس کا طول زیادہ اور عرض کم ہو۔ طویل۔ لمبا۔
Müstear	مُستعار	ع	عارضی طور سے ادھار مانگا ہوا۔ عارضی۔ مشرقی موسیقی میں ایک راگ۔	اُدھار لیا ہوا۔ رعایت لیا ہوا۔ چند روز کے لیے مانگا ہوا۔
Müsteb'ad/ Müstebat	مُستبعد	ع	دور۔ ناممکن۔ خلاف قیاس۔ دور سے لایا گیا۔ زبردستی کیا گیا۔ دُور دیکھنے والا۔	دوری ڈھونڈھا گیا۔ دور۔ بعید۔ دشوار۔ دور دراز قیاس۔
Müsteban	مُستبین	ع	صاف طور سے مشرح کیا گیا۔ ظاہر۔	واضح۔ روشن۔ ظاہر۔ آشکارا۔
Müstebid/ Müstebit	مُستبد	ع	تاناشاہ۔ ظالم۔ مطلق العنان۔ ظالمانہ۔ خودمختار۔	مطلق العنان۔ خودمختار۔ اکیلے کام کرنے والا۔ کسی کام کو تنہا کرنے والا۔
Müstebidane	مُستبدانہ	ع	ظالمانہ۔ مطلق العنانہ۔	خودمختارانہ۔ مطلق العنانہ۔
Müstecab	مُستجاب	ع	جواب دیا گیا۔ منظور کیا گیا۔	جواب دیا گیا۔ قبول کیا گیا۔ مانا گیا۔
Müstecir	مُستجیر	ع	کرایہ پر لینے والا۔ کرایہ دار۔	پناہ ڈھونڈنے والا۔ امان چاہنے والا۔ پناہ اور امان دینے والا۔
Müstecvib	مُستوجب	ع	ضروری کرنے والا۔ لازم کرنے والا۔ لازم ہونے والا۔	واجب کرنے والا۔ لازم ہونے والا۔ لائق۔ قابل۔ سزاوار۔
Müstedam	مُستدام	ع	سلسلہ وار۔ لازوال۔ دوامی۔	دوام۔ ہمیشگی چاہنے والا۔ ہمیشگی۔
Müsted'i	مُستدعی	ع	درخواست کرنے والا۔ پیشنر۔	کسی بات کو چاہنے والا۔ استدعا کرنے والا۔ خواہش مند۔ ملتجی۔
Müstefad	مُستفاد	ع	سمجھا گیا۔ حاصل کیا گیا۔ نتیجہ نکالا گیا۔ فائدہ کیا گیا۔	فائدہ لیا گیا۔ وہ چیز جو بطور فائدہ کے حاصل ہو۔ حاصل۔ فائدہ۔ حاصل کیا ہوا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Müstefid/ Müstefit	مُستفید	ع	جس کو فائدہ پہنچا ہو۔ فائدہ اٹھانے والا۔ حقوق پانا یا لطف اٹھانا۔ فائدہ اٹھانا۔ فائدہ اٹھایا ہوا۔	فائدہ اٹھانے والا۔ فائدہ طلب کرنے والا۔
Müstefiz	مُستفیض	ع	فائدہ اٹھایا ہوا۔ فیض پایا ہوا۔ فائدہ اٹھانا۔ سیکھنا۔	فائدہ اٹھانے والا۔ فیض کا خواہاں۔ فیض چاہنے والا۔
Müstehab	مُستحب	ع	قابلِ تعریف۔ قابلِ تحسین۔ جس کی منظوری دی گئی ہو مگر مذہبی قانون کے مطابق فرض نہ ہو۔	محبت کیا گیا۔ پسند کیا گیا۔ پسندیدہ۔ اچھا جانا ہوا۔ وہ عبادت جس کا ادا کرنا بہتر ہو۔ فقیہوں کی اصطلاح میں عبادت کا وہ فعل جس کا ثواب رسول مقبول نے فرمایا ہے یا کبھی اس فعل کو خود کیا ہے۔
Müstehzi	مُستہزی	ع	طعنے مارنے والا۔ چڑھانے والا۔ ہنسی اُڑانے والا۔ طنزیہ۔ ہجو آمیز۔ طعنہ آمیز۔	مسخری کرنے والا۔ ہنسی ٹھٹھا کرنے والا دل لگی کرنے والا۔
Müstekim	مُستقیم	ع	سیدھا۔ سچا۔ راست۔ ایمان دار۔	راست۔ سیدھا۔ درست۔ مضبوط۔ جو چیز سیدھی کھڑی ہو۔
Müstekreh	مُستکرہ	ع	نفرت کیا گیا۔ کراہیت کیا گیا۔ جسے دیکھ کر کراہیت ہو۔ کراہیت۔	مکروہ۔ ناخوش۔ کسی چیز کو برا جاننے والا۔
Müstelzim	مُستلزِم	ع	ضرورت ہونے والا۔ ملوث ہونے والا۔ مفہوم یا مراد ہونے والا۔	لازم پکڑنے والا۔ کوئی کام اپنے اوپر ذمہ کرنے والا۔
Müstemi	مُستمع	ع	سننے والا۔ زبانی ہدایت سے سیکھنے والا۔	سننے والا۔
Müstemir	مُستمِر / مُستمِرہ	ع	رواں۔ ناشکست۔ جو ٹوٹا نہ ہو۔ مضبوط۔ ٹھوس۔ پورا۔	رواں۔ استوار۔ مضبوط۔ پائیدار۔ مستقل۔ ہمیشہ رہنے والا۔ دائم۔ پیوستہ۔
Müstemlekat	مُستملکات	ع	Müstemleke کی جمع۔ نوآبادیات۔	جمع مستملک کی۔ نوآبادیات۔
Müstemleke	مُستملک	ع	نوآبادی۔ کالونی۔	نوآبادی۔ کالونی۔
Müstenbat	مُستنبط	ع	نتیجہ نکالا ہوا۔ تمام حقائق سے اخذ کیا گیا۔	اخذ کیا گیا۔ چنا گیا۔ چھانا گیا۔
Müstenid/ Müstenit	مُستند	ع	بھروسہ کرنے والا۔ تکیہ کرنے والا۔ آدھارت۔ ٹکا ہوا۔ اعتبار کرنے والا۔	کسی چیز سے پیٹھ لگا کر بیٹھنے والا۔ پناہ ڈھونڈنے والا۔
Müsteskî	مُستقی	ع	جلندھری۔ جسے استسقی کا مرض ہو۔	مرض جلندر کا بیمار۔ جو پانی طلب کرے۔
Müstesna	مُستثنیٰ	ع	الگ کیا ہوا۔ چھوڑا گیا۔ نکالا گیا۔ غیر معمولی۔ واجب الترک۔ خاص۔	باہر کیا ہوا۔ جدا کیا ہوا۔ الگ کیا ہوا۔ چنا گیا۔ ماسوا۔ بجز۔ وہ شخص یا چیز جسے الگ کر دیا گیا ہو۔ استثنا کیا گیا۔ الا۔ اصطلاح نحو میں وہ اسم جو حرف استثنا کے بعد واقع ہوا ہو۔
Müsteşar	مُستشار	ع	صلاح کار۔ کونسلر۔ مملکت کا سکریٹری۔ سکریٹری آف اسٹیٹ۔ وزیر وایلچی سے چھوٹا افسر۔	صلاح کار۔ وہ شخص جس سے صلاح و مشورہ کیا جائے۔
Müsteşrik	مُستشرق	ع	علوم شرقیات کا عالم۔	مشرقی زبانوں اور علوم کا ماہر۔
Müstetab	مُستطاب	ع	منظور شدہ۔ قبول کردہ۔ مرغوب۔ خوش آئند۔ خوش۔ دل پسند۔ خوشگوار۔	خوش۔ بامزہ۔ لذیذ۔ پاک۔ اچھا۔ عمدہ۔ خوب۔ مبارک۔ سعید۔ نیک۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Müstetir	مُستتِر	ع	ڈھکی ہوئی۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔	پنہاں۔ پوشیدہ۔ پردہ میں ہونے والا۔ چھپنے والا۔
Müstevdi	مُستودِع	ع	امانت رکھنے والا۔ جمع کرنے والا۔ امانت خانہ کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔	امانت پر نگرانی رکھنے والا۔ امانت کا نگراں۔
Müstevi	مُستوی	ع	ہموار۔ ایکسار۔ ہموار سطح (جیومیٹری میں)	ہموار۔ برابر۔
Müstevli	مُستولی	ع	حملہ آور۔ غالب۔ زور آور۔ متعدی عام وبا۔	غالب۔ زور آور۔ غلبہ پانے والا۔ غلبہ کرنے والا۔ چھا جانے والا۔ قابو پانے والا۔
Müstezad/ Müstezat	مُستزاد	ع	زیادہ کیا گیا۔ بڑھایا گیا۔ اضافہ کیا گیا۔ تتمہ کیا گیا۔ جوڑا گیا۔ نظم جس کے ہر نصف بیت کے ساتھ ایک شعری تتمہ لگا ہو۔	زیادہ کیا گیا۔ بڑھایا گیا۔ افزوں۔ زیادہ کیا گیا۔ عروض میں وہ غزل جس کے ہر مصرعہ یا شعر کے بعد ایسا ٹکڑا زائد لگا ہو جو اسی مصرعے کے رکن اوّل اور رکن آخر کے برابر ہو۔
Müsavedde	مُسوّدہ	ع	خاکہ۔ مسودہ۔ ڈرافٹ۔ رَف کاپی۔	سیاہ۔ مجازاً نوشتہ۔ لکھا ہوا۔ وہ تحریر جو سرسری طور پر لکھی جائے اور جسے صاف اور صحیح کرنے کی ضرورت ہو۔ وہ تحریر جو بطور خاکہ لکھی گئی ہو۔ منصوبہ۔ مدعا۔ مطلب۔
Müsyü	موسیو	فرانسیسی	موسیو۔ جناب۔ شریمان جی۔ مسٹر۔	جناب۔ مسٹر۔ شریمان جی۔
Müşaara/ Muşaare	مُشاعرہ	ع	مشاعرہ۔ شعروں کا کہنا اور ایک دوسرے کو سنانا۔ شاعرانہ مقابلہ۔	باہم جمع کر شعر پڑھنا اور لوگوں کو سنانا۔ شاعروں کا جمع ہو کر شعر خوانی کرنا۔
Müşabehet	مُشابہت	ع	تمثیل۔ تشبیہ۔ مطابقت۔ مشابہت۔	مطابقت۔ مشابہت۔ شبیہ۔ تشبیہ۔ مانند ہونا۔
Müşabih	مُشابِہ	ع	مانند۔ مثل۔ ملتا جلتا۔	مانند۔ مثل۔ نظیر۔ ہم شکل۔ مطابق۔ یکساں۔
Müşahede	مُشاہَدہ	ع	دیکھنا۔ غور کرنا۔ نظارہ۔ درشن۔ عینی تجربہ۔ (ڈاکٹری یا طب میں) معائنہ۔	دیکھنا۔ معائنہ۔ دید۔ صوفیوں کی اصطلاح میں انوار الٰہی کا مظاہرہ۔
Müşahedat	مُشاہَدات	ع	مشاہدے۔ ملاحظات۔ دیکھی گئی چیزیں۔	جمع مشاہدہ کی۔
Müşahhas	مُشخّص	ع	انسان ظاہر کیا گیا۔ کسی شخص کو علامت یا نشان سے ظاہر کیا گیا۔ بے جان چیز کو جان دار ظاہر کیا گیا۔ شناخت کیا گیا۔ ٹھوس۔ Müccered کی ضد۔	جانچا گیا۔ تخمینہ کیا گیا۔ اندازہ کیا گیا۔ تجویز کیا گیا۔ تشخیص کیا گیا۔
Müşahid/ Müşahit	مُشاہِد	ع	غور سے دیکھنے والا۔ مشاہدہ کرنے والا۔ آبزرور۔	دیکھنے والا۔ مشاہدہ کرنے والا۔
Müsareket	مُشارکت	ع	شرکت۔ حصہ داری۔ انجمن۔ فعل کی دو طرفہ شکل۔	حصہ داری۔ باہم شرکت کرنا۔
Müşarileyh/ Müşarünileyh	مُشارٌ الیہ	ع	متذکرہ بالا۔ مذکورہ۔	وہ جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔ جس کا اشارہ اوپر آ چکا ہو۔ مذکور الصدر۔
Müsateme	مُشاتمت	ع	آپس میں ایک دوسرے کو گالیاں دینا۔	آپس میں ایک دوسرے کو گالیاں دینا۔ گالی گلوچ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Müşavere	مشاورت	ع	صلح مشورہ۔ باہمی مشورہ کے لیے نشست۔غورخوض۔	باہم مشورہ۔مسکوٹ۔باہمی مصلحت کرنا۔مشورت کرنا۔
Müşavir	مُشاوِر	ع	مشورہ کرنے والا یا جس سے مشورہ لیا جائے۔کونسلر۔مشورہ یارائے دینے والا۔ ڈاکٹر کنسلٹینٹ۔	مشورہ کرنے والا۔
Müşebbeh	مُشَبَّہ	ع	مقابلہ کیا گیا۔مقابلہ کی چیز۔وہ چیز جس کا تشبیہ میں مقابلہ کیا جائے۔	تشبیہ دیا گیا۔مثال دیا گیا۔نظیر دیا گیا۔وہ چیز جسے دوسری چیز سے تشبیہ دی جائے۔
Müşebbek	مُشَبَّک	ع	جالی دار۔	جال۔جالی۔جالی دار۔وہ شے جس میں سوراخ ہوں۔
Müşedded	مُشَدَّد	ع	مضبوط کیا گیا۔تشدد میں اضافہ کیا گیا۔وہ حرف صحیح جس کی طاقت دوگنی کر دی گئی ہو۔	سخت کیا ہوا۔مضبوط کیا گیا۔وہ حرف جو تشدید کے ساتھ پڑھا جائے یا جس پر تشدید ہو۔تشدید دیا گیا۔دودفعہ پڑھا جانے والا۔
Müşekkel	مُشَکَّل	ع	عظیم۔وسیع۔کلاں۔رعب دار شکل۔	صورت دیا گیا۔شکل دیا گیا۔مجسم۔
Müşserref	مُشَرَّف	ع	شان والا۔مرتبہ والا۔عزت دیا گیا۔	عزت بخشا گیا۔شرف دیا گیا۔عزت بخشا گیا۔معزز۔
Müşerrih	مُشَرِّح	ع	بدن کی تشریح کے علم کا ماہر۔ اَنگ ودّیا گنی۔مفسّر۔تشریح کر کے بیان کرنے والا۔کمینٹیٹر۔	کھول کھول کر بیان کرنے والا۔
Müşevves	مُشَوَّس	ع	منتشر۔گھبرایا ہوا۔ پریشان۔ مذبذب۔ غیر مستقل مزاج والا۔	مضطرب۔پریشان۔حیران۔گھبرایا ہوا۔پریشان کیا گیا۔تشویش میں ڈالا گیا۔
Müşşevvik	مُشَوِّق	ع	ورغلانے والا۔ ہمت بڑھانے والا۔ ترغیب دینے والا۔بہکانے والا۔	شوق دلانے والا۔
Müşfik	مُشفِق	ع	پُر رحم۔رحم دل۔دردمند۔	شفقت کرنے والا۔مہربان۔دوست۔شفیق۔مہربانی کرنے والا۔
Müş'ir	مُشعِر	ع	دکھانے والا۔ ظاہر کرنے والا۔ بتانے کا نشان۔فہرست مضامین۔نشان۔انڈیکس۔	خبر دینے والا۔جتانے والا۔ظاہر کرنے والا۔اطلاع دینے والا۔
Müşkül	مُشکِل	ع	مشکل۔ دشوار۔ سخت۔ دقت طلب۔ شبہہ۔دشواری۔	کٹھن۔دشوار۔سخت۔پیچیدہ۔الجھا ہوا۔دشواری۔مصیبت۔دقت۔سختی۔
Müşkülât	مُشکِلات	ع	جمع Müşkül کی۔دقتیں۔دشواریاں۔ سختیاں۔کٹھنائیاں۔مشکلیں۔	دشواریاں۔کٹھنائیاں۔سختیاں۔پیچیدگیاں۔الجھاؤ۔مصیبتیں۔
Müşrif	مُشرِف	ع	اوپر سے دیکھنے والا۔نگرانی کرنے والا۔ نگراں۔اوپر سے لٹکنے والا۔قریب۔کسی امر کے قریب ہونا۔	بلند جگہ۔اونچا مقام۔بلند ہونے والا۔اونچائی پر چڑھنے والا۔ خبردار۔نگراں۔صدر۔محرر۔میرمنشی۔خزانہ کا عہدیدار۔قریب ہونا کسی امر کے خواہ بد ہو یا نیک۔نزدیک۔
Müşrik	مُشرِک	ع	کافر۔بہت سے خداؤں میں یقین رکھنے والا۔بُت پرست۔	شریک کرنے والا۔وہ شخص جو خدا کے ساتھ کسی کو شریک کرے۔ بُت پرست۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Müşrikin	مُشرکین	ع	جمع Müşrik کی۔ وہ لوگ جو خدا کی وحدت میں یقین نہیں رکھتے۔	جمع مشرک کی۔ خدا کے ساتھ کسی اور کو شریک کرنے والا۔
Müştagil	مُشتغِل	ع	مشغول۔ مصروف۔	مشغول ہونے والا۔ مصروف۔
Müştail/ Müşteil	مُشتعِل	ع	جلد جل اٹھنے والا۔ آتش گیر۔ جلد آگ پکڑنے والا۔	بھڑکنے والا۔ شعلہ زن۔ غصہ ور۔
Müştak	مُشتق	ع	کسی دوسری چیز سے نکالا ہوا۔ اخذ کیا ہوا۔ حاصل کیا ہوا۔ مشتق لفظ۔	ایک لفظ سے دوسرا لفظ بنایا ہوا۔
Müştehi	مُشتہی	ع	اشتہار رکھنے والا۔ کسی چیز کی خواہش کرنے والا۔ آرزومند۔	خواہش کرنے والا۔ رغبت کرنے والا۔ آرزومند۔ اشتہا پیدا کرنے والا۔ بھوک لگانے والا۔
Müştehir	مُشتہِر	ع	نامور۔ نامی۔ مشہور۔	شہرت دینے والا۔ اشتہار دینے والا۔ مشہور کرنے والا۔
Müştemil	مُشتمِل	ع	اندر ہونے والا۔ شامل ہونے والا۔ ملانے والا۔ شامل۔ سمانے والا۔	شامل ہونے والا۔ محیط ہونے والا۔ اوپر چھا جانے والا۔ شریک۔ شامل۔ مشمول۔ مشترک۔
Müşterek	مُشترک	ع	ساجھی۔ پارٹنر۔ شریک۔ شریک کی حیثیت سے۔ ساتھ ساتھ۔ مشترک۔ مجموعی۔	شریک۔ شرکت کرنے والا۔ وہ لفظ جس کے کئی معنی ہوں۔
Müşteri Müşteri	مُشتری	ع	گراہک۔ خریدار۔ موکل۔ نام ایک سیارہ کا جو سورج کے چاروں طرف گھومتا ہے۔ سیارہ مشتری۔	خریدار۔ مول لینے والا۔ ایک سیارہ کا نام۔ رانگ کی قلعی۔ رانگہ۔ سیارہ مشتری۔
Müt'a	مُتعہ	ع	شیعوں میں عارضی شادی۔	شیعوں میں تھوڑی مدت کی یا عارضی شادی۔
	متع	ع	فائدہ۔ حصول۔ یافت۔	کسی چیز سے فائدہ حاصل کرنا۔
Mütabaat	مُتابعت	ع	اطاعت۔ فرمانبرداری۔ بجا آوری۔ مطابقت۔ موافقت۔ تقلید کرنا۔	تابعداری۔ اطاعت۔
Mütalâa	مُطالعہ	ع	پڑھنا۔ مطالعہ کرنا۔ مشاہدہ۔ غور سے دیکھنا۔ رائے۔ بیان۔ ٹیکاٹپڑی۔	غور۔ توجہ۔ دھیان۔ کسی چیز کو اس سے واقفیت پیدا کرنے کی غرض سے دیکھنا۔ کتب بینی۔
Müteaccib/ Mütaaccip	مُتعجب	ع	حیران۔ تعجب میں۔	تعجب کرنے والا۔ حیران۔ متحیر۔ دنگ۔ ششدر۔
Mütaadi/ Müteaddi	مُتعدّی	ع	پیش قدمی کرنے والا۔ حملہ آور۔ حملہ کرنے والا۔ (قواعد) ایسے فعل کو ظاہر کرنے والا جس کا مفعول براہ راست یا ڈائریکٹ ہو۔	حد سے آگے بڑھنے والا۔ طب میں وہ مرض جو ایک سے دوسرے کو لگے۔ نحو میں وہ فعل جو مفعول کو چاہے۔ اڑ کر لگنے والی بیماری۔
Mütaaddid/ Müteaddit	مُتعدّد	ع	بہت۔ کثیر۔ بہت زیادہ۔	بہتیرے۔ کثیر۔ بہت۔ گنے ہوئے۔ گنتی کے۔ تھوڑے۔ چند مختلف۔ جدا جدا۔ متفرق۔
Müteaffin	مُتعفّن	ع	بدبودار۔ سڑا ہوا۔ گندا۔ فاسد۔ تعفن سے بھرا۔	سڑا ہوا۔ بدبودار۔ بسا ہوا۔ تعفن سے بھرا ہوا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Mütaahhit/ Müteahhid	مُتَعَہِّد	ع	ٹھیکیدار۔ دوسرے کے لیے کام کی ذمہ داری لینے والا۔ رسدیا خوراک بہم پہنچانے والا۔	عہد کرنے والا۔ جس سے عہد کیا ہو۔ ذمہ دار۔ کام میں مشغول۔ ہم عصر۔ ایک زمانے کے ٹھیکیدار۔ مستاجر۔
Müteahhir	مُتَاَخِّر	ع	بعد کے جدید۔ سب سے آخر۔ موخر۔	پچھلا۔ آخر میں آنے والا۔
Müteahhirin	مُتَاَخِّرِین	ع	جمع Müteahhir کی۔ جدید لوگ۔ ماڈرن لوگ۔ (واحد کے صیغہ میں) ماڈرن شخص۔ جدید آدمی۔	پیچھے آنے والے۔ آخیر زمانے والے۔
Müteakıb/ Mütaakıp	مُتَعَاقِب	ع	پیچھے سے آنے والا۔ بعد میں۔ لگا تار۔ متواتر۔ پچھلا۔	تعاقب کرنے والا۔ ایک دوسرے کے پیچھے دوڑنے والا۔ پیچھے آنے والا۔
Müteakkıd	مُتَعَاقِد	ع	راضی۔ رضامند۔	عہد وپیمان کرنے والا۔
Mütaallik/ Müteallik	مُتَعَلِّق	ع	کسی پر منحصر۔ تعلق رکھنے والا۔ جڑا ہوا۔ تعلق میں۔	لگاؤ رکھنے والا۔ تعلق رکھنے والا۔ تابع۔ شامل۔ منسلک۔ قرابتی۔ رشتہ دار۔ وابستہ۔ مشمول۔ ماتحت۔ متعلقین۔
Müteannid	مُتَعَنِّد	ع	ضدی۔	عناد رکھنے والا۔ بدخواہ۔ دشمنی رکھنے والا۔ دشمن۔
Mütearife	مُتَعَارِفَہ	ع	علم۔ امر بدیہی۔ قول۔	مشہور۔ معروف۔ ظاہر۔ قابل تسلیم۔ بدیہہ۔ جو قابل اعتراض نہ ہو۔
Mütaarrız/ Mütearrız	مُتَعَارِض	ع	حملہ کرنے والا۔ حملہ آور۔ ٹکرانے والا۔ مسلط ہونے والا۔ جھگڑا کرنے والا۔	ایک دوسرے کے سامنے آنے والا۔ ایک دوسرے کے برخلاف۔
Müteassir	مُتَعَسِّر	ع	دشوار۔ مشکل۔ کٹھن۔	دشوار۔ کٹھن۔
Müteayyin	مُتَعَیِّن	ع	مقرر کیا ہوا۔ تعین کیا ہوا۔ ملقب کیا ہوا۔ موسوم کیا ہوا۔ نامور۔ ممتاز۔ مشہور۔	تعین کیا ہوا۔ مقرر کیا ہوا۔ کسی کام پر لگایا ہوا۔
Mütebadil	مُتَبَادِل	ع	ایک دوسرے کی جگہ لینا۔ جن کا آپس میں تبادلہ کیا جا سکے۔ یکے بعد دیگرے۔ باری باری سے۔	بدلنے والا۔ باری سے کام کرنے یا آنے والا۔
Mütebahhir	مُتَبَحِّر	ع	عالم۔ فاضل۔ بہت بڑا عالم۔	علم کا دریا۔ بہت بڑا عالم۔
Mütebayin	مُتَبَائِن	ع	مختلف۔ جدا۔ مقابل نہ لحاظ اختلاف جس میں کوئی چیز مشترک نہ ہو۔ سمجھ کے اختلاف سے ایک دوسرے سے اتفاق نہ کرن والا۔	آپس میں جدا ہونے والا۔ ایسے دو مخالف جو ایک دوسرے پر صادق نہ آسکیں۔
Mütebeddil	مُتَبَدِّل	ع	بدلا گیا۔ تبدیل کیا ہوا۔	بدلا ہوا۔ تبدیل شدہ۔
Mütebessim	مُتَبَسِّم	ع	مسکرانے والا۔	مسکرانے والا۔ شگفتہ۔ کھلا ہوا۔
Mütecahil	مُتَجَاہِل	ع	جو جان بوجھ کر جاہل بنتا ہے۔ جان بوجھ کر جاہل ہونے والا۔	جان بوجھ کر جاہل ہونے والا۔ دانستہ انجان بننے والا۔
Mütecanis	مُتَجَانِس	ع	ایک ہی جنس کا ہم جنس۔ ہم قسم۔	ہم جنس ہونے والا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Mütecaviz	مُتَجاوِز	ع	حد سے بڑھنے والا۔ حد سے تجاوز کرنے والا۔ حکم عدولی کرنے والا۔ حملہ آور۔ نہایت مغرور۔	اپنی حد سے گذرنے والا۔ اپنی حد سے بڑھنے والا۔
Mütecelli	مُتَجَلّی	ع	ظاہر ہونے والا۔ عیاں۔ ظاہر۔ اپنے آپ کو ظاہر کرنا۔ عیاں ہونا۔	روشن۔ آشکارا۔ چمکدار۔ روشن ہونے والا۔
Mütecessis	مُتَجَسِّس	ع	متلاشی۔ راز جو۔ شوقین تحقیقات۔	تجسس کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔ تلاش کرنے والا۔
Mütedavil	مُتَداوِل رمُتَداولہ	ع	مروّج۔ عام استعمال کی۔	ہاتھوں میں پھری ہوئی چیز۔ جو چیز دست بدست پھری ہو۔ نوبت بہ نوبت۔ ہاتھوں ہاتھ لی ہوئی چیز۔ مروّج۔
Mütedeyyin	مُتَدَیِّن	ع	مذہبی۔ دیندار۔	دیندار۔ پابند صلوٰۃ صوم وصلوٰۃ۔
Müteellim	مُتالِّم	ع	رنجیدہ۔ تکلیف اٹھانے والا۔	الم پایا ہوا۔ جسے رنج پہنچا ہو۔ رنجیدہ۔
Müteessif	مُتاسِّف	ع	افسوس کرنے والا۔ رنج کرنے والا۔ دلگیر۔ غم آلودہ۔ رنجیدہ۔	افسوس کرنے والا۔ رنجیدہ۔
Müteesir	مُتاثِّر	ع	تکلیف پہنچا ہوا۔ اثر کیا ہوا۔ اثر انداز۔	اثر قبول کرنے والا۔ موثر۔ کارگر۔ دل سوز۔ جگر سوز۔ رقت آمیز۔
Müteezi	مُتاذّی	ع	ستایا ہوا۔ اذیت دیا ہوا۔ ظلم کیا ہوا۔	تکلیف پانے والا۔ اذیت پانے والا۔
Mütefavit	مُتفاوِت	ع	مختلف۔ برعکس۔ ناموافق۔	فرق رکھنے والا۔ مخالف۔ متضاد۔ ایک دوسرے سے دور ہونے والا۔
Mütefekkir	مُتفکِّر	ع	فکر مند۔ پراندیش۔ متفکر۔	فکر مند۔ جس کو فکر ہو۔ رنجیدہ۔ اُداس۔ مغموم۔
Mütefennin	مُتفنِّن	ع	سائنس اور آرٹ میں ماہر۔ سائنٹسٹ۔	ذوفنون۔ مختلف فن جاننے والا۔ عیار۔ فن فریب جاننے والا۔ فطرتی۔ حیلہ باز۔ چھلیا۔ فریبی۔ دغاباز۔ چالاک۔
Müteferri	مُتفرِّع	ع	جس کی شاخیں یا حصے ہوں۔ اخذ کیا گیا۔ جز یا اصل بتایا گیا۔ نتیجہ نکالا گیا۔	کسی چیز سے مثل شاخ کے باہر نکلنے والا۔ شاخ ہونے والا۔
Müteferriyat	مُتفرِّعیات	ع	شاخیں۔ انکر۔ حصے۔ شاخیں در شاخیں۔ مشتق۔	کسی چیز سے اس کی شاخوں کی طرح نکلنے والے۔
Müteferrid	مُتفرِّد	ع	علاحدہ۔ اکیلا۔ تنہا۔ یگانہ۔	اکیلا۔ تنہا۔ یگانہ۔
Müteferrik	مُتفرِّق	ع	مختلف۔ طرح طرح کے۔ علاحدہ کیا گیا۔ منتشر کیا گیا۔ منتشر۔ تتر بتر کیا گیا۔	علاحدہ۔ جدا جدا۔ الگ الگ۔ پراگندہ۔ منتشر۔
Müteferrika	مُتفرِّقات	ع	مختلف اخراجات کے لیے رقم۔ معمولی کیش یا رقم۔ متفرق چیزیں۔ تھانہ کا وہ شعبہ جو چھوٹے جرائم والے کیسوں سے متعلق ہو۔	متفرقہ کی جمع۔ مختلف چیزیں۔ حساب کی مختلف رقمیں۔ زمین کے وہ جدا جدا اور مختلف حصے جو ایک گاؤں یا املاک میں شامل ہوں۔
Mütegayyir	مُتغیِّر	ع	بدلا ہوا۔ بگاڑا ہوا۔	متبدل۔ تبدیل ہونے والا۔ تغیر پذیر۔ قابل تغیر۔ غیر مستقل۔ بے ثبات۔
Mütehaccir	مُتحجِّر	ع	پتھر بنا ہوا۔ بے حواس۔ سخت کیا ہوا۔	سخت۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Mütehakkim	متحکّم	ع	خودمختار۔ ظالم۔ ظلم سے حکومت کرنے والا۔	حکومت کرنے والا۔ شہنشاہ۔
Mütehalif	متخالف	ع	مختلف۔ ایک دوسرے کے متضاد۔ مختلف۔ گوناگوں۔	آپس میں مخالفت کرنے والا۔ ایک دوسرے کے مخالف۔
Mütehalli	متحلّی	ع	آراستہ کیا گیا۔ سجایا گیا۔ آراستہ۔ سنوارا گیا۔	پہننے والا زیور۔ زیور سے آراستہ۔ آراستہ ہونے والا۔
Mütehammil	متحمّل	ع	سہارا دینے والا۔ برداشت کرنے والا۔ لائق۔ قابل۔	برداشت کرنے والا۔ سہنے والا۔ تحمل کرنے والا۔ مستقل مزاج۔ صابر۔
Müteharrik	متحرّک	ع	حرکت کرنے والا۔ جو حرکت کر سکے۔ قابل حرکت جو چل پھر سکے۔ اٹھا لے جانے کے قابل۔	حرکت کرنے والا۔ جاری۔ رواں۔ نحو میں وہ حرف جس پر حرکت زیر و زبر یا پیش ہو۔
Mütehassıs	متخصّص	ع	اسپیشلسٹ۔	خصوصیت رکھنے والا۔
Mütehayyil	متخیّل	ع	قیاسی۔ وہمی۔ خیالی۔ خیال کرنے والا۔	خیال میں لانے والا۔ خیال کرنے والا۔
Mütehayyir	متحیّر	ع	حیران۔ ہڑبڑایا ہوا۔ بھونچکا۔ گھبرایا۔	حیران۔ بھونچکا۔ برگشتہ۔
Mütekabil	متقابل	ع	ایک دوسرے کے مقابلہ میں۔ باہمی دوطرفہ۔ آپسی۔	مقابلہ کرنے والا۔ حریف۔ آمنے سامنے۔
Mütekaddim	متقدّم	ع	پہلے کا۔ پہلا۔ سابقہ۔ پرانا۔ قدیم۔ پہلے ہونے والا۔	پہلے زمانہ کا۔ اگلا۔ سابق۔ پُرانا۔
Mütekaddi-min	متقدّمین	ع	Mütekaddim کی جمع۔ پُرانوں میں۔ پرانے لوگ۔	متقدم کی جمع۔ اگلے زمانہ کے۔ سابقین۔
Mütekaid/ Mütekait	متقاعد	ع	پنشن پر ریٹائر شدہ۔ پنشن پانے والا۔	ملازمت سے سبکدوش ہو کر بیٹھنے والا۔ کام چھوڑ کر بیٹھنے والا۔ ڈھیل کرنے والا۔ سبکدوش۔
Mütekarib	متقارب	ع	ایک دوسرے کے نزدیک آنا۔ ہم مرکز۔	نزدیک ہونے والا۔ ایک دوسرے کے نزدیک پیوستہ۔ عروض میں ایک بحر کا نام۔
Mütekarrib	متقرّب	ع	پہنچ کی کوشش کرنے والا۔ نزدیک آنے والا۔ نزدیکی۔	نزدیکی ڈھونڈنے والا۔ نزدیک ہونے والا۔
Mütekâsif	متکاثف	ع	گاڑھا۔ موٹا۔ منجمد کیا ہوا۔ ایک مرکز پر لایا ہوا۔ اکٹھا کیا گیا۔	گاڑھا۔ موٹا۔ دلدار۔
Mütekatı	متقاطع	ع	ایک دوسرے کو کاٹنے والا۔ بانٹنے والا۔ حصے کرنے والا۔	ایک دوسرے کو کاٹنے والا۔
Mütekebbir	متکبّر	ع	گھمنڈی۔ مغرور۔ ضدی۔	مغرور۔ تکبر والا۔
Mütekeffil	متکفّل	ع	ضامن۔ ضمانت کرنے والا۔ ذمہ دار۔ گارنٹی کرنے والا۔	ضامن۔ کفیل۔ ذمہ دار۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Mütekellim	مُتکلّم	ع	بولنے والا۔ اسپیکر۔ پہلا شخص (قواعد میں)	بولنے والا۔ کلام کرنے والا۔ بات کرنے والا۔ علم کلام جاننے والا۔
Mütelaşi	مُتلاشی	ع	گھبرایا ہوا۔ ہڑبڑایا ہوا۔	تلاش کرنے والا۔ ڈھونڈنے والا۔ کھوجی۔ گرداں۔ پریشاں۔ خراب وخستہ۔ معدوم۔ ترکی لفظ تلاش سے عربی طریقہ پر اسم فاعل بنایا گیا ہے۔
Mütelâtım	مُتلاطِم	ع	لہروں کا ایک دوسرے سے ٹکرانا۔ سمندر جس میں طوفان آیا ہو۔	تلاطم برپا کرنے والا۔ تھپیڑے مارنے والا۔ موجزن۔ طوفانی۔
Mütelehhif	مُتلہِّف	ع	آہیں بھرنے والا۔ افسوس کرنے والا۔ آہ وبکا کرنے والا۔	اندوہگیں۔ افسوس کرنے والا۔
Mütelvvin	مُتلوِّن	ع	مختلف رنگوں کا۔ تلون مزاج۔ بوالہوس۔	رنگ برنگا۔ رنگ ہونے والا۔ غیر مستقل مزاج۔ جس کے مزاج میں استقلال نہ ہو۔
Mütelezziz	مُتلذِّذ	ع	لذت اٹھانے والا۔ ذائقہ کا مزہ لینے والا۔ خوش ذائقہ۔	لذت اٹھانے والا۔ مزہ چکھنے والا۔ لطف اٹھانے والا۔
Mütemadi	مُتمادی	ع	سلسلہ وار جاری۔ جاری رہنے والا۔	دراز۔ لمبا۔ طولانی۔ طویل۔ انتہا کو پہنچنے والا۔
Mütemayil	مُتمائل	ع	جھکا ہوا۔ مائل۔ راغب۔ میل رکھنے والا۔ اعتبار کرنے والا۔	میل اور خوش کرنے والا۔ جھکنے والا۔
Mütmeddin	مُتمدِّن	ع	تہذیب یافتہ۔	بسنے والا۔ مہذب۔
Mütemekkin	مُتمکِّن	ع	ایک جگہ آباد ہوا۔ ایک جگہ مستقل ہوا۔ قائم کیا گیا۔ قائم۔	قائم۔ جاگزیں۔ جگہ پکڑنے والا۔ قرار پانے والا۔
Mütmennâ	مُتمنّیٰ	ع	خواہش کیا ہوا۔ چاہا گیا۔ طلب کیا گیا۔ خواہش۔ آرزو۔ درخواست۔	آرزو کیا ہوا۔ تمنا کیا گیا۔
Mütmerrid/ Mütmerrit	مُتمرِّد	ع	ضدی۔ سرکش۔ نافرمان۔	سرکش۔ نافرمان۔ باغی۔ بپھرا ہوا۔
Mütemevvic	مُتموِّج	ع	لہریں مارنے والا۔ سمندر جس میں طوفان آیا ہوا۔ تموج کرنے والا۔ گھٹنے بڑھنے والا۔	موجیں مارنے والا۔ تموج کرنے والا۔ لہریں مارنے والا۔
Mütemmim	مُتمِّم	ع	مکمل کرنے والا۔ کامل کرنے والا۔ کمال حاصل کرنے والا۔ زائد۔ ترمیمی۔	تمام کرنے والا۔ کامل کرنے والا۔ پورا کرنے والا۔ ختم کرنے والا۔
Mütenahi	مُتناہی	ع	کسی حد تک پہنچنے والا۔ ختم ہونے والا۔ محدود۔	انتہا کو پہنچنے والا۔
Mütena'im	مُتنعِّم	ع	چین وآرام سے رہنے والا۔ آسائش سے رہنے والا۔ جس پر کرم اور شفقت کی کثرت ہو۔	ناز ونعمت میں گزارہ کرنے والا۔ چین میں رہنے والا۔
Mütenakıs	مُتناقص	ع	کم ہونے اور گھٹنے والا۔ سکڑنے والا۔	نقص رکھنے والا۔ ناقص۔ ناتمام۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Mütenakiz	مُتَناقِض	ع	برعکس۔ مختلف۔ بالکل برخلاف۔	مخالف۔ برعکس۔ الٹا۔ خلاف۔
Mütenasib/ Mütenasip	مُتَناسِب	ع	تناسب سے۔ باقرینہ۔ معقول۔ سڈول طرح سے۔ برابر یا ٹھیک حصوں والا۔ مناسب حصوں میں تقسیم کیا گیا۔	تناسب رکھنے والا۔ نسب رکھنے والا۔
Mütenebbi	مُتَنَبّی	ع	نبوت کا دعویٰ کرنے والا۔ پیغمبری کا دعوئی کرنے والا۔	نبوت کا دعویٰ کرنے والا۔ جو نبی نہ ہو مگر بنتا ہو۔
Mütenebbih	مُتَنَبِّہ	ع	آگاہ کیا گیا۔ آگاہ۔ خبردار۔ کسی ناخوشگوار تجربہ کی بنا پر چوکس اور ہوشیار۔	تنبیہ کیا گیا۔ چوکس۔ ہوشیار۔ خبردار۔ آگاہ۔
Müteneffir	مُتَنَفِّر	ع	نفرت کرنے والا۔ کراہیت محسوس کرنے والا۔	نفرت کرنے والا۔ بیزار۔ کراہیت کرنے والا۔
Mütenevvi	مُتَنَوِّع رمُتَنَوِّعَہ	ع	مختلف اقسام کا۔ گونا گوں۔ مختلف۔	نوع بہ نوع۔ طرح طرح اور قسم قسم کا ہونے والا۔
Müteradif	مُتَرادِف	ع	ہم معنی۔	ہم ردیف۔ ہم معنی الفاظ۔ آگے پیچھے سوار ہونے والا۔
Müterakim	مُتَراکِم	ع	اکٹھا۔ اکٹھا کیا گیا۔ جمع کیا گیا۔ افزوں۔	باہم مل کر بیٹھنے والا۔ اکٹھا اور جمع ہونے والا۔ انبوہ اور ہجوم کرنے والا۔
Müterakki	مُتَرَقّی	ع	ترقی کرنے والا۔ پروگریسیو۔ بتدریج بڑھنے والا۔	افزوں اور زیادہ ہونے والا۔ ترقی کرنے والا۔
Müterrakkib	مُتَرَقِّب	ع	امید کرنے والا۔ توقع کرنے والا۔ انتظار کرنے والا۔ منتظر۔	انتظار کرنے والا۔ منتظر۔ امیدوار۔
Müterrassid	مُتَرَصِّد		راہ دیکھنے والا۔ انتظار کرنے والا۔ غور کرنے والا۔ دیکھنے والا۔	امیدوار۔ اُمید رکھنے والا۔ آس لگانے والا۔
Mütercem	مُتَرجَم	ع	دوسری زبان سے ترجمہ کیا گیا۔	ترجمہ کیا ہوا۔ ترجمہ کیا گیا۔
Müterecim	مُتَرجِم	ع	ترجمہ کرنے والا۔ ٹرانسلیٹر۔	ترجمہ کرنے والا۔
Mütereddid	مُتَرَدِّد	ع	جھجکنے والا۔ پس وپیش کرنے والا۔ جو کچھ طے نہ کر سکے۔ جو کوئی فیصلہ نہ لے سکے۔	تردد کرنے والا۔ پس وپیش کرنے والا۔ سوچ میں پڑ جانے والا۔ متفکر۔ فکر کرنے والا۔ آنے جانے والا۔ پریشان۔ مضطرب۔
Müterennim	مُتَرَنِّم	ع	گانے والا۔	گانے والا۔
Mütereşşih	مُتَرَشِّح	ع	پسیجتا ہوا۔ سوراخوں سے دھیرے دھیرے رستا ہوا۔	ترشح کرنے والا۔ ٹپکنے والا۔ تر واندہ۔
Müterettib	مُتَرَتِّب	ع	قاعدہ سے لگایا گیا۔ ترتیب دیا ہوا۔	ترتیب دینے والا۔
Mütesaddi	مُتَصَدِّی	ع	ہمت کرنے والا۔ کام کو شروع کرنے والا۔ جو ہمت کرتا ہے یا کام کو شروع کرتا ہے۔	آگے آنے والا۔ انتظار کرنے والا۔ دیوان۔ محاسب۔ خرچ نویس۔ محرر۔ کاتب۔ منشی۔ نائب گماشتہ۔ منتظم۔ ذمہ دار۔ کفیل۔ پیش کار۔ ہرکارہ۔ چپراسی۔
Mütesavi	مُتَساوِی	ع	ایک دوسرے کے برابر۔	باہم برابر۔ ایک دوسرے کے مساوی۔ برابر۔
Mütesellim	مُتَسَلِّم	ع	سپردگی لینے والا۔ (سابقہ) ڈپٹی لیفٹیننٹ گورنر یا ٹیکس کلکٹر۔	اکٹھا کرنے والا۔ لینے والا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Müteşabih	متشابہ	ع	ایک دوسرے سے ملتا جلتا۔ مانند۔ ایک جیسا۔	ہم شکل۔ ہم شبیہ۔ مشتبہ۔ مشکوک۔ جس کے معنی میں کچھ شبہ ہو۔ مشابہ ہونے والا۔ مانند۔ ہم صورت۔ یکساں۔ بھول۔ چوک۔ شبہ۔
Müteşair	متشاعر	ع	جو اپنے آپ کو شاعر ظاہر کرے۔ کچا شاعر۔ ادنیٰ قسم کا شاعر۔ وہ شخص جو حقیر قسم کے شعر لکھتا ہو۔	وہ شخص جو شاعر نہ ہو اور اپنے آپ کو شاعر ظاہر کرے۔
Müteşekki	متشکی	ع	شکایت کرنے والا۔	شکایت کرنے والا۔ جھگڑنے والا۔ شک کرنے والا۔
Müteşekkil	متشکل	ع	بنا ہوا۔ وقوع ہوا۔ میدان میں آیا ہوا۔ بنیاد رکھا ہوا۔ بنایا گیا۔	شکل اختیار کرنے والا۔ صورت قبول کرنے والا۔
Müteşekkir	متشکر	ع	Tesskür etmek یعنی شکریہ ادا کرنے کے معنوں میں Mutessekir olmak کی شکل میں استعمال کیا جاتا ہے۔	شکر ادا کرنے والا۔ شکر گزار۔
Müteşerri	متشرع	ع	مذہبی قانون کے مطابق ہونے والا۔ شرع کے مطابق شرعی قانون کا عالم۔ فقیہہ۔	شریعت پر عمل کرنے والا۔ پابند۔ شرع۔ پارسا۔ پرہیزگار۔
Mütevahhis	متوحش	ع	خوف زدہ۔ ڈرا ہوا۔ خوف دلایا ہوا۔	وحشت میں ڈالنے والا۔ وحشت میں پڑنے والا۔ غیر مانوس۔ نفرت کرنے والا۔ وحشت اختیار کرنے والا۔
Mütevakkif	متوقف	ع	ٹھہراؤ پر۔ خاموش کھڑا ہوا۔ منحصر۔ ماتحت۔	توقف کرنے والا۔ دیر لگانے والا۔ ٹھہرنے والا۔
Mütevali	متوالی	ع	لگاتار۔ سلسلہ وار۔ متسلسل۔ متواتر۔ یکے بعد دیگرے۔	لگاتار۔ پیہم۔ متواتر۔ لگاتار آنے والا۔
Mütevarid	متوارد	ع	وارد ہونے والا۔ پہنچنے والا۔	باہم ایک جگہ اترنے والا۔ ایک دوسرے کے بعد آنے والا۔ لگاتار۔
Mütevarıs	متوارث	ع	وارث پایا ہوا۔ ورثہ پایا ہوا۔ موروثی۔ پشتینی۔	باہر میراث پانے والا۔
Mütevassit	متوسط	ع	درمیانی۔ اوسط درجہ کا۔ میانہ۔	اوسط درجہ کا۔ درمیانی۔ بیچ کا۔ معمولی۔ رسمی۔ رواج۔
Mütevatir	متواتر	ع	منہ درمنہ پھیلائی گئی یا گئی مشہور کی گئی۔ مشہور۔ وہ سچائی جسے عام طور سے تسلیم کیا گیا ہو۔	ایک کے بعد ایک۔ یکے بعد دیگرے۔ لگاتار ہونے والا۔ سلسلے وار۔ مسلسل۔
Mütevattın	متوطن	ع	سکونت اختیار کرنے والا۔ باشندہ۔	رہنے والا۔ باشندہ۔ وطن اختیار کرنے والا۔ ساکن۔ مقیم۔
Mütevazı	متواضع	ع	حلیم۔ عاجز۔ باشعور۔ فروتن۔	تواضع کرنے والا۔ عاجزی کرنے والا۔ خاطر و مدارات کرنے والا۔ آؤ بھگت کرنے والا۔
Mütevazi	متوازی	ع	برابر فاصلہ پر۔ پہلو بہ پہلو۔ سامتر۔	برابر فاصلہ پر رہنے والا۔ وہ خط جو برابر فاصلہ پر ہوں اور دونوں پہلوؤں پر بڑھائے جانے کے باوجود آپس میں نہ مل سکیں اور برابر فاصلہ پر رہیں۔ پیریلل۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Müteveccih	متوجہ	ع	توجہ کرنے والا۔ مہربان۔ دھیان اور خیال کرنے والا۔	توجہ کرنے والا۔ دھیان اور خیال کرنے والا۔ راغب۔ مہربان۔ مخاطب نظر۔ عنایت کرنے والا۔
Müteveffa	متوفی / متوفیٰ	ع	مرحوم۔ وفات پایا ہوا۔ مرا ہوا۔	وفات پایا ہوا۔ مرا ہوا۔ جہاں سے گذرا ہوا۔
Mütevehhim	متوہم	ع	جس کو بے اصل خوف وشبہات ہوں۔ وہمی۔ وہم کرنے والا۔	وہم کرنے والا۔ وسواسی۔
Mütevekkil	متوکل	ع	خدا پر بھروسہ رکھنے والا۔ توکل کرنے والا۔ تسلیم ورضا اختیار کرنے والا۔	جو خدا میں بھروسہ رکھتا ہو۔ توکل کرنے والا۔ صابر۔
Mütevelli	متولی	ع	منتظم خاص طور سے کسی وقف یا ٹرسٹ کا۔	انتظام کرنے والا۔ منتظم۔ منصرم۔ کارکن۔ حکومت کرنے والا۔
Mütevellid/ Mütevellit	متولد	ع	پیدا ہوا۔ جنم ہوا۔ نتیجہ کے طور پر ہونے والا۔	پیدا ہونے والا۔ تولد ہونے والا۔
Müteverrim	متورم	ع	تپ دق کے مرض میں مبتلا۔ تپ دق۔ مدقوق۔	ورم کرنے والا۔ سوجنے والا۔ سوجا ہوا۔
Mütezad/ Mütezat	متضاد	ع	ایک دوسرے کے مخالف مقابلہ یا لحاظ کا۔ اختلاف۔ تفاوت۔	برعکس۔ اُلٹا۔ خلاف۔
Mütezaif	متضائف	ع	دوگنا کیا ہوا۔	باہم دیگر نسبت رکھنے والا۔
Mütezayid/ Mütetezayit	متزائد	ع	بڑھنے والا۔ افزوں ہونے والا۔	فزوں اور زائد ہونے والا۔
Mütezebzib	متذبذب	ع	بے قرار۔ مضطرب۔ ڈانواڈول۔ ڈگمگاتا ہوا۔ پریشان۔ بے چین۔ منتشر۔	تذبذب میں پڑنے والا۔ تردد میں پڑنے والا۔ لٹکا ہوا۔ غیر مستقل مزاج۔ ایک خیال پر قائم نہ رہنے والا۔
Mütezelzil	متزلزل	ع	لرزاں۔ جنبش کیا ہوا۔ ڈگمگایا ہوا۔	کانپنے والا۔ ڈگمگانے والا۔ جنبش کرنے والا۔ لرزاں۔
Mütakkî	متقی	ع	خدا سے ڈرنے والا۔ زاہد۔ دیندار۔ عابد۔	پرہیزگار۔ گناہوں سے بچنے والا۔ خلاف شرع کاموں سے پرہیز کرنے والا۔ خداترس۔
Müteffik	متفق	ع	ایک رائے۔ اتفاق کرنے والا۔ راضی۔ مددگار۔ شریک۔ رفیق۔	اتفاق کرنے والا۔ اتفاق رائے۔ ایک رائے۔ ہم رائے۔ موافق۔ رضامند۔ ہم خیال۔ ملا ہوا۔ شامل۔
Müteffik-ü-rrey	متفق الرائے	ع	اتفاق رائے سے۔ ایک رائے سے۔	ہم رائے۔ ہم صلاح۔ ہم مشورہ۔
Müttehem	متہم	ع	ملزم یا جس پر شبہ ہو۔ جو ملزم نظر آئے۔	جس پر تہمت لگائی گئی ہو۔
Müttehid/ Müttehit	متحد	ع	ملا ہوا۔ ایک رائے۔	اتحاد رکھنے والا۔ متفق۔ شامل۔ ملا ہوا۔
Müttehim	متہم	ع	الزام لگانے والا۔ تہمت لگانے والا۔ Müttehem کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔	تہمت لگانے والا۔
Müttekâ	متکا	ع	کوئی بھی چیز جس کا سہارا لیا جائے۔ گاؤ	تکیہ گاہ۔ سہارا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			تکیہ۔ مسند۔ سہارا۔ کُشن۔	
Müvacehe	مُواجِہ	ع	روبرو ہونا۔ آمنے سامنے ہونا۔	روبرو۔ سامنے۔ مقابل۔
Müvaneset	مُوانست	ع	بے تکلفی۔ انسیت۔ ربط۔	اُنس کرنا۔ دوستی۔
Müvekkil	مُوکّل	ع	کسی کو اپنا وکیل کرنے والا۔	وہ شخص جو وکیل مقرر کرے۔ وکیل کرنے والا۔ کام سپرد کرنے والا۔
Müvelled	مُولَّد	ع	پیدا ہوا۔ جما۔ دوغلا۔	نیا پیدا شدہ مجاز اوہ عجمی جس نے عرب میں پرورش پائی ہو۔ وہ عجمی لفظ جسے اہل عرب نے اپنے کلام میں استعمال کیا ہو۔ دوغلی۔
Müvellid/ Müvellit	مُولِّد	ع	پیدا کرنے والا۔ جننے والا۔ وہ جو پیدا کراتا ہے۔ مِڈوائف۔ دائی۔	جننے والا۔ پیدا کرنے والا۔
Müverrih	مُوَرِّخ	ع	تاریخ لکھنے والا۔ اتہاس لکھنے والا۔ واقعات کو ترتیب دینے والا۔	تاریخ لکھنے والا۔ تاریخ نگار۔
Müvezzi	مُوَزِّع	ع	تقسیم کرنے والا۔ اخبار بیچنے والا۔ ڈاکیہ۔ اخبار فروخت کرنے والا۔	تقسیم کرنے والا۔ پراگندہ کرنے والا۔ ڈاکیہ۔ ایلچی۔
Müyesser	مُیَسَّر	ع	آسان کیا گیا۔ سہل کیا گیا۔ خدا کی جانب سے مدد کیا گیا۔ ہونے کے قابل۔ ممکن۔	نصیب ہونا۔ آسان کیا گیا۔ وہ چیز جو آسانی سے مل سکے۔ موجود۔ نوالہ۔ دستیاب۔ حاصل۔
Müzeheret	مُظاہَرت	ع	مدد۔ سہارا۔ امداد۔	آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ دو کپڑے تلے اوپر پہننا۔ اپنی زوجہ کو ظہار کرنا یعنی اس طرح کہنا (اَنْتِ عَلَیَّ کَظَھْرِ اُمِّیْ) یعنی پیٹھ تیری مثل میری ماں کی پیٹھ ہے اور اس کہنے سے وہ زوجہ حرام ہوجاتی ہے جب تک کہ اس کا شوہر حسب طریقہ شرعی کفارہ نہ دے۔
Müzahir	مُظاہِر	ع	کسی کو مدد یا سہارا دینے والا۔	کسی کو مدد دینے والا۔ مظاہرہ کرنے والا۔
Müzakere	مُذاکرہ	ع	بات چیت۔ کاروبار۔ کام کے بارے میں بات چیت۔ سبق کو ایک دوسرے سے پوچھنا۔ کنسلٹ کرنا۔ معاہدہ کرنے سے قبل کسی چیز کو باریکی سے دیکھنا۔	آپس میں بات چیت۔ باہم ذکر کرنا۔ مباحثہ کرنا۔
Müzakerat	مُذاکرات	ع	جمع Müzakere کی۔ معاہدے۔ عہدو پیان (کاروبار یا کام کے موضوع پر) بات چیت۔ مشورہ جات۔	جمع مذاکرہ کی۔ مباحثے۔ باہم ذکر۔ آپسی معاملات پر بات چیت ومباحثے۔
Müzayaka	مضائقہ/مضایقت	ع	تنگی۔ سختی۔ مصیبت۔ مفلس۔ مشکل۔ دشواری۔	تنگی۔ دشواری۔ ایک دوسرے کو تنگ کرنا۔ حرج۔ قباحت۔ ڈر۔ خوف۔ پروا۔
Müzdahim	مُزدَحِم	ع	بھیڑ بھاڑ۔ انبوہ۔	ازدحام کرنے والا۔ انبوہ کرنے والا۔
Müzebzeb/ Müzebzep	مُذبذب	ع	انتہائی انتشار کی حالت میں۔ بے ضابطہ (انتظام) انتشار حواس یا خیال کی کیفیت میں۔	غیر مستقل مزاج۔ متردد۔ ڈانواڈول۔ وہ جس کا ارادہ مصمم نہ ہو۔ ایک خیال پر قائم نہ رہنے والا۔
Müzehheb	مُذہَّب	ع	سونا چڑھایا ہوا۔ ملمع کیا ہوا۔	سونا چڑھایا ہوا۔ سنہرا۔ سونے کا ملمع کیا ہوا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Müzehhib	مُذَہِّب	ع	سونا چڑھانے والا۔ ملمع کرنے والا۔ ملمع ساز۔	سونا چڑھانے والا۔ ملمع کرنے والا۔
Müzekker	مُذَکَّر	ع	مرد۔ نر۔	نر۔ مرد۔ مونث کی ضد۔ یاد دلایا ہوا۔ نصیحت کیا ہوا۔
Müzekkere	مُذَکَّرہ	ع	میمورنڈم۔ نوٹ۔ وارنٹ۔	نوٹ۔ یادداشت۔ مردانی عورت۔
Müzevvir	مُزَوِّر	ع	جھوٹا۔ شرارتی۔ دغاباز۔ چھلیا۔ ذلیل شخص۔	جھوٹا۔ مکروفریب کرنے والا۔ کسی چیز کو ٹھیک کرنے والا۔ بدمعاش۔ بدچلن۔ لچا۔ شہدا۔ زیارت کرنے والا۔
Müzeyyen	مُزَیَّن	ع	آراستہ کیا گیا۔ سجایا گیا۔ سجایا ہوا۔ آراستہ۔	زینت دیا گیا۔ سجایا ہوا۔ آراستہ۔ مکلف۔
Müzik	مُیُوزِک	ع	موسیقی۔	موسیقی۔
Müzmin	مُزمِن	ع	کہنہ۔ دیرینہ۔	دیرینہ۔ کہنہ۔ پرانا۔ لنگڑا۔ شل۔ اپاہج۔

■❖■

N/(n)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Na	نَا	فارسی/ ہندی	اُدھر۔لے۔ لے نا۔ یہ ادھر ہے۔ اس لیے۔	نہ۔نہیں۔حرف نفی جو اسم فاعل اور اسم مفعول وغیرہ کے ساتھ لگا دیا جاتا ہے جیسے نابالغ۔نامراد، ناامید وغیرہ۔ اثبات، نفی کی تاکید کے لیے جیسے بچہ ہے نا۔(اثبات)۔ نابابا ہمارا دور سے سلام ہے(نفی)۔ زائد حسن کلام کے لیے جیسے چلو نا، آؤنا۔ استفسار کے لیے جیسے آخر کو ہے نا۔
Na/Nâ	نَا	ف	نا۔نہیں۔فارسی حرفِ نفی مثلاً درست۔ سے نادرست۔	
Nabedid	نَاپدِید	ف	جو دکھائی نہ دے۔ جو غائب ہوگیا ہو۔ غائب۔	جو دکھائی نہ دے۔چھپا ہوا۔جو ظاہر نہ ہو۔مخفی۔پوشیدہ۔غائب۔
Nabekâr	نَابکَار	ف	بیکار۔بے فائدہ۔نکما۔	نکما۔بیکار۔بدذات۔نالائق۔شریر۔نازیبا۔خراب۔بیہودہ۔
Nabız	نَبض	ع	نبض۔ناڑی۔	ناڑی۔نبض۔کلائی کی رگ جو دھڑکتی ہے۔
Nabit	نَابِت	ع	اُگنے والا۔اُگتا پودے کی طرح۔	اُگنے والا۔اُگانے والا۔
Nabud	نَابُود	ف	جس کا وجود نہ ہو۔معدوم۔نیست۔ جو غائب ہوگیا ہو۔	نیست۔معدوم۔فانی۔ناپید۔
Nacar	نَجّار	ع	بڑھئی۔	بڑھئی۔
Nâçar	نَاچار	ف	لاچار۔جس کا کوئی چارہ نہ ہو۔ضرورت سے مجبور ہوکر۔ بے یار و مددگار۔ مصیبت میں مجبوری سے۔ بہ دِل ناخواستہ۔ نارضامندی سے۔	عاجز۔مجبور۔بے چارہ۔مفلس۔محتاج۔اپاہج۔مایوس۔ناامید۔ بالضرور۔ہار کر۔لاعلاج۔
Naçiz	نَاچیز	ف	بے کار۔بغیر کسی مصرف کے۔جس کی کوئی اہمیت نہ ہو۔خاکسار۔حلیم۔	نکما۔حقیر۔ادنیٰ۔ناقابل۔بے حقیقت۔ناکارہ۔
Nadan	نَادان	ف	بیوقوف۔بے شعور۔بے پڑھا۔ جاہل۔ بے سُرا۔	بیوقوف۔ناسمجھ۔احمق۔جاہل۔انجان۔کم سن۔چھوٹی عمر کا۔
Nâdide	نَادیدہ	ف	پہلے کبھی نہ دیکھا گیا۔ نادر۔ عجیب۔ غیر معمولی۔	ان دیکھا۔بے دیکھا۔نہ دیکھا ہوا۔
Nadide	نَدیدہ	ف	کم دکھائی دیا۔جو دکھائی نہ دیا ہو۔	بن دیکھا ہوا۔ جسے کچھ میسر نہ ہو۔حریص۔لالچی۔بخیل۔کنجوس۔ خسیس۔
Nadim/ Nâdim	نَادِم	ع	شرمندہ۔پشیمان۔	شرمندہ۔پشیمان۔شرمسار۔
Nadir	نَادِر	ع	غیر معمولی۔بے مثل۔کم۔کم پائی جانے والی۔	کم یاب۔نایاب۔عمدہ۔تحفہ۔عجیب۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Nadirat	نادِرات	ع	چیزیں جو کم یاب یا نایاب ہوں۔	جمع نادر کی۔ نوادر۔ نایاب یا کم یاب اشیا۔ غیر معمولی چیزیں۔
Nadire	نادِرہ	ع	نایابی۔ کم یابی۔ نرالاپن۔ انوکھاپن۔	عجیب۔ کم یاب۔ عجوبہ۔ انوکھا۔
Naehil	نااہل	ف	غیر مستند۔ ناتجربہ کار۔ ناقابل اعتماد۔ نالائق۔	ناموزوں۔ نالائق۔ ناشائستہ۔
Nafaka	نفقہ	ع	ذریعہ معاش۔ کھانے پینے کا پیسہ یا خرچ۔ عدالت کی جانب سے کسی کے کھانے پینے کے لیے مقررہ ماہانہ رقم۔ نان نفقہ۔ وجہ معاش۔ معیشت۔	بال بچوں کا خرچ۔ گذارہ۔ کفالت۔ بیوی کے روٹی کپڑے کا خرچ جو شوہر کے ذمہ ہوتا ہے۔
Nafe	نافہ	ف	مشکی ہرن سے حاصل شدہ مشک۔ معشوق کا بال۔ کسی جانور کے پیٹ سے حاصل شدہ فر (کارآمد ملائم اون)	مشک یعنی کستوری کی تھیلی جو ہرن کی ناف سے نکلتی ہے۔ مشک کی تھیلی۔
Nafi	نافع	ع	کارآمد۔ منافع بخش۔ سودمند۔ مفید۔	مفید۔ فائدہ مند۔ نفع دینے والی۔
Nafile	نافِلہ	ع	بے کار۔ بے سود۔ فرض سے زائد نماز و عبادت وغیرہ۔	زائد۔ غیر واجب۔ عبادت دعطیہ۔ وہ فعل یا عبادت جو فرض نہ ہو بلکہ حصول ثواب کے لیے کی جائے۔
Nafiz	نافِذ	ع	اثر دار۔ نفوذ پذیر۔ گذرنے والا۔ اندر کام کرنے والا۔	نفوذ کرنے والا۔ جاری۔ موثر۔ لاگو۔ جاری ہونے والا۔
Nagâh	ناگاہ	ف	جس کی امید نہ ہو۔ اچانک۔ یکایک۔	اچانک۔ یکایک۔
Negehani	ناگہانی	ف	اچانک۔ یکایک۔ بغیر امید کے۔	اتفاقیہ۔ اچانک۔
Nağme	نغمہ	ع	سُر۔ گانا۔ نغمہ۔ راگ۔	راگ۔ گیت۔ ترانہ۔ ترنم۔ سریلی آواز۔
Nah	نہ	ف	نہیں۔ نا۔	حرف نفی۔ نہیں۔ نا۔ مت۔ حرف انکار۔
Nahâh	ناخواہ	ف	نارضامند۔	نارضامند۔
Nahak	ناحق	ع	بے جا۔ غیر واجب۔ نامناسب۔ بے انصاف۔	بے حق۔ بے سبب۔ بے انصافی سے۔ بے جا۔ نامناسب۔ حق کے خلاف۔ بے فائدہ۔
Nahif	نحیف	ع	کمزور۔ دبلا۔ لاغر۔	دبلا۔ لاغر۔ ناتواں۔ ضعیف۔
Nahil	نخِل	ع	کھجور کا درخت۔ عام درخت۔	عام درخت۔ درخت خرما۔ آٹے وغیرہ کا چھاننا۔
Nahiv	نحوٗ	ع	ترکیب کلام۔ قاعدہ۔ کسی جملہ میں لفظ کی مناسب ترکیب۔	طور۔ طریق۔ راہ۔ مانند۔ طرف۔ قصد۔ ارادہ۔ اسلوب۔ نام ایک علم کا جس سے کلمات کو جوڑنا، توڑنا اور ان کا باہمی تعلق معلوم ہو۔ جملوں کا علم۔
Nahiye	ناحیہ	ع	علاقہ۔ چھیتر۔ ایک یا ایک سے زیادہ موضوعات کا انتظامی چھوٹا علاقہ۔	کونا۔ کنارہ۔ ملک کا کونا۔ شہر کا حصہ۔
Nahoș	ناخوش	ف	جو راضی نہ ہو۔ ناخوشگوار۔ علیل۔	جو راضی نہ ہو۔ ناراض۔ بیزار۔ نفرت کرنے والا۔ مریض۔
Nahvet	نخوت	ف	گھمنڈ۔ غرور۔ خود بینی۔	تکبر۔ غرور۔ گھمنڈ۔ خود بینی۔
Nahvî	نحوی	ع	نحو سے متعلق۔ نحو۔	علم نحو کا ماہر۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Naış	نعش	ع	مرے ہوئے جسم کا حصہ۔ لاش۔ جسد۔	تابوت۔ ارتھی۔ لاش۔ میت۔
Naib/Naip	نائب	ع	وہ جو دوسروں کے لیے کام کرتا ہے۔ بدل۔ جج۔ ناظم۔ نائب ناظم۔	قائم مقام۔ مددگار۔ ماتحت۔ مختار۔ وکیل۔ سفیر۔
Nail	نائل	ع	حاصل کرنے والا۔	پانے والا۔ پہنچنے والا۔
Naim	نائم	ع	سوتا ہوا۔ سونے والا۔	خفتہ۔ سوتا ہوا۔ سونے والا۔
	نعیم	ع	صرف Naz کے ساتھ۔ Nazü-naim içinde بمعنی "عیش وعشرت میں" استعمال ہوتا ہے۔	نعمت۔ ناز۔ صاحب نعمت۔ مال۔ نیکی۔ لاڈ پیار۔ پہنچ۔ رسائی۔ نعمت والا۔ انعام میں ملی ہوئی چیز۔
	نعم	ع	————	نعمت کی جمع۔ اچھی چیزیں۔ اعلیٰ چیزیں۔ بخشش۔ عطا۔ لذیذ اشیا۔
Nakabil	ناقابل	ع	بغیر صلاحیت کا۔ ناممکن۔ نالائق۔ ناچار جو قابل نہ ہو۔	جو قابل نہ ہو۔ نالائق۔ جاہل۔ ان پڑھ۔ ناموزوں۔
Nakabiliicra	ناقابل اجراء	ع	جس کا انجام دینا ناممکن ہو۔	جو اجراء کے لائق نہ ہو۔
Nakâm	ناکام	ع	جو کامیاب نہ ہو۔ مایوس۔ نامراد۔ بدنصیب۔	نامراد۔ ناچار۔ ناکامیاب۔ محروم۔
Nakavt	ناک آؤٹ	انگریزی	فتح پانا۔ مکے بازی میں مکے مار کر جیتنا۔ ناک آؤٹ۔	ناک آؤٹ۔ مکے بازی میں حریف کو مار کر اکھاڑے سے باہر نکال دینا۔
Nakden	نقداً	ع	کیش کی شکل میں۔ روپیہ پیسہ کی شکل میں۔ نقدی کے روپ میں۔	کیش کی شکل میں۔ نقدی کے روپ میں۔
Nakdî	نقدی	ع	زر۔ روپیہ پیسہ۔ کیش۔ تیار روپیہ کی شکل میں۔	روپیہ پیسہ۔ مال وزر۔ دولت۔ رقم۔
Nakes	ناکس	ف	ذلیل۔ کمینہ۔ حقیر۔ پاجی۔ (صرف لوگوں کے لیے)	کمینہ۔ ہیچ۔ نالائق۔ سفلہ۔ پاجی۔
Nâkil/Nâkil	ناقل	ع	ٹرانسپورٹ کرنے والا۔ لے جانے والا۔ منتقل کرنے والا۔ بیان کرنے والا۔ راوی۔ ایکشن کرانے والا۔	ایک مقام سے دوسرے مقام کو لے جانے والا۔ کسی چیز کا نمونہ بنانے اور لکھنے والا۔ نقل کرنے والا۔ بیان کرنے والا۔ راوی۔
Nakir	نقر	ع	نقش ونگار۔ نقاشی۔ سنگ تراشی۔	کوٹنا۔ کھودنا۔ لکڑی کاٹنا۔ مرغ کا دانہ چننا۔ سکہ بجانا۔ عیب کرنا۔
Nâkis	ناقص	ع	جس میں کمی ہو۔ نقص والا۔ کھوٹا۔ عیب دار۔ نفی۔ صفر سے نیچے۔	جس میں کچھ کمی ہو۔ غیر خالص۔ غیر مکمل۔ عیب دار۔ خراب۔ کھوٹا۔ ادھورا۔ علم صرف کی اصطلاح میں لفظ جس کے اصلی حرفوں میں آخر کا حرف (و) یا (ا) (یا) ہو۔
Nakis	نقص	ع	کمی۔ نفی کا نشان (-)	کوتاہی۔ کھوٹ۔ عیب۔ برائی۔ کمی۔ کم کرنا۔ کم ہونا۔
Nakış/ Nakş	نقش	ع	ڈیزائن۔ ڈرائنگ۔ تصویر۔ بیل بوٹے۔ سجاوٹ۔ بیل بوٹوں کا کام۔ گل کاری۔ چکن کاری۔ زردوزی۔ موسیقی کے پروگرام کی انجام دہی میں بجایا جانے والا زبانی وثقیل حصہ۔	بیل بوٹے۔ کندکاری۔ بیل بوٹوں کا کام۔ تصویر۔ چھاپ۔ مہر۔ ٹھپہ۔ نگار۔ صورت۔ شبیہ۔ مورت۔ مورتی۔ لکھا ہوا۔ جادو۔ منتر۔ تاثیر۔ نشان۔ لیاقت۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Nakışbendî	نقش بندی	ع/ف	صوفیوں کا ایک سلسلہ اور اس سلسلہ کا ماننے والا یا اس کا پیرو۔	حضرت خواجہ بہاؤالدین کے مرید۔ نقاشی۔ مصوری۔
Nakız	نقضْ	ع	معاہدہ وغیرہ کا توڑنا۔ منسوخی۔ موقوفی۔ منسوخ کرنے والا۔ توڑنے والا۔ خلاف ورزی کرنے والا۔	ٹوٹ پھوٹ۔ توڑنا پھوڑنا۔ بگاڑنا۔ عہد وغیرہ کا توڑنا۔
Nâkız	ناقض	ع	منسوخ کرنے والا۔ توڑنے والا۔ خلاف ورزی کرنے والا۔	توڑنے والا۔ منسوخ کرنے والا۔
Nakid/ Nakit	نقد	ع	زر۔ روپیہ۔ نقدی۔ کیش۔	آمادہ کرنا۔ سکہ کا کھرا کھوٹا پرکھنا۔ سونے یا چاندی کا سکہ۔ وہ رقم جو فوراً ادا کی جائے۔ پونجی۔ سرمایہ۔ کبھی مجازاً دل اور ذات اور اب پسر یا فرزند کے معنی میں آتا ہے۔
Nakdi	نقدی	ع/اردو	کیش۔ نقدی۔	روپیہ۔ مال وزر۔ دولت۔ رقم۔
Nakil	نقل	ع	لے جانا۔ باربرداری۔ ٹرانسپورٹ۔ ہٹانا۔ منتقلی۔ ٹرانسفر۔ بیان کرنا۔ ترجمہ۔ روایت۔ کہانی۔ احوال۔ سمجھانا۔	ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ ایک مقام سے دوسرے مقام تک جانا۔ چربہ۔ نمونہ۔ کسی چیز کا نمونہ بنانا اور لکھنا۔ نظیر۔ لطیفہ۔ چٹکلہ۔ روایت۔ کہانی۔ روپ۔ سوانگ۔ ایک حرف کی حرکت دوسرے حرف کو دینا۔
Nâkil	ناقل	ع	ٹرانسپورٹ کرنے والا۔ منتقل کرنے والا۔ راوی۔ بیان کرنے والا۔ کنڈکٹر (بجلی کا)	ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ نقل کرنے والا۔ بیان کرنے والا۔ راوی۔
Nakîz	نقیض	ع	اُلٹا۔ مخالف۔	مخالف۔ اُلٹا۔ برعکس۔ ضد۔ عداوت۔
Nakkare	نقّارہ	ف	بڑا ڈھول جسے ایک جگہ رکھ کر بجاتے ہیں۔ نقارہ۔	نقارہ۔ نوبت۔ طبل۔
Nakkar-hane	نقّارخانہ	ف	پرانے زمانہ میں کسی سربراہ مملکت یا وزیر کا فوجی بینڈ۔	نوبت بجانے کی جگہ۔ نوبت خانہ۔
Nakkaş	نقّاشْ	ع	آرٹسٹ۔ دیواروں پر نقش کرنے والا۔ تجربہ کار شخص۔ سجانے والا خاص طور سے دستاویزات کو چمکانے والا۔	نقش کرنے والا۔ آرٹسٹ نقش ونگار بنانے والا۔ مصوّر۔
Nakli/Naklî	نقلی	ع	ٹرانسپورٹ سے متعلق۔ رسمی۔	عقل سے نہیں۔ جھوٹا۔ مصنوعی۔ جعلی۔ کھوٹا۔ ظریف۔ وہ چیز جو ہم صحبت لوگ کھائیں۔
Nakris	نقرس	ع	گٹھیا۔	ایک قسم کی گٹھیا۔ ایک شدید درد جو پاؤں کے انگوٹھے اور انگلیوں سے اُٹھتا ہے۔ پاؤں کے انگوٹھے میں گٹھیا۔
Nakş-berâb	نقش بَر آب/ نقشِ آب	ف	پانی پر لکھی تحریر۔ ریت پر بنائی عمارت۔	فانی۔ بے ثبات۔ ناپائیدار۔ جلد مٹنے والا۔
Nakus	ناقوس	ع	گرجا کا گھنٹہ۔	سنکھ جو مندروں میں پوجا کے وقت بجایا جاتا ہے۔ بڑا گھنٹہ جو گرجا گھروں میں بروقت دعا بجتا ہے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Nal	نَعل	ع	وہ لوہے کا ٹکڑا جو گھوڑے وبیل وغیرہ خدمت کرنے والے جانوروں کے پاؤں میں لگایا جاتا ہے۔	جوتا۔ پاپوش۔ گھوڑے وبیل وغیرہ کے کھر میں لگانے کا آہنی حلقہ۔ لوہا جو جوتی کی ایڑی میں مضبوطی کی غرض سے لگاتے ہیں۔ خراج۔ نذرانہ جو حاکم یا رئیس کو ادا کیا جاتا ہے۔ وہ وزن دار لکڑی جو کشتی گیر ہلاتے اور اٹھاتے ہیں۔
Nalân	نالاں	ف	روتا ہوا۔ افسوس کرتا ہوا۔ آہ وزاری کرتا ہوا۔	روتا ہوا۔ نالہ وفریاد کرتا ہوا۔ شاکی۔ فریادی۔ عاجز۔ تنگ۔ داویلا کرنے والا۔
Nalâyık	نالائق	ف	غیر مستحق۔ ناقابل۔ نالائق۔ کمینہ۔	بدتمیز۔ جاہل۔ نااہل۔
Nalband	نعل بند	ف	نعل بند۔ نعل لگانے والا۔ گھوڑوں کا علاج کرنے والا۔	نعل لگانے والا۔ نعل باندھنے والا۔
Nâle	نالہ	ف	آہ۔ سسکی۔ گریہ وزاری۔ کراہنا۔	فریاد۔ بلند آواز۔ آواز بلند سے دُکھے دل کا حال کہنا۔ واویلا۔ شوروغل۔ چھوٹی ندی۔ پانی کی بڑی نالی۔
Nâliş	نالش	ف	آہ۔ سسکی۔ گریہ وزاری۔ کراہنا۔	فریاد۔ دہائی۔ شکایت۔ گریہ وزاری۔ دعویٰ۔ حاکم کے سامنے چارہ جوئی۔
Nalın	نعلین	ع	کھڑاؤں کا جوڑا۔ جوتوں کے لکڑی کے سول کے نیچے لوہے کی نالوں کا جوڑا جو جوتوں کو نم ہونے سے بچاتا ہے جسے خاص طور سے حمام جیسی نم جگہوں پر استعمال کرتے ہیں۔	نعل کا تثنیہ۔ جوڑا۔ دونوں جوتیاں۔ جوتوں کا جوڑا۔ دو جوتیاں۔
Nam	نام	ف	نام۔ شہرت۔ مشہور۔ کوالٹی۔	وہ لفظ جس سے کوئی شخص یا چیز پہچانی جائے۔ اسم۔ لقب۔ کنیت۔ خطاب۔ تخلص۔ شہرت۔ عزت۔ عرف۔ ناموری۔ نسل۔ اولاد۔ خاندان۔ تہمت۔ الزام۔ یادگار۔ متعلق۔
Na-mahdud	نامحدود	ف	بے انتہا۔ بے حد۔ جس کی کوئی حد نہ ہو۔	بے حد۔ بے انتہا۔
Nâ-mahrem	نامحرم	ف	جس سے تعلق یا رشتہ نہ ہو یا جو نزدیک نہ ہو۔ جس کی حرم تک رسائی نہ ہو۔	ناواقف۔ ناآشنا۔ انجان۔ غیر۔ اجنبی۔
Namakul	نامعقول	ف	ناسمجھ۔ نادان۔ بے عقل۔	نامناسب۔ جو عقل میں نہ آسکے۔ بیوقوفی کی بات۔ بے عقل۔ بیوقوف۔ احمق آدمی۔ ناپسندیدہ۔
Namalûm	نامعلوم	ف	جس کا پتہ نہ ہو۔ نامعلوم۔	گم نام۔ غیر مشہور۔ انجان۔ نہ جانا ہوا۔
Namaz	نماز	ف	نماز۔ پرستش۔ دعا۔ رسمی عبادت۔	نماز۔ پرستش۔ خدمت گزاری۔ عاجزی۔ نیاز۔ بندگی۔ اہل اسلام کی عبادت۔
Namdar	نامدار	ف	مشہور۔ نام والا۔ سربلند۔ صاحب عزت۔	عزت والا۔ نامور۔
Name	نامہ	ف	خط۔ مکتوب۔ پریم پتر۔ دستاویز۔ کسی تحریری معاہدہ یا دستاویز کے مرکبات میں بھی استعمال کیا جاتا ہے جیسے قانون نامے۔ نظام نامے۔ صلح نامے۔	لکھا ہوا خط۔ چٹھی۔ تحریر۔ رسالہ۔ کتاب۔ دفتر۔ رجسٹر۔ مرکبات میں جیسے اقرار نامہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Namerd/ Namert	نَامَردْ	ف	خلاف وضع انسانی۔ بزدلانہ۔ ظالم۔ کمینہ۔ نیچ۔	جو مرد نہ ہو۔ ہجڑا۔ زنانہ۔ زنخا۔ ڈرپوک۔ بے حوصلہ۔ وہ مرد جو عورت پر قادر نہ ہو۔ وہ جو لڑائی میں بھاگ جائے۔
Namurad	نَامُراد	ف	مایوس۔ ناکام۔ رنجیدہ۔ ناخوش۔ بیزار۔	ناکام۔ محروم۔ بےنصیب۔ کم بخت۔
Namus	نَامُوس	ع	مرتبہ۔ عزت۔ وقار۔ شرف۔ عظمت۔ صداقت۔ نیک نامی۔ راست کرداری۔ ایمان داری۔ راست بازی۔	آبرو۔ شہرت۔ عصمت۔ عفت۔ نیک نامی۔ عزت۔ قاعدہ۔ دستور۔ صدا۔ آواز۔ صاحب راز۔ فرشتہ۔ احکام الٰہی۔ اہل خانہ۔ حرم سرا۔ زنان خانہ۔ ننگ۔ شرم۔ مکر۔ پوشیدہ۔ حیلہ۔ حضرت جبرئیل کا لقب۔
Namüsait	نَامُساعِد	ف	ناموافق۔	ناموافق۔ ناسازگار۔
Namüte-nahi	نَامُتناہی	ف	بے انتہا۔ جس کی انتہا نہ ہو۔ جس کا آخر نہ ہو۔	جس کی انتہا نہ ہو۔
Namzed/ Namzet	نَامزد	ف	نام بتایا گیا۔ مقرر کیا گیا۔ موسوم کیا گیا۔ ظاہر کیا گیا۔ منسوب کیا گیا۔ نامزد کیا گیا۔ امیدوار۔ جس کی سگائی کی گئی ہو۔ منگنی شدہ۔ ملٹری اسکول کا طالب علم۔	مشہور۔ معروف۔ متعین۔ مقرر۔ کسی کام کے لیے تجویز کیا گیا۔ منسوب لڑکی جس کی منگنی ہو چکی ہو۔
Nan	نَان	ف	روٹی۔ روزگار۔	روٹی۔ تندور کی روٹی۔ موٹی روٹی۔
Nan-ü-nemek	نَان ونمک	ف	روٹی اور نمک۔ مہمان داری۔ مسافر پروری۔ تواضع کے لیے۔ شکر گزاری۔	معمولی غذا۔ ایسی غذا جس میں تکلف نہ ہو۔
Nankör/ Namkör	نَان گور	ف	ناشکر گزار۔	کمینہ۔ لالچی۔ نمک حرام۔
Nansuk	نَین سُکھ	ت	ایک قسم کی گف بُنی ہوئی باریک کیمبرک۔	ایک قسم کا عمدہ باریک کپڑا۔ خاصہ۔
Napak	نَاپاک	ف	گندہ۔ میلا۔ ناپاک۔ جو صاف یا پاک نہ ہو۔	گندہ رپلید رنجس رمیلا روہ شخص جس پر نہانا فرض ہو۔
Nar	نَار	ف	انار۔	انار۔
Nâr	نَار	ع	آتش۔ آگ۔ دوزخ کی آگ۔ تکلیف۔ چوٹ۔ ضرر۔ درد۔ نقصان۔	آتش۔ آگ۔
Nara	نَعرہ	ع	شور۔ چلاہٹ۔ پکار۔ نعرہ۔ اونچی آواز سے طول دے کر یا چیخ کر بولے گئے الفاظ۔	بلند آواز۔ شور۔ للکار۔ آہ و بکا۔ شور و شین۔ ہاؤہو۔ زور کی آواز۔
Narcıl	نارجیل	ع	ناریل۔	ناریل۔ کھوپرا۔ گری۔
Nardenk	نَاردانگ	ف	انار یا آلو بخارہ کے رس کا شربت۔	آب انار۔
Narenc	نَارنج رنَارنگ	ف	نارنگی۔	نارنگی۔ سنگترہ۔ نارنگ۔
Nareva	نَاروا	ف	بے جا۔ غیر واجب۔ نامناسب۔ بے انصاف۔	ناجائز۔ خلاف شرع۔ نامناسب۔ بے جا۔ بُرا۔ ناپسند۔ وہ سکہ یا جس کا رواج نہ ہو۔ محروم۔ بدنصیب۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Nargile	نارجیلہ	ع	حقہ۔	ناریل والا حقہ۔ گوگڑی۔
Narh/Nark	نرخ	ف	حکومت کی جانب سے بازار میں فروخت کی جانے والی اشیا کی مقررہ قیمت۔	بھاؤ۔ شرح۔ در۔ قیمت۔ مول۔
Narî	ناری	ع	آگ سے متعلق۔	آگ سے متعلق۔ آتشی۔ دوزخی۔
Narkotik	نارکوٹک	یونانی	نشلی وخواب آور اشیا جیسے افیون، مارفین، بھنگ، گانجا وغیرہ۔	خواب آور دوا۔
Nas	نص	ع	قرآن شریف کی آیت جو مذہبی قانون پر قطعی فیصلہ دیتی ہے۔	قرآن شریف کی وہ آیتیں جو صاف اور صریح ہوں۔ وہ کلام جو واضح اور صاف ہو۔ چھان بین کرنا۔ ظاہر۔ آشکارا۔ قطعی۔ حکم۔ حکم ناطق۔ کسی امر کو خوب دریافت کرنا کہ اس کا اصل حال کھل جائے۔
Nâs	ناس	ع	عوام۔ لوگ۔ نوع انسان۔ خلائق۔ پبلک۔	اناس کا مخفف جو انس کی جمع ہے۔ آدمی۔ انسان۔ لوگ۔ عوام۔
Nasaz	ناساز	ف	نامناسب۔ ناموافق۔ بےمیل۔ سرکش۔ تکلیف دہ۔ بےآسائش۔	ناموافق۔
Nasb	نصب	ع	نامزدگی۔ اپائنٹمینٹ۔	کھڑا کرنا۔ لگانا۔ قائم کرنا۔ برپا کرنا۔ زیرزبر کی علامت۔ وہ چیز جو قائم کی جائے۔
Naseza	ناسزا	ف	ناشائستہ۔ نازیبا۔ نامعقول۔	نازیبا۔ نالائق۔ نامناسب۔ بےجا۔ غلط۔ سفلہ۔ کمینہ۔ بیوقوف۔
Nasfet	نصفت، نَصفت	ع	پیدائش سے برابر۔ شمار کیے جانے والے انسانوں کے درمیان تعلقات میں تال میل پیدا کرنے والی طبعی سچائی۔	انصاف۔ عدل۔ نیائے۔
Nâsıh	ناصح	ع	مشورہ دینے والا۔ صلاح کار۔ مُشیر۔	نصیحت کرنے والا۔ صلاح کار۔
Nâsır	ناصر	ع	مددگار۔	مدد کرنے والا۔ معاون۔ حامی۔
Nasiye	ناصیہ	ع	پیشانی۔ ماتھا۔ جبیں۔	پیشانی کے بال۔ پیشانی۔ ماتھا۔
Nasib/Nasip	نصیب	ع	حصہ۔ قسمت۔ بھاگ۔	قسمت۔ حصہ۔ تقدیر۔ حاصل۔ میسر۔
Nâsıh	ناسخ	ع	ردّ کرنے والا۔ مٹانے والا۔ نیست ونابود کرنے والا۔ کاپی نویس۔ نقل کرنے والا۔	لکھنے والا۔ کاتب۔ رد کرنے والا۔ مٹانے والا۔ نیست کرنے والا۔ منسوخ کرنے والا۔ کاپی نویس۔
Nasihat	نصیحت	ع	صلاح۔ ہدایت۔ مشورہ۔	پند۔ مشورہ۔ اچھی صلاح۔ بھلی بات۔
Nasir	نثّار	ع	نثر لکھنے والا۔	اچھی نثر لکھنے والا۔ مصنف۔
Nasrani	نصرانی	ع	عیسائی	عیسائی۔ وہ شخص جو مذہب عیسوی رکھتا ہو۔
Nasuh	نصوح	ع	Nusuh Töbesi (نصوح کی توبہ) میں بمعنی پھر کبھی نہیں۔	پکی توبہ۔ وہ توبہ جس کے بعد پھر ہرگز گناہ نہ کرے۔ صاف۔ خالص۔
Nasut	ناسوت	ع	انسانیت۔ انسانی فطرت۔	عالمِ اجسام کہ مراد اس کے دنیا اور یہ جہاں ہے۔ مجازاً شریعت اور عبادت ظاہری کے بھی آتا ہے۔
Naş	نعش	ع	ارتھی۔ لاش۔ تابوت۔	مردہ لاش۔ تابوت۔ ارتھی۔ لاش۔ میت۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Naşad	ناشاد	ف	جوخوش نہ ہو۔ناخوش۔	جوخوش نہ ہو۔
Naşenide	ناشنیدہ	ف	ناسُنی ہوئی۔طبع زاد۔اصلی۔	ناسُنی ہوئی۔ناسنا ہوا۔
Naşi	ناشی	ع	نکلنے والا۔اُٹھنے والا۔نمود ہونے والا۔پیدا ہونے والا۔ شروع ہونے والا۔ وجود پکڑنے والا۔	اُٹھنے والا۔ نیا پیدا ہونے والا۔ظاہر ہونے والا۔شروع ہونے والا۔ظاہر۔واضح۔نوجوان۔
Nâşir	ناشر	ع	شائع کرنے والا۔ پھیلانے والا۔ بکھیرنے والا۔ ظاہر کرنے والا۔ مشہور کرنے والا۔فاش کرنے والا۔پبلشر۔	فاش کرنے والا۔کھولنے والا۔ظاہر کرنے والا۔بکھیرنے والا۔ کتابوں کو چھاپ کر بیچنے والا۔پبلشر۔نشرواشاعت کرنے والا۔
Natamam	ناتمام	ف	ناکمل۔جوتمام یا مکمل نہ ہو۔	نامکمل۔ادھورا۔ناقص۔
Natık	ناطق	ع	بولنے والا۔اظہار کرنے والا۔سمجھنے والا۔ سمجھانے والا۔	بولنے والا۔صاحب عقل۔سمجھنے والا کلیات وجزیات کا۔مستحکم۔ مضبوط۔دوسرے کو عاجز وخاموش کردینے والا۔
Natır	ناطر	ع	باغ یا انگور کے باغ کا چوکیدار۔عورتوں کے حمام میں کام کرنے والی نوکرانی۔	انگور کے باغ کا نگہبان۔
Natüvan	ناتواں	ف	کمزور۔	کمزور۔لاغر۔ضعیف۔بودا۔
Naz	نازؔ	ف	نخرہ بازی۔ نازوادا۔حجاب۔ حیا۔ ترنگ۔ لاڈ۔اٹکھیلیاں۔نازونیاز۔نخرہ سے ہنسنا۔	نخرہ۔ گھمنڈ۔ فخر۔ عزت۔ لاڈ۔پیار۔ سروصنوبر کا درخت۔ شادمانی۔بے پرواہی۔نیا اُگا ہوا۔
Nazar	نظر	ع	نگاہ۔لحاظ۔عزت۔توقیر۔تاَمّل۔	نگاہ۔ تاَمّل۔ فکر۔ دیکھ بھال۔ توجہ۔ آنکھ۔ بصارت۔ غور۔ مہربانی۔تخمینہ۔امید۔توقع۔آسیب۔تمیز۔شناخت۔
Nazari	نظری	ع	متعلق اصول۔قیاسی۔ خیالی۔ جوتجربہ سے ثابت نہیں ہوا۔ باصرہ۔ نظر سے متعلق۔تھیوریٹکل۔	ناپسند۔ نامنظور۔ پامال۔بے وقعت۔ نظر سے گرا ہوا۔ خیالی۔قیاسی۔ بدیہی کا مقابل۔ وہ علم جس میں موجودات کے تصور سے بحث کی جاتی ہے۔وہ چیز جس کا تعلق نظر سے ہو۔
Nazariyat	نظریات	ع	جمع Nazariye کی۔	مسائل فکری۔اصول۔قاعدے۔تعلیمات۔جمع نظریہ کی۔
Nazariye	نظریّہ	ع	تھیوری۔	تھیوری۔اصول۔قاعدہ۔خیال۔
Nazenin	نازنین	ف	حسین۔سڈول۔نازک۔شیریں مزاج۔ عمدہ۔لاڈلی۔بگاڑا ہوا۔(طنزیہ)۔اونچی لیکن بناوٹی وظاہردار شخص۔	نازک اندام۔خوب صورت۔دل فریب۔دل رعنا۔نازک ادا۔ نازواداسے فریفتہ کرنے والی۔
Nazım	نظم	ع	نظم۔ کویتا۔ بند۔ بیت۔قافیہ بندی۔ شاعری۔	موتیوں کا دھاگے میں پرونا۔کلام موزوں۔لڑی۔ بندوبست۔ انتظام۔شعر۔ترتیب۔آرائش۔
Nâzım	ناظم	ع	ترتیب دینے والا۔انتظام کرنے والا۔شعر موزوں کرنے والا۔ریگولیٹر۔ مشین کا وہ پرزہ جو حرکت کی ہمواری پیدا کرتا ہے۔	شعر کہنے والا۔ پرونے والا۔ انتظام کرنے والا۔منتظم۔کارکن۔ سکریٹری۔گورنر۔صوبیدار۔شاعر۔نظم کہنے والا۔
Nazır	ناظر	ع	دیکھنے والا۔ سامنا کرنے والا۔ نگرانی کرنے والا۔وزیر۔تماشہ بین۔	دیکھنے والا۔محرروں کا افسر۔خواجہ سرا۔ہیڈ محرر۔جاسوس۔ہرکارہ۔ نگہبان۔محافظ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Nazik	نَازُک	ف	ملائم۔ نازک۔ پتلا۔ لطیف۔ آنکھوں و دل کو اچھا لگنے والا۔ دل پسند۔ شائستہ۔ مہذب۔ خوش اطوار۔	پتلا۔ خوب صورت۔ نفیس۔ لطیف۔ کومل۔ نرم۔ ناز پروردہ۔
Nazif	نَظِیف	ع	پاک۔ صاف۔ پاکیزہ۔ خالص۔ خوشگوار۔	پاک۔ حلال۔ ظاہر۔ پاکیزہ۔
Nazil	نَازِل	ع	اُترنے والا۔	اُترنے والا۔ نیچے آنے والا۔ وارد ہونے والا۔
Nazir	نَظِیر	ع	ہر چیز جو مخالف یا متوازی ہو۔ مانند۔ ثانی۔ مثل۔ وہ نظم جو دوسری نظم کی ہیئت اور موضوع سے ملتی جلتی لکھی گئی ہو۔	مانند۔ مثل۔ مثال۔ تمثیل۔
Nabat	نَبَات	ع	بالیدگی۔ روئیدگی۔ نشوونما۔ درخت۔ پودا۔	روئیدگی۔ سبزہ۔ بوٹی۔ سبزی۔ ترکاری۔ گھاس پات۔ مصری۔ قند۔ چینی۔
Nabatat	نَبَاتَات	ع	جمع Nebat کی۔ سبزیاں۔ پیڑ۔ پودے۔	نبات کی جمع۔ پیڑ پودے۔ سبزیاں۔ ترکاریاں۔
Nabatî	نَبَاتِی	ع	نباتی۔ نباتات سے متعلق۔ سبزی۔	گھاس کا۔ جڑی بوٹیوں کا۔ نباتات سے متعلق۔
Nabbaş	نَبَّاش	ع	قبروں کو لوٹنے والا۔	قبر کھود کر کفن کو چرانے اور لے جانے والا۔ کفن چور۔
Nebevî	نَبوِی	ع	نبی سے متعلق۔ الہامی۔ غائبانہ۔	نبی سے نسبت رکھنے والا۔ نبی سے متعلق۔
Nebi	نَبِی	ع	پیغمبر۔ خبر لانے والا۔ نبی۔	خبر رساں۔ خبر پہنچانے والا۔ پیغمبر۔
Nebil	نَبِیل	ع	شریف اور قابل۔ عالی منش۔	بزرگ۔ دانا۔ خوب صورت۔
Nebiz	نَبِیذ	ع	کھجور کی شراب۔ کھجور کے رس کا شیرہ۔	وہ شراب جو خُرما اور جَو سے بنائی جائے۔ شراب۔ بوزہ۔ کھجور یا تاڑ کا تازہ عرق۔ تازہ پھلوں کا رس۔
Nebze	نَبذے	ع	پرانے زمانہ میں بمعنی ایک ٹکڑا۔ بہت تھوڑا کے معنی میں بھی استعمال کیا جاتا تھا۔	کم۔ ذرا۔ تھوڑا۔ کچھ۔ ٹکڑا۔
Necabet	نَجَابَت	ع	شرافت۔ بزرگی۔ عظمت۔	شرافت۔ اصالت۔ بزرگی۔ عالی خاندان۔
Necah	نَجَاح	ع	کامیابی۔ فتح۔	حاجت کارروائی۔ مخلصی۔ رستگاری۔ چھٹکارا۔ فتح مندی۔
Necaset	نَجَاسَت	ع	گندگی۔ ناپاکی۔ مذہبی اعتبار سے گندگی۔ فُضلہ۔	پلیدی۔ گندگی۔ ناپاکی۔ غلاظت۔ بول و براز۔ پاخانہ۔
Necaşi	نَجَاشی	ع	نیگوس۔ ایبی سینیا کا شہنشاہ۔	پیغمبر محمد صاحب کے عہد میں حبشہ کا عیسائی بادشاہ۔ حبش کے بادشاہ کا لقب۔
Necat	نَجَات	ع	چھٹکارا۔ حفاظت۔ مُکتی۔ محافظت۔ بچاؤ۔	چھٹکارا۔ مخلصی۔ رہائی۔ نروان۔ گناہ معاف ہونا
Necib/Necip	نَجِیب	ع	شریف۔ اچھے خاندان کا۔	شریف۔ بزرگ۔ بھلا مانس۔
Necim	نَجم	ع	ستارہ۔	ستارہ۔ سیارہ۔ بیل دار پیڑ۔ بیل۔ وہ درخت جس کا تنا نہ ہو۔
Necis	نَجِس	ع	گندہ۔ پلید۔ غلیظ۔ ناپاک۔	پلید۔ ناپاک۔ گندا۔
Nedamet	نَدَامَت	ع	رنج۔ تاسف۔ پچھتاوا۔ اپنے تئیں خود ملامت کرنا۔ پشیمانی۔	شرمندگی۔ پشیمانی۔ انفعال۔ خجالت۔ پچھتاوا۔ تاسف۔ خفت۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Nedbe	نَدْب	ع	زخم یا پھوڑے کا نشان۔ داغ۔	زخم کا نشان۔ شرط۔ جوا۔ قمار۔
Nedim	نَدِیم	ع	دوست۔ خوشامدی۔ دل لگی باز دوست۔ درباری مسخرہ۔	دوست۔ مصاحب۔ ہم نشیں۔ شرمندہ۔ پشیمان۔
Nedret	نُدرَت	ع	نایابی۔ کم یابی۔ نرالا پن۔ انوکھا پن۔ تحفہ۔ سوغات۔	نادر پن۔ عمدگی۔ تحفگی۔ انوکھا پن۔ کمیابی۔
Nefais	نفائس	ع	جمع Nefise کی۔ نادر یا نفیس اشیا۔	جمع نفیسہ کی۔ عمدہ اور پسندیدہ اشیا۔ نفیس چیزیں۔
Nefaset	نفاسَت	ع	خوب صورتی۔ ندرت۔ لطافت۔ نفیس ہونا۔	اچھائی۔ خوبی۔ پسندیدگی۔ لطافت۔ صفائی۔ پاکیزگی۔ عورت کا زچہ ہونا۔
Nefer	نَفَر	ع	فرد۔ پرائیویٹ سپاہی۔ کوئی بھی واحد شخص۔	کام کرنے والا شخص۔ مزدور۔ نوکر۔ ملازم۔ ادنیٰ خادم۔ سائیس۔ تین سے دس آدمیوں تک کا گروہ۔ فرد واحد۔
Nefes	نَفَس	ع	سانس۔ لمحہ۔ کام کی باری۔ بدلی۔ عرصہ قلیل۔	دم۔ سانس۔ سانس کے آنے جانے کی دونوں حرکتیں۔ ساعت۔ گھڑی۔ لحظہ۔ لمحہ۔
Nefha/ Nefih	نَفخ	ع	پھونکنا۔ پھونکنا سے اُڑانا۔ ہوا سے پھلانا۔ ہوا کی رمق۔ ہوا۔ بگل یا تُرہی کا بجنا یا آواز۔ پھیلاؤ۔ سانس۔ بادِ صبا۔ خوشبو کا خود پھیلنا۔	ہوا کا چلنا۔ خوشبو کا پھیلنا۔ ہوا سے بھرنا۔ پھونکنا۔ پھولنا۔ صور۔ وہ صور جو قیامت کے دن حضرت اسرائیل پھونکیں گے اور جس کے اثر سے تمام دنیا نیست نابود ہو جائے گی۔
Nefi	نَفع	ع	فائدہ۔ منافع۔	نفع۔ حاصل۔ نتیجہ۔ ثمرہ۔ منافع۔ سود۔
Nefir	نَفیر	ع	بگل۔ تُرہی۔ سنکھ۔ ٹیوب (میڈیکل میں) ٹرمپیٹ۔ پائپ۔ پا۔	نفیری۔ شہنائی۔ تُرہی۔ الغوزہ۔ نالہ و فریاد۔ سونے کی حالت میں نکلنے والی آواز۔ بھاگنے والے۔ نفرت کرنے والے۔ متنفر۔ بڑی بانسری۔
Nefir-i-âm	نَفیرِ عام	ع	عوامی بغاوت۔	عام لوگوں کا بغاوت یا چڑھائی کرنا۔ اُمرا کے نام حکم کہ وہ اپنے لشکر لے کر حاضر ہوں۔
Nefis	نَفس	ع	روح۔ حیات۔ شخصیت۔ جوہر۔ ست۔ ہستی۔ وجود۔ جنسی بھوک۔ ہوس۔ زبردست خواہش۔	جان۔ روح۔ وجود۔ ہستی۔ حقیقت۔ اصلیت۔ اصل۔ شے۔ لب لباب۔ عضو تناسل۔ خواہش نفسانی۔
Nefsi-emare	نَفسِ اَمّارَہ	ع	جنسی بھوک۔ شہوت۔ خواہش جو شدت کے ساتھ ہو۔	بہت حکم کرنے والا۔ انسان کی خواہش جو برائی کی طرف مائل ہو۔ دنیا کی لذات کی جانب انسان کی طبیعت۔
Nefisperest	نَفس پَرَست	ع/ف	خود غرض۔	شہوت پرست۔ عیاش۔
Nefîs	نَفیس	ع	شان دار۔ خوب صورت۔ نادر۔	قیمتی چیز۔ پسندیدہ۔ گرانمایہ۔ لطیف۔ پاکیزہ۔ عمدہ۔ اعلیٰ درجہ کا۔
Nefise	نَفیسَہ	ع	لطیف اور خوب صورت شے۔	گرانمایہ۔ لطیف۔ بڑھیا۔
Nefiy/ Nefyi	نَفی	ع	نفی۔ انکار۔ ملک بدری۔ جلاوطنی۔	انکار۔ نہیں۔ نیست۔ اثبات کی ضد۔ جلاوطنی۔ دور کرنا۔ ہنکانا۔ اخراج۔
Nefret	نَفرَت	ع	کراہیت۔ تنفر۔ گھن۔	کراہیت۔ ناپسندیدگی۔ ناگواری۔ بیزاری۔ تنفر۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Nefrin	نفرین	ع	بدُعا۔لعنت۔سراپ۔دہشت۔	دعائے بد۔ملامت۔پھٹکار۔لعنت۔
Nefsanî	نفسانی	ع	نفس پرست۔حواس کا خوش کرنے والا۔ دلی عنادوالا۔بدباطن۔	نفس سے منسوب۔نفس کا۔نفس کی۔عیاشانہ۔خودغرضانہ۔
Nefsaniyet	نفسانیت	ع	شہوت پرستی۔عیاشی۔بغض۔کینہ۔	خودغرضی۔ہٹ دھرمی۔غرور۔نخوت۔
Nefsî	نفسی	ع	روح یاشخصیت سے متعلق۔نفس پرست۔	ذاتی۔نفس سے متعلق۔
Neft	نفت رنفط	ع	نیفتا۔مٹی کے تیل سے حاصل شدہ چیزوں میں سے ایک قسم کا معدنیاتی تیل۔	مٹی کا تیل۔باروت۔
Negatif	نگیٹیو	فرانسیسی	صفرسے کم۔صفرسے چھوٹا۔پوزیٹیو کی ضد۔ اثبات کا مخالف۔	منفی۔عددمنفی۔غیراثباتی۔
Nehafet	نحافت	ع	دُبلاپن۔	دُبلاپن۔لاغری۔کمزوری۔ناتوانی۔
Nehar	نہار	ف	دِن۔دِن کا وقت۔	روز۔دن۔تھوڑاسا کھانا۔ناشتہ۔
Nehari	نہاری	ع	دِن سے متعلق۔روزانہ۔یومیہ۔وہ اسکول جس میں بورڈنگ ہاؤس نہ ہو یا وہ طالب علم جو بورڈنگ ہاؤس میں نہ رہتا ہو۔	———
		ف	———	صبح کا کھانا اور عرف عام میں ایک قسم کے گوشت کا شوربہ جو صبح کے وقت کھاتے ہیں۔تھوڑا سا کھانا۔ناشتہ۔گھوڑے کو صبح کے وقت کھلانے کا ملیدہ۔
Nahib	نہیب	ع	لُوٹ مار۔	لوٹ مار۔لوٹ کا مال۔مال غنیمت۔ہیبت۔ڈر۔خوف۔
Nehir	نہر	ع	دریا۔ندی۔	ندی۔آب جُو۔پانی کی بڑی نالی جو آب پاشی کے لیے کھودی جائے۔
Nehiy/Nehyi	نہی	ع	ممانعت۔امتناع۔روک۔منع۔	ممانعت۔روک۔مخالفت۔وہ حکم جو کسی کا کوئی کام نہ کرنے کے واسطے دیں۔منع کرنا۔
Nejat	نژاد	ع	خاندان۔کٹمبھ۔گھرانا۔نسب۔نسل۔سلسلہ۔	اصل۔نسب۔حسب نسب۔تخم۔نطفہ۔
Nekahet	نقاہت	ع	افاقہ۔بیماری کے بعد صحت کا رفتہ رفتہ بحال ہونا۔	ضعف۔ناتوانی۔ناطاقتی جو بیماری میں ہوتی ہے۔کمزوری۔
Nekais	نقائص	ع	جمع Nakis کی۔عیب۔کوتاہی۔نُقص۔	جمع نقص کی۔عیب۔کھوٹ۔برائیاں۔
Nekes	ناکس	ف	کمین۔ذلیل۔بخیل۔کنجوس۔	کمینہ۔نالائق۔
Nekir	نکیر	ع	فرشتوں میں سے ایک جو قبروں میں لوگوں سے پوچھتاچھ کرتا ہے۔	قبر میں سوال جواب کرنے والا فرشتہ۔
Nem	نَم	ف	نَم۔گیلا۔مرطوب۔سیل۔نمی۔تری۔	تری۔گیلا پن۔رطوبت۔سیل۔تر۔گیلا۔مرطوب۔
Nema	نما	ع	بڑھوتری۔سود۔منافع۔بالیدگی (بیشی)	بڑھنا۔بڑھوار۔افزائش۔بالیدگی۔درخت کا اگنا۔بلند ہونا۔
Nemrud/ Nemrut	نمرُود	ع	ایک بادشاہ جس نے حضرت ابراہیم کو نذر آتش کیا تھا۔ظالم۔بہت زیادہ ہٹی۔ جس پر قابو نہ پایا جا سکے۔	ایک بادشاہ کا نام جس نے حضرت ابراہیم کو نذر آتش کیا تھا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Nergis	نرگس	ف	کسی خوب صورت کی آنکھ۔ ایک پھول کا نام۔	ایک پھول کا نام جسے شعرا آنکھ سے تشبیہ دیتے ہیں مجازاً محبوب کی مست آنکھ۔
Nerm	نرم	ف	(مرکبات میں) ملائم۔ سلیم الطبع۔ سلیم الطبع۔ جو تیز یا سخت نہ ہو۔	ملائم۔ گد گدا۔ مدہم۔ بردبار۔ لوچ دار۔ نازک۔
Nermi	نرمی	ف	ملائمت۔ نرم دلی۔	گد گدا پن۔ ملائمت۔ نازکی۔ رحم دلی۔ بردباری۔ لطافت۔ پلپلا پن۔ ضد سختی کی۔
Nesayih	نصائح	ع	جمع Nasihat کی۔ نصیحتیں۔	جمع نصیحت کی۔ پند۔ نصیحتیں۔ نیک مشورے۔
Neseb/ Nesep	نسب	ع	خاندان۔ گھرانا۔ شجرہ خاندان۔ بنساولی۔ خاندان سے متعلق۔ نسلی۔	نسل۔ سلسلہ خاندان۔ نژاد۔ اصول۔
Nesebi	نسبی	ع	خاندان سے متعلق۔ نسلی۔	نسلی۔ خاندان سے متعلق۔ خاندانی۔ نسب سے تعلق رکھنے والی۔
Nesic	نسج	ع	کپڑا بننا۔ جالا۔ زربفت۔ رگ۔	کپڑا بننا۔ بنا ہوا۔ بنائی کا کام۔
Nesih	نسخ	ع	منسوخی۔ کھنڈن۔ تنسیخ۔ کاٹ کوٹ۔ ایک قسم کا عربی رسم الخط۔	تردید۔ منسوخی۔ مٹانا۔ رد کرنا۔ نقل کرنا۔ عربی کے ایک قدیم رسم الخط کا نام۔
Nesil	نسل	ع	نسل۔ خاندان۔ اولاد۔ بنس۔	آل اولاد۔ بال بچے۔ قبیلے۔ خاندان۔
Nesim	نسیم	ع	بادِ صبا۔ نسیم۔	صبح کی ہلکی خوشگوار ہوا۔ پچھلی رات کی نرم و معطر ہوا۔
Nesir	نثر	ع	نثر۔ جو نظم نہ ہو۔	وہ سخن جو نظم کے برخلاف ہو۔ پراگندہ۔ تتر بتر۔ بکھرا ہوا۔ وہ عبارت جو نظم نہ ہو۔
Nesir	نسر	ع	گدھ۔	کرگس۔ گدھ۔ چیل کی قسم کا ایک مردم خور پرندہ۔
Nesnas	نس ناس	ع	گوریلا۔ بن مانس۔	بن مانس۔ ایک جانور جو انسان سے مشابہ ہے۔
Nesri	نثری	ف	نثر میں۔ نثر سے متعلق۔	نثر سے متعلق۔
Nesrin	نسرین	ع	جنگلی گلاب۔	ایک خوشبودار سفید پھول کا نام جسے فارسی میں نسترن اور ہندی میں سیوتی کہتے ہیں۔
Nesturi	نسطوری/نسطور	ع	شہر موصل (عراق) کے اطراف میں پائی جانے والی عیسائیوں کی ایک جمعیت اور اس کا کوئی بھی فرد۔	قوم ترسا کا ایک دانشمند و مجتہد اور اس کے پیرو۔
Neşat	نشاط	ع	خوشی۔ شادمانی۔ بشاشت۔	خوشی۔ شادمانی۔ فرحت۔ مزہ۔
Neş'e	نشہ	ع	مستی۔ ہلکا نشہ۔ یا مدہوشی۔ شادمانی۔ خوشی۔	مستی۔ سرور۔ خمار۔ غرور۔ گھمنڈ۔ ولولہ۔ بیہوشی۔
Neş'et	نشاءت/نشأۃ	ع	وجود میں آنا۔ آغاز۔ ابتدا۔ بلوغت۔ جوانی پیدا ہونا۔ بڑھنا۔ اسکول کے پاس کرنا۔	پیدائش۔ شروع ہونا۔ نیا پیدا ہونا۔ نئی پیدائش۔ نوجوان ہونا۔ نئی زندگی۔
Neşide	نشید	ع	ایسی نظم جو عوام میں شوق سے پڑھی جاتی ہے۔	شعر پڑھنا۔ آواز بلند کرنا۔ گانے کی آواز۔ سرور۔ نغمہ۔ سُر۔ الاپ۔
Neşir	نشر	ع	بکھیرنا۔ پھیلانا۔ شائع کرنا۔ لاگو کرنا۔ شائع کی ہوئی اشیا۔ طبع۔ اشتہار۔	خوشبو۔ بوئے خوش۔ اشاعت۔ انتشار۔ بکھیرنا۔ بچھانا۔ پھیلانا۔ افشائے خبر۔ زندہ کرنا۔ زندہ ہونا۔ گھاس کا ہرا ہونا۔ آرہ سے لکڑی کاٹنا۔ زندگی۔ وسعت۔ اجرا۔ درازی۔ بہاؤ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Neşriyat	نشریات	ع	اشاعت۔ تقسیم۔ مطبوعات۔ طبع شدہ اشیا۔ بیچنے کے لیے چھپی ہوئی کتابیں۔ اشتہارات۔	لاسکی کے ذریعہ نشر کرنے کا سلسلہ۔ براڈ کاسٹنگ۔
Neşter	نشتر	ف	نشتر۔	کنیشتر کا مخفف۔ فصد کھولنے کا اوزار۔
Neşve	نشوۃ	ع	خوشبو۔ مدہوشی۔ مستی۔ نشہ۔ خوشی۔ خُرمی۔	مست ہونا۔ متوالا ہونا۔ خبر دار ہونا۔ خوشبو دریافت کرنا۔
Neşvünema	نشوونما	ع	بالیدگی۔ بڑھاوٴ۔ پیدائش۔	افزائش۔ بالیدگی۔ روئیدگی۔ رونق۔ ظہور۔ ترقی۔ پھولنا پھلنا۔ پرورش ہونا۔ اُگنا۔ بڑھنا۔ پیدا ہونا۔
Netayic	نتائج	ع	جمع Netice کی۔ نتیجے۔ حصول۔ ثمرات۔ مطالب۔ انجام کار۔	جمع نتیجہ کی۔ انجام۔ نتیجے۔ مرادیں۔ مطالب۔ بچے۔ اولاد۔
Netice	نتیجہ	ع	آخر۔ انجام کار۔ تاثیر۔ اثر۔	انجام۔ خاتمہ۔ انتہا۔ حاصل مطلب۔ غرض۔ انت۔ اخیر۔ بدلہ۔ پھل۔ امتحان کا فیصلہ۔ بچہ۔ پھل۔ ثمر۔ باہر لایا ہوا۔ تراشا ہوا۔
Neuzübillah	نعوذ باللہ	ع	ہم خدا کی پناہ لیتے ہیں۔ خدا ہماری مدد کرے۔	ہم خدا کی پناہ مانگتے ہیں۔ خدا کی پناہ۔ خدا بچائے۔ اللہ محفوظ رکھے۔
Nev	نو	ف	نیا۔ حالیہ۔	نیا۔ جدید۔ تازہ۔ ابھی کا۔
Nev-arus	نوعُروس	ف	نئی شادی شدہ دُلہن۔	نئی شادی شدہ دُلہن۔
Neva	نوا	ف	موسیقی کی دُھن۔ نغمہ۔ ذرائع۔ کھانا۔ سامان۔ شرقی موسیقی کی ایک صنف۔	آواز۔ صدا۔ کوک۔ راگ۔ نغمہ۔ سامان۔ لشکر۔ فوج۔ نذرانہ۔ پیشکش۔ موافقت۔ خوراک۔ غذا۔ خوشحالی۔ گرفتار۔ قید۔ بیٹا۔ پوتا۔ کسی کے عوض دوسرے کو قید میں بٹھانا۔ لشکر۔ سپاہی۔ مغلوں کے ایک گروہ کا نام۔ موسیقی میں بارہ مقاموں میں سے ایک مقام۔
Nevahi	نواحی	ع	جمع Nahiye کی۔ کونے۔ کنارے۔ علاقے۔ ایک یا ایک سے زیادہ گاؤں کے انتظامی چھوٹے علاقے۔	جمع ناحیہ کی۔ اطراف۔ مضافات۔ آس پاس۔ قرب وجوار۔ پاس پڑوس۔ ملک کے کنارے۔
Nevale	نوالہ	ع رف	جُز۔ حصہ۔ کھانا۔ خوراک۔ غذا۔ ایک وقت میں کھایا ہوا کھانا۔ ضرورت پر کھائی اور پی جانے والی اشیا۔	لقمہ۔ تھوڑی چیز۔ لقمہ کے برابر چیز۔
Nevazil	نوازل	ع	نزلہ۔ دمہ۔ ٹھنڈ لگنا۔ نزلہ ہونا۔	جمع نازلہ کی۔ مصیبتیں۔ حادثات۔
Nevbahar	نوبہار	ف	موسم بہار۔	موسم بسنت۔ بہار کا موسم۔ وہ شے جس پر نئی بہار ہو۔ بلخ کے آتش کدہ کا نام۔ ایک بُت خانہ کا نام۔
Nevbet/ Nöbet	نوبت	ع	باری (ڈیوٹی وغیرہ میں) سنتری وغیرہ کا پہرہ۔ بخار کی باری۔ فوجی بینڈ کی مقررہ کارکردگی۔	کسی چیز کا وقت۔ کرت۔ مرتبہ۔ باری۔ دفعہ۔ مہلت۔ فرصت۔ کیفیت۔ گت۔ درجہ۔ مصیبت۔ نقارہ۔ خیمہ۔
Nevcivan	نوجوان	ف	نوجوان۔ جوان۔ نوجوان آدمی۔	گبرو۔ جوان۔ نوجوان۔ جس کی جوانی کا ابھی آغاز ہوا ہو۔
Nevha	نوحہ	ع	آہ وزاری۔ گریہ وزاری۔ رونا۔ افسوس کرنا۔ مردے کے لیے رونا۔	مردے پر رونا اور صفات کو بیان کرنا۔ رونا۔ گریہ وزاری۔ ماتم کرنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Nevhager	نوحہ گر	ع	عورت جو مُردے کے لیے گریہ وزاری کرے۔ مُردے کے لیے رونے والی کرایہ کی عورت۔	نوحہ کرنے والا۔ نوحہ کرنے والی۔
Nevi	نوع		مختلف اقسام کے۔ درجہ۔ جنس۔ قسم۔	گونہ قسم۔ جنس۔ وضع۔ ڈھنگ۔ ذات۔ شکل۔ صورت۔
Nevi-beşer	نوعِ بشر	ع	نسل انسانی۔	نسل انسانی۔
Nev-icad	نو ایجاد	ع	نیا ایجاد کیا ہوا۔ نئی دریافت کی ہوئی چیز۔	نیا ایجاد کیا ہوا۔ حال ہی میں ایجاد کیا ہوا۔
Nevim	نوم	ع	نیند۔	خواب نیند۔
Nevmid/ Nevmit	نومید	ف	نا اُمید۔ بغیر اُمید کے۔ مایوس۔	مایوس۔ نا اُمید۔
Nevmidane	نومیدانہ	ف	مایُوس۔ خشمگیں۔ نا امید۔	مایوسی سے۔
Nevmidi	نومیدی	ف	مایُوسی۔ نا امیدی۔ یاس۔	مایوسی۔ ناامیدی۔
Nevralji	نیُورَلجیا	یونانی	نسوں کا درد۔ دردِ عصاب۔ نیورلجیا۔	نسوں کا درد۔ دردِ شقیقہ۔ دردِ عصاب۔
Nevroloji	نورولوجی	یونانی	نسوں کا علم۔	نسوں کا علم۔
Nevruz	نوروز	ف	ایرانی نئے سال کا دن (۲۲/مارچ)	ایران کے لوگوں کا نئے سال کا دن جس روز کہ آفتاب نقطۂ عمل پر آتا ہے بمطابق ۲۲/مارچ۔ آتش پرستوں کا تہوار۔
Nevzad	نوزاد	ف	نیا پیدا شدہ بچہ۔	نیا جنا ہوا۔ نیا پیدا شدہ۔
Ney	نَے	ف	بانسری۔ نرکل۔	بانسری۔ بانسری کے نے جسے بجاتے ہیں۔ نرکل۔ حقہ کی نگالی۔ نلی۔ نال۔ نکا۔ تہر۔ بید۔
Nezafet	نظافت	ع	صفائی۔ پاکیزگی۔	پاکیزگی۔ صفائی۔
Nezahet	نزاہت	ع	صفائی۔ پاکیزگی۔ سلیقہ۔ شائستگی۔ شعور۔ اخلاق کی صفائی۔	بری باتوں سے دوری۔ عیب سے پاک کرنا۔
Nezaket	نزاکت	ف	نفاست۔ نازک مزاجی۔ ملائمت۔ عمدگی۔ لطافت۔ شستگی۔ اچھی تربیت۔ معاملہ جس کو ملائمت کا سلوک درکار ہو۔	نازکی۔ پاکیزگی۔ نازک مزاجی۔ خوبی۔ لطافت۔ نفاست۔
Nezaret	نظارت	ع	منظر۔ دیکھ ریکھ۔ انتظام۔ نظم ونسق۔ ہدایت۔ وزارت سربراہ کاری۔ نظر رکھنا۔	دیکھنا۔ محافظت۔ نگہبانی۔ ناظر کا عہدہ۔ ناظر کا محکمہ اور دفتر۔
Nezd	نزد	ف	کسی شخص کی ہمسائیگی یا پڑوس۔ نزدیکی۔	نزدیک کا مخفف۔ قریب۔ نزدیک۔ پاس۔ آگے۔ پیش۔
Nezi	نزع	ع	کھینچنا یا پھاڑنا۔ ہٹانا۔ ایک مقام سے دوسرے مقام کو ہٹانا۔	کسی چیز کو اس کی جگہ سے کھینچنا۔ جان کنی۔ دم ٹوٹنا۔ دم توڑنا۔
Nezif	نزف	ع	جس کے کسی عضو کے پھٹنے سے خون کا بہنا۔ نسوں سے خون کا نکلنا۔ خون کا بہنا۔	کسی عضو سے نکلنا۔ خون چلنا۔ کنویں کا تمام پانی کھینچ لینا۔ سست کرنا۔
Nezih	نزِہ	ع	پاک صاف۔ اچھا اور صاف اخلاق۔ زندگی اور اخلاق میں پاک صاف۔	کل عیبوں سے پاک صاف مجازاً تازہ وخوب۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			خاموش وخوشگوار مقام۔	
Nezir	نذر	ع	عہد۔ قسم۔ وعہدہ۔ دینی عہد۔ منّت۔ وہ چیز جس کے لیے عہد کیا گیا ہو۔ صدقہ کرنا۔ منت کے لیے بولا ہوا چڑھاوا یا صدقہ۔	عہد وپیمان۔ وہ چیز جو اپنے اوپر واجب کرلیں اور جو خدا کے واسطے مثلاً روزہ یا صدقہ وغیرہ مقرر کرلیں۔ کھانا فاتحہ وغیرہ بزرگوں کا۔ وہ نقد وجنس جو امیروں اور بادشاہوں کے سامنے بروقت ملاقات کے رکھیں۔ منت۔ صدقہ۔ چڑھاوا۔ فاتحہ۔ نیاز۔ قربانی۔ بھینٹ۔
Nezle	نزلہ	ع	دماغ کی ٹھنڈ۔ نزلہ۔	ایک مرض جس کی رصوبت کا اثر حلق، آنکھوں، دانتوں اور بالوں پر ہوتا ہے۔ نزلہ۔
Nıkat	نکات	ع	جمع نکتہ کی۔ نکتے۔	نکتہ کی جمع۔ باریکیاں۔ وہ بلیغ کام جو ہر ایک کی سمجھ میں آسکے۔
Nıkrıs	نقرس	ع	گٹھیا۔	گٹھیا۔ نام ایک شدید درد کا جو سروں کے انگوٹھوں میں ہوتا ہے۔ پاؤں کے انگوٹھے کی گٹھیا۔
Nısab/ Nısap	نصاب	ع	وہ کم سے کم آمدنی جس پر مسلمانوں پر زکوٰۃ کا ٹیکس واجب ہوتا ہے۔ کورَم کے لیے ضروری تعداد۔ کسی چیز کی صحیح حالت۔	پڑھائی کا کورس۔ متعین شدہ درس۔ سرمایہ۔ پونجی۔ مال جس پر زکوٰۃ دینا واجب ہو۔ جانچ۔ تول۔ اندازہ۔ جڑ۔ بنیاد۔ ترازو کی موٹھ۔ چاقو کا دست تلوار۔
Nısfı/Nısıf	نصفا/نصف/نصفی	ع	آدھا۔ ۱/۲۔	آدھا۔ آدھا آدھ۔ آپس میں برابر کی تقسیم۔
Nısfet	نصفت	ع	انصاف۔ حق رسائی۔ عدل۔ عام عقل کی روسے انصاف۔	انصاف۔ نیائے۔ عدل۔
Nısf-ılleyl	نصف اللّیل	ع	رات کا نصف۔ آدھی رات۔	آدھی رات۔ رات کا نصف۔
Nesf-innehar	نصف النّہار	ع	خط نصف النہار یا تحت الراس۔ وہ بڑا دائرہ جسے سورج دوپہر کو پار کرتا ہے۔ دوپہر۔	دوپہر کا وقت۔ دن کا نصف۔
Nısıf-daire	نصف دائرہ	ع	دائرہ کا نصف۔ آدھا دائرہ۔	دائرہ کا نصف۔ جس میں قطر دائرہ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔
Nısıf küre	نصف کرہ	ع	کرہ کا آدھا۔ کرہ کا نصف۔	کرہ کا آدھا۔ نصف دُنیا۔
Nısıf kutur	نصف قطر	ع	قطر کا آدھا۔ اردھ بیاس۔	قطر کا کل لمبائی کا آدھا۔
Nışadır/ Nişadir	نوشادر	ف	نوشادر۔	کھار کے مشابہ مشہور نمک۔ نوشادر۔
Nışasta/ Nşasta	نشاستہ	ف	کلف۔ نشاستہ۔ آہار۔	کلف۔ مانڈی۔ بیج۔ مغز گندم۔ گیہوں کا ست۔ جمایا ہوا۔ بیٹھا ہوا۔
Niam	نعم	ع	جمع Nimet کی۔ فوائد۔ عنایتیں۔ حصول۔ مہربانیاں وغیرہ۔	جمع نعمت کی۔ آسائشیں۔ بخششیں۔ نعمتیں۔ لذیذ اشیا۔ اعلیٰ چیزیں۔ عطا۔
Nida	ندا	ع	پکار۔ چیخ پکار۔ چلانا۔ مشتہر کرنا۔ اعلان کرنا۔	پکار۔ صدا۔ آواز (حرف) وہ حرف جو بلانے کے لیے استعمال ہوتا ہے جیسے اے۔ او۔ ہے۔
Nifak	نفاق	ع	دشمنی۔ نااتفاقی۔ نزاع۔ اختلاف۔ مخالف۔	پھوٹ۔ بگاڑ۔ نااتفاقی۔ بیر۔ دشمنی۔ ظاہر میں کچھ اور دل میں کچھ اور۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Nifas	نِفاس	ع	بچہ جننے کے بعد چالیس دن کی مدّت۔ حالت زچگی۔	وہ خون جو عورت کو بچہ کی پیدائش کے بعد زیادہ سے زیادہ چالیس روز تک روز تک ٹپکتا ہے۔ کسی چیز سے رغبت کرنا۔ زچہ کا چلّہ۔
Nigâh	نِگاہ	ف	نظر۔ نگاہ۔	نظر۔ توجہ۔ خیال۔ بصارت۔ آنکھ۔ عنایت۔ مہربانی۔ چتون۔ تیور۔ شناخت۔ پرکھ۔ چوکسی۔ رکھوالی۔ نظر بندی۔ نظارہ۔ اُمید۔ بھروسہ۔ توقع۔ مداخلت۔
Nigâr	نِگار	ف	تصویر۔ بُت۔ شکل۔ نمونہ۔ شبیہ۔ خوب صورت شخص۔	نقش۔ مورتی۔ بُت۔ معشوق۔ محبوب۔ مہندی کا وہ نقش جو عورتیں اپنے ہاتھ اور پاؤں پر بناتی ہیں۔ زیبائش۔ آرائش۔ زینت۔ لکھنے والا۔
Nigehban	نِگہبان	ف	دیکھ بھال کرنے والا۔ محافظ۔ چوکسی کرنے والا۔ نگہبانی کرنے والا۔ ولی۔	چوکیدار۔ محافظ۔ پہریدار۔
Nihal	نِہال	ف	ڈالی۔ شاخ۔ ٹہنی۔ نونہال۔ پودا۔	تازہ لگایا ہوا۔ خوش و خرم۔ بے فکر۔ کامیاب۔ خوشحال۔ مالا مال۔ توشک۔ بستر۔ گدا۔ شکار۔ صید۔
Nihan	نِہاں	ف	چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ ڈھکا ہوا۔ جمع شدہ۔	چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔
Nihavend/ Nihavent	نہاوَند	ف	مشرقی موسیقی کی ایک دُھن کا نام۔	موسیقی کی ایک دُھن یا پردہ جسے آدھی رات کے وقت گایا جاتا ہے۔
Nihayet	نِہایَت	ع	آخر۔ سرا۔ آخرکار۔ زیادہ سے زیادہ۔ انتہا۔ غایت درجہ۔ حد۔	انتہا۔ انجام۔ حد۔ آخر۔ بے انتہا۔ بہت۔ کثرت۔
Nikâb	نِقاب	ع	چہرہ کو ڈھانکنے والا باریک پردہ جس میں آنکھوں کے لیے دو سوراخ ہوں۔ برقعہ۔ نقاب۔	برقعہ۔ گھونگھٹ۔ پردہ جو چہرہ پر ڈالتے ہیں۔
Nikâh	نِکاح	ع	شادی۔ منگنی۔ سگائی۔ مسلمان مرد اور عورت کی مرضی کے مطابق دو گواہوں کی موجودگی میں شادی کرانے والے ملازم کی جانب سے شادی کرانا اور اس کا اندراج۔ پرانے زمانہ میں دولہا کی طرف سے دلہن کو دیے گئے خرچہ کا ایک حصہ۔	عقد۔ بیاہ۔ شادی۔
Nikbet	نِکبت	ع	بدنصیبی۔ ذلت۔ خواری۔ سیاہ بختی۔	خواری۔ ذلت۔ رنج۔ افلاس۔ بدحالی۔
Nikel	نِکل	انگریزی	ایک دھات کا نام۔ نِکل۔	نِکل۔ ایک قسم کی دھات۔
Nikotin	نِکوٹین	انگریزی	تمباکو کا زہر۔	تمباکو کا زہر۔
Nil	نیل	ف	نیل۔	نیل۔ نیلا رنگ۔ وسمہ۔ چوٹ کا نشان۔
Nilüfer	نیلوفر	ف	کنول کا پھول۔	کنول۔ مہتابی۔ آفتابی۔ کوکابیلی۔
Nim	نیم	ف	آدھا۔ آدھی۔ نصف۔	آدھا۔ نصف۔
Nimet	نِعمت	ع	خوش قسمتی۔ رحمت۔ بخشش۔ کرم۔ عنایت۔ اعانت۔ کھانا (خاص طور سے روٹی)	مال و دولت۔ ثروت۔ بخشش۔ عطیہ۔ لذیذ چیز۔ ناز۔ آسائش۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Nimresmî	نیم رَسمی	ف	نیم سرکاری۔ نصف رسمی۔	نیم رسمی۔ آدھا سرکاری۔
Nirengi	نیَرنگی	ف	مثلث بنا کر سروے کرنے کا فعل۔ ٹریگنولیشن۔	جادو۔ جادوگری۔ فریب۔ شعبدہ بازی۔
Nisa	نِساء	ع	عورتیں۔ عورت پن۔ استری پن۔	عورتیں۔
Nisbet/ Nispet	نِسبت	ع	رشتہ۔ تعلق۔ تناسب۔ مقابلہ۔ بغض۔ ضد ہوکر۔	لگاؤ۔ علاقہ۔ واسطہ۔ تعلق۔ مطابقت۔ منگنی۔ سگائی۔ کسی چیز کی طرف منسوب ہوجانا۔
Nisbeten	نِسبتاً	ع	مقابلتاً۔ تناسب میں۔ کینہ وری سے۔ مطابق۔ پہلے کے مقابلہ میں۔ مناسب سے۔	مقابلتاً۔ نسبت سے۔
Nisbetî	نِسبتی	ع	متناسب۔ مناسبت سے۔	رشتہ دار۔ قریبی۔ قرابت دار۔ نسبت رکھنے والا۔
Nisbî/Nespî	نِسبی	ع	ایک دوسرے یا پہلے کے مطابق ہونے والا۔ متناسب۔ تناسب سے۔	خاندانی نسب سے تعلق رکھنے والی۔
Nisvan	نسوَاں	ع	عورتیں۔	عورتیں۔ استریاں۔
Nisvanî	نسوَانی	ع	عورتوں سے متعلق۔	عورتوں سے متعلق۔ عورتوں سے منسوب۔ زنانی۔
Nisvaniyet	نسوَانیّت	ع	عورت پن۔ استری پن۔	عورت پن۔
Nisyan	نِسیَاں	ع	بھول۔ فراموشی۔	فراموشی۔ بھول۔ چوک۔ ایک مرض جس میں انسان کے ذہن سے گذشتہ واقعات محو ہوجاتے ہیں۔
Nişan	نِشَان	ف	علامت۔ چھبہ۔ اشارہ۔ نقش۔ آرائش۔ منگنی۔ نسبت۔ منگنی کے موقعہ پر دی گئی نشانی۔ کسی خدمت کے سلسلے میں ملک کے لوگوں یا غیر ملکیوں کو رسمی مواقع پر سینہ پر لگانے کے لیے فیتہ کے ساتھ یا بغیر فیتہ کے بخشا گیا دھاتو کا چھبہ۔ داغ۔ زخم کا نشان۔ مارک۔ نشانہ۔	علامت۔ اثر۔ جھنڈا۔ علم۔ چھاپہ۔ ٹھپّہ۔ یادگار۔ داغ۔ دھبہ۔ تمغہ۔ بادشاہ کا فرمان۔ کارخانے کی مہر۔ ٹریڈ مارک۔ پھوڑے یا زخم کا داغ۔ ہدف۔ نشانہ۔ کسی جماعت کی علامت۔ کھوج۔ سراغ۔ آثار۔
Nişancı	نِشَانچی	ت/ف	نشانہ لگانے والا۔	نشانہ لگانے والا۔ جھنڈا بردار۔ علم بردار وہ ملازم شاہی جس کے خاندان سے نشان برداری کی خدمت چلی آتی ہو۔
Nişane	نِشَانہ	ف	نشان۔ مارک۔ چھبہ۔	ہدف۔ وہ علامت جو گولی یا تیر مارنے کی مشق کے لیے بنائی جائے۔ گولی یا تیر مارنے کی جگہ۔ بشست۔ زد۔
Nitrat	نائٹریٹ	فرانسیسی/ انگریزی	نائیٹرک ایسڈ کا نمک۔	نائٹرک ایسڈ اور الکوحل کا مرکب سوڈا۔ پوٹاش۔
Nitrikasit	نائٹرک ایسڈ	فرانسیسی/ انگریزی	شورہ تیزاب۔ ایک مرکب جو عام طور سے پوٹیشیم اور سوڈیم کے نائٹریٹ کا سلفیورک ایسڈ کے ساتھ مقطر کھینچنے کے ساتھ حاصل کیا جاتا ہے۔	شورے کا تیزاب۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Niyabet	نیابت	ع	کسی دوسرے کی جگہ پر کام کرنا۔ نائب کا عہدہ اور کام۔	نائب ہونا۔ کسی کی جگہ پراس کا قائم مقام ہونا۔ قائم مقامی۔
Niyaz	نیاز	ف	التجا۔ التماس۔ درخواست۔ استدعا۔ منّت۔ عاجزانہ طور سے مدد مانگنا۔	عاجزی۔ حاجت۔ احتیاج۔ میل۔ خواہش۔ آرزو۔ اظہارِ محبت۔ انکسار۔ تبرک۔ پرشاد۔ نذر۔ بھینٹ۔ چڑھاوا۔ منّت۔ التجا۔ ملاقات۔ واقفیت۔ جان پہچان۔
Niyazmend	نیازمند	ف	ملتجی۔ عاجز۔ عرض پرداز۔ التماس کرنے والا۔	حاجت والا۔ خواہش رکھنے والا۔ محتاج۔ تواضع اور فروتنی کرنے والا۔ عاجزی اور فروتنی کا اظہار۔
Niyet	نیّت	ع	ارادہ۔ عزم۔ کسی مذہبی کام کو کرنے کی رسمی تجویز۔ کسی کام کو کرنے کے بارے میں پہلے سے سوچ وچار کرنا۔	ارادہ۔ دلی منشا۔ اصل مقصد۔ منصوبہ۔ مراد۔ عہد۔ خیال۔ دھیان۔
Niza	نزاع	ع	جھگڑا۔ قضیہ۔ جھگڑا کرنا۔	جھگڑا۔ قضیہ۔ تکرار۔ تنازعہ۔ فساد۔
Nizam	نظام	ع	باقاعدگی۔ ضابطہ۔ اسلوب۔ طریقہ۔ قاعدہ۔ بندوبست۔ آئین۔ دستور۔ ترتیب۔ سسٹم۔ ریگولیشن۔	فوج۔ لشکر۔ سلسلہ۔ ترتیب۔ ریزولیشن۔ رسم۔ عادت۔ بندوبست۔ جڑ۔ بنیاد۔ انتظام۔ آراستگی۔ طریقہ۔ موتیوں کی لڑی۔ تاگے میں پروئے جواہرات۔
Nizamî	نظامی	ف	قانونی۔ باضابطہ کیا گیا۔ باقاعدہ کیا گیا۔	سلسلہ نظامیہ کا مرید جو کہ حضرت نظام الدین اولیاؒ سے منسوب ہے۔
Nokat	نِکاتُ	ع	جمع Nokta کی۔ نکتے۔ دھبے۔	نکتہ کی جمع۔ باریکیاں۔ نکتے۔ وہ بلیغ کام جو ہر ایک کی سمجھ میں نہ آسکے۔
Noksan	نقصان	ع	ناقص۔ کمی۔ خامی۔ ناتمام۔ کم۔ کھوٹا۔ کوتاہ۔ عیب دار۔	کمی۔ کم۔ خامی۔ کوتاہی۔ کسر۔ عیب۔ برائی۔ کھوٹ۔
Nokta	نقطہ	ع	پوائنٹ۔ بندی (میتھمیٹکس) لمبائی چوڑائی نہ ہونے والی شکل۔ داغ۔ دھبہ۔ نقطہ وقف۔ تحریر میں وہ نشان جس سے جملوں میں فرق کیا جاسکے۔ فوج یا پولیس کی چوکی۔ الگ تھلگ سنتری۔ فل اسٹاپ۔ بعض حروف کے اوپر لگایا گیا چھوٹا نشان۔ رکنے کی جگہ۔	بندی۔ صفر۔ مرکز۔ حکمت اور ہندسہ کی اصطلاح میں منتہائے خط یعنی خط کی انتہا۔
Noktai-nazar	نُوکتائی نظر	ع	سوچنے کا نظریہ۔ سوچنے کا ڈھنگ۔	مرکزِ نگاہ۔ سوچنے کا نظریہ۔ اندازِ نظر۔ دیکھنے یا سوچنے کا انداز یا ڈھنگ۔
Normal	نورمل	انگریزی/ فرانسیسی	طبعی۔ دستور کے مطابق۔ نارمل۔ عمودی۔	ٹھیک۔ درست۔ قاعدے کے مطابق۔ طبعی۔ مستقیم۔ زاویہ قائمہ پر قطع کرتا ہوا۔ عمودی۔
Not	نوٹ	انگریزی/ فرانسیسی	یاد رکھنے کے لیے آخر میں مختصر تحریر۔ اسکولوں میں ہر طالب علم کی قابلیت کے بارے میں رائے، نمبر یا گریڈ۔ یادداشت۔ میمورینڈم۔	یادداشت۔ چٹھی۔ پرچہ۔ حاشیہ جو کسی کتاب پر لکھا جائے۔ تفسیر۔ تشریح۔ کاغذی سکہ۔ تمسک۔ دستاویز۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Nufus/ Nüfus	نُفُوس	ع	جمع Nefis کی۔ لوگ۔ عوام۔ ارواح۔ فرد۔ باشندے۔ اشخاص۔	جمع نفس کی۔ ہستیاں۔ ارواح۔ رُوحیں۔
Nuh	نُوح	ع	حضرت نوح۔	حضرت نوح۔
Nuhuset	نُحُوست	ع	بدنصیبی۔ بدشگونی۔ بدقسمتی۔	نامبارکی۔ بدبختی۔ بدنصیبی۔ بدشگونی۔ منحوس ہونا۔ بدشگون ہونا۔
Nukre	نُقرہ	ع	چاندی کی سلاخ یا ڈلا۔	چاندی۔ گڈھا خصوصاً وہ گڈھا جو انسان کی گدی میں ہوتا ہے۔ ہر چیز جو سفید ہو۔ سفید گھوڑا۔ گلی ہوئی چاندی۔ پگھلی ہوئی چاندی کی چیز۔
Nukud/ Nukut	نُقُود	ع	جمع Nakid کی۔ روپے پیسے۔ رقمیں۔	جمع نقد کی۔ رقمیں۔
Nukul	نُقُول	ع	جمع Nakil کی۔ روایتیں۔ قصے۔ نقلیں۔ احوال۔ بیانات۔ انتقالات۔ تبادلے۔	جمع نقل کی۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ کسی چیز کا نمونہ بنانا اور لکھنا۔
Nukuş	نُقُوش	ع	جمع Nakiş کی۔ نقشے۔ خاکے۔ صنعتی تصاویر۔	جمع نقش کی۔ بیل بوٹے۔ تصویریں۔ کندہ کی ہوئی چیزیں۔
Numune/ Nümune	نمُونہ	ف	سیمپل۔ مثال۔ نمونہ۔ تمثیل۔ نقل۔ نقشہ۔	تمثیل۔ مثل۔ نقل۔ نظیر۔ نقشہ۔ قالب۔ سانچہ۔ ڈول۔ بانگی۔ دکھانے کی چیز۔
Nur	نُور		روشنی۔ چمک۔ جلال۔ دینداری کا روحانی جلال۔ شان۔	روشنی۔ تجلی۔ اُجالا۔ چمک۔ رونق۔ صوفیوں کی اصطلاح میں خدا کا ایک صفاتی نام۔
Nuranî	نُورانی	ع	چمک دار۔ پُرنور۔ شان دار۔ روشن۔ منور۔	روشن۔ منور۔ نور کی طرف منسوب۔ درخشاں۔ چمکیلا۔
Nush	نُصح	ع	نصیحت۔ پند۔ تنبیہ۔	نصیحت۔ پند۔ نصیحت کرنا۔ پند کرنا۔ نیکی چاہنا۔
Nusrat/ Nusret	نُصرت	ع	فتح۔ مدد خاص طور سے خدا کی جانب سے۔	حمایت۔ مدد۔ فتح۔ جیت۔ یاری کرنا۔ مدد کرنا۔
Nuş	نُوش	ف	پینا۔ بہت شراب پینا۔ بدمست ہونا۔	خوشگوار چیز۔ امرت۔ آب حیات۔ شہد۔ تریاق۔ شیریں۔ میٹھا۔ پینے والا۔ معشوق کے ہونٹ۔ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے جیسے بادہ نوش۔
Nufte	نُطفہ	ع	منی۔	مرد کی منی۔ اولاد۔ صاف شفاف پانی۔
Nutuk	نُطق	ع	قوت گویائی۔ گفتگو۔ بات چیت۔ تقریر۔	گویائی۔ بولنے کی طاقت۔ بات۔ گفتگو۔ اڈریس۔ سپاسنامہ۔
Nuzzar	نُظّار	ع	جمع Nazır کی۔ وزیر وغیرہ۔	ناظر کی جمع۔ نظر کرنے والا۔ دیکھنے والا۔
Nübüvvet	نُبُوّت	ع	نبی کی صفت۔ پیغمبری۔ الہام کا خداداد عطیہ۔	پیغمبری۔ رسالت۔ احکام الٰہی کا پہچاننا۔ خبر دینا۔
Nücum	نُجُوم	ع	جمع Necim کی۔ ستارے۔	جمع نجم کی۔ ستارے۔ سیارے۔ ستاروں کی علم۔
Nüdbe	نُدبہ	ع	مُردے کی اوصاف بیان کر کے رونے والا۔	مُردہ پر رونا اور نوحہ کرنا اور اس کی خوبیوں کا بیان کرنا۔
Nüdema	نُدماء	ع	جمع Nedim کی۔ یار لوگ۔ ہم نشین اور مصاحب لوگ۔ یار شاطر۔ دل لگی باز۔	جمع ندیم کی۔ یار۔ ہم نشین۔ مصاحب۔ لوگ۔ جلیس۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Nüfuz	نُفوذ	ع	دخول۔ دخل۔ جسم کے سوراخوں کے اندر گذرنے کا عمل۔ بصیرت۔ اختیار۔ اثر۔ دباؤ۔ اثر ڈالنا۔ دباؤ ڈالنا۔	تیر کے نشانہ کو توڑ کر پار نکل جانا۔ گزرنا۔ فرمان یا نامہ کا جاری ہونا۔ اثر کرنا۔ سرایت کرنا۔
Nüha	نُخاع۔ نُخاع۔ نِخاع	ع	ہڈی کے بھیتر کا گودا۔ مغز۔	مغز۔ حرام مغز۔ مہرہائے پشت۔
Nühas	نُحاس	ع	تانبہ۔ تانبہ کا سکہ۔	تانبہ۔ پیتل۔ مس۔ وہ دھواں جس میں آگ کا شعلہ نہ ہو۔
Nühasî	نُحاسی	ع	تانبے کی۔ تانبہ سے متعلق۔	تانبے سے متعلق۔ تانبے کی۔
Nükte	نُکتہ	ف	دقیق معنی والی۔ ظریف یا مزاحیہ بات۔ زبان کی نفاست۔ زود حس نکتہ۔ تحریر۔ گفتگو۔ تصویر یا خاکہ میں توجہ سے سمجھے جانے والی معنی۔	باریکی۔ باریک بات۔ چھپی ہوئی پاکیزہ بات۔ تہ کی بات۔ لطیفہ۔ چٹکلہ۔ رخنہ۔ عیب۔ وہ چمڑا جو گھوڑے کے منہ پر رہتا ہے۔
Nüktedan	نُکتہ داں	ف	جو زبان کی لطافت و نفاست کی بحث سمجھتا ہے۔ زیرک۔ تیز فہم۔	باریک بات کا جاننے والا۔ بڑا عقلمند۔
Nükûl	نُکول	ع	پیچھے ہٹنا (وعدہ سے)۔ دست برداری۔ اپنے کو باز رکھنا۔ پرہیز کرنا۔ پرہیز۔ ترک کردینا۔	انکار۔ روگردانی۔ بددلی۔ قسم کھانے سے انکار کرنا۔ اعراض۔ منہ پھیرنا۔ بچنا۔
Nüküs	نُکسْ	ع	پھر بیمار ہوجانا۔	مرض کا عود کرآنا۔ پھر بیمار ہوجانا۔
Nümayan	نُمایاں	ف	ظاہر۔ عیاں۔	ظاہر۔ عیاں۔ آشکارا۔ مشہور۔ نامور۔ ابھرا ہوا۔
Nümayiş	نُمائش	ف	تماشہ۔ دکھاوا۔ نمائش۔ ظاہرداری۔ شان وشوکت۔ طمطراق۔ بناوٹ۔ مظاہرہ۔	دکھاوا۔ دکھاوٹ۔ نمود۔ ظہور۔ میلہ۔ تماشا۔ چیزوں کو کسی خاص جگہ پر دکھانا یا فروخت کرنا۔
Nümayişkar	نُمائش گار	ف	نمائش کرنے والا۔ ظاہردار۔	نمائش کرنے والا۔
Nüsha	نُسخہ	ع	کسی کتاب کا اس جیسا عدد۔ اخبار یا رسالہ کا نمبر۔	مکتوب۔ لکھا ہوا کاغذ۔ نوشتہ۔ کتاب۔ جلد۔ مجلد۔ رسالہ۔ وہ پرچہ جس پر حکیم یا ڈاکٹر دوا کا نام لکھ کر مریض کو دیتا ہے۔ ترکیب۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔
Nüvaziş	نُوازش	ف	عنایت کا رویہ۔ مہربانی۔ دُلار کرنا۔ پچکارنا۔	مہربانی۔ عنایت۔ کرم۔
Nüzul	نُزُول	ع	اوپر سے اُترنا۔ نیچے آنا۔ سکتہ۔ مرگی۔	اُترنا۔ نازل ہونا۔ وحی کا نازل ہونا۔ آنکھوں سے متواتر پانی بہنا۔ سرکاری زمین۔ ضبط کی ہوئی زمین۔

■❖■

O/(o)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
O	وہ	ف	وہ۔یہ۔ جملہ کے شروع میں لگانے پر اس کے معنی یا مطلب پر زور دیتا ہے یا حیرت کا اظہار کرتا ہے جیسے O! Maşallah, ne güzel, (اوہ! ماشاء اللہ، چہ خوب؟) O! bu oldu mu ya? (اوہ! کیا ایسا ہوگیا؟)	وہ۔یہ۔ غائب یا بعید کی طرف اشارہ۔ اس قدر۔ اتنا۔ ایسا۔ اسی قسم کا۔ پہلا سا۔ لوگوں کو متوجہ کرنے والا پوشیدہ۔ بات کی طرف اشارہ۔ اونچے مرتبہ کا۔
Oditoryum	آڈیٹوریم	لاطینی	شاعروں کا کلام سننے کے لیے سابقہ رومن لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ کانفرنس، لیکچر و کنسرٹ دینے کے لیے بنایا گیا ہال یا بڑا کمرہ۔ ریڈیو کے اسٹوڈیو میں کانفرنس یا ڈرامے منعقد کیے جانے یا دعوتوں کے لیے مخصوص ہال۔	آپیرا ہاؤس۔ پبلک ہال وغیرہ۔ سننے والوں کے لیے مخصوص کی گئی جگہ۔ خانقاہ کا استقبالیہ کمرہ۔
Of	اُف	ع	حرف ندا جو رنج، افسوس، پریشانی و کراہیت وغیرہ کا اظہار کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	حیرت۔ درد۔ رنج۔ تاسف و افسوس کرنے کے لیے یا کسی چیز کی زیادتی ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جانے والا حرف ندا۔
Ofis	آفس	انگریزی	زمین کا لگان جمع کرنے کا۔ دفتر۔ تجارت کے دفتر کے مانند بعض اداروں کے انتظامی شعبہ جات یا دفاتر۔	دفتر۔ عہدہ۔ محکمہ۔ منصب۔
Oğul	اُوغُل/اُوغُول	ت	پسر۔ بیٹا۔ شہد کی مکھیوں کا جھنڈ۔	بیٹا۔ پسر۔ کبھی مجازاً معشوق۔
Oh	اُوہ	ف	حرف ندا جو اطمینان و خوشی ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	کلمۂ تعجب و تحسین اور تعریف و افسوس۔
Oksijen	آکسیجن	یونانی	آکسیجن گیس۔	آکسیجن گیس۔ ہوا کا ایک بے رنگ و بے ذائقہ عنصر جو زندگی کے لیے لازم ہے۔
Oksit	آکسائڈ	یونانی	آکسیجن گیس میں دوسرا عنصر ملا کر حاصل شدہ کمپاؤنڈ۔	آکسیجن اور دوسرے مادہ سے حاصل شدہ مرکب۔
Okyanus	اُوقیانُوس	یونانی	سمندر۔	بحر اوقیانوس۔
Olimpiyat	اُولمپیاڈ	یونانی	سابقہ یونانیوں میں ہر چار سال بعد نئے مقام پر ملکوں کے مابین کھیلوں کے مقابلے۔	۷۷۶ قبل مسیح سے سابقہ یونان میں کھیلے جانے والے اولمپک کھیلوں کے مقابلے۔
Ombra	عنبر	اطالوی	عنبر۔	ایک قسم کی عمدہ خوشبو۔ سمندر کے ایک قسم کے سوکھے جھاگ جن کو جلانے سے خوشبو پیدا ہوتی ہے۔ عنبر

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Omlet	آملیٹ	فرانس/ انگریزی	انڈوں کا پکوان۔ خاگینہ۔	انڈوں کا پکوان۔ خاگینہ۔ آملیٹ۔
Ons	اَونس	فرانسیسی/ انگریزی	فرانس میں ۳۰ گرام ۵۹ سینٹی گرام وانگلینڈ میں ۲۸ گرام ۳۴۹ ملی گرام کا وزن۔	اَونس۔ انگریزی میں وزن کا ایک پیمانہ تقریباً ڈھائی تولہ یا آدھی چھٹانک کے برابر۔
Opera	اوپیرا	انگریزی/ فرانسیسی	گانے اور بجانے کے ساتھ ناٹک۔ ایسی عمارت جہاں اس طرح کے ناٹک کھیلے جاتے ہیں۔ سوانگ گھر۔ ناچ گھر۔	باجے کے ساتھ ناٹک۔ سوانگ گھر۔ ناچ گھر۔ تماشہ گھر۔
Operatör	آپریٹر	انگریزی/ فرانسیسی	جراح۔ سرجن۔	مشین چلانے والا۔ عامل۔ جراح۔ کارکن۔
Oportünist	اَپورچونسٹ	انگریزی/ فرانسیسی	موقعہ پرست۔	موقعہ پرست۔
Ordu	اُوردُو	ت	فوج۔ کیمپ۔ لشکر۔ کسی ملک کی فوجی طاقت۔	لشکر گاہ۔ بادشاہ کا لشکر۔ اردو زبان۔
Organik	اَورگینک	یونانی	عضوی۔ عضو سے متعلق۔ حیوان یا پھولوں سے ہونے والی یا ان سے آنے والی۔	عضوی۔
Orijinal	اَورِیجنل	فرانسیسی/ انگریزی	اصل۔	اصل۔ طبع زاد۔
Orkestra	آرکیسٹرا	اطالوی	وائلن اور ساز بجانے والے سازندوں کا گروپ۔	گانے والے سازندوں کی منڈلی۔ طائفۂ سازندگان۔ مطرب خانہ۔ گانے بجانے والوں کے لیے جگہ۔ یونانی تھیٹر میں وہ جگہ جہاں گانے بجانے والے ناچتے تھے مگر اب تھیٹر یا کنسرٹ ہال کا وہ حصہ جو گانے بجانے والوں کے لیے مخصوص کیا گیا ہو۔ آرکیسٹرا میں حصے لینے والے۔
Ortodoks	اَورتھوڈوکس	یونانی	عیسائیوں میں ایک فرقہ۔	راسخ العقیدہ عیسائیوں کا ایک طبقۂ خیال۔
Otak/Otağ	اُوتاق/ اُوتاغ	ت	خانہ بدوشوں کا بڑا آرام دہ تنبو یا خیمہ۔	مکان۔ حجرہ۔
Otel	ہوٹل	انگریزی	ہوٹل۔ مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ۔ مسافر خانہ۔	ہوٹل۔ وہ جگہ جہاں کھانے اور سکونت کا انتظام ہو۔ مسافر خانہ۔
Oto	آٹو	یونانی	موٹر کار۔ آٹو۔	خود کار تین پہیوں کا رکشا جو پیٹرول وغیرہ سے چلتا ہے۔
Otobüs	آٹو بس	فرانسیسی	بڑی بس جو مسافروں کو ایک مقام سے دوسرے مقام تک لے جانے کا کام کرے۔	بجلی کی طاقت یا پیٹرول سے چلائی جانے والی موٹر بس۔
Otokar	آٹو کار	فرانسیسی	بڑی موٹر کار۔	سڑک پر چلنے والی خود کار گاڑی جو بھاپ یا بجلی کی طاقت یا پیٹرول وغیرہ سے چلائی جاتی ہے۔
Otokrasi	آٹوکریسی	یونانی	مطلق العنان بادشاہ یا حکمراں کی حکومت۔	خودسری۔ خود اختیاری۔ مطلق العنان بادشاہ کی حکومت۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Otokrat	آٹوکریٹ	یونانی	مطلق العنان حکمراں۔	خودسر حکمراں۔ خودسر بادشاہ۔ مطلق العنان بادشاہ۔ شاہ خودمختار۔
Otomobil	آٹوموبیل	لاطینی ر یونانی	موٹرکار۔ موٹر سے چلنے والی۔	خودکار چلنے والی گاڑی۔ موٹرکار۔
Otomatik	آٹومیٹک	یونانی	خودکار مشین۔	خوحرکت کرنے والی۔ خودکار۔
Otomatizm	آٹومیٹزم	یونانی	خودکاری۔	خودکاری۔
Otopsi	آٹوپسی	یونانی	مرنے کے اسباب جاننے کے لیے مردے کے جسم کی چیڑ پھاڑ۔	موت کی وجہ جاننے کے لیے لاش کو چیر کر دیکھنا۔

■❖■

Ö/(ö)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Öf	اُف	ع	کراہیت کے لیے استعمال کیا جانے والا کلمہ۔	افسوس یا رنج کے اظہار کے لیے استعمال کیا جانے والا حرف ندا۔ آہ۔ اوہ/افسوس (تاسف) کے لیے۔ کسی چیز کی زیادتی ظاہر کرنے کے لیے بولا جاتا ہے۔
Öhö	اَوہو/اَہو	ع	نفرت اور تمسخر کا اظہار کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	کلمہ تعجب۔ آہا۔ خوب۔
Ömür	عُمر	ع	زندگی۔ خوشی۔ عمر۔ وجود۔	زندگی۔ سن و سال۔ مدت۔ زمانہ۔ عہد۔ دور۔ عرصہ۔
Örf	عُرف	ع	عادت۔ عام استعمال۔ خود مختارانہ حق۔ ظلم۔ زیادتی۔ غیر عدالتی شائستہ استعمال۔ پرانے زمانہ میں وہ پگڑی جسے سلطان اور جج پہنتے تھے۔	عام نام۔ وہ نام جس سے انسان عام طور سے پہچانا جائے۔ پہچان۔ نیکی۔ احسان۔ مشہور۔
Örfi	عُرفی	ع	رسمی۔ یک طرفہ۔ غیر عدالتی۔	رسمی۔ مشہور۔
Özbek	اُزبک/اُزبگ	ت	وسطی ایشیا کا ازبک قبیلہ۔	وسطی ایشیا کے ترکوں کے ایک قبیلہ کا نام۔
Özür	عذر	ع	خامی۔ نقص۔ رکاوٹ۔ معافی۔ معذرت۔	معذرت۔ معافی۔ بہانہ۔ حیلہ۔ انکار۔ اعتراض۔ حجت۔

■❖■

P/ (p)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Pa	پا	ف	پاؤں۔ٹانگ۔	ٹانگ۔ پاؤں۔ قدم۔ پیر۔ نیچے۔ زیریں۔ تحت۔ پائیداری۔ قدرت۔قوت۔مضبوطی۔
Papuc/ Pabuç	پاپوش/پاپوس	ف	جوتا۔ سلیپر۔ بجلی کے تار کے سرے پر لگی دھات کی گھنڈی۔	جوتا۔پیزار۔کفش (تحقیر سے) بیزاری کا اظہار۔
Paça	پائینچا	ت	پتلون۔ پاجامہ یا شلوار کے نیچے کا حصہ۔ ٹانگ کا نچلا حصہ۔ بھیڑ یا سور کے پائے۔ پایوں کا سالن۔	ٹانگ کا غلاف۔ پاجامہ کا وہ حصہ جس میں ٹانگ رہتی ہے۔
Padişah	پادشاہ/پادشہ	ف	حکمراں۔ بادشاہ۔ فرمانروا خاص طور سے ترکی کا سلطان۔	سلطان۔شاہ۔تخت کا مالک۔سردار۔حاکم۔مختار۔کامل۔بادشاہ۔
Paha/Baha	بہا	ف	قیمت۔	مول۔دام۔قیمت۔
Pagoda	پگوڈا	تامل	تامل بھاشا میں مشرق بعید میں رہنے والوں کے مندر۔	بدھ مت والوں کی مورت و مندر۔مخروطی شکل کا بدھ مندر۔
Pak	پاک	ف	صاف۔ خالص۔ بغیر داغ دھبے والا۔ مقدس۔پوتر۔	صاف۔غیر آلودہ۔ بے گناہ۔تمام وتر۔پوتر۔جائز۔حلال۔نیک۔ شریف۔آزاد۔ بے باک۔
Paket	پیکیٹ	انگریزی	پیکیٹ۔ پارسل۔ ہاتھ میں لٹکانے والی بڑی چیز۔	گٹھری۔پیکیٹ۔لفافہ۔چھوٹا بنڈل۔
Pakt	پیکٹ	انگریزی	عہد و پیمان۔قرار۔بندش۔	قرار۔عہد و پیمان۔معاہدہ۔عہد نامہ۔
Palas	پلاس	ف	موٹا کپڑا۔ٹاٹ۔چیتھڑا۔گودڑ۔	سن کا موٹا کپڑا۔ٹاٹ۔موٹا کپڑا۔موٹی جاجم۔مکر وحیلہ۔ڈھاک کا پیڑ۔زنبور۔پلاس۔
Paleontoloji	پیلی اونٹولوجی	یونانی	جمادات کا علم۔قدیم وجود کا علم۔	زمین کی قدیم زندگی کی سائنس۔ جمادات کے باقیات کا علم۔علمِ آثار قدیمہ۔
Palûze	فالودہ	ف	ایک قسم کا سفید رنگ کا قوام یا جیلی جو دودھ نشاشتہ اور چینی سے تیار کیا جاتا ہے۔	پکا ہوا نشاشتہ جسے چلنی میں چھان کر سویاں سی بنا لیتے ہیں اور دودھ، برف اور شکر کے ساتھ ملا کر کھا لیتے ہیں۔
Pantograf	پینٹوگراف	یونانی	ایک اوزار جس سے کسی چیز کی شکل کی چھوٹی یا بڑی نقل بنائی جا سکتی ہے۔	ایک آلہ جس سے ڈرائنگس، نقشوں وخاکوں کی نقل اسی پیمانے یا مختلف پیمانوں پر اتاری جا سکتی ہے۔
Papa	پاپا	اطالوی	کیتھولک عیسائی فرقہ کی مجلس کی جانب سے چنا ہوا سب سے بڑا پادری جو ویٹیکن (روم) میں رہتا ہے۔	باپ۔والد۔ابا۔بابا۔پوپ۔عیسائیوں کا بڑا پادری۔
Parafin	پیرافین	فرانسیسی	پیٹرول۔رال۔کول تار۔نیفتا جیسی چیزوں سے نکالا گیا سفید، سخت و چمک دار آتش	پیرافین۔ ایک بے رنگ و بو چکنی چیز جو پیٹرول وغیرہ کو صاف کر کے بنائی جاتی ہے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			گیرمادہ جسے موم بتیاں بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ پیرافین کا موم۔	
Paragraf	پَیرا گِراف	یونانی ر انگریزی	فقروں کے اوپر لگایا گیا اشارہ۔ تحریر میں فقروں کو الگ کرنا۔	نشانِ دفعہ۔ فقرہ۔ عبارت کا وہ ٹکڑا جس میں ایک ہی مضمون ہو۔ پیرا۔
Paralel	پَیرلَل	یونانی	متوازی۔	متوازی۔
Paraşüt	پَیراشُوٹ	فرانسیسی	غبارے یا ہوائی جہاز سے اترنے کی چھتری۔	محافظ چھتری جس کی مدد سے انسان کود کر زمین پر پہنچتا ہے۔ پیراشوٹ۔
Parça	پارچہ	ف	ٹکڑا۔ کُل میں سے الگ کی ہوئی یا الگ شمار کی ہوئی شے۔ حصہ۔ کپڑے کی لمبائی۔ قطعہ۔ تھوڑی چیز۔ موسیقی کا ٹکڑا۔ عمل یا انجام دہی۔	ٹکڑا۔ حصہ۔ قاش۔ پھانک۔ کپڑا۔ تا۔ پوشاک۔ بستر۔ قاش۔ پارہ۔ گھاٹ۔ پنگھٹ۔ ایک ریشمی کپڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔ مچان۔
Pardon	پارڈن	انگریزی	معافی۔ معافی مانگنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	معافی۔ عفو۔
Pare	پارہ	ف	ٹکڑا۔	پارچہ۔ ٹکڑا۔ ریزہ۔ جز۔ پرچہ۔ پُرزہ۔ قاش۔ پھانک۔ پیوند۔ جوڑ۔ پتھر کی چھوٹی سی دیوار۔ پارہ۔
Pare Pare	پارہ پارہ	ف	ٹکڑے ٹکڑے میں۔	ٹکڑے ٹکڑے۔
Park	پارک	انگریزی	عوام کے گھومنے پھرنے و ہواخوری کے لیے پیڑ پودوں و پھل دار درختوں والا باغ۔	احاطہ یا گھرا ہوا مقام جو شہریوں یا عوام سیر و تفریح کے لیے ہو۔ وسیع باغ۔
Pars	پارس	ف	ایران معہ تبریز کے صوبہ کے۔ شیراز کا صوبہ۔	ملک ایران۔ فارس۔ ہوشنگ بادشاہ کے بیٹے کا نام جس کے نام پر کُل ایران کو پارس کہتے ہیں۔
		ت	چیتا۔ تیندوا۔	
Parti	پارٹی	انگریزی	سیاسی پارٹی۔ سوشل پارٹی۔ مال کا سپردگی نامہ۔ میچ۔ مال کی سپردگی یا تفویض۔ کھیل۔	جماعت۔ فرقہ۔ طرف۔ جانب۔ فریق مقدمہ۔ شریک دعوت۔ جلسہ۔ معین۔ حزب۔
Pas	پاس	انگریزی	فٹ بال کے کھیل میں گیند کو اپنے ساتھی کے حوالے کرنا۔ برج کے کھیل میں کسی کھلاڑی کا نہ کھیل سکنا۔ تاش کے پتوں کی بازی۔	فٹ بال کے کھیل میں گیند کو اپنے ساتھی کے حوالے کرنا۔
Pasaport	پاسپورٹ	انگریزی	پاسپورٹ۔ کسی غیر ملک میں جانے کے لیے اپنی حکومت سے لیا گیا اجازت نامہ۔ پروانہ راہ داری۔	پاسپورٹ۔ بیرونِ ملک جانے کے لیے پروانہ راہ داری۔
Pasban/ Pazvant	پاسبان	ف	چوکیدار۔ دربان۔ بازار کا چوکیدار۔	چوکیدار۔ پاسبان۔ پہرے کا سپاہی۔
Paşa	پاشا	ت	دورِ عثمانیہ میں اعلیٰ سول و فوجی افسران کو	حاکم۔ گورنر۔ سردار۔ لارڈ۔ عامل و ترکی سرداروں کا خطاب ولقب۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			دیا جانے والا خطاب جو بعد کو صرف فوجی جرنلوں کے لیے مخصوص کر دیا گیا تھا۔	
Patenta	پیٹینٹ	انگریزی	پیٹینٹ۔ لائسنس۔ صحت کا بل۔ قومی حقوق بخشے جانے کے پروانے۔	پروان یا فرمان جس کی رُو سے موجد یا کسی چیز کو بنانے والے کو اپنی ایجاد یا چیز کی نسبت خاص استحقاق عطا کیے جائیں۔ حق۔ پیٹینٹ۔ تحفظ بذریعہ پیٹینٹ۔
Patron	پیٹرن	انگریزی	کسی فرم یا تجارتی ادارہ کا سربراہ۔ ماڈل۔ نمونہ۔	سرپرست۔ حامی۔ مربی۔
Patoloji	پیتھولوجی	یونانی	علم تشخیص الامراض۔ بیماریوں کا علم۔	علم تشخیص امراض۔ طب نظری۔
Pay	پائی / پائے	ف	حصہ۔ ٹکڑا۔ تہمت۔ الزام۔ حاشیہ۔ پاؤں۔ تحمل (میکانیکل)۔ علم حساب میں کسر کے اوپر کا حصہ یا شمار کنندہ۔	پاؤں۔ پگ۔ قدم۔ پا۔ منصب۔ زینہ۔ رتبہ۔ عزت۔
Pâyan	پایان	ف	آخیر۔ انجام۔ چھور۔ حد۔ انتہا۔ سرحد۔	انتہا۔ آخر۔ انجام۔
Payanda	پائندہ	ف	کوئی چیز جس پر وزن ٹکتا ہے۔ سہارا۔ ٹیک۔ پایہ۔	استوار۔ قائم۔ ٹھہرنے والا۔
Paybend/ Payvant	پائے بند / پابند	ف	بیڑی۔ روک۔ لنگراہٹ۔ لنگڑا کر چلنا۔	بیڑی۔ زنجیر۔ وہ رسی جس سے گھوڑے کے پاؤں باندھتے ہیں۔ گرفتار۔ رُکا ہوا۔ قیدی۔ قائم۔ ٹھہرا ہوا۔ مستقل۔ مضبوط۔ ماتحت۔ مطیع۔ نوکر۔ ملازم۔ محکوم۔ کسی بات پر قائم رہنا۔
Pâye	پایہ	ف	گریڈ۔ مرتبہ۔ درجہ۔ ڈگری۔ عزت۔	پاؤں۔ قدم۔ زینہ۔ قدمچہ۔ درجہ۔ رُتبہ۔ چوپائے کا پاؤں۔
Payidar	پائیدار	ف	مضبوط۔ مستحکم۔ برداشت کر سکنے والا۔	مضبوط۔ پختہ۔ پکا۔ دیرپا۔ مستحکم۔
Payimal	پائمال / پامال		نفرت کیا ہوا۔ پاؤں سے کچلا گیا۔ مغلوب کیا گیا۔ مصیبت زدہ۔	خراب۔ مصیبت زدہ۔ پامال۔
Payitaht	پائے تخت		(لفظی معنی) تخت کا پیر۔ حکمراں کی رہائش۔ راجدھانی۔	راجدھانی۔ دارالحکومت۔
Pazar	پازار	ت	اتوار کا دن۔	
	بازار	ت / ف	بازار۔ مارکیٹ۔ مارکیٹ کی جگہ۔ خرید و فروخت۔ سودے بازی۔	دو کانوں کا سلسلہ۔ منڈی۔ بازار۔ خرید و فروخت کی جگہ۔ نرخ۔ بھاؤ۔ اعتبار۔ ساکھ۔ بکری۔ نفع۔ معاملہ۔ رونق۔ رواج۔ میلہ۔
	پازار	ف		سال پیوستہ۔ تیسرا سال جو گزر گیا۔
Pazı/Bazu	بازو	ت / ف	بازو۔ پٹھہ۔ طاقت۔ قوت۔	کہنی سے شانے تک کا حصہ۔ بھجا۔ ڈنڈ۔ پرندوں کے جسم کا وہ حصہ جس میں پر ہوتے ہیں۔ معاون۔ مددگار۔ ساتھی۔ دوست۔ دائیں بائیں کی فوج۔ مرثیہ خوانی کا جوڑی دار۔ دروازہ کے دونوں طرف کی لکڑیاں۔ میمنہ۔ میسرہ۔
Pazıbend Bazubend	بازوبند	ت / ف	تعویذ۔ بازو پر باندھا جانے والا تعویذ۔	بازو پر باندھا جانے والا تعویذ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Pedal	پیڈل	اطالوی	پیڈل۔	پیڈل۔ پیانو۔ سائیکل وسلائی مشین کا وہ نچلا حصہ جسے پاؤں سے چلاتے ہیں۔
Peder	پدر	ف	والد۔ باپ۔ بیٹا۔	والد۔ باپ۔ پتا۔ ابا۔
Pederane	پدرانہ	ف	پدری۔	باپ کی طرح۔ باپ جیسا۔ باپ سے منسوب۔
Pehlivan	پہلوان	ف	پہلوان۔ کشتی باز۔ ہیرو۔ طاقتور۔	پہلوان۔ سورما۔ بہادر۔ طاقت ور۔
Pehriz/ Perhiz	پرہیز	ف	ضبط۔ اتقا۔ جسم کو نقصان پہنچانے وبیماریاں پیدا کرنے والی ذائقہ دار چیزوں اور غذاؤں سے بچنا۔ عیسائیوں میں مخصوص دنوں پر تیل جیسی بعض اشیا کے کھانے سے پرہیز کرنا یا روزہ رکھنا۔	احتیاط۔ اجتناب۔ تقویٰ۔ گناہ سے یا کسی ناجائز چیز سے بچنا۔ خوف۔ اندیشہ۔
Pejmürde	پژمردہ	ف	مُرجھایا ہوا۔ کُمہلایا ہوا۔ زائل کیا ہوا۔ بوسیدہ۔	کمہلایا ہوا۔ مرجھایا ہوا۔ مایوس۔ افسردہ۔
Pelenk	پلنگ	ف	تیندوا۔ چیتا۔	چیتا۔ تیندوا۔ ایک درندہ جس کے جسم پر سیاہ دھبے ہوتے ہیں۔
Penah	پناہ	ف	دارالامان۔ بچنے کی جگہ۔ محافظ۔ نگہبان۔	بچاؤ۔ بچنے کا ٹھکانہ۔ امن۔ عافیت۔ حفاظت۔ حمایت۔ نگرانی۔ سہارا۔
Pençe	پنجہ	ف	پورا ہاتھ۔ پنجہ۔ چنگل۔ قوت۔ طاقت۔ تشدّد۔ سلطانوں کے سابقہ سرکاری دستخط۔ بڑا دھبہ۔ جوتے کی مرمت کا سول۔ پھولی ہوئی یا ابھری ہوئی جڑ جیسے آلو کی۔ گٹھ (اسپارگس پودے وغیرہ کا)	پنجہ۔ ہاتھ معہ انگلیوں کے۔ چنگل۔ پنج شاخہ۔ پانچ چیزوں کا مرکب۔ لپ۔ مُٹھی۔ پاخانہ صاف کر۔ نے کی ہڈی یا ٹھیکرا۔ آدمی کے ہاتھ کی شکل کا چاندی کا نشان جو تعزیوں کے ساتھ بانس میں لگا ہوتا ہے۔ ہاتھ اور پاؤں کی انگلیاں کہ ہر ایک کی تعداد پانچ ہوتی ہے۔
Perakende	پراگندہ	ف	منتشر کیا ہوا۔ پھیلا ہوا۔ الگ الگ کیا ہوا۔ جوڑ الگ کیا گیا۔ پریشان۔ بکھرا ہوا۔ پھکڑ۔	پریشان۔ حیران۔ متردد۔ متفکر۔ مذبذب۔ منتشر۔ تتر بتر۔
Perçem	پرچم	ف	بالوں کا گچھا۔ زلف۔ لٹ۔ کاکل۔ گھوڑے کی گردن کے بال۔	زلف۔ کاکل۔ پھریرا۔ کپڑا جو جھنڈے پر باندھا جاتا ہے۔ پہاڑی گائے کی دم کے بال۔
Perdah	پرداخت	ف	پالش۔ چمک۔ آخری تراش۔ چمکانا۔ پالش کرنا۔	آراستہ۔ سنوارا ہوا۔ دیکھ بھال۔ نگہبانی۔ حفاظت۔ سہارا۔ مدد۔ پرورش۔ پالن۔
Perde	پردہ	ف	پردہ۔ چلمن۔ عورتوں کے رہنے کی جگہ کو الگ کرنے والی اوٹ۔ نقاب۔ جھلی۔ موتیا بند۔ ڈرامہ کا ایک ایکٹ۔ موسیقی کی تان۔ تاردار ساز پر انگلیاں رکھنے والے بورڈ کا چھوٹا تار۔ آواز کا اُتار چڑھاؤ۔ عصمت۔ پاک دامنی۔ پاکیزگی۔ موسیقی کا مقام۔	چلمن۔ چک۔ کپڑے کا پردہ۔ اوٹ۔ گھونگھٹ۔ آڑ۔ حجاب۔ نقاب۔ برقعہ۔ چق۔ دروازہ کے آگے پردہ کی دیوار۔ انگرکھے کا سینہ۔ سطح۔ راز پوشیدہ۔ راگ۔ الاپ۔ آہنگ۔ پیٹ وغیرہ کی جھلی۔ پرت۔ کولہے اور پسلیوں کا درمیانی گوشت۔ بادبان۔ پتوار۔ عیب۔ نقص۔ خرابی۔ مقامات وموسیقی جیسے پردۂ عشاق۔ گوشہ۔ تنہائی۔ طبقہ۔ روک۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Perdedar	پَردہ دار	ف	جس پر پردہ پڑا ہو۔ جو پردہ میں ہو۔ دربان۔	پردہ کرنے والا۔ بھید رکھنے والا۔ واقف حال۔ عیبوں کو چھپانے والا۔ رازدار۔ محافظ اسرار۔ دربان۔
Perende	پَرندہ	ف	قلابازی۔	اڑنے والا جانور۔ پرندہ۔ پکھیرو۔
Perest	پَرَست	ف	پوجنے والا۔	پرستش کرنے والا۔ پوجنے والا۔
Perestide	پَرستیدہ	ف	پوجا ہوا۔ پرستش کیا ہوا۔	پوجا ہوا۔ پرستش کیا ہوا۔
Perestiş	پَرستش	ف	پوجا۔ عبادت۔ بھگتی۔ تعظیم۔	عبادت۔ پوجا۔ بندگی۔ تپسیا۔ تسلیم۔ آداب۔ بزرگی۔ عظمت۔ توقیر۔ عزت۔ عجز۔ انکسار۔
Peri	پَری	ف	پری۔ خوبصورت شخص۔ جنّات کی ایک خوبصورت قسم۔	ایک اڑنے والی حسین افسانوی عورت۔ بہت حسین عورت۔
Perişan	پَریشان	ف	تباہ حال۔ بکھرا ہوا۔ منتشر۔ بے ترتیب۔ پریشاں حال۔ گھبراہٹ میں۔	پرا گندہ۔ مصیبت زدہ۔ حیران۔ آشفتہ۔ متر دو۔ منتشر۔ مضطرب۔
Permang-anat	پَرمیگنیٹ	فرانسیسی	ایک جراثیم کش دوا۔ پوٹیشیم پرمیگنیٹ کا مختصر نام۔	پوٹیشیم پرمیگنیٹ۔ مینگنیز سے حاصل شدہ تیزاب۔
Persenk	پَرسنگ	ف	بولتے وقت ضروری یا غیر ضروری طور پر الفاظ کا بار بار کہنا یا تکرار کرنا جیسے "آپ جانتے ہیں"۔ "آپ دیکھتے ہیں"۔ "جناب" وغیرہ۔	———
Persenk	پَرسنگ	سنسکرت	———	بابت۔ متعلق۔ ربط۔ میل جول۔ درمیان۔ صحبت۔ ضبط۔ ہم نشینی۔ واسطہ۔ سابقہ۔ موقعہ۔ جگہ۔
Pertav	پَرتَو	ف	کود۔ زقند۔ چھلانگ۔ کودنے سے پہلے کی دوڑ۔ وہ فاصلہ جہاں تیر کمان سے پہنچایا جا سکے۔	سایہ۔ عکس۔ پرچھائیاں۔ روشنی۔ کرن۔ شعاع۔ چمک۔
Perva	پَروا/پَرواہ	ف	توجہ۔ دھیان۔ لحاظ۔ خیال۔ خوف۔ تشویش۔ چنتا۔ ضبط۔	توجہ۔ اندیشہ۔ خوف۔ دہشت۔ فکر۔ خواہش۔ غرض۔ رغبت۔ حاجت۔
Pervane	پَروانہ	ف	رات کو روشنی کے لیے ارد گرد اُڑنے والی چھوٹی تتلیاں۔ پروانہ۔ پتنگا۔ آگے دھکیلنے والا۔ خلائی دھبیل۔ ہوائی چکی کا بادبان۔ پیڈل کا پہیہ۔ سمندر کی ایک مچھلی جو گول ہوتی ہے۔	پروانہ۔ چراغ کا پتنگا۔ ایک پردار کیڑا۔ اجازت نامہ۔ حکم نامہ (تحریری)۔ وہ جانور جو شیر کے آگے چلتا ہے۔ مجازاً عاشق۔ فریفتہ۔
Pervaz	پَروَاز	ت	سجاوٹ کی کناری۔ کنگرہ۔ کسی دیوار یا ستون کا سب سے اونچا اُبھار۔ سرا۔ تصویر کے فریم پر بنی ہوئی کناری۔	———
		ف	اُڑان۔ پرواز (مرکب الفاظ میں)۔	اُڑان۔ پرواز۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Perver	پَروَر	ف	کھلانے والا۔ پرورش کرنے والا۔ پالنے والا۔ فارسی مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔	پالنے والا۔ پرورش کرنے والا۔
Perverde	پَروَردہ	ف	پالا ہوا۔ پرورش کیا ہوا۔ پڑھایا لکھایا ہوا۔	پالا ہوا۔ پرورش کیا ہوا۔ بسایا ہوا۔ دبایا ہوا۔ بامراد کیا ہوا۔
Pesendide	پَسندِیدہ	ف	دل پسند۔ فرح بخش۔ مقبول۔ خوشگوار۔ منظور کیا ہوا۔	پسند کیا ہوا۔ حسب منشاء۔ چنا ہوا۔ منظور کیا ہوا۔ انتخاب کیا ہوا۔
Peş	پیش	ف	———	آگے۔ سامنے۔ پہلے۔ قبل۔ آئندہ۔ ضمہ۔ وہ علامت جو حرف کے اوپر لفظ واؤ کی آواز کے لئے لگاتے ہیں۔ انگرکھے کی اگاڑی۔ تسبیح کا سب سے اوپر کا دانہ۔
		ت	پہننے کے بعض کپڑوں کے سرے پر لگایا گیا کپڑے کا ٹکڑا۔ پیچھے کی جگہ۔ پیچھے۔	———
Peşekar/ Pişekar/	پیشکار	ف	پرانے ترکی ڈراموں میں ایک قسم کا مسخرہ۔	منیجر۔ مددگار۔ نائب سررشتہ۔ مسل خواں۔
Peşiman/ Pişman	پَشیمان	ف	شرمندہ۔ تاسف کرنے والا۔ نادم۔	پچھتانے والا۔ شرمندہ۔ افسوس کرنے والا۔ نادم۔
Peşin	پیشین	ف	پہلا۔ اگلا۔ پیشگی دیا ہوا۔ تیار (روپیہ) اوّل مقام پر۔ اوّل۔	اگلا۔ پہلا۔ قدیم زمانے کا۔
Peşkeş	پیشکش	ف	نذرانہ۔ تحفہ۔ دینے کی ضرورت نہ ہونے پر بھی کسی شخص کو کوئی چیز بغیر کسی مقصد کے پیش کرنا۔	نذرانہ۔ تحفہ۔ نذرانہ۔ ہدیہ۔ تحفہ دینا۔
Peşkir	پیش گیر	ف	نیپکن۔ رُومال۔ کھانا کھاتے وقت منہ صاف کرنے کا رُومال۔	تولیہ۔ منہ پوچھنے کا رُومال۔
Peşrev/ Pişrev	پیش رَو	ف	ابتدائی گیت۔ اسکاؤٹ۔ آگے دوڑنے والا۔ تمہید۔ پہلوانوں کی ابتدائی حرکات۔ مشرقی موسیقی میں ابتدائی گیت یا راگ۔ ایسی گولی جو چلانے کے بعد بکھر جائے۔	آگے چلنے والا۔ نوکر۔ لشکر کا ہراول۔ راگ کی آواز۔ آگے گزرنے والا۔
Peştahta	پیش تختہ	ف	چھوٹا ڈیسک۔ کاؤنٹر۔ روپیہ بدلنے والے کا بورڈ۔	ڈیسک۔ آگے کی میز۔
Petrol	پیٹرول	یونانی	پیٹرولیم۔ مٹی کا تیل۔	پیٹرول۔
Peyam	پَیام	ف	پیام۔ پیغام۔ خبر۔ مژدہ۔ وحی۔	سندیسہ۔ پیغام۔
Peyapey	پَیاپے/پَیاپی	ف	بتدریج۔ لگاتار۔ متواتر۔	پے در پے۔ لگاتار۔ مسلسل۔ متواتر۔
Peyda	پَیدا	ف	موجود۔ زندہ۔ پیدا کیا گیا۔ بنایا گیا۔ ظاہر کیا گیا۔ عیاں۔ ظاہر۔ پیدا کرنا۔ جننا۔ عادت وغیرہ کا لینا۔	ظاہر۔ موجود۔ جنا ہوا۔ زائیدہ۔ ایجاد۔ حاصل کرنا۔ پیدا کرنا۔ بنانا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردوزبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردوزبان میں معنی
Peyderpey	پےدرپے / پی دَرپی	ف	ایک کے بعدایک۔ لگاتار۔ سلسلہ وار۔ قدم بہ قدم۔	لگاتار۔متواتر۔بار بار۔
Peygamber	پیغمبر	ف	پیغمبر خاص طور سے حضرت محمد صاحب۔	خدا کا پیغام لانے والا۔پیامبر۔قاصد۔سندیسہ لانے والا۔سفیر۔ایلچی۔
Peyk	پیک	ف	قاصد۔ ہرکارہ۔ مُرید۔ حوالی موالی۔ سیارچہ۔خدمتگار	قاصد۔ہرکارہ۔نامہ بر۔چٹھی رساں۔
Peyker	پیکر	ف	شکل۔صورت۔چہرہ۔	جسم۔چہرہ۔شکل۔صورت۔
Peyman	پیمان	ف	قسم۔	وعدہ۔عہد۔شرط۔قسم۔اقرار۔
Peynir	پنیر	ت	پنیر۔	پنیر۔
Sahte	ساختہ	ف	جھوٹا۔ جعلی۔ مصنوعی۔ بناوٹی۔ نقلی۔	مصنوعی۔ گھڑا ہوا۔ جھوٹا۔ بنایا ہوا۔ نقلی۔ تیار کیا ہوا۔
Sahur	سَحور/سُحور	ع	رمضان کے مہینے میں روزہ رکھنے سے پہلے تڑکے میں کھانا کھانا۔	سحری۔ سحرگہی۔ جمع سحری۔
Sai	ساعی	ع	ڈاک لے جانے والا۔ کوریئر۔ ہرکارہ۔ پیام رساں۔	ڈاک لے جانے والا۔ دوڑ دھوپ کرنے والا۔ کوشش کرنے والا۔ چغل خور۔
Saib	صائب	ع	جو نشانہ پر لگے۔ صحیح۔ ٹھیک۔ درست۔ مبارک۔ نیک۔	درست۔ ٹھیک۔ رسا۔ پہنچانے والا۔
Saîd	سعید	ع	مبارک۔ نیک۔	نیک۔ مبارک۔ نیک بخت۔ خوش نصیب۔ خوش۔
Sâid	ساعد	ع	کلائی۔ پہنچے سے کہنی تک۔	بازو۔ ہاتھ کی کہنی سے لے کر پہنچے اور ہتھیلی سے اوپر کا حصہ۔
Saik	سائق	ع	کھینچنے والا۔ مجبور کرنے والا۔ دھکیلنے والا۔ ترغیب دینے والا۔ کارپرداز۔ سبب۔	پیچھے سے ہنکانے والا۔ قائد آگے سے کھینچنے والا۔ ڈرائیور۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Saika	صاعِقہ	ع	بجلی۔ برق۔ گرج۔	ہلاک کرنے والا۔ کوڑا جو فرشتۂ ابر کے ہاتھ میں ہے جس سے وہ ابر کو ہانکتا ہے۔ تڑخنے اور زمین پر گرنے والی بجلی۔ بجلی جو بادل سے زمین پر گرے۔ موت۔ ہلاک کرنے والا۔ عذاب۔
Sail	سائل	ع	فقیر۔ بھیک مانگنے والا۔	مانگنے والا۔ پوچھنے والا۔ سوال کرنے والا۔ طالب۔ فقیر۔ بھکاری۔ جاری ہونے والا۔ عرضی دینے والا۔ امیدوار۔ چاہنے والا۔
Sail	سَیّال	ع	بہنے والا۔ رقیق۔ پگھلا ہوا۔	بہنے والا۔ رواں۔ رقیق۔ پتلا۔ مائع۔ بہتی ہوئی چیز۔
Sair	سائر	ع	باقی۔ جو باقی بچتا ہے۔ دوسرا۔ دیگر۔ جو چلتا ہے یا چلا جاتا ہے۔ مشہور۔ رواں۔ چالو۔	باقی۔ باقی بچا ہوا۔ تمام۔ سب۔ سارا۔ پھرنے والا۔ سیر کرنے والا۔ سیلانی۔ مشہور۔
Sak	صَک	ع	قانونی دستاویز۔ قانونی فارمولوں کی کتاب۔	نامہ۔ قبالہ۔ مکان کی سند۔ مکان کا کاغذ۔ ضامنی نامہ۔ خط شرعی۔ دروازے کو زور سے بند کرنا۔ ٹھوکنا۔ کوٹنا۔ سخت مارنا۔
Sâk	ساق	ع	پنڈلی۔ ڈنڈی۔ ڈنٹھل۔ درخت کا تنا جس سے شاخیں نکلتی ہیں۔	ڈنٹھل۔ پنڈلی۔ درخت کا تنا۔ ساگ پات کا ڈنٹھل۔ ڈنڈی۔
Saka	سقّہ رسقّا	ع	سقہ۔ پانی لے جانے والا۔	سقہ۔ پانی لانے یا پلانے والا۔ ایک پرند کا نام جو اپنے پوٹے میں پانی بھر رکھتا ہے۔
Sakal	سِقال	ت	ڈاڑھی۔ گل مُچھیں۔	آدمی کی ڈاڑھی۔
Sakmonya	سقمونیا	ف	سقمونیا۔ ایک دست آور دوا۔	ایک قسم کا سبز زردی مائل گوند جس کا مزہ تلخ ہوتا ہے اور اسے صفرا کی مسہل کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک دست آور دوا۔
Sakangur	سقنقور	ع	افریقی چھپکلی۔ جلد سازی میں کام آنے والی معمولی گاز۔	ایک قسم کا رینگنے والا ریگستانی جانور۔ ایک جانور مثل گوہ کے بالو میں رہتا ہے اور جس کا گوشت کھانا نہایت مقوی باہ ہے۔ ریگ ماہی۔
Sakarin	سَکرین	فرانسیسی	معدنی کوئلے سے حاصل شدہ ایک سفید مادہ جس کا ذائقہ میٹھا ہوتا ہے اور جسے اُن مریضوں کو جن کو شکر لینا ممنوع ہے شکر کے طور پر استعمال کرایا جاتا ہے۔	سکرین۔ شیریں مثل شکر۔ ایک سفید سفوف جو مصنوعی طور پر بنایا جاتا ہے اور چینی سے تقریباً پانچ سو گنا میٹھا ہوتا ہے۔
Sakat	سَقط	ع	ناقص۔ نادرست۔ عیب دار۔ بیکار۔ ٹوٹا ہوا۔ نقصان پہنچایا ہوا۔ اوجڑی۔	خطا اور سہو کرنا حساب اور لکھنے میں۔ کسی چیز کا گرا ہوا ٹکڑا۔ ناقص پونجی۔ بیہودہ۔ کم مقدار مجاز اثر اور بد۔
Sakıb	ثُقبہ	ع	پنکچر۔ سوراخ۔ چھید۔	سوراخ۔ چھید۔
Sakıf	سَقف	ع	چھت۔	مکان کی چھت۔ شامیانہ۔
Sakıt	سَقِط	ع	گرتا ہوا۔ نیچے آنے والا۔ عزت و ناموس میں گرا ہوا۔ بیکار۔ اسقاط کیا ہوا۔	ناتمام بچہ جو ماں کے پیٹ سے گرے۔ اندھے منہ گرنا۔ پھسلنا۔ ست ہو جانا گھوڑے کا دوڑنے سے۔ چنگاری جو چقماق سے نکلے۔ بالو کا تودہ۔ کچا خرمہ جو شاخ سے گر پڑے۔
Sâki	ساقی	ع	ساقی۔ پانی کی تقسیم کرنے والا۔ شراب پلانے والا۔	ساقی۔ شراب پلانے والا۔ شراب ساز۔ پلانے والا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sakil	ثقیل	ع	بھاری۔ سخت (آواز یا الفاظ) بھدا۔ وزنی۔ ناموافق۔ گراں۔ ناگوار۔ تھکانے والا۔ مشرقی موسیقی میں ایک بنیادی اصول یا طریقہ۔	گراں۔ بھاری۔ بوجھل۔ وہ لفظ جو مشکل سے ادا ہو۔ ناقابل ہضم۔ دیرہضم۔ ایک درد جس سے عضو بھاری معلوم ہوتا ہے۔
Sakim	سقیم	ع	ناقص۔ عیب دار۔ نقصان دہ۔ غلط۔	ناقص۔ عیب دار۔ خراب۔ ابتر۔ ردّی۔ خستہ۔ بیمار۔ مریض۔
Sakin	سَاکِن	ع	ساکت (حرف)۔ اَتھر۔ دبایا ہوا۔ خاموش۔ بے حرکت۔ ٹھہرا ہوا۔ تسکین دیا ہوا۔ سکونت کرنے والا۔ رہنے والا۔	بے حرکت۔ قائم۔ ٹھہرا ہوا۔ مقیم۔ باشندہ۔ رہنے والا۔
Sakiname	سَاقی نَامہ	ف	ساقی کو خطاب کی گئی نظم۔	نظم جس میں ساقی کا خطاب کر کے شراب کا ذکر کیا جاتا ہے۔
Sâkit	سَاکِت	ع	خاموش۔ چُپ۔	خاموش۔ چپ۔ دم بخود۔ بے حرکت۔
Sakiye	سَاقِیہ	ع	شراب تقسیم کرنے والی۔	شراب پلانے والی عورت
Saksofon	سَیکسوفون	فرانسیسی	میوزیکل بینڈ میں چوڑا اور پھونک مار کر بجانے والا باجہ۔	سانس یا ہوا ابھر کر بجانے والا ایک باجہ جس میں قریب میں انگلیوں کی کنجیاں ہوتی ہیں۔ منہ سے بجانے والی بانسری۔
Sal	سَل	ت	اسٹریچر۔ لٹھوں یا لکڑیوں کا بیڑہ۔ تابوت۔	بیڑا۔ رگ کاٹنا۔ کوار سوتنا۔
Sal/Sâl	سَال	ف	سال۔ برس۔	سال۔ برس۔ عمر۔ سنہ۔ سمّت
Sâl	سَال	ہندی	______________	ایک قسم کا درخت۔ لکڑی کا چھید۔ گیڈر۔ ایک قسم کی مچھلی۔ کانٹا۔ سا کھو۔ سوراخ۔
Sal	سَال	فرانسیسی	ہال۔ بڑا کمرہ۔	______________
Salâ	صَلاَ	ع	نماز یا دفن کے لیے آواز دینا یا پکارنا۔ چیلنج۔ لڑکوں کے دو گروہوں کے درمیان پتھروں کی لڑائی۔ حرفِ ندا جو توجہ مبذول کرنے یا چیلنج کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ جمعہ کی نماز سے پہلے یا کچھ مقامات پر جنازہ اٹھاتے وقت میناروں سے پڑھی گئی دعا۔ اعلانیہ کہنا۔	پکار۔ آواز۔ دعوت۔
Salâbet	صَلاَبت	ع	سختی۔ مضبوطی۔ پائداری۔	سختی۔ مضبوطی۔ استحکام۔
Salâh	صَلاَح	ع	اچھائی۔ نیکی۔ راست بازی۔ بہتری۔ کام کرنے کا حق یا اختیار۔ قابلیت۔ لیاقت۔ اختیار۔	نیکی۔ اچھائی۔ بھلائی۔ بہتری۔ مصلحت۔ مشورہ۔ رائے۔ تجویز۔
Salâhiyet	صَلاَحیت	ع	کام کرنے کی اتھارٹی یا حق۔ کام کرنے کا اختیار۔ قابلیت۔ لیاقت۔	نیکی۔ بھلائی۔ بہتری۔ پارسائی۔ لیاقت۔ سمجھ۔ درستی۔ اصلاح۔ ملائمت۔ پرہیزگاری۔ رسائی۔ پہنچ۔ نرمی۔ پولیس کی رپورٹ۔
Salak	سَلاخ	ت	پرانے زمانہ میں ایک ہتھیار جس میں ایک چھڑ و زنجیریں ہوتی تھیں اور جو سروں پر لوہے کی گیندوں سے جڑا ہوتا تھا۔	لوہے کی گول چھڑ۔ لکیر۔ دھار۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Salâr	سَالَار	ف	لیڈر۔سردار	افسر۔رہنما۔جنرل۔
Salât	صَلوٰۃ	ع	مسلمانوں میں رسمی دعا۔	نماز۔درود۔رحمت خدا۔دعا۔
Salata	سَلَاد	اطالوی	سلاد۔	سلاد۔
Salâvat	صَلوٰت	ع	جمع Salât کی۔دعائیں۔	جمع صلوٰۃ کی۔ دعائیں۔ برکتیں۔ رحمتیں۔ سلام کرنا۔ نماز۔ درود۔
Salb	صَلب/سَلبْ	ع	لٹکا کر پھانسی دینا۔سُولی پر چڑھانا۔	سولی پر چڑھانا۔تصلیب۔دار کشی۔ لے جانے یا مٹانے کا عمل۔ جذب کرنا۔چھین لینا۔
Salhurde	سَال خُوردَہ	ف	معمر۔بوڑھا۔	پرانا۔بوڑھا۔تجربہ کار۔برتا ہوا۔
Salib/ Salip	صَلِیب	ع	سولی۔کراس۔	سُولی۔عیسائیوں کا مُقدّس نشان۔دار۔اس شکل (+) کی لکڑی جس پر عیسائیوں کو لٹکا کر ہلاک کرتے تھے۔
Salib-i-ahmer	صَلیب اَحمَر	ف	ریڈ کراس۔	ریڈ کراس۔
Salif	سَلفْ	ع	پہلے ہوا۔پہلے کا۔	گذشتہ۔گذرنا۔اگلے وقتوں کے لوگ۔باپ دادا۔سابقہ۔پہلے کا۔
Salih	صَالِح	ع	اچھا۔ نیک۔ کام کے لائق۔ مناسب۔ موزوں۔ پاک۔ دیندار۔	نیک۔پارسا۔پرہیزگار۔متقی۔نیک چلن۔دیانتدار۔
Sâlik	سَالِک	ع	کسی پیشہ یا کام کو کرنے والا۔ درویشوں کا وہ طبقہ جو نوآزمودوں سے اوپر کا ہے۔ زاہد۔عابد۔	راہ چلنے والا۔تصوف کی اصطلاح میں جو خدا کا قرب چاہے اور شغل معاش بھی رکھتا ہو۔
Salim	سَالِم	ع	محفوظ۔صحیح وسالم۔ بھلا چنگا۔ نقائص سے پاک۔تندرست۔درست۔صحیح البدن۔	پورا۔سارا۔تمام۔ثابت۔مکمل۔صحیح سلامت۔تندرست۔محفوظ۔ صرف ونحو کی اصطلاح میں وہ صحیح لفظ جس میں کوئی حرف علت نہ ہو یا دوسرا اور تیسرا حرف ایک جیسا نہ ہو۔علم عروض (ایک رکن اور بحر کا نام)
Salis	ثَالِث	ع	تیسرا۔	تیسرا۔پنچ۔منصف۔بچولیا۔امپائر۔
Salise	ثَالِثہ	ع	سیکنڈ کا ساٹھواں حصہ۔ایک تہائی۔	دقیقہ کا ساٹھواں حصہ یعنی لحہ ولحظہ۔منٹ کا ساٹھواں حصہ۔
Salman	سَلمَان	ع	آزاد۔ جو بغیر کسی صلاح ومشورہ کے اپنی مرضی سے دوسروں سے اجازت لیے بغیر کام کرے۔اپنی مرضی کا مالک۔	اپنی مرضی کا مالک۔
Salname	سَالنَامَہ	ف	تقویم۔جنتری۔پترہ۔	کلینڈر۔کسی رسالہ یا اخبار کا معیاری خاص ایڈیشن جو اس کی سالگرہ پر شائع کیا جائے۔
Salon	سَیلُون	فرانسیسی/ انگریزی	مہمان خانہ۔کھانے کا کمرہ۔ڈائنگ روم۔ ہال۔ بڑا کمرہ۔ چھوٹے پیمانہ پر عارضی اسٹال۔	مہمان خانہ۔مسافروں کا بڑا کمرہ۔ہال۔ہوٹلوں یا قہوہ خانوں کا بڑا کمرہ۔ ہوائی جہاز یا ریل میں سب سے بڑا کمرہ۔ (امریکہ میں) شراب خانہ (یورپی ملکوں میں) کمرہ ملاقات۔ بیٹھک۔ دیوان خانہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Saltanat	سَلطَنَت	ع	عملداری۔ اختیار۔ فرمانروائی۔ حکومت۔ شان وشوکت۔ جاہ جلال۔	بادشاہی۔ حکومت۔ عمل داری۔
Sam	سَم	ع	زہریلا۔ زہریلی ہوا۔ بادِسموم۔ گرم علاقوں میں پریشان کن ہُوا۔ پالا۔	زہر۔ بِس۔ سوئی کا ناکہ۔ چھید۔ سوراخ۔
Sâman	سَامَان	ف	دولت۔ خوش حالی۔	اسباب۔ تیاری کی چیزیں۔ اندازہ۔ قدر۔
Saman	سَامَان	ت	بھوسہ۔	———
	سَمَن	انگریزی	———	پروانہ طلبی۔ عدالت میں حاضر ہونے کا تحریری حکم۔
	سَمَن	ف	———	چنبیلی۔ یاسمین۔ سکندر نامہ میں ایک مقام پر مراد ستاروں سے۔
	سَمَن	ع	———	گھی۔ روغن زرد۔ مکھن۔
Samediyet	صَمدِیَّت	ع	الوہیت۔ علم تصوف۔ خدائی۔ علم الٰہی۔	بزرگی۔ بے نیازی۔ انسانی حرکتوں سے پاک۔
Sâmi	سَامی	ع	اونچا۔ مشہور۔ نامور۔ بلند۔ صاحب مرتبہ۔	بلند۔ اونچا۔ عالی۔
Samî	سَامی	ع	سام کی نسل کا اور ان کی زبان ورواج۔	سام کی نسل کے لوگ۔ مثلاً یہودی، عرب وغیرہ۔
Sami	سَامِع	ع	سُننے والا۔ جو سنتا ہے۔ اسکول میں باقاعدہ طور سے داخلہ لیے بغیر کلاس میں حاضر ہونے والا۔	سننے والا۔ سماعت کرنے والا۔
Samia	سَامِعَہ	ع	سُننے کی طاقت۔ سُننے کی حِس۔	سُننے کی طاقت۔
Samiin	سَامِعِین	ع	سننے والے۔ حاضرین۔	سامع کی جمع۔ سننے والے۔
Samim	صَمِیم	ع	کسی شے کا اندرونی یا لازمی حصہ۔ اصلیت۔ ست۔ جوہر۔	خالص۔ مخلص۔ دل کا بیچ۔ ہر چیز کا درمیان۔ ہر چیز کا خلاصہ۔ ہر چیز کا مغز۔ جڑ۔ اصل۔ گودا۔ اندرونی حصہ۔ سچا۔ کسی چیز کا بہترین حصہ۔ دل کا نچلا حصہ۔ بہرا۔ گرمی اور سردی کی شدت۔ مرد خالص۔
Samin	ثُمن	ع	آٹھواں حصہ۔	آٹھواں حصہ۔
Samit	صَمت	ع	خاموش۔ چپ۔ متحمل۔ سرمایہ یا دولت۔ حرفِ صحیح۔ (قواعد) مخفی حرف۔	خاموشی۔ چُپ چاپ۔
Samur	سَمُور	ع	شمالی یوروپ میں پائے جانے والے نیولے کی قسم کا گوشت خور جانور جس کے بال پیلے ہلکے بھورے رنگ کے اور ملائم ہوتے ہیں۔ سمور کی کھال۔	ایک نہایت باریک اون والا برفانی جانور، اُس جانور کی کھال۔
Sana	سَنا	ع	ذہن۔ عقل۔	روشنی۔ بلندی۔ ایک دوا کا نام جس کی عمدہ قسم سنا مکی ہے۔
San'at	صَنعَت	ع	ہنر۔ پیشہ۔ کاروبار۔ آرٹ۔ قابلیت۔	پیشہ۔ ہنر۔ کاریگری۔ کام۔ دستکاری۔
San'atkâr	صَنعَت کار	ع	کاریگر۔ دستکار۔ ہنر پیشہ۔ آرٹسٹ۔ ایکٹر۔	کاریگر۔ ہنر پیشہ۔ صنعت وحرفت میں لگا ہوا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sanatoryum	سینی ٹوریَم	لاطینی	عموماً پہاڑ پر واقع وہ جگہ جہاں لوگ اکثر متعدی و لمبی بیماریوں کے علاج معالجہ یا صحت کی خاطر جاتے ہیں۔ صحت گاہ۔	صحت گاہ۔ وہ جگہ (عموماً پہاڑ پر) جہاں لوگ اکثر صحت کی خاطر جاتے ہیں۔
Sanavber	صَنوبَر	ع	چیڑ کا درخت۔ صنوبر۔	چیڑ کا درخت۔ سرو ناز۔ چلغوزے کا درخت۔ ایک قسم کا سرو جس سے معشوق کے قد اور اس کے خرام کو تشبیہ دیتے ہیں۔
Sanayi	صَنائع	ع	جمع San'at کی۔ صنعتیں۔ انڈسٹریز۔	صنعت و زراعت کی جمع۔ کاریگریاں۔ ہنر مندیاں۔
Sancak	سَنجق	ت	جھنڈا۔ علم۔ سابقہ صوبہ (ولایت) کا چھوٹا حصہ۔	فوج کا نشان۔ جھنڈا۔ کمر بند۔
Sandal	صَندَل	ع	صندل کی لکڑی جو خوشبودار ہوتی ہے۔	ایک خوشبودار مشہور لکڑی۔ چندن۔
Sandal	سینڈل	لاطینی	سینڈل (ایک قسم کا جوتا)	سینڈل۔ چپل۔
Sandık	صَندُوق	ع	صندوق۔ کیش باکس۔ حکومت یا اس کے تجارتی ادارے کے کیش کا محکمہ۔ ریت ناپنے کی پیٹی۔ پرانی طرز کا آگ بجھانے کا پمپ۔	صندوق۔ بکس۔ پیٹی۔ ٹرنک۔ تابوت۔ اُبھرا ہوا۔ آگے نکلا ہوا۔ چوبی بکس۔ لیٹر بکس۔ لکڑی کا خانہ۔
Sandviç	سَینڈوِچ	انگریزی	سینڈوچ۔ ڈبل روٹی کے دو ٹکڑوں (توسوں) کے درمیان مکھن، پنیر یا باریک کٹے ہوئے گوشت کے مصالحہ دار ٹکڑے رکھ کر بنایا ہوا دو پرتی سموسہ۔	دو پرتی سموسہ۔ سینڈوچ۔
Sanem	صَنَم	ع	بُت۔ معشوق۔ محبوب۔	بُت۔ محبوب۔ معشوق۔ مورتی۔ کسی چیز کا بنا ہوا قالب۔ بے جان۔
Sani	ثانی	ع	دوسرا۔	دوسرا۔ مانند۔ نظیر۔ مقابل۔ ہم پلّہ۔
Sani	صَانع	ع	کاریگر۔ کام کرنے والا۔ بنانے والا۔ خالق۔ خداوند تعالیٰ۔	کاریگر۔ بنانے والا۔ پیدا کرنے والا۔ خالق۔
Sanih	سَانح	ع	دماغ میں عود کرنے والا۔ کسی کو وقوع ہونے والا۔ دماغ میں ظاہر ہونے والا۔ الہام۔	ظاہر ہونے والا۔ پیش آنے والا۔ وہ شکار جو تیر انداز کے بائیں طرف سے داہنی طرف آئے۔ اس طرح کے شکار کو مبارک جانا جاتا ہے۔ اگرچہ لغوی معنی سے معلوم ہوتا ہے کہ سانحہ اس امر کے ظہور کے کہیں گے جو اچھا اور مرغوب ہو۔ لیکن اس لفظ کا استعمال امر مکروہ اور وحشت آمیز اور ناپسندیدہ کے ظہور میں ہے۔
Saniha	سانحہ	ع	خیال جو اچانک دماغ میں آئے۔ الہام۔	صدمہ پہنچانے والا واقعہ۔ حادثہ۔ وقوعہ۔
Saniye	ثانیہ	ع	سیکنڈ۔ لمحہ۔ پرانا۔ پرانے زمانہ میں دوسرے درجہ کا ملازم۔	سیکنڈ۔ پل۔ منٹ کا ساٹھواں حصہ۔ دقیقہ۔ دوسری۔
Sank	صَنق	ع	چڑیا کی بیٹ۔	بہت بدبودار اور سڑی ہوئی چیز۔
Sanskrit	سنسکرت	سنسکرت	سنسکرت۔ ہندوستانیوں کی ہندیورپی لسانی خاندان سے ہونے والی پرانی ثقافتی زبان۔	سنسکرت۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sansür	سَینسَر	فرانسیسی	شروع کیے جانے والے مسودہ یا لکھے گئے خطوط کی حکومت کی جانب سے جانچ کروانے کا کام۔	لکھے گئے خطوط یا بھیجی جانے والی خبروں کا حکومت کی طرف سے جانچ کا کام۔ سینسر شپ۔
Santigram	سَینٹی گرام	فرانسیسی	سینٹی گرام۔ ایک گرام کا سواں حصہ۔	اعشاریہ سسٹم میں ایک گرام کا سواں حصہ۔
Santigrat	سَینٹی گریڈ	فرانسیسی	سینٹی گریڈ۔ جس کی سو ڈگری ہوں۔	سو ڈگری والا۔ سو ڈگری میں تقسیم کیا ہوا۔ سینٹی گریڈ تھرمامیٹر۔
Santimetre	سَینٹی میٹر	فرانسیسی	سینٹی میٹر۔ میٹر کا سواں حصہ۔	سینٹی میٹر۔ میٹر کا سواں حصہ۔
Santilitre	سَینٹی لیٹر	فرانسیسی	لٹر کا ایک سواں حصہ۔	لٹر کا سواں حصہ۔
Santral	سینٹرل	فرانسیسی/ انگریزی	سینٹرل ٹیلی فون ایکسچینج۔ سینٹرل پاور ہاؤس میں بمعنی مرکزی کے۔	مرکزی۔ مرکز سے متعلق۔
Santur	سَنتُور	ت	بربت۔ پچاس تاروں کا ایک باجہ۔	ایک قسم کا باجہ۔ سنتور۔ بربت۔
Sar'a	صَرع	ع	مرگی کا دورہ۔	مرگی کا مرض۔ پچھاڑ کھانا۔
Sarac/ Saraç	سَرّاج	ع	زین بنانے والا۔ چمڑے کا کام کرنے والا۔ موچی۔	گھوڑے کی زین بنانے اور بیچنے والا۔
Sarahat	صَراحت	ع	صفائی۔ وضاحت۔ تشریح۔	تشریح۔ وضاحت۔ ظہور۔ آشکار ہونا۔
Sarahten	صَراحتاً	ع	صاف طور سے۔ واضح طور سے۔	کھلا کھلا۔ ظاہرا۔
Saray	سَرائے	ف	محل۔ بڑی عمارت۔ سرکاری عمارت۔ دفتر۔	———
	سَرا	اردو		گھر۔ حویلی۔ مکان۔ مرکبات میں دولت سرا۔ جہاں سرائے۔ مسافروں کے ٹھہرنے کا مکان۔ مسافر خانہ۔ دھرم شالہ۔ مہمان خانہ۔
Sarf	صَرف	ع	خرچہ۔ خرچ۔ استعمال۔ قواعد۔	خرچ۔ مشغول۔ مصروف۔ روپیہ اور اشرفی کو پرکھنا۔ وہ علم جس سے کاموں کی شناخت اور ادل بدل معلوم ہو۔ سونا چاندی گلانے کی گھڑیا۔ زیادتی۔ حیلہ۔ حادثہ۔ زمانہ کی گردش۔ کسی چیز کو اوندھا کرنا۔ الفاظ کے حروف و حرکات کے ہیر پھیر اور ادل بدل ملوم کرنے کا علم۔ زیاتی۔ قواعد زبان کی ایک شاخ۔
	سَرَف	ع	———	غفلت کرنا۔ خطا کرنا۔ مال کا بے اندازہ اور بیہودہ خرچ کرنا۔ کسی چیز کا لالچ کرنا۔
Sarfî	صَرفی	ع	قواعد سے متعلق۔	علم صرف جاننے والا۔ علم صرف سے متعلق۔
Sarfi-nazar	صرفِ نظر	ع	ایک طرف کرنا۔ الگ کرنا۔	قطع نظر کرنا۔ نظر انداز کرنا۔
Sarhoş	سَرخُوش	ف	نشہ میں چور۔	جس کو نشہ کا سرور ہو۔
Sari	سَارِی	ع	پھیلنے والی۔ اُڑ کر لگنے والی۔ دوسرے کو لگنے والی۔ متعدی۔	اثر کرنے والی۔ سرایت کرنے والی۔
		ہندی	———	سارا کا مونث۔ کل۔ تمام۔ سب۔ پوری۔
Sarih	صَریح	ع	صاف۔ ظاہر۔ مشرح۔ واضح۔	ظاہر۔ آشکارا۔ صاف۔ اعلانیہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sarik	سارق	ع	چور۔ چُرانے والا۔	دزد۔ چور۔ چرانے والا۔
Sarraf	صَرّاف	ع	روپیہ کو بدلنے والا۔ بینکر۔ ساہوکار۔ مہاجن۔	روپیہ پرکھنے والا۔ سونا چاندی پرکھنے والا۔ مہاجن۔ ساہوکار۔ مالدار۔ دولت مند۔ معاملے کا کھرا۔ پرکھنے والا۔ جانچنے والا۔
Sarsar	صَرصَر	ع	تند اور تکلیف دہ ہوا۔	آندھی۔ بادِتند۔ جھکڑ۔
Saten	سائن	فرانسیسی / انگریزی	ساٹن۔ اطلس کی مانند چمکدار ریشمی کپڑا۔	ساٹن۔ ایک قسم کا دبیز چمکیلا ریشمی کپڑا۔
Sathan	سَطحاً	ع	سطحی طور سے۔ اوپری طور سے۔	سطحی طور سے۔
Sathî	سَطحی	ع	بالائی۔ ظاہری۔ اوپری۔ گہرائی میں جائے بغیر۔	اوپری۔ بالائی۔ جس میں گہرائی نہ ہو۔ بے وزن۔
Satih	سَطح	ع	کسی چیز کا بالائی حصہ۔ ہموار سطح۔ رُخ۔ چہرہ۔ سطح	کسی چیز کا بالائی حصہ۔ کوٹھا۔ چھت۔ میدان۔ ہموار جگہ۔
Satir	سَطر	ع	تحریر کی لائن۔ لکھنے کی لکیر۔ گوشت کاٹنے و ہڈی توڑنے کے لیے بھاری وچوڑی چھری جو کلہاڑی کی طرح مار کر استعمال کی جاتی ہے۔ تمبا کو کاٹنے کا اوزار۔ جلاد کی تلوار۔	لکیر۔ لائن۔ ریکھا۔ قطار۔ صف۔ سلسلہ۔
Satranc/ Satranç	شَطرَنج	ف	شطرنج۔ گونا گوں۔ رنگا رنگ۔	شطرنج۔ ایک کھیل جو ۳۲ مہروں اور ۶۴ خانوں سے کھیلا جاتا ہے۔
Satvet	سَطوَت	ع	کودنا۔ ٹوٹ پڑنا۔ تیزی سے گھسنا۔ حملہ۔ طاقت۔ قوت۔ طاقت سے۔ زبردستی ڈرانے دھمکانے کی طاقت۔	رعب۔ دبدبہ۔ قہر۔ شان وشوکت۔ سختی کرنا۔ دشمن پر حملہ کرنا۔
Savab/ Sevab/ Sevap	ثَواب	ع	صحیح عمل۔ صحیح فیصلہ۔ خدا کی جانب سے نیک عمل یا اچھے کے لیے انعام۔ قابلِ تعریف عمل۔	بدلا۔ نیکی۔ مزدوری۔ اجرت۔ بھلائی۔ انعام۔ جزا۔ نیک عوض جو اچھی باتوں اور امورِ خیر کا آخرت میں ملے گا۔
Savlet	صَولَت	ع	شدید و تیز حملہ۔ غضبناک یورش۔	دبدبہ۔ رعب۔ ہیبت۔
Savt	صَوت	ع	آواز۔ پکار۔	آواز۔ صدا۔ بانگ۔ ندا۔
Savtî	صَوتی	ع	آواز سے متعلق۔	آواز سے متعلق۔
Sây	سَعی	ع	کوشش۔ قدر۔ جدوجہد۔ جانفشانی۔ کوشش کرنا۔	جدوجہد۔ محنت۔ کوشش۔ دوڑ دھوپ۔
Sayd	صَید	ع	شکار۔ مچھلی پکڑنا۔ مچھلی کا شکار کرنا۔ پیچھا کرنا۔ تعاقب۔	شکار۔ وہ جانور جس کا شکار کریں۔ ہم پیشہ اور اہم کار آدمیوں کی باہمی ضد ولڑائی۔
Saye	سایہ	ف	سایہ۔ چھاؤں۔ تحفظ۔ عنایت۔	پرچھائیں۔ سایہ۔ چھاؤں۔ پرتو۔ سرپرستی۔ حفاظت۔ پناہ۔ جن پریت کا اثر۔ آسیب۔ صحبت کا اثر۔ تصویر یا فوٹو میں بنائی ہوئی

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
				یا قدرتی طور پر آئی سیاہی۔ (مہوسوں کی اصطلاح میں) سفید کیے ہوئے تانبے میں کسی نقص کی وجہ سے آجانے والی سیاہی۔ (علم کیمیا) باہر کو نکلا ہوا۔
Sayeban	سائبان	ف	چھپر۔ ڈیرہ۔ تنبو۔ مویشیوں کی ڈھکی ہوئی سال۔	چھپر۔ آفتاب گیر جو دھوپ سے بچائے۔ ڈیرہ۔ شامیانہ۔ مویشیوں کی ڈھکی ہوئی سال۔
Sayedar	سائیہ دار	ف	سایہ والی۔ جس میں سایہ ہو۔ جو تحفظ دے سکے۔	سائے والی۔ جس کے نیچے چھاؤں ہو۔
Sayf	صَیفْ	ع	گرمی کا موسم۔	گرمی کا موسم۔
Sayha	صَائحہ	ع	چلّانا۔ پکارنا۔ چیخ۔ آوازِ گریہ۔ غل غپاڑہ۔ غوغا۔ چلاہٹ۔ شور مچانا۔ چیخنا چلّانا۔	سخت اور کڑی آواز جو کان کو بہرا کر دے۔
Saykal	صَیقل	ع	پالش کرنے والا۔ جھلکانے والا۔ پالش۔ چمکانا۔	صیقل گیر۔ پالش۔ جلا۔ صفائی۔ آب۔ چمک۔
Sayyad	صَیّاد	ع	شکاری۔	شکاری۔ شکار کرنے والا۔
Saz	سَازْ	ف	بینڈ۔ باجہ۔ مشرقی موسیقی۔ موسیقی کے اوزار۔ ناگر موتھا۔ نرکل۔	باجہ۔ رونق۔ ناچنے کا سامان۔ ساز۔ جنگ کے ہتھیار۔ گھوڑے کا زیور۔ سامان۔ اسباب۔ سامان جو گھوڑا گاڑی جوتنے کے لیے درکار ہے۔ میل جول۔ موافقت۔ ربط۔ مکر۔ حیلہ (مرکباب میں) بنانے والا۔ کرنے والا۔ بنایا ہوا۔ کیا ہوا جیسے ساز کار۔ استعداد۔ ترکیب۔ مانند۔
Sazende	سازندہ	ف	ساز بجانے والا۔ بانسری بجانے والا۔	ساز بجانے والا۔
Seb	سَبّ	ع	ملامت۔ الزام۔ دشنام دہی۔	دشنام۔ گالی۔ گالی دینا اور بُرا کہنا۔ کاٹنا۔ قطع کرنا۔ نیزہ مار دینا۔ لعن طعن کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔
Seba	صَبَا	ع	صبا۔ سعودی عرب کا پرانا قصبہ۔	صبا۔
Sebat	ثَبَات	ع	پائداری۔ مضبوطی۔ استقلال۔ قیام۔ استواری۔ ثابت قدمی۔	پائداری۔ قیام۔ قرار۔ مضبوطی۔ ارادہ۔ ثابت قدمی۔
Sebeb/ Sebep	سَبَب	ع	وجہ۔ ذرائع۔ موقع۔ منبع۔ باعث۔	وسیلہ۔ ذریعہ۔ باعث۔ وجہ۔ موجب۔ کارن۔ عروض کی اصطلاح میں وہ لفظ جو دو حرفی ہو اور جس کا ایک حرف متحرک اور دوسرا ساکن ہو۔ فلسفے کی اصطلاح میں وہ چیز جس سے دوسری چیز کا وجود دریافت ہو۔
Sebebiyet	سَبَبِیّت	ع	سبب یا مقصد ہونا۔	غرض و غایت۔ یہ اصول یا کلیہ کہ ہر شے باعث یا علت ہوتی ہے۔
Sebel	سَبَل	ع	آنکھ پر ایک کثیف جھلّی۔ آنکھ کا پھولا۔ آنکھ کی پتلی پر سفید دھبہ۔	آنکھ کا جالا۔ موتیا بند۔ بغل گند۔ اناج کی بال۔
Sebil	سَبِیل	ع	راہ۔ راستہ۔ سرکاری فوارہ۔ بغیر پیسے کے پانی کی تقسیم۔	راہ۔ راستہ۔ سڑک۔ تدبیر۔ طریقہ۔ راہ گیروں کو مفت پانی و شربت پلانے کا پیاؤ۔ شہدائے کربلا کی یاد میں راہگیروں کو ٹھنڈا پانی یا شربت پلانا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sebk/ Sebkat	سَبق رسَبقت	ع	پہلے جانا۔ بالانشین ہونا۔ کسی سے پہلے فوت ہونا۔ کسی کی امید کرنا۔ دوسرے سے آگے نکل جانا۔ پہلے وقوع ہونا۔	آگے نکل جانا۔ پیش قدمی۔ فوقیت۔ ترجیح۔
Sebk	سَبک	ف	دھاتوں کو ڈھالنا۔ جملوں کو موڑنا یا ڈھالنا۔	سکّہ کا ڈھالنا۔ چاندی اور سونے کا گلانا۔
Sebük	سُبک رسَبک	ف	ہلکا۔ سبک مزاج۔ ناپائدار۔	ہلکا۔ بے وقار۔ کم وزن۔ کم ظرف۔ ذلیل۔ رسوا۔ شرمندہ۔ تیز۔ چست وچالاک۔ جلدی۔ شتاب۔ بے تعلق۔
Sebükbar	سُبک بار	ف	ہلکالدا ہوا۔	جس پر کوئی بوجھ نہ ہو۔ اکیلا۔ چھڑا دم۔ فارغ البال۔ بوجھ سے ہلکا۔
Sebükmağz	سُبک مَغز	ف	بیوقوف۔ احمق۔ بے وقار۔ بے ربط۔	ہلکے مزاج والا۔
Sebükpay	سُبک پا	ف	تیز رفتار۔ تیز پا۔ چُست۔ سبک رَو۔	تیز رفتار۔ جلدی چلنے والا۔
Sebükpe-rvaz	سُبک پَرواز	ف	تیز اُڑنے والا۔	تیز اڑنے والا۔ جلدی جلدی پر مارنے والا۔
Sebük-rev	سُبک رَو	ف	تیز رفتار۔ تیز پا۔ چُست۔	تیز چلنے والا۔
Sebük-ruh	سُبک رُوح	ف	شریف۔ نیک دل۔ خوش۔ شاماں۔	خوش رہنے والا۔ بے تعلق۔ شریف۔ خوش گفتار۔
Sebze	سَبزہ	ف	ہرا پودا۔ سبزی۔	سبزی۔ سبزہ۔ سبز روئیدگی۔ نبات۔ خطِ رُخسار۔ نیل کنٹھ۔ ہریاول۔ کان کا زیور۔
Secaya	سَجایا	ع	جمع Seciye کی۔ اخلاقی صفات۔	جمع سجیہ۔ عادتیں۔ عادات۔ خصلتیں۔
Seccade	سَجّادہ	ع	نماز پڑھنے کا قالین۔ کمبل یا کپڑا جس پر نماز پڑھی جائے۔	جائے نماز۔ مُصلّیٰ۔ نماز پڑھنے کا بچھونا۔ سجدے کا ماتھے پر نشان۔ پیر یا بزرگ کی گدی۔ دری۔ قالین۔
Secde	سَجدہ	ع	نماز پڑھنے میں سر زمین پر رکھنا۔	خدا کے آگے سر زمین پر جھکانا۔ پیشانی زمین پر ٹیکنا۔ سر جھکانا۔ نماز کا ایک رکن جس میں ماتھا، ناک، کہنیاں، گھٹنے اور انگلیاں زمین پر لگتی ہیں۔
Seci/Sec'i	سَجع	ع	نثر کے آخر میں دو فقروں کے آخر میں ایک سی آواز ہونا۔ نثر میں قافیہ۔	نثر میں دو فقروں کے آخری الفاظ کا ہم قافیہ ہونا۔ ایسا موزوں فقرہ یا مصرعہ جس کے کچھ ظاہری معنی بھی ہوں اور اس میں کسی شخص کا نام بھی آجائے۔ خوش الحان پرند کی چہچہاہٹ۔
Seciye	سَجیّہ	ع	کیریکٹر۔ اخلاقی صفت۔ طبعی مزاج۔ طبیعت۔	عادت۔ خصلت۔
Sed	سَدّ	ع	روک۔ بند۔ باندھ۔ قلعہ۔ فصیل۔ کنارہ۔ باڑ۔ کسی کام میں رکاوٹ۔	دیوار۔ روک۔ حائل۔ مانع۔ اوٹ۔ پردہ۔ ممانعت۔ دو چیزوں کے درمیان روک۔ روکنا۔ بند کرنا۔
Sedef	صَدَف	ع	سیپی۔ سیپی جس سے موتی نکلتا ہے۔	سیپ۔ ایک قسم کا گھونگا جس سے موتی نکلتا ہے اور جو سمندر میں پایا جاتا ہے۔
Sedir	صَدر	ع	کمرہ کی چھت پر دیوان کے ساتھ پلیٹ فارم۔ دیوان۔ صوفہ۔	پیش گاہ و خانہ۔ صحن۔ مسندگاہ۔ انگنائی۔ سامنا۔ اعلیٰ مقام۔ وہ مقام جہاں کسی اعلیٰ مرتبہ یا عزت دار کو بٹھائیں۔ امیر۔ صاحب منصب۔ بالانشیں۔ سردار۔ اونچا۔ کلاں۔ کیمپ۔ چھاؤنی۔ خاص۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
	سیڈار	لاطینی	دیودار۔صنوبر کا پیڑ۔	دیودار۔صنوبر۔
Sefahet	سَفاہَت	ع	بیوقوفی سے دولت برباد کرنا۔چھوٹی چھوٹی باتوں یا کھیل وتماشے میں وقت برباد کرنا۔	بے وقوفی۔فرومایگی۔کمینہ پن۔رزالت۔حماقت۔
Sefain	سَفائِن	ع	جمع Sefine کی۔جہاز۔	جمع سفینہ کی۔کشتیاں۔ناؤ۔جہاز۔نوٹ بکس۔اشعار کی کتابیں۔یادداشت کی بیاضیں۔سمن۔طلبی کے احکامات۔اطلاع نامے۔
Sefaret	سِفارَت	ع	سفیر کا عہدہ۔سفارت خانہ۔	سفیر کا عہدہ۔ایلچی گیری کرنا۔ایک حکومت یا ملک کی طرف سے دوسری حکومت یا ملک کے پاس نمائندہ یا پیامی بن کر جانا۔
Sefarethane	سِفارَت خانَہ	ع	سفیر کے رہنے کا گھر۔دوتاواس۔	سفیر کے رہنے کا گھر۔دوتاواس۔کونسل خانہ۔
Sefer	سَفَر	ع	مہم۔لڑائی کی حالت۔وقت۔واقعہ۔سمندر سفر۔	مسافرت۔سیاحت۔کوچ۔روانگی۔
Seferi	سَفَری	ع	سفر یا کسی مہم سے متعلق۔سفر کی حالت میں روزہ نہ رکھنے والا۔	سفر سے متعلق۔مسافر۔زادِراہ۔توشۂ سفر۔امز دو۔
Sefih	سَفِیہ	ع	فضول خرچ۔خراچ۔بدچلن۔آوارہ۔	احمق۔نادان۔کم عقل۔بیوقوف۔کمینہ۔
Sefil	سِفل	ع	غریب۔ہیچ۔خستہ۔تباہ۔مفلس محتاج۔	پستی۔نشیب۔پھوک۔فضلہ۔تلچھٹ۔نیچائی۔
Sefine	سَفِینَہ	ع	جہاز۔	جہاز۔کشتی۔ناؤ۔شعروں کی بیاض۔نوٹ بک۔چھپے ہوئے مجلد اوراق کی بیاض۔
Sefir	سَفِیر	ع	ایلچی۔راج دوت۔	ایلچی۔قاصد۔راج دوت۔
Seha/ Sehavet	سَخَا سَخَاوَت	ع	فیاضی۔بخشش۔	بخشش۔فیاضی۔خیرات۔
Sehab	سَحَاب	ع	بادل۔ابر۔	ابر۔بادل۔گھٹا۔ستاروں کا دھندلا گچھا۔دُھند۔
Seham	سِہَام	ع	Sehim کی جمع۔بہت سے تیر۔بہت سے حصے۔خزانہ کے بہت سے بانڈ۔	بہت سے تیر۔حصے۔تیر۔بان۔خدنگ۔
Seher	سَحَر	ع	تڑکے سے ٹھیک پہلے۔علی الصباح۔بے خوابی۔نیند نہ آنا۔	صبح۔فجر۔بھور۔صبح سے قبل آخری شب کا وقت۔
	سِحْر	ع	بے خوابی۔نیند نہ آنا۔	جادو۔ٹونا۔افسوں۔طلسم۔
Sehrî	سَحَری	ع	تڑکے سے متعلق۔	صبح کے وقت کی۔رمضان کے مہینہ میں رات کے پہر کا کھانا جو دن میں روزہ رکھنے کی نیت سے کھاتے ہیں۔
Sehil	سَہْل	ع	آسان۔جو مشکل نہ ہو۔سادہ۔	آسان۔نرم۔سہج۔ہموار زمین۔
Sehli-mümteni	سَہلِ مُمتنع	ع	تحریر کا ایسا ٹکڑا جو بظاہر آسان نظر آئے مگر واقعی جس کو انجام دینا مشکل ہو۔	کسی شعر یا کلام کو اتنا آسان ہونا کہ اُس سے آسان کہنا ممکن نہ ہو۔
Sehim	سَہم	ع	تیر۔حصہ۔جز۔خزانہ کا بانڈ۔دباؤ کے تحت عمارت کے کسی حصہ کا دھنسنا۔	تیر۔کڑی اور دھنی جو چھت میں ڈالتے ہیں۔وہ تیر جس سے قرعہ ڈالتے ہیں اور فال لیتے ہیں۔حصہ۔جزو۔دائرے کا ٹکڑا۔ایک ناپ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sehiv	سَہو	ع	غلطی۔ بھول۔ غفلت۔ بے پروائی۔	بھول۔ چوک۔ غلطی۔ فروگذاشت۔ فراموشی اور بھول جانا۔ غافل ہونا۔
Sehven	سَہواً	ع	غلطی سے۔ بھول سے۔ بغیر جانے بوجھے۔	غلطی سے۔ بھول سے۔ بغیر نیت کے۔ بلاارادہ۔ غفلت میں۔
Sekalet	ثِقالَت	ع	بھدا پن۔ بدصورتی۔ آنکھوں کا کانٹا۔	گرانی۔ بوجھ۔ بھاری پن۔ بدہضمی کی وجہ سے طبیعت بوجھل ہونا۔
Sekenat	سَکَنات	ع	سکون۔ راحت۔ چین۔ خاموشی۔ حرکت کا رُک جانا۔	جمع سکنہ کی۔ سکون۔ راحتی۔ استقامت۔ وقفہ۔ ٹھہرنا۔
Sekene	سَکَنَہ	ع	Sakin کی جمع۔ باشندے۔	ساکن کی جمع۔ باشندے۔
Sekerat	سَکَرات	ع	بیہوشی۔ نشہ بازی۔ موت کی تکلیف۔	جمع سکرہ کی۔ بیہوشیاں۔ مستیاں۔ شدتیں۔ سختیاں۔ تکلیفیں جو موت کے وقت ہوتی ہیں۔ حالت نزع۔ جان کنی کی تکلیف۔
Sekinet	سَکِینَت رسَکِینَہ	ع	خاموشی۔ سکون۔ اطمینان۔	آرام۔ آسائش۔ سکون۔ آہستگی۔
Sekir	سُکر	ع	نشہ۔	خمار۔ نشہ۔ بے ہوشی۔ مستی۔
Sekreter	سِکریٹری	فرانسیسی ر انگریزی	سکریٹری۔ دفتر یا ادارہ میں لکھنے کے کام کرنے کا ذمہ دار۔	سکریٹری۔ معتمد۔ ناظر۔ منشی۔ سرکاری یا کسی جماعت وغیرہ کا عہدہ دار جو اس کی طرف سے کاروبار انجام دیتا ہے۔
Seksoloji	سیکسولوجی	فرانسیسی ر انگریزی	جنسیات کا علم۔	جنسیات کا علم۔
Sekte	سَکتَہ	ع	ٹھہراؤ۔ جمود۔ رُکاؤ۔ روک۔ رکاوٹ۔ مرگی۔ وقفہ۔ انٹرول۔	کاما۔ فل اسٹاپ۔ ایک بیماری جس میں آدمی کی حس و حرکت جاتی رہتی ہے اور مریض مثل مردہ کے معلوم ہوتا ہے۔ قرآن شریف پڑھنے میں مخصوص مقامات پر ٹھہر جانا۔ اصطلاح شعر میں وزن کا پورا نہ ہونا۔ مرگی۔
Sel	سَیل	ع	سیلاب۔ طغیانی۔ باڑھ۔ تیز دھارا۔	جاری شدہ پانی جو بہت ہو۔ پانی یا خون وغیرہ کا جاری ہونا۔ جاری ہونا۔ پانی کی رَو۔ بہاؤ۔ طغیانی۔ لہر۔
Selâm	سَلام	ع	سلام۔ بندگی۔ کورنش۔ مزاج پرسی کرنا۔ تعظیم کرنا۔	سلامتی۔ تسلیم۔ آداب۔ رخصت کرنا۔ الوداع۔ خدا کی رحمت ہو تم پر۔ مسلمانوں کا سلام۔ خاتمہ نماز پر دائیں بائیں منہ پھیرنا۔ بندگی۔ کورنش۔ غزل کے انداز پر وہ نظم جس میں واقعات کربلا کا ذکر ہو۔
Selamaley-kum	سَلام عَلَیکُم	ع	سلام علیکم۔ تم پر خدا کی رحمت ہو۔ تم پر سلامتی ہو	سلام علیکم۔ تم پر خدا کی رحمت ہو۔ مسلمانوں کا سلام۔ تم پر سلامتی ہو
Selâmet	سَلَامَت	ع	حفاظت۔ بیماری یا خطرہ سے آزادی۔ آزادی۔ کامیاب نتیجہ۔ نقص یا غلطی سے پاک جملہ۔ تندرستی۔ صحت البدنی۔	محفوظ۔ صحیح۔ تندرست۔ بے گزند۔ ہر بلا سے بچا ہوا۔ پورا۔ زندہ۔ حیات۔ موجود۔ مبارک باد کا جواب۔ سلامتی۔ حفاظت۔
Selâset	سَلَاسَت	ع	بولنے کی روانی۔ فصاحت۔ طرز کی ملائمت۔ وضع کی ہمواری۔ روانی۔	نرمی۔ روانی۔ ہمواری۔ کلام میں ثقیل لفظ نہ آنا۔ صفائی۔ فصاحت۔ آسان۔
Selâtin	سَلَاطِین	ع	جمع Sultan کی۔ فرمانروا۔ بادشاہان۔ شہنشاہان۔	جمع سلطان کی۔ بہت سے بادشاہ۔ قیصر۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Selb	سَلبْ	ع	طاقت سے لے لینا۔ محروم کرنا۔ نفی۔ طاقت سے محروم کرنا۔ نفی کرنا۔	لے جانے یا مٹانے کا عمل۔ جذب کرنا۔ چھین لینا۔ نیست کرنا۔ اُچک لے جانا۔ حیوان کی کھال۔ ایک جنگی لباس۔
Selcuk/ Selçuk	سَلجُوق	ت	سلجوق۔	ایک ترک بادشاہ کا نام۔ اس کے نام پر ترکوں کا ایک مشہور خاندان۔
Sele	سَلّی رسَلّہ	ت	ڈالیوں سے بنی سپاٹ ٹوکری۔ ڈلیا یا پٹاری۔	ٹوکری۔ پٹاری۔ تھیلی۔
Selef	سَلَف	ع	آباواجداد، بزرگ، پرکھے۔ باپ دادا۔ پرانے لوگ۔ جدّ۔ مورث۔	سابقہ۔ پرانے زمانے کے۔ پہلے کے۔ گذشتہ۔ باپ دادا۔ اگلے زمانہ کے لوگ۔
Selika	سَلِیقہ	ف	بولنے یا لکھنے کی طبعی لیاقت۔ اچھا ذوق۔	سلیقہ۔ شعور۔ تمیز۔ لیاقت۔ سگھڑپن۔ ہنر۔ دستکاری۔
Selim	سَلِیم	ع	نقص سے پاک۔ محفوظ۔ درست۔	ٹھیک۔ درست۔ کامل۔ پورا۔ سادہ لوح۔ صاف دل۔ حلیم۔ بردبار۔ خاموش۔ صلح پسند۔ تندرست۔
Selis	سَلِیس	ع	رواں۔ بغیر رکاوٹ کے۔ روانی کے ساتھ۔ لکھنے یا بولنے کی صفت۔ آسانی سے رواں ہونے کا اسٹائل وغیرہ۔	رواں۔ ہموار۔ آسان۔ عام فہم زبان۔
Selüloit	سِلولائڈ	فرانسیسی	نائٹروسیلولیوز کے ساتھ کافور ملا کر بنایا گیا مرکب جس سے فوٹو اتارنے کے کاغذ، سینما کی فلم اور بلیرڈ کی گیند وغیرہ بنائی جاتی ہے۔	ہاتھی دانت کے لیے استعمال کیا جانے والا ایک سخت چمکدار مرکب جو پروکسائلین پر بائنڈر ولک پریشر پائی کا دباؤ ڈال کر اور کافور وغیرہ ملا کر حاصل کیا جاتا ہے۔ ایک مصالحہ جو مختلف چیزیں بنانے کے کام آتا ہے۔ سلولائڈ۔
Selüloz	سِلولُوس	فرانسیسی	پودوں کے خلیوں کی بنیادی قسم کی جھلی کو بنانے والی و کیمیا کے مطابق الکوہل کی طرح کام کرنے والی ایک شکر جو کاغذ، مصنوعی ریشم وسیلولائڈ جیسے مادّے بنانے میں استعمال کی جاتی ہے۔	خلیوں سے مشمول ایک قسم کا کاربوہائڈریٹ جو پودوں اور لکڑی کے خلیوں کی جھلی کو بنانے والا خاص جز ہے۔
Selsebil	سَلسَبِیل	ع	جنت کے ایک چشمہ کا نام۔ زیبائشی چشمہ۔	بہشت کا ایک چشمہ یا نہر۔ خوش مزہ چیز۔ شراب۔
Sem	سَم	ع	زہر۔	زہر۔ سوئی کا ناکہ۔ سوراخ۔ چھید۔
Sema	سَماء	ع	آسمان۔	آسمان۔ فلک۔ آکاش۔ مکان کی چھت۔ سائبان۔ ابر۔ گھوڑے کی پیٹھ۔
Sema	سَماع	ع	سُننا۔ ذکر۔ درویشوں کا ناچ۔	سُننا۔ وجد۔ ناچ۔ رنگ۔ گانا۔ راگ کا سننا۔ رقص و سرود۔ ناچ گانا۔
Semai/ Semaî	سَماعی	ع	سُنا ہوا۔ سُنے سُنائے پر مبنی۔ رسم ورواج کی بنا پر۔ ایک رسمی ناچ کا سُر یا راگ۔ مشرقی موسیقی میں خاص اصول کے تحت چار مصرعوں سے ترتیب دیا ہوا ایک قسم کا راگ۔	سُنا ہوا۔ روایتی۔ سینہ بہ سینہ۔ کانوں کان۔ صرف ونحو کی اصطلاح میں وہ لفظ جو کسی قاعدے کے مطابق نہ بنا ہوا بلکہ اہل زبان اس طرح بولتے ہوں اور ان سے سنا گیا ہو۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Semavat	سَماوات	ع	جمع Sema کی۔افلاک۔آسمان۔	جمع سَما کی۔آسمان۔افلاک۔
Semaver	سَماوَر رسَماوَار	رُوسی	پانی اُبالنے و بڑھیا قسم کی چائے بنانے کے لیے کوئلے سے جلنے والے چولہے کے اندر پائی جانے والی کیتلی یا برتن۔	پانی گرم کرنے کا دوہرا برتن جو تانبے یا پیتل کا ہوتا ہے،جس کے اندر آگ جلتی ہے اور پانی گرم ہوتا ہے۔
Semavî	سَماوِی	ع	آسمانی۔	منسوب طرف آسمان کے۔آسمانی۔
Sembol	سِمبَل	یونانی	علامت۔نشان۔	علامت۔نشان۔اشارہ۔رمز۔وہ چیز جو کسی مناسبت کی بنا پر کسی دوسری چیز کو ظاہر کرتی ہے یا اس کی طرف ذہن منتقل کرتی ہو۔
Sembolizm	سِمبَول اِزم	یونانی	اشاریات یا کنایات سے نمائندگی یا اظہار۔	اشارات یا کنایات سے نمائندگی یا اظہار۔اشارات کا سسٹم۔اشارات کا استعمال۔اشارات واعتقادات کی سائنس۔
Semek	سَمَک	ع	مچھلی۔	مچھلی۔وہ مچھلی جو کچھ لوگوں کے عقیدہ کے مطابق زمین کے نیچے ہے اور جس کی پیٹھ پر بیل کے سینگوں پر زمین ٹکی ہوئی ہے۔کنایتاً سب سے نچلا طبقہ۔
Semen	سُمین	ع	موٹاپا۔فربہی۔	فربہی۔موٹاپا۔چربی۔گوشت کا رواج۔
Semre	ثَمرہ	ف رع	پھل۔منافع۔نفع۔نتیجہ۔میوہ۔	میوہ۔نتیجہ۔پھل۔انجام۔حاصل۔فائدہ۔بدلا۔عوض۔
Semendar	سَمندَر رسَمندَل	ع	آگ کا کیڑا۔	ایک جانور جس کی بابت مشہور ہے کہ آگ میں پیدا ہوتا اور وہیں رہتا ہے اور آگ سے باہر نکلتے ہی مر جاتا ہے۔
Sem-i	سَمعْ	ع	حواسِ سامعہ سُننا یا حکم ماننا۔کان۔	سننے کی طاقت۔سننا۔کان۔گوش۔
Sem'î	سَمعی	ع	سننے سے متعلق۔آوازوں کی سائنس۔شبدوڈیا۔وسائل جن سے آواز باسہولت سنائی دے۔	سننے سے متعلق۔جلد سننے کے قابل بنانے والے امدادی آلات۔
Semt	سَمت	ع	جانب۔طرف۔علاقہ۔پڑوس۔علاقہ جہاں کوئی رہتا ہے۔(شہر میں) سائڈ۔	راستہ۔طرف۔جانب۔رُخ۔قصد۔ارادہ۔صورت۔شکل۔جہت۔راہ۔روش۔
Semti-ikadem	سَمت القدَم	ع	آسمان کے سب سے اونچے حصہ کا مخالف۔ہر چیز کا سب سے نیچا حصہ۔	کرہ سماوی کی وہ سمت جو ہمارے عین نیچے ہے۔سب سے نیچے کا نقطہ۔
Semt-ürres	سمت الرّاس	ع	آسمان کا وہ حصہ جو ٹھیک ہمارے سر کے اوپر ہے۔سب سے زیادہ اونچائی۔خواہش کی انتہائی بلندی۔	سر سے آسمان تک سیدھا خط۔اوج۔بلندی کی انتہا۔ترقی کا کمال۔سر کی جانب یعنی بیچ آسمان۔
Semum	سَمُوم	ع	بادِسموم۔گرم ودم گھٹنے والی ہوا جو شمالی افریقہ اور سعودی عرب اور قرب وجوار کے ملکوں کے اندرونی ریگستانوں میں چلتی ہے۔	گرم اور ہلاک کرنے والی ہوا جو دن میں چلتی ہے۔زہریلی ہوا۔لُو۔گرم ہوا۔
Sena	ثَنا	ع	تعریف۔مدح۔ستائش۔	تعریف۔مدح۔ستائش۔توصیف۔حمد ونعت۔
Senakar/	ثنا گر	ع	تعریف کرنے والا۔آپ کا مطیع۔خادم۔	تعریف کرنے والا۔مدّاح۔
Senahan	ثناخواں	ع	خاکسار۔	

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Senaryo	سینیرِیُو	اطالوی	کسی تھیٹر یا سینما میں دکھائے جانے والے سین کا اسکیچ یا مسودہ۔	کسی ڈرامہ کا خاکہ
Senato	سینیٹ	اطالوی	پارلیمنٹ۔	مجالس وضع قانون کا دوسرا یا اعلیٰ ایوان۔ مجلس قانون ساز۔
Sene	سَنَہ	ع	سال۔	سال۔ برس۔
Sened/ Senet	سَنَد	ع	دستاویز۔ کسی کاروبار کا تحریری ثبوت۔ واؤچر۔ رسید۔ قبالہ۔	سرٹیفکیٹ۔ کارگذاری کا پروانہ۔ دستاویز۔ وثیقہ۔ سرکاری رجسٹری۔ تصدیق نامہ۔ ثبوت۔
Senevi	سَنوِی	ع	سالانہ۔	سن کی طرف منسوب۔ سالانہ۔
Senevi	ثَانوِی	ع	دوخالقوں میں یقین کرنے والا، ایک اچھائی کا اور دوسرا بُرائی کا۔	دوسرا والا۔ دوئی۔ سکنڈری۔
Senfoni	سِن فونی	یونانی	چودہ مصرعوں کی غزل (سونیٹ) کی شکل میں آرکیسٹرا۔ سُر کا میلان۔ آواز کی ہم آہنگی۔	سازندگان کا سازوں پر بجایا گیا ترانہ۔
Senk	سَنگ	ف	پتھر۔	پتھر۔ وزن۔ بوجھ۔ گرانی۔ تمکین۔ وقار۔ چکچکی جس کو نوحہ پڑھتے وقت اصول سے بجاتے ہیں۔ بغل جس کو کشتی گیر اٹھاتے ہیں۔
Senkdil	سنگ دل	ف	پتھر دل۔ ظالم۔ بےرحم۔	بےرحم۔ سخت دل۔
Sentetik	سِنتھیٹِک	یونانی	ملاوٹی۔ آمیزشی۔ مصنوعی طور پر بنایا ہوا۔ مصنوعی۔	مصنوعی۔ ملاوٹی۔
Ser	سَر	ف	سر۔ سردار۔ سرا۔ بلندی۔	سَر۔ کھوپڑی۔ کسی چیز کا اوپر کا حصہ۔ چوٹی۔ فکر۔ خیال۔ زور۔ قوت۔ سردار۔ خلاصہ۔ خواہش۔ ارادہ۔ کنارہ۔ عنوان۔ عشق۔ دماغ۔ برابر۔ بالکل۔
Serab/ Serap	سَرَاب	ع	ریگستان میں روشنی سے ریت کا بہتے ہوئے پانی کی شکل میں نظر آنا۔ دھوکہ۔ سراب۔	ریتیلی زمین کی وہ چمک جس پر چاند سورج کی چمک سے پانی کا دھوکا ہوتا ہے۔ دھوکا۔ معدوم۔ نابود۔ دھوکا ہی دھوکا۔
Serair	سَرَایر	ع	جمع Serire کی۔ راز۔ بھید۔ پوشیدگیاں۔	جمع سریرہ کی۔ بہت سے راز۔ بھید۔ پوشیدگیاں۔
Serapa	سَرَاپا	ف	سرسے پاؤں تک۔ پورے طور سے۔ مکمل۔	تمام وکمال۔ اوّل سے آخر تک۔ تمام بدن سر سے پاؤں تک۔ وہ نظم جس میں سر سے پاؤں تک ہر عضو کی تعریف کی جائے۔ کسی چیز کی منظر کشی۔ خلعت۔ حلیہ۔
Serb	سِرب	ف	ڈھوروں کا گلہ۔ غول۔ جھنڈ۔ گھر کا سامان۔	ہرن یا گائے یا ڈھوروں کا گلہ۔ ریوڑ۔ جھنڈ۔ ٹڑی۔
Serbeste	سَربَستہ	ف	پوشیدہ۔ پردہ میں۔ مخفی۔ کسی ملازمت سے منسلک۔	سر بندھا ہوا۔ پوشیدہ۔ مخفی۔ ملفوف۔
Serçin	سَرچِین	ف	کسی چیز کا بہترین چُنا ہوا۔ شٹل میں ریل کو جوڑنے والا تار۔	عمدہ۔ خلاصہ۔ چُنا ہوا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Serdab	سَرداب/سِیرذابہ	ف	زمین سے نیچے بنایا گیا پانی کا حوض۔ گرمیوں میں رہنے کے لیے تہہ خانہ۔ گودام۔	زمین کے نیچے گرمیوں میں رہنے کے لیے بنایا گیا تہہ خانہ۔ قبر جو اپنی زندگی میں تیار کروائی جاتی ہے۔
Serdar	سَردار	ف	فوج کا سربراہ یا کمانڈر۔ جنرل۔	امیر۔ سردار۔
Serferaz	سَرفراز	ف	جس کا سر اونچا ہو۔ شاہی۔ معروف۔ مشہور۔	سربلند۔ ممتاز۔ معزز۔
Serencam	سَرانجام	ف	نتیجہ۔ آخر۔ انجام۔ واقعہ۔ خاتمہ۔	انتظام۔ کام کا انجام۔ تکمیل۔ نتیجہ۔ خاتمہ۔ اختتام۔
Seretan	سَرطان	ع	کینسر۔ سرطان۔ بُرج سَرطان۔	کیکڑا۔ ایک آبی جانور۔ ایک بُرج کا نام جس کی شکل کیکڑے سے ملتی ہے۔ ایک قسم کا نہایت تکلیف دہ پھوڑا جو نہایت سخت ہوتا ہے اور روز بڑھتا ہی جاتا ہے اور اس میں سرخ اور سبز رگیں کیکڑے کے مانند ہوتی ہیں۔ سرطان۔ کینسر۔ خبط سرطان۔
Serfüru	سَرفُرو	ف	اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔ خود کو کمتر کرنا۔ اطاعت کرنا۔ سپرد کرنا۔ تابع کرنا۔ مطیع ہونا۔ زیرِ حکم ہونا۔	سر کا نیچے کرنا۔ عاجزی کرنا۔
Sergerdan	سَرگرداں	ف	پریشان۔ گھبرایا ہوا۔ مدہوش۔	پریشان۔ حیران و پریشان۔ آوارہ۔
Sergerde	سَرگردہ	ف	سردار۔ ڈاکو یا ایسے اشخاص کا لیڈر جو دستور یا قاعدہ کی پابندی نہ کریں۔	ممتاز۔ معزز۔ نمایاں۔ حاکم یا افسر۔ سرگروہ۔ سردار۔
Sergüzeșt	سَرگذشت	ف	ماجرا۔ حادثہ۔ واقعہ۔	واقعہ۔ حادثہ۔ ماجرا۔ واردات۔ کیفیت۔ حال۔ احوال۔ قصہ۔ سوانح عمری۔ تذکرہ۔
Serhad/ Serhat	سَرحَد	ف	سوانا۔ سرحد۔	حد۔ سوانہ۔ حدفاصل۔ کنارا۔ انتہا۔
Seri	سَریع	ع	جلد۔ تیز۔	جلد۔ تیز۔ شتاب۔ جلدی کرنے والا۔ عروض میں ایک بحر کا نام۔
Serian	سَریعاً	ع	تیزی سے۔ جلدی سے۔	تیزی سے۔
Serir	سَریر	ع	کوچ/آرام کرنے یا سونے کا بستر/ کھاٹ/پلنگ۔	تخت شاہی۔ مسند۔ گدی۔ تخت۔ چارپائی۔
Serire	سَریرَت	ع	بھید۔ راز۔ پوشیدہ خیال۔	بھید۔ جو چیز کہ پوشیدہ کی جائے مجازاً خصلت وطبیعت۔
Seriüzzeval	سَریعُ الزّوال	ع	جلد گذر جانے والا۔ زُودرَو۔ ناپائیدار۔ قلیل الحیات۔ جلد مر جانے والا۔	جلد گھٹنے والا۔ جلد زائل ہونے والا۔
Serkeș	سَرکَش	ف	باغی۔ بےلگام۔	مغرور۔ باغی۔ پھرا ہوا۔ بےلگام۔
Serlâhva/ Serlevha	سَرلَوح	ف	پیشانی۔ سرنامہ۔ خطاب۔ خطبہ۔	نقش ونگار جو کتاب کے پہلے صفحہ پر بسم اللہ کی جگہ بنائے جاتے ہیں۔ نقاشی جو کتاب کے اول ورق پر کرتے ہیں۔ کسی تحریر یا حادثہ وخبر کی پیشانی پر لکھی ہوئی تحریر۔
Sermaye	سَرمایہ	ف	سرمایہ۔ پونجی۔ پہلی لاگت۔ حاصل کردہ علم وجانکاری۔ ذخیرہ۔ (عام لوگوں کے محاورہ میں) رنڈی۔ طوائف۔	دولت۔ پونجی۔ وہ اشیا جو دولت کی پیداوار میں مدد دیں۔ اصل زر۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sermayedar	سَرمَایَہ دَار	ف	سرمایہ دار۔ دولت والا۔ مالدار۔	مالدار۔ دولت مند۔ پونجی والا۔
Sermedî	سَرمَدی	ف	ابدی۔ دائمی۔ جس کی کوئی انتہا نہ ہو۔	ابدی۔ دائمی۔ خدائی۔ الٰہی۔
Sermest	سَرمَست	ف	مدہوش۔ نشہ میں چور۔ خوشی میں پھولا/ سمایا ہوا۔ خوشی کے نشہ میں۔ سرہوش۔	مدہوش۔ متوالا۔ وہ شخص جو نشہ میں چور ہو۔
Sername	سَرنَامَہ	ف	ہیڈنگ۔ بالائی تحریر۔ پتہ۔	خط کے لفافہ پر جو پتہ اور نشان مکتوب الیہ کا لکھتے ہیں۔ خط کی پیشانی۔ لیٹر ہیڈ۔ دیباچہ کتاب۔ عنوان۔
Sernigün	سَرنگُوں	ف	سر نیچے کی جانب۔ اوندھا۔ الٹا کیا گیا۔ جس کا تختہ اُلٹ دیا گیا ہو۔ تباہ۔ برباد۔	سر کے بل۔ اوندھے منہ۔ شرمندہ۔ خجیل۔
Sernüvişt	سَرنوِشت	ف	قسمت۔ پیشانی پر لکھا۔ تقدیر۔	تقدیر۔ نصیب۔ قسمت کا لکھا۔ مقسوم۔ بھاگ۔ حکم ازلی۔
Serpuş	سَرپُوش	ف	ٹوپی۔ ڈھکنا۔ غلاف۔	ہنڈیا وغیرہ کا ڈھکنا جو او پر ڈھکا رہتا ہے۔ ڈھکنا۔ چپنی۔ کپڑا جو خوان پر ڈالتے ہیں۔
Serrişte	سَرِشتہ	ف	موقعہ۔ بہانہ۔ حیلہ۔ سراغ۔ نشان۔ پتہ۔	مدعا۔ مقصود۔ معاملہ۔ تدبیر۔ محکمہ۔ ڈپارٹمنٹ۔ دفتر۔ کچہری۔ دستور۔ رواج۔ خواہش۔ اختیار۔
Sersem	سَرسَام	ف	بھونچکا۔ اچنبھے میں۔ پریشان۔ حیران۔ احمق۔ جس کے دماغ میں انتشار ہو۔ کسی بھی وجہ سے ذہن میں انتشار ہونا۔	ایک بیماری دماغ کی جس میں آدمی بیہوش ہو جاتا ہے یہ مرض دماغ میں ورم پیدا ہونے سے ہوتا ہے اور ورم کا مریض روشنی سے ایذا پاتا ہے۔
Serseri	سَرسَری	ف	آوارہ۔ آوارہ گرد۔ وہ شخص جس کی کوئی منزل یا مقصد نہ ہو۔	کمینہ۔ بیہودہ۔ بے پرواہ۔ آسان۔ معمولی۔ جلدی کا۔ دفتری اصطلاح میں مجمل۔ بلا سوچے سمجھے اور بلا تامل کام کرنا۔
Serteser	سَرتاسَر	ف	مکمل۔ پوری طور سے۔	تمام وکمال۔ پورا۔ سب۔ سب کا۔ ایک سرے سے دوسرے سرے تک۔
Servet	ثروَت	ع	دولت۔ مال۔ مالداری۔	دولت مندی۔ تونگری۔ مال کی کثرت۔ نعمت۔ اختیار۔ رسوخ۔ مالداری۔
Sertifika	سَرٹیفکیٹ	فرانسیسی	تصدیق نامہ۔ دستاویز۔ سرٹیفکیٹ۔	سند۔ سرٹیفکیٹ۔ پروانہ۔
Servi	سَرو	ت/ف	سَرو یا شمشاد کا درخت۔	ایک مشہور درخت جو سیدھا مخروطی شکل کا ہوتا ہے خوشنمائی کی وجہ سے معشوق کے قد کو اس سے تشبیہ دیتے ہیں۔ سرو کا درخت۔
Servis	سَروِس	انگریزی/ فرانسیسی	خدمت۔ خدمت گذاری۔ سرکاری یا کسی ادارہ میں ملازمت۔	خدمت گذاری۔ نوکری۔ ملازمت۔ خدمت۔ فرض منصبی۔ فریضہ۔ کام۔ نماز۔ پوجا پاٹ۔ ٹینس وغیرہ کے کھیلوں میں گیند کو پھینکنا۔ گیند کو پہلی دفعہ پھینکنا جس سے کھیل شروع ہوتا ہے۔
Serzeniş	سَرزَنش	ف	ملامت۔ فضیحت۔ زجر۔ قصور کے واسطے ملامت یا ڈانٹ پھٹکار۔	ملامت۔ بھلا برا کہنا۔ جھڑکی۔
Seten	سَاٹن	انگریزی	ساٹن۔ اطلس۔	ساٹن۔ ایک قسم کا دبیز بھڑکیلا ریشمی کپڑا۔ اطلس۔
Setir	سَتر	ع	پوشش پردہ کرنا۔ ڈھکنا یا چھپانا۔	مستور۔ پوشیدہ چیز۔ چھپانا۔
Sevab	ثَواب	ع	نیک کام یا اچھے کردار کے لیے خدا کی طرف سے اجر یا انعام۔ نیک عمل۔ قابل تعریف کام۔	بدلا۔ نیک۔ عوض جو امور خیر اور اچھی باتوں کا آخرت میں ملے گا۔ جزا۔ بھلائی۔ نیکی۔ انعام۔ آخرت۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sevabık	سَوابق	ع	جمع Sabika کی۔ نظیریں۔ سابقہ سزائیں۔ ماقبل کے۔ پیشین۔ پہلے کے۔	جمع سابقہ کی۔ اگلے زمانہ کی۔ ماقبل کی۔ اگلے۔
Sevahil	سَواحِل	ع	جمع Sahil کی۔ سمندر کے کنارے۔ ساحل۔	دریا، جھیل، سمندر وغیرہ کے کنارے۔
Sevda	سَودا	ع	اُداس۔ غمگین۔ رنج۔ ملال۔ محبت۔ تعشق۔ شدید خواہش۔ جنسی محبت۔ ہوس۔ پروجیکٹ۔ اسکیم۔	دیوانگی۔ عشق۔ خبط۔ دھن۔ لگن۔ چار خطوں یعنی خون، صفرا، بلغم اور سودا میں سے ایک خلط کا نام۔ سیاہ خلط کا نام۔ جلا ہوا بلغم۔
Sevdavî	سَودائی	ع	مبتلا مالیخولیا۔ سودائی۔ دلگیر۔ افسردہ۔ عاشق مزاج۔ شیدا۔ رسیا۔ عاشقانہ۔	سودا سے متعلق۔ غمگین۔ مغموم۔
Seviye	سَوی	ع	برابری۔ لیول۔ رُتبہ۔ ڈگری۔	برابری۔ ہمواری۔ کسی چیز کا درمیان۔
Sevk	سَوق	ع	چلانا۔ ہانکنا۔ مجبور کرنا۔ بھڑکانا۔ ترغیب دینا۔ فوج کو روانہ کرنا۔	رواں کرنا۔ چلانا۔ روانی۔
Seyahat	سیاحت	ع	سفر کرنا۔ سفر۔ قطبی یا سائنسی کھوج کے لیے سفر۔	سیر کرنا۔ سفر کرنا۔ سفر۔ سیر۔
Seyahat-name	سَیاحت نامہ	ع	سفرنامہ۔	سفرنامہ۔
Seylân	سَیلان	ع	روانی۔ رواں ہونا۔ بہنا۔ سیلاب۔	کسی پتلی چیز یا پانی کا جاری ہونا۔
Seyid/Seyit	سَیّد	ع	مالک۔ آقا۔ سردار۔ حضرت محمد صاحب کی نسل سے۔	امام۔ پیشوا۔ سردار۔ بزرگ۔ بی بی فاطمہ کی اولاد۔ آلِ رسول۔
Seyif	سَیفْ	ع	تلوار۔ شمشیر۔	شمشیر۔ تلوار۔ گھوڑے کے دُم کے بال۔ تیغ۔
Seyir	سَیر	ع	حرکت۔ ترقی۔ سفر۔ گھومنا۔ تفریح کے لیے سمندری سفر۔ کسی چیز کو دیکھنا۔ نظارہ۔ تفریح کے لیے گھومنا۔ تفریح کی جگہ۔	ہوا خوری۔ تفریح۔ گھومنا۔ نظارہ۔ لطف۔ مزہ۔ نمائش۔ کتب بینی۔ ملاحظہ۔ میلا ٹھیلا۔ ہنسی مذاق۔
Seyis	سائس	ع	سائس۔ گھوڑوں کی دیکھ بھال کرنے والا۔	گھوڑوں کی خدمت و دیکھ بھال کرنے والا۔
Seylân	سَیلون	انگریزی	لنکا۔	لنکا۔ سری لنکا۔
Seylâb	سیلاب	ع	سیلاب۔ تیز دھارا۔	پانی کی رَو۔ طغیانی۔ پانی کا چڑھاؤ۔
Seyran	سَیران	ع	آوٹنگ۔ باہر گھومنا۔ تفریح کا ٹرپ۔ ہوا خوری۔ سیر سپاٹا۔ سیر۔	سیر کرنا۔ چلنا۔
Seyrgâh/ Seyrangâh	سیر گاہ	ف	تفریح کا مقام۔ چہل قدمی کی جگہ۔ گل گشت۔	تماشا گاہ۔ سیر دیکھنے کی جگہ۔ پرفضا مقام۔ نظارہ گاہ۔
Seyyah	سَیّاح	ع	مسافر۔ سیاحت کرنے والا۔	بہت سیر کرنے والا۔ سیاحت کرنے والا۔ ملکوں کی سیر کرنے والا۔
Seyyal	سَیّال	ع	رقیق۔ بہنے والا۔	بہتی ہوئی چیز۔ جاری۔
Seyyar	سَیّار	ع	عادتاً گھومنے والا۔ جو حرکت میں ہو۔ متحرک۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے	رواں۔ رقیق۔ پتلا۔ مائع۔ سیر کرنے والا۔ پھرنے والا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			جانے لائق یا قابل۔	
Seyyare	سیّارہ	ع	سیارہ۔ گردش کرنے والا ستارہ۔	گردش کرنے والا ستارہ۔
Seyyiat	سیّئات	ع	جمع Seyyie کی۔ بُری چیزیں۔ بُرائیاں۔ بُرے نتائج۔	جمع سیئہ کی۔ برائیاں۔ گناہ۔ بدیاں۔
Seyyibe	ثیّبہ	ع	عورت جو کنواری نہ ہو، شادی شدہ عورت یا بیوہ۔	وہ عورت جو کنواری نہ ہو خواہ اس کا شوہر زندہ ہو یا مردہ۔
Seyyie	سیّئہ	ع	بُری چیز۔ بُرا عمل یا کام۔ بُرائی۔ بُرا۔	بُرائی۔ بدی۔ گناہ۔
Seza	سزا	ف	مناسب۔ فٹ۔ لائق۔ قبول صورت۔ دل پسند ظاہری صورت۔ اجر کے مطابق سزا یا جرمانہ۔ مناسبت۔	بدی کا بدلہ۔ پاداش۔ سزاوار۔ مطابق۔ مناسب۔ لیاقت۔ لائق۔
Sezavar	سزاوار	ف	لائق۔ اہل۔	لائق۔ مناسب۔ واجب۔
Sezaryen	سیزیرین	انگریزی	آپریشن۔	آپریشن۔ آپریشن سے بچہ پیدا کرنا۔
Sıbyan	صِبیان	ع	لڑکے۔ جمع Sabi کی۔	جمع صبی کی۔ دودھ پیتے بچے۔
Sıdık	صِدق	ع	سچائی۔ راست بازی۔	سچائی۔ راستی۔ خلوص۔
Sıfat	صِفت	ع	خوبی۔ وصف۔ خاصیت۔	تعریف۔ وصف۔ خوبی۔ خاصیت۔ خصلت۔ عادت۔ ڈھنگ۔ طریق۔ مانند۔ صرف ونحو میں وہ اسم جس سے کسی چیز کی خصوصیت معلوم ہو۔
Sıfât	صِفات	ع	جمع Sifat کی۔ خوبیاں۔ اوصاف۔	جمع صفت کی۔ خوبیاں۔ اوصاف۔ خواص۔ خاصیتیں۔ تعریفیں۔ خوبیاں۔ بھلائیاں۔
Sıfır	صِفر	ع	کچھ نہیں۔ چیز جس کی کوئی قیمت نہ ہو۔ زیرو۔ صفر۔	حساب میں وہ نقطہ جو عدد کے دائیں جانب ہونے سے اس کی قیمت دس گنا بڑھا دیتا ہے اور بائیں جانب ہونے سے کچھ قیمت نہیں پاتا۔ خالی۔ بے قیمت۔ بے وقعت۔ تہی۔
Sıhhat	صحّت	ع	صحت۔ سچائی۔ تندرستی۔	تندرستی۔ آرام۔ شفا۔ تصحیح۔ املا کی درستی۔
Sıhhî	صحیح	ع	صحت سے متعلق۔ حفظ صحت سے متعلق۔	درست۔ ٹھیک۔ عیب سے پاک۔ تندرست۔ پورا۔ کامل۔ سارا۔ تصدیق۔ دستخط۔
Sıkıt	سِقط	ع	اسقاطِ حمل۔ گربھ پات۔	بچہ ناتمام جو ماں کے پیٹ سے گرے۔ اوندھے منہ گر پڑنا۔ کچا خرما جو شاخ سے زمین پر گر پڑے۔ چنگاری جو چقماق سے نکلے۔ بالو کا تودہ۔ پھسلنا۔ دوڑنے سے گھوڑے کا سُست ہو جانا۔
Siklet	ثِقالت	ع	بھاری پن۔ وزن۔ بے چینی۔ پژمردگی۔	گرانی۔ بوجھ۔ بھاری پن۔
Sımah	سَماخ	ع	کان کا سوراخ۔ کان۔	کان کا سوراخ۔
Sınai	صَنائع	ع	ہنر یا کاریگری سے متعلق۔ صنعتی۔ مصنوعی۔ انڈسٹری۔	صفت۔ صناعت۔ صناعت اور صفت کی جمع۔ کاریگریاں۔ ہنرمندیاں۔
Sınıf	صِنف	ع	قسم۔ درجہ۔ رُتبہ۔ زُمرہ۔	نوع۔ قسم۔ جنس۔ گونہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sıpor/Spor	اسپورٹ	انگریزی	کھیل۔	کھیل جیسے ٹینس، کشتی بانی، گھوڑسواری وغیرہ۔
Sıportmen/ Sportmen	اسپورٹس مین	انگریزی	کھیلوں کا شوقین۔کھیلوں کا دلدادہ۔ کھلاڑی۔	کھلاڑی۔
Sır	سِرّ	ع	بھید۔راز۔	بھید۔راز۔پوشیدہ چیز۔اسرار۔عورت کی شرمگاہ۔جماع۔ابر۔بادل۔ زنا۔اصل۔نیک۔ہر چیز کا مغز اور درمیان۔بہترین۔عمدہ نسب۔
Sırat	صِراط	ع	راہ۔راستہ۔ڈگر۔	راستہ۔راہ راست۔اہل اسلام کے عقائد کے مطابق ایک پل جو دوزخ اور جنت کے درمیان بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے تیز بنا ہوا ہے۔
Sırat-ı-müstakim	صِراطِ مُستقیم	ع	سیدھا راستہ۔	سیدھا راستہ۔راہ راست۔
Sırf	صِرف	ع	خالص۔صرف۔صاف۔سادہ۔سر سے نیچے تک۔پورا۔	خالص۔فقط۔تنہا۔اکیلا۔
Sıtadyom/ Stadyum	اسٹیڈیم	یونانی	کھیل کا میدان۔	کھیل کا میدان۔دوڑنے کا میدان۔ورزشی کھیلوں کا میدان۔
Sıyanet	صِیانت	ع	محافظت۔نگہداشت۔بچاؤ۔	نگہبانی۔حفاظت۔پاسبانی۔بچاؤ۔
Sıyga/ Siga	صِیغہ	ع	دھات کی سانچے میں ڈالنے کے بعد کی شکل۔لفظ کو جوڑنے کے بعد کی ہیئت۔ موڈ۔فعل کا زمانہ۔	چاندی سونے وغیرہ کا قالب میں ڈھالنا۔سانچے میں ڈھلی ہوئی چیز۔طریقت۔خلقت۔اصل۔وہ مشتق اور متصرف کلمہ جو کسی اصل لفظ سے نکلا ہو۔اہل تشیع میں کلمات ایجاب وقبول۔نکاح۔عقد۔ تکلمہ۔شعبہ۔
Sibak	سِباق	ع	پہلے ہونے والا۔مضمون، متن یا عبارت۔	علم و حساب کی مہارت۔سبقت لے جانا۔دوڑنے میں ایک دوسرے پر پیش اور سبقت لے جانا۔فارسی اردو میں سیاق کا مترادف ہے۔
Sicil	سِجل	ع	رجسٹر۔عدالتی ریکارڈ۔	دستاویز۔شرعی حکم نامہ۔رجسٹری۔قاضی کی مہر۔عمدہ۔نفیس۔صاف۔
Sidre	سِدرے	ت	کنول کا پیڑ۔	———
	سِدرَہ	ع	———	بیری کا درخت۔
Sifilis	سِفلِس		آتشک۔	آتشک۔
Sifon	سائفن	فرانسیسی	ایک برتن سے دوسرے برتن میں پانی گرانے کے لیے لمبا اور ٹیڑھا پائپ۔ سائفن۔	ٹیڑھی نالی جس کے ذریعہ پانی کسی اونچے برتن کے کنارے گذار کر نیچے کے برتن میں گراتے ہیں۔
Siftah	سِفتہ	ع	کاروبار کی پہلی شروعات۔کسی چیز کی پہلی بکری۔کسی کاروبار کی دن کی پہلی شروعات۔شروعات۔پہلی مرتبہ۔	ہر چیز موٹی اور مستحکم اور رنگین خصوصاً کپڑا۔
Sigar	سِگار	اسپینی	سگار۔	سگار۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Siham	سِہام	ع	جمع Sehim کی۔ بہت سے تیر۔	جمع سہم کی۔ تیر۔ بان۔ حصے۔ ٹکڑے۔
Sihan	ثخن	ع	موٹائی۔	دَل۔ موٹاپا۔ حجم۔
Sihir	سحر	ع	جادو۔ علم تسخیر۔ افسوں۔ ٹونا۔ فریفتگی۔	افسوں۔ جادو۔ ٹونا۔ طلسم۔
Sihirbaz	سحر باز	ع	جادو کرنے والا۔ جادوگر۔	جادوگر۔ ساحر۔ افسوں گر۔
Sihrî	سحری	ع	جادوئی۔ جادو سے متعلق۔	جادوئی۔
Sikke	سِکّہ	ع	سکّہ یا میڈل پرِوِیزائن۔ سکّہ۔ ہموار سڑک۔	کوچہ۔ محلّہ۔ بازار۔ راستہ۔ درخت خرما۔ نقش کیا ہوا۔ ڈھلا ہوا۔ ٹھپّہ۔ چھاپ۔ سرکاری چھپا ہوا۔ ضرب۔ رعب داب۔ روپیہ۔ ہموار راہ۔ سرکاری منقش زر جو ملک میں چلے۔ طرز۔ روش۔ قانون۔ طریقہ۔ قانون۔
	سِکّہ	ت	پرانے زمانہ میں مولویوں یادرویشوں کی کلاہ یا ٹوپی۔	ــــــــــــــــــــ
Siklon	سائیکلون	یونانی	سائیکلون۔ محوری گردش کرنے والا۔ طوفان یا ہوا۔	سائیکلون۔ طوفان۔ گرد باد۔
Sil	سِل	ع	تپ دق۔ سِل۔	سل۔ تپ دق۔ ایک مرض جس میں پھیپھڑے میں زخم پڑ کے منہ سے خون آتا ہے اور بخار بھی ہوتا ہے۔
Silâh	سلاح	ع	ہتھیار۔	ہتھیار۔ لڑائی کے ہتھیار۔ اوزار۔
Silâhane	سلاح خانہ	ع	ہتھیار رکھنے کی جگہ۔	ہتھیار رکھنے کی جگہ۔ ششتر شالہ۔ میگزین۔
Silahşor	سلاح شور سلحشور	ف	بہادر۔ یودھا۔ بندوقچی۔ مرد غازی۔ شاہی محل کے پہردار۔	بہادر سپاہی۔ ہتھیار بند سپاہی۔ میگزین کا داروغہ۔
Silo	سائلو	اسپانوی	اناج رکھنے کی جگہ۔	سلو۔ ہوا بند کمرہ جہاں اناج رکھتے ہیں۔ اناج کا گودام۔
Silsile	سِلسِلہ	ع	سلسلہ۔ نسل۔ خاندان۔ سینئریٹی کے ذریعہ ترقی کا سلسلہ۔ حسب ونسب۔ زنجیر۔ شجرہ۔	زنجیر۔ بیڑی۔ قطار۔ صف۔ لڑی۔ خاندان۔ نسل۔ شجرہ۔ ترتیب۔ درستی۔ تعلق۔ واسطہ۔ ملازمت کا تعلق۔ اولاد۔
Silûet	سلّوئیٹ	فرانسیسی	انسانی شکل کے سایہ کا چوکھٹا یا کالے رنگ سے بھرا ہوا خاکہ۔ سایہ دار چوکھٹا یا خاکہ۔ کسی چیز کے صرف سروں کے نشانات سے بنائی گئی تصویر یا سینری۔	انسانی شکل کے سایہ کا چوکھٹا یا کالے رنگ سے بھرا ہوا خاکہ۔ کسی منظر کا سایہ دار خاکہ۔
Sim	سیم	ف	چاندی۔	چاندی۔ روپیہ۔ نقرہ۔ دولت۔
Sima	سیما	ع	چہرہ۔ خدوخال۔ شکل۔ شخصیت۔	ماتھا۔ پیشانی۔ چہرہ۔ منہ۔
Simab	سیماب	ف	پارہ۔	پارہ۔
Simetri	سیمیٹری	یونانی	تناظر۔ ایک حصہ کا دوسرے حصہ کی ناپ کے برابر یا تناسب سے ہونے کی حالت۔ تناسب۔	تناسب الاعضا۔ خوش اندازی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Simin	سیمیں	ع	چاندی کا بنا ہوا۔	چاندی کا بنا ہوا۔ نقرئی۔
Simsar	سمسار	ع	دلال۔ بیچولیا۔ درمیانی شخص۔ کمیشن ایجنٹ۔	دلال۔
Simya	سیمیا	ع	علم کیمیا۔ رسائن۔	علم طلسم جس کے ذریعہ روح کو ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل کر سکتے ہیں اور ایسی اشیا جن کا حقیقت میں کوئی وجود نہ ہو دکھا سکتے ہیں۔ جادو۔
Sin	سن	ع	دانت۔ عمر۔	دانت۔ عمر۔ سال۔ مقدار عمر۔
	سن	ت	قبر۔ مقبرہ۔ تربت۔ مزار۔	
Sina/ Sina-meki	سنا / سناءمکی	ع	ایک دوا کا نام۔ سنا۔	ایک پودا جس کی پتی دست آور ہوتی ہے۔ ایک دوا کا نام جس کی عمدہ قسم کا نام سنا مکی ہے۔
Sinan	سنان	ع	برچھی یا بھالے کی نوک۔	نیزہ اور تیر کی نوک۔ بھالا۔ نیزہ۔ برچھی۔ انی۔ نوک۔
Sinagog	سناگوگ	یونانی	یہودیوں کا عبادت خانہ۔	یہودیوں کے عبادت کرنے کی جگہ۔
Sincab/ Sincap	سنجاب	ف	دودھ پلانے والے جانوروں میں سے ایک چھوٹا جانور جو پیڑوں پر رہتا ہے۔ بھورے رنگ کی گلہری۔ بھورے رنگ کی گلہری کا فر یا بال۔ سمور یا پوستین۔	نام ایک جانور کا جو چوہے سے بڑا ہوتا ہے اور جس کی کھال سے پوستین بناتے ہیں۔ اس جانور کی کھال کو بھی سنجاب کہتے ہیں۔
Sinderus	سنڈروس	ف	ایک قسم کا بھربھرا قریب قریب چمکدار اور شفاف، بے مزہ زردی مائل سفید رنگ کا گوند۔	ایک قسم کا زرد رنگ کا گوند جو شفاف اور مثل کہربا کے ہوتا ہے۔
Sine	سینہ	ف	چھاتی۔ سینہ۔ اُبھار۔	سینہ۔ چھاتی۔ صدر۔ سامنے کے رُخ گردن اور پیٹ کا درمیانی حصہ۔
Sinema	سینیما	یونانی	سنیما۔	سنیما۔
Sini	سینی	ف/ت	دھات کی گول ٹرے۔ تانبے یا پیتل کی بنی گول ٹرے یا ڈائننگ ٹیبل جس پر رکھ کر کھانا کھایا جاتا ہے۔	سینی۔ دھات کا بنا ہوا خوان یا کشتی۔
Sinin	سنین	ع	جمع Sene کی۔ سال۔	جمع سنہ۔ سال۔ قحط کے سال۔ کئی یا بہت سے سال۔
Sipah	سپاہ	ف	فوج۔	فوج۔ لشکر۔
Sipahi	سپاہی	ف	فوج سے متعلق۔ (سابقہ) گھوڑ سواروں کے رسالہ کا سپاہی۔	فوجی۔ لشکری۔ پولیس کانسٹیبل۔ بہادر۔ سنتری۔
Siparis	سفارش	ف	حکم۔ کمانڈ۔ کمیشن۔ سپاہی وغیرہ کا اپنی تنخواہ کا اپنے رشتہ داروں کے حق میں ایلاٹمینٹ۔ کسی چیز کو کرنے کا حکم دینا۔ حکم دی ہوئی بات کو کرنا۔	کسی شخص کے واسطے بھلائی کا کلمہ کہنا۔ سعی کرنا۔ وسیلہ۔ امداد۔ سہارا۔ سپردگی۔ کوئی شے کسی کو سونپنا اور سپرد کرنا۔ تعریف۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sipehdar/ Sipehsalâr	سِپہ سالار	ف	فوج کا کمانڈر۔	فوج کا کمانڈر۔فوج کا سب سے بڑا افسر۔کمانڈر ان چیف۔
Siper	سِپَر	ف	ڈھال۔ پناہ۔ خندق۔ ٹوپی کی نوک۔ کوئی بھی چیز جو حفاظت یا محافظت کرتی ہو۔ خراد کا سب سے اوپر کا چکنا حصہ۔	ڈھال۔آڑ۔روک۔پناہ۔حفاظت۔محافظ۔مددگار۔آڑے آنے والا۔
Sipihr	سِپِہر	ف	آسمان۔قسمت۔	آسمان۔فلک۔بعد دوپہر۔
Sipiker	اسپیکر	انگریزی	ریڈیو پر پروگراموں کو پڑھنے والا۔ واقعات بتانے والا۔	بولنے والا۔متکلم۔تقریر کرنے والا۔خطیب۔پارلیمنٹ کا بڑا افسر جو اس کی کارروائی چلاتا اور دیکھ ریکھ کرتا ہے۔
Sirayet	سَرایَت	ع	خود بخود پھیلنا یا منتشر کرنا۔وبا۔چھوت۔	تاثیر۔ایک چیز کا دوسری چیز میں اثر کرنا۔نفوذ۔سما جانا۔
Siret/ Siyret	سیرَت	ع	اخلاقی وصف۔ کیریکٹر۔ چال چلن۔ خصلت۔	خصلت۔خو۔عادت۔گن۔وصف۔ہنر۔
Sirkat	سِرقَت رسِرقہ	ع	چوری۔چوری کرنا۔	دُزدی۔سرقہ۔چوری۔چوری کرنا۔
Sirke	سِرکہ	ف	سرکہ۔چھوٹے کیڑوں کا انڈہ۔	سرکہ۔گنے یا انگور کا شیرہ جسے سڑا کر خمیر اٹھا لیتے ہیں۔
Sirküler	سِرکولر	فرانسیسی	کچھ لوگوں کو تقسیم کرنے کے لیے بھیجا گیا خط یا مراسلہ۔	گشتی اشتہار یا پروانہ۔گول۔دائرہ نما۔
Sismograf	سیسموگراف	یونانی	زلزلہ ناپنے کا آلہ۔	زلزلوں یا زمین کے جھٹکوں کو ناپنے کا آلہ۔
Sistem	سِسٹم	یونانی	اصول۔نظام۔ قاعدہ۔ سسٹم۔ راستہ۔ طریقہ۔	طریقہ۔طرز۔قاعدہ۔دستور۔آئین۔بندوبست۔تدبیر۔سسٹم۔
Sitayiş	ستائش	ف	تعریف۔مدح۔ثنا۔	تعریف۔حمد و ثنا۔
Sitem	سِتَم	ف	ملامت۔ رسوائی۔ فضیحت۔ اچھی نہ لگنے والی۔ کسی حرکت کے غصہ کیے بغیر مذاق میں شکایت۔	بے انصافی۔زیادتی۔جبر و تشدد۔ایذا۔
Sitemdide	سِتَم دیدہ	ف	جس کے ساتھ غیر منصفانہ یا برا سلوک کیا گیا ہو۔	مظلوم۔ستایا ہوا۔جس پر ظلم کیا گیا ہو۔ظلم۔
Sitemkar	سِتَم کار رسِتَم گر	ف	ملامت آمیز۔ناشائستہ۔	ظالم۔ظلم کرنے والا۔
Sitüdyo/ Stüdyo	اِسٹوڈیو	انگریزی	وہ مقام فلم بنانے کے آلات رکھے جاتے ہیں۔ ریڈیو ہاؤس۔ وہ مقام جہاں گانے بجانے، بولنے اور کمینٹری کہنے کی سہولیات ہوں۔	فوٹوگرافی کا کمرہ یا دوکان۔فلم کمپنی کا کارخانہ۔ریڈیو اسٹیشن کا کوئی کمرہ جہاں سے تقریریں یا گانے وغیرہ نشر کیے جاتے ہیں۔
Sittin	سِتّین	ع	ساٹھ۔	ساٹھ۔
Sivil	سِوِل	انگریزی ر فرانسیسی	سادے کپڑوں میں پولیس والا۔ جو فوجی نہ ہو۔ کوئی خاص پوشاک نہ پہن کر عام شہریوں کی مانند کپڑے والا۔سویلین۔ننگا۔	غیر فوجی۔مہذب۔شریف۔خلیق۔انتظامی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Siyah	سِیاہ	ف	کالا۔ کالا رنگ۔	کالا۔ سیاہ رنگ کا۔ حبشی۔ غلام۔ منحوس۔ شوم۔ کوئلہ بیچنے والا۔
Siyahi	سِیاہی	ف	نیگرو۔ حبشی۔ سیاہ نسل سے ہونے والا۔	کالک۔ کالی روشنائی جس سے لکھا جاتا ہے۔ تاریکی۔ اندھیرا۔ کاجل۔ دھبا۔ داغ۔ کلنک کا ٹیکا۔
Siyak	سِیاق	ع	کسی لفظ کے متن کا آخر۔ خیالات کا نظم و نسق۔ اظہار کرنے کا طریقہ۔ منطق نتیجہ۔ وضع۔ طرز۔	ربط مضمون۔ حساب کتاب۔ گنتی۔ حساب کے قاعدے۔ (دفتری اصطلاح) سلسلۂ احکام۔ رواں کرنا۔ چلانا۔ جان توڑنا۔
Siyaset	سِیاسَت	ع	پالیسی۔ حکمت عملی۔ سیاست۔ فراست۔ سزائے موت۔ پھانسی۔	حکومت۔ سلطنت۔ ملکی انتظام۔ رعب داب۔ دھمکی۔ گوشمالی۔ سزا۔
Siyasi	سِیاسی	ع	عوام کے معاملات سے متعلق۔ انتظام ملک سے متعلق۔ ملکی۔ سیاسی۔ سرکاری سیاست سے متعلق۔ ڈپلومیٹک۔	ملکی انتظام کے متعلق۔ سیاست سے تعلق رکھنے والا۔
Siyasiyat	سِیاسِیات	ع	سیاسی کام کاج۔ سیاست۔ معاملہ فہمی۔ حکمتِ عملی۔	علم سیاست۔ سیاست سے تعلق رکھنے والی باتیں۔
Siyer	سِیَر	ع	جمع Siyret کی۔ مسلمانوں کے چال چلن کے قواعد۔ اسلامی شریعت کے قانون۔ علم سوانح عمری۔	عادتیں۔ خصلتیں۔ علم تواریخ جس میں گذرے ہوئے لوگوں کا حال درج ہو۔ جمع سیرت کی۔
Soda	سَوڈا	انگریزی	کپڑوں و گندی چیزوں کو دھونے کا کیمیائی نمک۔ بعض شرابوں میں ملانے والا کاربولک ایسڈ کا مرکب۔	سوڈیم کھار۔ وہ پانی جو سوڈے سے بنایا جائے۔ سوڈا واٹر۔
Sodyum	سَوڈِیَم	لاطینی	سوڈیم۔ نیلے رنگ کی کھاری دھات جو سوڈے کی بنیاد ہے۔	سوڈیم۔ ایک قسم کی دھات جو سوڈے کے اندر ہوتی ہے اور اسے جلانے سے سفید شعلہ نکلتا ہے۔
Sof	صُوف	ع	پشم۔ اون۔ اونٹوں و بھیڑوں کے بالوں سے بنا ایک قسم کا موٹا کپڑا۔	پشم۔ اون۔ نمدہ۔ بھیڑوں کے بالوں سے بنا ایک قسم کا موٹا کپڑا۔ وہ کپڑا جو دوات میں سیاہی کے ساتھ رکھا جاتا ہے۔
Sofa	صُوفَہ/سَوفَہ	ع	ہال۔ باہر کا کمرہ۔ پتھر کی بینچ۔ صوفہ۔	صوفہ۔ مکان کا بڑا کمرہ۔ اسپرنگوں والی کرسی۔
Sofi/Sofî	صُوفی	ع	مسلم درویش۔ عارف۔ مجذوب۔ زاہد۔ عابد۔ صوفی۔	پشمینہ پوش۔ متقی۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ وہ شخص جو دل میں خدا کے سوائے کسی کا خیال نہ آنے دے اور اپنے آپ کو آلائش دنیا سے پاک وصاف رکھے۔
Sofizm	صُوفی اِزم	یونانی/ع	اسلام میں ہَمَہ اوسَت کے تصوف کا ایک عقیدہ۔ تصوف۔	صوفیوں کی طریقت ہَمَہ اوست یا وحدت وُجُود۔
Sohbet	صُحبت	ع	بات چیت۔ دوستانہ ربط ضبط۔ دوستانہ میل جول۔ گفتگو۔ گپ شپ۔ بات کرتے وقت ہنسی خوشی وقت گذارنا۔	یاری۔ دوستی۔ مددگاری۔ ہمراہی۔ ساتھ۔ محفل۔ مجلس۔ مل بیٹھنا۔ ہم بستری۔ عورت کے ساتھ سونا۔
Solo	سَولو	اطالوی	تنہا شخص کی جانب سے موسیقی کے کسی حصہ	راگ کی لے جو ایک باجے یا آواز سے ہو۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			کو پڑھا جانا یا سازوں کی مدد سے بجانا۔ صرف ایک باجے یا آواز سے بجایا گیا راگ یا موسیقی۔	
Sosyalist	سوشلسٹ	فرانسیسی	اجتماعیت کا طرفدار۔ سوشلزم کو ماننے والا۔ سوشل ازم سے متعلق۔	سوشلزم کا ماننے والا۔ سوشل ازم سے متعلق۔
Sosyalizm	سوشل ازم	فرانسیسی	اجتماعیت۔ سوشل ازم۔	فلسفہ جس کے تحت دولت کی مساوی تقسیم ہو۔
Sosyoloji	سوشیولوجی	فرانسیسی	سائنس جو انسان کی سماجی ہستی کی حیثیت سے پیدائش، تنظیم، انسانی سوسائٹی کے ارتقا اور تہذیب خاص طور سے سماجی و سیاسی اداروں جس میں اخلاقیات وسیاسی معاشیات بھی شامل ہے کا مطالعہ کرتی ہے۔ اجتماعیت کا علم۔	علم معاشرت۔ علم تمدن۔
Sovyet	سوویٹ	روسی	۱۹۱۷ء کے انقلاب کے بعد روس کے اندر قائم کی گئی مقامی کونسل جنھیں محنت کش وکسان وغیرہ چن کر قائم کرتے تھے۔ اونچی مجالس جن میں نیچے سے چنے ہوئے ممبر ہوتے تھے۔ بالیشویکوں کے ذریعہ قائم کردہ حکومت۔	۱۹۱۷ء کے انقلاب روس کے بعد ملک میں قائم کی گئیں مقامی کونسلیں واونچی مجلس جن میں نمائندے نیچے سے چن کر آتے تھے۔
Soya	سویا	ت	ایک پھلی جس سے تیل نکلتا ہے۔ سوئے کی پھلی۔	سویابین۔ سوئے کی پھلی۔
Soysal	سوشل	انگریزی	مہذب۔ ملنسار۔	ملنسار۔ آشنامزاج۔
Sömestir	سیمسٹر	فرانسیسی	تعلیم دو حصوں میں تقسیم شدہ ہر حصہ۔ سیمسٹر۔	سیمسٹر۔
Söz	سوز	ت	لفظ۔ کلمہ۔ بات۔ کلام۔ افواہ۔	
	سوز	ف	______________	جلن۔ سوزش۔ دُکھ۔ درد۔ جلانے والا۔
		اردو	______________	مرثیہ خوانی کی ایک طرز۔
Spektroskop	اسپیکٹروسکوپ	فرانسیسی	ایک آلہ جس کے ذریعہ چمکدار اشیا کی وہ شکلیں جو آنکھ کو روشنی سے پھیرنے کے بعد نظر آئیں اور جن سے اشیا کی ساخت کے بارے میں پتہ لگایا جاسکے بنانے اور جانچ کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے۔ اسپیکٹروسکوپ۔	اسپیکٹروسکوپ۔
Spiker	اسپیکر	انگریزی	ریڈیو پر بولنے والا۔ اناؤنسر۔ ریڈیو پر اناؤنس کرنے والا۔	بولنے والا۔ متکلم۔ تقریر کرنے والا۔ مقرر۔ پارلیمنٹ یا اسمبلی کا صدر۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Spor	اسپورٹ	فرانسیسی	کھیل۔ اسپورٹس۔	کھیل
Sportmen	اسپورٹس مین	انگریزی	کھلاڑی۔ پہلوان۔	کھلاڑی۔
Stadyum/ Sitadyum	اسٹیڈیم	یونانی	کھیل کا میدان۔ کھیل یا دوڑنے کا میدان جس کے چاروں طرف دیکھنے والوں کے بیٹھنے کی جگہ ہو۔	کھیل کا میدان۔ اکھاڑہ۔ ریس کورس۔
Stepne	اِسٹپنی		کار کا فالتو پہیہ۔	کار کا فالتو پہیہ۔
Stok	اِسٹاک	انگریزی	اسٹاک۔ ذخیرہ۔ سامان۔	ذخیرہ۔ رسد۔ سامان۔ اسٹاک۔
Strateji	اِسٹریٹیجی	یونانی	فن صف آرائی۔ (ملٹری سائنس) داؤ گھات کرنے کے اصول۔	سپہ سالاری۔ صف آرائی۔ کسی مہم کو چلانے کا فن یا فوج کی حکمت عملی یا داؤ گھات۔
Stüdyo	اِسٹوڈیو	انگریزی	سینما کی فلمیں بنائی جانے کی جگہ۔ ریڈیو کے پروگرام نشر کرنے کی جگہ جہاں اناؤنس کرنے والوں تقریر کرنے والوں وساز بجانے والوں وغیرہ کے لیے جگہ ہو۔ آرٹسٹوں کے کام کرنے کی جگہ۔	فوٹوگرافی کا کمرہ یا دوکان۔ فلم کمپنی کا کارخانہ۔ ریڈیو اسٹیشن کا کوئی کمرہ جہاں سے تقریریں گانے وغیرہ نشر کیے جاتے ہیں۔
Su/Suyu	سُو	ت	پانی۔ پھل، میوہ و سبزی وغیرہ کا کچل کر یا دبا کر نکالا گیا رس۔ بعض خوشبودار پتوں یا پھولوں کا مقطر کیا گیا خوشبودار عرق۔ لوہے کے آلات واوزاروں کو آگ میں تپانے کے بعد پانی میں ڈالنے سے سختی۔ فولاد کا ٹیمپر۔ شوربا۔ یخنی۔ رواں ڈیزائن یا آرائش۔ ندی۔	پانی۔ شراب۔
	سُو رسُوئے	ف	ـــــــــــــــ	طرف۔ جہت۔ جانب۔
Sual	سُؤال	ع	سوال۔ درخواست۔ پرسش۔ پوچھ گچھ۔	سوال۔ پوچھ تاچھ۔ استفسار۔ پرسش۔ درخواست۔ التماس۔ طلب۔ دعویٰ یا عرضی۔ گذارش۔ عرض داشت۔ پوچھنا۔ بھیک مانگنا۔ "نہ"۔ حل طلب بات۔ (ریاضی یا اقلیدس کا) جواب طلب مسئلہ۔
Suali	سُؤالی	ع	سوال۔ جس میں سوال شامل ہو۔	سوال کرنے والا۔ مانگنے والا۔
Sudur	صُدُور	ع	جمع Sadır کی۔ سینے۔ چھاتیاں وغیرہ۔	سینے، چھاتیاں۔ بالانشیں لوگ۔ امیر لوگ۔ جمع صدر کی۔
	صُدُور	ف	ڈگری وغیرہ کا اجرا۔ خروج۔ روانگی۔	صادر ہونا۔ اجرا۔ کسی جگہ سے باہر نکلنا۔
Suğra	صُغریٰ رصُغرا	ع	چھوٹا۔ چھوٹی۔ خفیف۔	سب سے چھوٹی چیز۔ چھوٹی لڑکی۔ علم منطق میں شکل کا پہلا قضیہ۔
Sui	سُوء	ع	برائی۔ بدی۔	بدی۔ برائی۔ خرابی۔ بیماری۔ بگاڑ۔ مزاج کا تغیر۔ آفت۔ مرض بد۔
Suizan	سُوئے ظن	ع	شُبہ۔ بے اعتباری۔	بدگمانی۔ بدظنی۔ برا خیال۔
Sukut	سُقُوط	ع	گراوٹ۔ اسقاط۔ سہو۔ چوک۔ غلطی۔ تنزلی۔ زوال۔ گرنا۔	گر پڑنا۔ خطا کرنا۔ جنگ ہارنا۔ (علم عروض کی اصطلاح میں) کسی حروف کا وزن شعر کے خلاف ہونا۔ ناتمام بچہ عورت کے پیٹ سے نکل آنا۔ اسقاط۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sulb/Sulp	صُلبْ	ع	سخت۔ ٹھوس۔ مضبوط۔ پائدار۔ ریڑھ کی ہڈی۔	سخت۔ چست۔ قوت۔ سخت زمین۔ ریڑھ کی ہڈی کی گریاں۔ پشت کے مہرے۔ پیٹھ کی ہڈیاں۔ نطفہ۔ اولاد، نسل، خاندانی بزرگی۔
Sulbî	صُلبی	ع	اپنی نسل کے بچے۔ جائز لڑکا۔	سگا۔ اصلی۔ حقیقی۔ نسلی۔ اپنے نطفہ کا۔
Suleha	صُلَحَا	ع	جمع Salih کی۔ نیک لوگ۔ نیک آدمی۔	جمع صالح کی۔ نیک آدمی۔ نیک لوگ۔ متقی۔
Sulh	صُلح رصُلحہ	ع	امن۔ آشتی۔ مفاہمت۔ سمجھوتہ۔ امن رکھنا۔	آشتی۔ امن۔ میل۔ ملاپ۔ فساد کی ضد۔ اتحاد۔ دوستی۔ امن وامان تصفیہ باہمی۔ آپس کی صفائی رنجے سرے سے دوستی۔
Sulh-name	صُلح نامے	ع رف	امن کا سمجھوتہ۔ امن کا معاہدہ۔	صلح کا عہد نامہ۔ امن کا سمجھوتہ۔ راضی نامہ۔
Sulhperver	صُلح پَرْوَر	ع رف	امن پسند۔	امن پسند۔
Sultan	سُلطان	ع	حاکم۔ بادشاہ۔ عظیم مطلق۔ بادشاہ کی بیٹی۔ سلطانہ۔	بادشاہ۔ والی۔ فرمانبروا۔ رعبہ۔ بادشاہی۔ فرمانروائی۔ حکومت۔
Sultanî	سُلطانی	ع	بادشاہ یا سلطان سے متعلق۔ شہنشاہی۔ عمدہ قسم کا (پھل وغیرہ)۔ سابقہ۔ سیکنڈری اسکول۔ ایک قسم کا بغیر بیجوں کا انگور۔	بادشاہی۔ فرمانروائی۔ حکومت۔
Suntur	سُنْتُور	ف	بربت۔ پچاس تاروں کا ایک باجہ۔ سنتور۔ بہت زیادہ خوشی کی آواز۔	ایک قسم کا باجہ۔
Sunuf	صُنُوف رصُنُف	ع	جمع Sinif کی۔ کلاسیں۔ قسمیں۔ درجے۔	جمع صنف کی۔ قسمیں۔ انواع۔ اقسام۔ اصناف۔
Supara	سِپارَہ رسیپارہ	ف	بچوں کے پڑھنے کی کتاب۔ پرانے زمانے میں بچوں کو پڑھانے کی ابتدائی کتاب۔ سپارہ۔	سپارہ۔ پارہ قرآن۔ قرآن شریف کو تیس حصوں میں سے ایک حصہ۔
Sur	سُور	ت	قسمت۔ چانس۔	ـــــــــــــ
Sûr/Sur	سُور	ع	شہر کی دیوار۔ شہر کی فصیل۔ قلعہ۔	قلعہ کی دیوار شہر کی فصیل۔ کھانے یا پینے کا پس ماندہ۔ جھوٹن۔
Sur	سُور	ف	شادی۔ شادی یا ختنہ کی دعوت۔	دعوت جشن عروسی۔ شادی۔ رنگ سرخ۔
Sur	صُور	ع	بگل خاص طور سے قیامت کے دن کا۔	بگل جس کو اسرافیل علیہ السلام قیامت کے دن پھونکیں گے۔ ترئی۔ نفیری۔ بگل۔ قرنا۔ سنکھ۔
Sur	سُور	ہندی	ـــــــــــــ	بہادر یا شجاع آدمی۔ مرد غازی۔
Surat	سُورَت	ع	چہرہ۔ وضع۔ طور۔ تیوری چڑھانا۔ چہرہ پر بدمزگی لانا۔ ترشی والا چہرہ۔	تیزی۔ تندی۔ غصہ۔ ظلم۔ تپ کی تیزی۔ جوش۔ بھڑکن۔ اُبلنا۔
Sure	سُورَت رسُورَۃ	ع	قرآن شریف کا ایک باب۔ سُورَۃ۔	سورۃ۔ قرآن مجید کا ایک مترکٹرا۔ بزرگی۔ شرف یا باب۔ فصل۔ سورت۔
Suret	صُورَت	ع	شکل۔ تصویر۔ نقل۔ پہلو۔ شباہت۔ خیال۔ گمان۔ طور۔ کیس۔	تصویر۔ شکل۔ نمونہ۔ چہرہ۔ موقع محل۔ مانند۔ مشابہ۔ طور۔ طریق۔ کام۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Surî	صُوری	ع	ظاہرہ۔ ظاہری۔ بناوٹی۔	ظاہری۔ معنوی کی ضد۔ منسوب بہ صورت۔
	سُوس	ع	ملیٹھی۔	اصل۔ طبیعت۔ دیمک۔ نام ایک درخت کا جس کی جڑ کو اصل السوس یا ملیٹھی کہتے ہیں۔
Suubet	صُعُوبَت	ع	دِقّت۔ دشواری۔	دِقّت۔ سختی۔ دشواری۔ تکلیف۔ مصیبت۔
Suud	صُعُود	ع	بلندی۔ اونچائی۔ اُٹھان۔ عروج۔ سرفرازی۔ ترقی۔	بلندی پر چڑھنا۔ اوپر چڑھنا۔ حساب میں کسی عدد کو کئی دفعہ ضرب دے کر اس کی قوتوں کو ابھارنا۔
Suzis	سُوزِش	ف	جلن۔ تکلیف۔ سخت اندوہ۔ بڑا غم۔	جلن۔ کھولن۔ درد۔ تکلیف۔
Sübhan	سُبحان	ع	اللہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔	اسم مصدر ہے۔ حق تعالیٰ کو پاکی سے یاد کرنا۔ خداوند پاک۔
Sübhanallah Süphanallah	سُبحانَ اللہ	ع	سبحان اللہ بمعنی خدا کی تعریف ہو۔ اے میرے خدا۔ خدا کی شان ہو۔	(کلمہ تحسین) اللہ پاک ہے۔ میں اللہ کو پاکی کے ساتھ یاد کرتا ہے۔
		اردو	————	تعجب یا طنز کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔
Sübut	ثُبُوت	ع	ثابت کرنے کا عمل۔ ثابت ہونا۔ یقینیت۔ وجود میں ہونا۔ اصلیت کھُلنے میں ظاہر ہونا۔ حقیقت۔	دلیل۔ سچائی۔ گواہی دلوا کر ثابت کرنا۔ شہادت۔ گواہی۔ دوام۔ قیام۔ مضبوطی۔ پائیداری۔
Sücud/ Sücut	سُجُود	ع	عبادت کرتے وقت خاکساری سے زمین پر سجدہ کرنا۔ ڈنڈت کرنا۔ سجدہ کرنا۔	جمع سجدہ کی۔ سجدے اور بمعنی مصدر سجدہ کرنا بھی آتا ہے۔
Südde	سُدّہ	ع	چوکھٹ۔ دہلیز۔ دروازہ۔ جسم کے کسی راستہ میں رکاوٹ یا روک۔	ڈیوڑھی۔ دہلیز۔ آستانہ۔ چوکھٹ۔ غلیظ مواد کی گانٹھ جو انتڑیوں یا رگوں میں اٹک جائے۔ ایک بیماری کا نام جس سے ناک کا سوراخ بند ہوجاتا ہے اور سانس کی آمد و رفت ناک کی راہ سے منقطع ہوجاتی ہے۔
Südüs	سُدس / سُدُس	ع	۱/۶۔ چھٹا حصہ۔	چھٹا حصہ۔
Süfera	سُفَرا	ع	جمع Sefir کی۔ بہت سے ایلچی۔ سفیر یا راجدوت۔	سفیر کی جمع۔ ایلچی لوگ۔ بہت سے سفیر۔
Süflî	سِفلی	ع	نیچ۔ گھٹیا۔ نیچا۔ گرا ہوا۔ حقیر۔ ذلیل۔ کمینہ۔	منسوب بہ سفل۔ نیچے کا۔ نیچے کی۔
Süha	سُہا	ع	دبِ کبیر کے ایک چھوٹے ستارہ کا نام۔	نام ایک باریک ستارے کا جو بنات النعش میں ہے۔
Süheyl	سُہیل	ع	ستاروں کے جنوبی مجموعہ کا ایک چمک دار ستارہ۔	ایک مشہور ستارے کا نام۔
Sühulet	سُہولت	ع	آسانی۔ آسان۔ ملائمیت۔ آسانی کے حالات۔	آسانی۔ نرمی۔ آہستگی۔
Sühunet	سُخُونت	ع	گرمی۔ بخار۔ ٹیمپریچر۔	گرمی۔ گرم ہونا۔
Sükkân	سُکّان	ع	جمع Sakin کی۔ رہنے والے۔ باشندے۔	ساکن کی جمع۔ رہنے والے لوگ۔ باشندے۔ جوار۔ کشتی کا دُنبالہ۔
Sükna	سُکنہ	ع	گھر۔ مسکن۔ بہ سکونت۔	سکون کی جمع۔ مکان۔
Sükûn	سُکُون	ع	خاموشی۔ آرام۔ راحت۔ آسائش۔ قرار۔ آسودگی۔ اطمینان۔	ٹھہراؤ۔ امن۔ خاموشی۔ قرار۔ اطمینان۔ ساکن۔ حرف کی علامت۔ جزم۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sükûnet	سُکُونَت	ع	خاموشی۔ آرام۔ قرار۔	مستقل قیام۔ رہنے کی جگہ۔ رہنا۔ آرام کرنا۔ ٹھہرنا۔ اقامت۔ گاہ۔ مکان۔
Sükût	سُکُوت	ع	خاموشی۔ خاموش ہونا۔	خاموشی۔ چپ رہنا۔ امن۔
Sülale	سُلَالَہ	ع	کٹمبھ۔ خاندان۔ بال بچے۔ فیملی۔ سلسلہ۔ نسل۔ اولاد۔	وہ چیز جو دوسری چیزوں میں سے کھینچی جائے۔ نطفہ۔ چھوٹا بچہ۔ خلاصہ۔
Sülûk	سُلُوک	ع	کسی راستہ پر چلنا۔ کسی طرز زندگی پر چلنا۔ کسی مذہبی عقیدہ کا ہونا۔ متفکر زندگی۔	راہ چلنا۔ کاموں میں نیک روی کرنا۔ نیک چلنا۔ صوفیوں کی اصطلاح میں خدا کی نزدیکی ڈھونڈنا۔ تلاش حق۔ برتاؤ۔ طرز عمل۔ رویہ۔ بھلائی۔
Sülüs	ثُلُث	ع	۱/۳۔ ایک تہائی۔ بڑے بڑے حرفوں میں عربی لکھنے کا ایک طرز تحریر یا اسٹائل۔	تیسرا حصہ یعنی ۱/۳۔ ایک تہائی۔ ایک عربی رسم الخط۔ ایک خط کا نام جو تین خطوں سے مل کر بنا ہے۔
Sülüsan	ثُلُثَان	ع	دو تہائی حصے۔	تین حصوں سے دو حصے۔
Sümbül	سُنبُل/سُنبُل	ع/ف	سنبل۔ کھلنے والا ایک خوبصورت پھول۔	سنبل۔ ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔ بالچھڑ۔ جٹاماسی مراد زلف معشوق۔
Sümbüle	سُنبُلَہ	ع	اناج کی ایک بال۔ پھولوں کا ایک خوشہ۔ آسمان کے برج کنیا راس کا نام۔	گیہوں یا جو کی بالی۔ خوشہ۔ پسینے کے قطرے۔ آسمان کے برج کنیا راس کا نام۔
Sümün	ثُمن	ع	آٹھواں حصہ۔	آٹھواں حصہ۔ ۱/۸
Sündüs	سُندُس	ع	ریشمی براکیڈ۔ ریشمی کمخواب۔ ریشمی زربفت۔	ایک قسم کا نہایت بیش قیمت کپڑا۔ باریک ریشمی کپڑا۔ اطلس۔
Sünnet	سُنّت	ع	مسلم رسوم وضابطے جو قرآن میں درج نہیں ہیں مگر حضرت محمد صاحب کی عادات اور ان کے اقوال کے مطابق ہیں۔ رسم ورواج۔ ختنہ۔	(فقہ اسلام) وہ طریقہ جس پر رسول اللہ اور صحابہ خلفا نے عمل کیا ہو۔ راہ۔ روش۔ دستور۔ عادت۔ ختنہ۔
Sünnî	سُنّی	ع	سُنّی عقیدہ کا ماننے والا۔ راسخ الاعتقاد۔	سُنّی عقیدہ کا ماننے والا۔ سنت رسول پر چلنے والا گروہ۔ مسلمانوں کا وہ فرقہ جو خلفائے راشدین کو برحق مانتا ہے۔ اہل سنت والجماعت مسلمان۔
Sünuh	سُنُوح	ع	کسی معاملہ کا دماغ میں ظاہر ہونا۔	شکار کا بائیں طرف سے ظاہر ہونا۔ مجازاً حادثہ کا پیدا ہونا۔
Sürahi	صُراحی	ع	صراحی۔ جام یا بلور کے پیالے۔	صراحی۔ پانی یا شراب رکھنے کا لمبی گردن کا چھوٹا برتن۔ کوزہ۔ بوتل۔ مخروطی شکل کپڑے جو انگرکھے وغیرہ کی بغلوں کے نیچے خوبصورتی کے لیے سی دیتے ہیں۔
Sürat/ Sür'at	سُرعَت	ع	اسپیڈ۔ رفتار۔ جلدی۔ عجلت۔ تیزی۔	جلدی۔ شتابی۔ تیزی۔ پھرتی۔
Süreyya	ثُریّا	ع	سات اور اس سے زیادہ ستاروں کا گروپ جو برج ثور کے ستاروں کے مجموعہ کے سہارے سے ہے۔	جھمکا۔ پروین۔ وہ سات ستارے جو پاس پاس رہتے ہیں۔ سات سہیلیوں کا جھمکا اور کبھی مراد آنتوں سے۔ روشنی کا جھاڑ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Sürfe	سُرفہ	ف	کیڑا۔ جھانجا۔ گھن۔ لکڑی میں سوراخ کرنے والا کیڑا۔	ایک سفید رنگ کا کیڑا جو درخت اور لکڑی میں سوراخ کرتا ہے۔ اس کیڑے کی مشابہت آواز سے نام ایک مرض کا جس کو عربی میں سعال اور ہندی میں کھانسی کہتے ہیں۔
Sürme	سُرمہ	ت	جو چیز کھینچی گئی ہو۔ چٹخنی۔ ڈراور۔ شطرنج کی چال۔ اندر باہر سرکانا۔ کنڈ ڈا۔ گیہوں کا میلا دانا۔ سرمہ۔	سرمہ۔ کُحل۔ انجن۔ بہت باریک۔
Sürmedan	سُرمے دان / سُرمے دانی	ت/ف	سُرمے دانی۔ سرمہ رکھنے کا برتن۔	سرمے دانی۔ سرمہ رکھنے کی چیز۔
Sürre	صُرّہ	ع	تھیلی۔ ہمیانی۔ بٹوہ۔ پرانے زمانہ میں عثمانی ترک بادشاہوں کی طرف سے ہر سال مکّہ اور مدینہ کو بھیجی گئی رقوم و تحفے وغیرہ۔	تھیلی۔ ہمیانی۔ توڑا۔ چھوٹی پوٹلی۔
Sürur	سُرُور	ف	خوشی۔ فرحت۔	خوشی۔ فرحت۔ ہلکا ہلکا نشہ۔ خمار۔
Süryani	سُریانی		شمالی عراق کے شامی عیسائی۔ شامی خاص طور سے شام کی پرانی زبان۔	ملک شام کی ایک قدیم زبان۔
Süsen	سُوسَن	ف	سُوسَن۔ ایک قسم کا پھول۔	سُوسَن۔ آسمانی رنگ کا ایک پھول جسے شعرا زبان سے تشبیہ دیتے ہیں۔
Sütun	سُتُون	ف	سُتُون۔ مکان کا کھمبا۔ اخبار کا کالم۔ روشنی کی شعاع۔	سُتُون۔ کھمبا۔ لاٹھ۔ منار۔ اہم رُکن۔
Süvari	سُواری	ف	گھوڑسوار۔ گھوڑسوار فوج کا سپاہی۔ گھوڑسوار پولیس۔ بحریہ کا کپتان۔ سواروں کا رسالہ۔	گھوڑے پر چڑھنے کا کام۔ وہ حیوان یا جانور یا چیز جس پر سوار ہو جائے۔ جلوس۔ کُشتی کا ایک داؤ۔ جو سوار ہو۔ ہم رکاب۔ جس پر چڑھ کر کہیں جائیں۔
Süveter	سُویٹر	انگریزی	سویٹر۔	سویٹر۔

■❖■

Ş/(ş)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şa	شا	ت	Yaşa کا مخفف بمعنی زندہ باد، سلامت باش۔ کھلاڑیوں کے مابین ہمت افزائی کے لیے Yaşa یا Yaşa sin کے بجائے استعمال کیا جاتا ہے اور اس کی تکرار تین مرتبہ کی جاتی ہے۔	شاد۔
Şab	شابّ	ع	نوجوان۔ جوان۔	جوان۔ چوبیس برس سے چالیس برس کا آدمی۔ گبرو۔
Şaban	شابان	ع	اسلامی سال کا آٹھواں مہینہ۔ ماہ شابان۔	قمری سال کا آٹھواں مہینہ۔ شابان۔
Şad/	شاد	ف	خوش وخرم۔ مسرور۔ خوش۔	خوش۔ مسرور۔ بے غم۔ خوش وخرم۔
Şadan	شاداں			
Şaduman	شادمان			
Şadi	شادی	ف	خوشی۔ مسرت۔	خوشی۔ مسرت۔ عید۔ تیوہار۔ جشن۔ بیاہ۔
Şadumani	شادمانی	ف	خوشی۔ خرمی۔	خوشی۔ خرمی۔
Şafak	شفق	ع	(اصلی معنی) شفق۔ نیم تاریکی۔ سرشام۔ کچھ کچھ اندھیرا۔ (حالیہ معنی) تڑکا۔ علی الصباح۔	سرخی جو طلوع آفتاب سے پیشتر صبح کو اور غروب آفتاب کے بعد شام کو نمودار ہوتی ہے۔ شفق۔
Şafi	شافی	ع	شفا دینے والا۔ صحت دینے والا۔ قابلِ اطمینان۔ واضح اور غیر مشروط وقطعی جواب۔	صحت یا شفا دینے والا۔ تسکین دینے والا۔ شبہ رفع کرنے والا۔ صاف۔ فیصلہ کن۔ قطعی۔
Şafi	شافع	ع	شفاعت کرنے والا۔ بیچ میں پڑنے والا۔	شفاعت کرنے والا۔ سفارش کرنے والا۔
Şâfiî	شافعی	ع	اسلام میں شافعی فرقہ۔	امام شافعی کی پیروی کرنے والا۔ اہل سنّت والجماعت کے چار اماموں میں سے ایک کا نام۔
Şaft	شافٹ	انگریزی	شافٹ۔	شافٹ۔
Şah	شاہ	ف	ایران وافغانستان کے حکمراں۔ شطرنج کے ایک خاص مہرہ کا نام۔	آقا۔ مالک۔ بادشاہ۔ سلطان۔ فقیروں کا لقب۔ شطرنج کا ایک مہرا۔ نوشہ۔ دولہا۔ سیدوں کے نام کا مخصوص لفظ۔ بہتر۔ عمدہ۔ بڑا۔ عظیم۔ مرکبات میں آتا ہے۔
		ت	گھوڑے کے اگلے پاؤں کو جگہ سے کاٹ دینا۔ کھانے کی میز کا کانٹا۔ سینگھ۔	
Şahab	شہاب	ع	شعلہ۔ لو۔ ٹوٹتا تارہ۔	لو۔ لپٹ۔ وہ ستارہ جو آسمان سے گرتا دکھائی دیتا ہے۔ روشن تارہ۔ شعلہ۔ بھڑکتی ہوئی آگ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şahadet/ Şehadet	شہادت	ع	گواہی۔ گواہی دینا۔ ثبوت۔ اسلام کی گواہی دینا۔ مسلمان کا جنگ میں مرجانا۔ سچ پر جان دینے والے کی موت۔ شہادت۔	گواہی۔ راہِ خدا میں شہید ہونا۔ کلمہ شہادت۔ خدا کی وحدانیت اور حضرت محمد صاحب کی رسالت کا سچے دل سے اقرار کرنا۔
Şahadet-name	شہادت نامہ	ف/ع	ڈپلوما۔ دستاویز۔ سرٹیفیکٹ۔	تحریری شہادت جو داخل کی جائے۔ کلمۂ شہادت جو شیعہ لوگ لکھ کر مردے کے کفن میں رکھتے ہیں۔ وہ کتاب جس میں امام حسین کی شہادت کا حال ہو۔ سند۔ سرٹیفکیٹ۔
Şahane	شاہانہ	ف	شاہی۔ خسروانہ۔ شاندار۔ باشکوہ۔ عظیم الشان۔ عالی شان۔	بادشاہوں کے موافق۔ بادشاہوں کے مانند۔ سلطانی۔
Şahbaz/ Şehbaz	شاہ باز/شہباز	ف	شاہی شکرا۔ چیمپئن۔ ہیرو۔ عمدہ۔	بڑا باز یا شکرا جس سے شکار کرتے ہیں۔ شاہین۔
Şahım	شحیم	ع	موٹا۔ فربہ۔	موٹا۔ فربہ۔
Şahıs	شخص	ع	فرد۔ شخص۔ شخصی خدوخال۔ ذاتی حلیہ۔ پیمائش کرنے کا راڈ یا پیمانہ۔	آدمی۔ بشر۔ انسان۔ آدمی کا جسم۔ بدن۔
Şahi	شاہی	ع	شاہی۔ بادشاہی۔ شہنشاہی۔ فارسی سکہ۔ منہ کی طرف سے بھری جانے والی پرانی طرز کی توپ۔ نشاشتہ اور انڈے سے بنائی گئی مٹھائی۔	بادشاہی۔ سلطانی۔
Şahid	شاہد	ع	گواہ۔ (قواعد میں) مثال۔ (تجربہ میں) کنٹرول۔ کسی مشہور کتاب سے مثال۔	حاضر۔ گواہ۔ حضرت محمد کا نام۔ روزِ جمعہ۔ روزِ قیامت۔ خوب خوشنما۔ حسین۔ محبوب۔ معشوق۔
Şahin	شاہین	ف	باز۔ شکرا۔ عقاب۔	باز۔ شکرا۔ ایک سفید رنگ کا شکاری پرندہ۔ ترازو کی سوئی یا ڈنڈی۔
Şahmerdan	شاہ مرداں	ف	دیوار گرانے کا انجن۔ ڈھیر کو نیچے کھینچنے والا انجن۔ بھاری ہتھوڑا۔ مونگری۔	حضرت علی کا لقب۔
Şahname	شاہنامہ	ف	تاریخ جو شعروں میں لکھی گئی ہو۔ رزمیہ۔ نظم جس میں جنگ کا بیان کیا گیا ہو۔ شاعرانہ تاریخ۔	وہ تاریخ جس میں بادشاہوں کا ذکر کیا جائے۔ تاریخ سلاطین۔ ایک مشہور قدیم شاہانِ فارس کی منظوم تاریخ جسے فردوسی شاعر نے ۱۰۰۰ء میں محمود غزنوی کے حکم سے تصنیف کی تھی۔
Şahniş/ Şahnişin	شاہ نشین / شہ نشین	ف	بند بالکونی کا دریچہ۔ دریچہ جو دیوار سے باہر نکلا ہو۔	بادشاہ کے بیٹھنے کی جگہ۔ بساط۔ گرانمایہ۔ وہ برآمدہ جو آگے نکلا ہوا ہو جس پر اکثر بیٹھ کر بادشاہ لوگوں کو درشن دیا کرتے تھے۔
Şahrah/ Şehrah	شاہراہ / شاہ راہ	ف	خاص سڑک۔ اہم سڑک۔ ہائی وے۔ عام راستہ۔	کشادہ راستہ۔ بڑا راستہ۔ جرنیلی سڑک۔ شارع عام۔ بادشاہی گذرگاہ۔ عام راستہ۔
Şahsi	شخصی	ع	ذاتی۔ پرائیویٹ۔	ذاتی۔ پرائیویٹ۔ ایک آدمی کے متعلق۔ منسوب شخص کے۔
Şahsiyet	شخصیت	ع	قدر و منزلت والا۔ شخصیت۔ خاص شخص۔	شخص ہونے کی خصوصیت۔ ذات۔ شیخی۔ غرور۔ درجہ عزت۔
Şahsüvar	شاہسوار	ف	اچھا گھوڑ سوار۔	گھوڑے کی سواری کا ماہر۔ اچھا گھوڑ سوار۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şahtane	شاہ دانہ	ف	بڑا موتی۔ پٹ سن کا بیج۔	بڑا موتی۔ تسبیح کا دانہ۔ بھنگ کا بیج۔
Şahtere	شاہتر ا رشاہترا شاہترہ	ت	شاہترا۔ ایک پودا جسے حکیم لوگ بطور دوائی کے استعمال کرتے ہیں۔	شاہترہ۔ پت پاپڑہ۔ ایک نہایت سبز اور تلخ ساگ کا نام جو دوا میں کام آتا ہے اور مصفی خون خیال کیا جاتا ہے اور خارشت کے واسطے بہت مفید ہے۔ ایک خون صفا دوائی۔
Şaibe	شائبہ	ع	دھبا۔ کمی۔ گندگی۔ قصور۔ نقص۔	آلودگی۔ آمیزش۔ ملاوٹ۔ بُری چیز کا اچھی چیز میں شامل ہو جانا۔ شک۔ شبہ۔ احتمال۔
Şair	شاعر	ع	شعر لکھنے یا کہنے والا۔ شعر گانے والا۔ گویا۔ مطرب۔ عوام میں گانے والا۔	شعر بنانے والا۔ شاعر۔ کوی۔ شعر کہنے والا۔ شعر لکھنے والا۔
Şairane	شاعرانہ	ع	شاعر کے طریقہ پر۔ شاعر کی طرح۔	شاعر کے طریقہ پر۔ شاعر سے منسوب۔ مبالغہ آمیز۔
Şak	شَق	ع	شگاف۔ کریک۔ دراز۔ چیرنا۔ پھاڑنا۔	شگاف۔ دراز۔ شگاف پڑا ہوا۔ پھٹا ہوا۔ پھٹنا۔
		ت	کسی چیز جیسے لکڑی سے مارنے، کوڑا مارنے، یا کان پر گھونسا مارنے سے پیدا ہونے والی آواز۔	ــــــــــــــ
	شاق	ع	مشکل۔ دشوار طلب۔	دشوار۔ سخت۔ مشکل۔ دوبھر۔ ناگوار۔
Şakavet/ Şakavet	شقاوت شقوت	ع	چوری۔ ڈکیتی۔ راہزنی۔	بدبختی۔ بدنصیبی۔ بدمعاشی۔ سنگ دلی۔
Şakayık	شقائق	ع	ایک قسم کا پیڑ جس میں گہرے لال رنگ کے سفیدی مائل پھول آتے ہیں۔	شقیقہ کی جمع۔ گُلِ لالہ۔ ایک پھول کا نام۔
Şâki	شاکی	ع	شکایت کرنے والا۔	شکایت کرنے والا۔ گلہ کرنے والا۔
Şakî	شقی	ع	راہزن۔ ڈکیت۔ باغی۔	بدبخت۔ بدنصیحت۔ ظالم۔ سنگ دل۔
Şakir	شاکر	ع	شکر کرنے والا۔ ممنون۔ احسان مند۔	شکر کرنے والا۔ صابر۔ شاکر۔ قانع۔
Şakird/ Şakirt	شاگرد	ف	کام سیکھنے والا۔ شاگرد۔	کام سیکھنے والا۔ چیلا۔ طالب علم۔ نوکر۔ خدمت گار۔ متعلم۔
Şakul/ Şahul	شاقول	ع	ساہول معہ ڈورے کے۔ سیسہ کا ساہول۔ لٹکن۔ شاقول۔ سائل۔	معماروں کا ساہول۔ لوہے یا پتھر کا وہ کنڈے دار گولا جس میں ڈوری باندھ کر معمار لوگ دیوار کی کجی کا پتہ لگاتے ہیں۔
Şal	شال	ف	شال خاص طور سے کشمیری شال۔ لبادہ۔ سیاہ کپڑا جو تابوت پر ڈالتے ہیں۔	اون یا پشم کی شال۔
Şalgam	شلغم رشلجم	ف رت	شلجم۔ شلغم۔	شلجم۔ شلغم۔
Şali	شالی	ع	ایک اونی ریشمی کپڑا۔ پٹو۔ جھنڈا۔ جھنڈی پیرو ملک کی بھیڑ کے ملائم اور لمبے اون سے بنا ایک قسم کا باریک کپڑا۔ عمدہ ملائم اون سے بنایا گیا باریک کپڑا۔ جھنڈا بنایا ہوا کپڑا۔	شال سے منسوب۔
Şalvar	شلوار	ت	شلوار۔ ڈھیلا ڈھالا ترکی پاجامہ۔	شلوار۔ ایک خاص قسم کا ازار بند پاجامہ۔ بھاری گاؤدُم پاجامہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şam	شام	ع	ملک شام کی راجدھانی دمشق۔	ملک شام۔
Şam	شام	ع	شام۔ دن ختم ہونے اور رات شروع ہونے کے بیچ کا ٹائم۔	شام۔سورج ڈوبنے کا وقت۔
Şama	شمع	ع	شمع۔ وہ چیز جو موم کو ڈھال کر روشن کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔موم بتی۔	چربی کی بتی۔موم بتی کی چربی۔موم بتی۔موم۔
Şamama	شمامہ	ع/ت	ایک قسم کا خوب صورت وخوشبودار خربوزہ یا تربوز۔ لاغر آدمی یا بچہ۔ نارمل سائز سے نیچے کا جس کی بڑھوار طبعی طور سے نہ ہوئی ہو۔	خوشبو۔خوشبو کی گولیاں۔ایک قسم کا جنگلی خربوزہ جو چھوٹا اور دھاری دار اور خوشبودار ہوتا ہے۔ ایک طرح کا گلوا جس کو عطر وغیرہ خوشبودار چیزوں سے ترکیب دے کر گول بناتے ہیں اور ہاتھ میں رکھ کر سونگھا کرتے ہیں۔
Şamar	شمر	ت	تھپڑ۔کان پر گھونسا۔	———
	شمر	ف	———	تالاب۔حوض۔سرشیر یا بالائی۔
	شمر	ع	———	اٹھلا کر چلنا۔
Şamdan	شمع دان	ف	شمع دان۔وہ چیز جس پر موم بتی رکھی جائے یا کھڑی کی جائے۔	شمع دان۔وہ برتن جس میں موم بتی رکھ کر جلاتے ہیں۔
Şamil	شامل	ع	اندر ہونے والا۔ڈھکنے یا شامل ہونے والا۔ ملانے والے۔وسیع گنجائش دار۔شامل۔	ملا ہوا۔شریک۔ساتھ۔اکٹھا۔شامل۔
Şamme	شامّہ	ع	سونگھنے کی لیاقت یا قوت۔	سونگھنے کی قوت یا حس۔
Şampanya	شیمپین	فرانسیسی	فرانس میں بنی ایک قسم کا خاص شراب یا اس سے ملتی جلتی دوسرے ممالک میں بنائی جانے والی شراب جو ذائقہ دار ہوتی ہے اور جس میں گیس بھی ہوتی ہے۔	انگور کی عمدہ شراب۔شیمپین۔ایک قسم کی شراب۔
Şampanze	شمپانزی		ایک قسم کا بن مانس جو افریقہ کے براعظم میں پایا جاتا ہے۔	ایک قسم کا بن مانس۔شمپانزی۔
Şampiyon	چیمپین	فرانسیسی/ انگریزی	کھیل کے مقابلہ میں اوّل آنے والا۔ چیمپین۔	چیمپین۔کھیل کے مقابلہ میں اوّل آنے والا۔کسی مقصد کے حصول کے لیے لڑنے والا۔حامی۔مددگار۔
Şan	شان	ع	شہرت۔شوکت۔نام آوری۔نام۔حالت کوالٹی۔نمائش۔اہمیت۔صفت۔حال۔	شوکت۔عظمت۔کام۔حال۔حق۔دبدبہ۔عزت۔طاقت۔انداز۔طرز۔خاصیت۔خوبی۔
Şans	چانس	فرانسیسی	چانس۔موقعہ۔قسمت۔اتفاق۔	اتفاق۔موقعہ۔
Şap	شاپ	ع	پھٹکری۔مونگے سے بنی چٹان۔	پھٹکری۔
Şaplak	شپلق	ت	چپت۔طمانچہ۔	طمانچہ۔تھپڑ۔
Şar	شار	ف	شہر۔بڑا قصبہ۔	شہر۔بستی۔بلند۔عمارت۔پانی کا گرانا۔طوطی جو چاندی اور سونے میں ہو۔باریک اور رنگین کپڑا بمعنی ساڑی۔مینا۔کشادہ پرفضا راہ۔بڑا سانپ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şarab/ Şarap	شَرَاب	ع	شراب۔	شراب۔ ڈارُو۔ نشہ آور عرق۔
Şarabhane/ Şaraphane	شَرَاب خَانہ	ع/ف	شراب بنانے وفروخت کرنے کی جگہ۔ شراب خانہ۔ شراب بنانے کی فیکٹری۔ شراب جمع کرنے کا گودام۔	شراب۔ وہ جگہ جہاں شراب بنے یا بکے۔
Şâri	شَارِع	ع	لیجیسلیچر۔ قانون ساز۔ قانون بنانے والا۔	شریعت بتانے والا۔ صاحب شرع۔ جو لوگوں کو دین کی تعلیم دے۔ بڑا راستہ۔ راہِ کشادہ۔ سڑک۔
Şarib	شارِب	ع	Ülleyl vennehar میں بمعنی ناامید یا مایوس شرابی۔	پینے والا۔ مُونچھ۔
Şarih	شَارِح	ع	شرح کرنے والا۔ کمینٹری کرنے والا۔ کمینٹیٹر۔ کھول کر بیان کرنے والا۔ مُفَسِّر۔	شرح کرنے والا۔ کھول کر بیان کرنے والا۔ مُفَسِّر۔ تفسیر کرنے والا۔ شرح کرنے والا۔
Şark	شَرق	ع	پورب۔ مشرق۔ یورپی کلچر سے باہر کے علاقے۔	مشرق۔ پورب۔ آفتاب کے نکلنے کی جگہ۔
Şarkî	شَرقی	ع	پوربی۔ مشرقی۔	مشرق سے نسبت رکھنے والا۔ مشرق کا۔ پوربی۔
Şarkı-karib	شَرق قَریب	ع	ترکی اور بلقان وغیرہ۔	ترکی وبلقان وغیرہ۔
Şarkıyat	شَرقِیَات	ع	مشرقی زبانوں وادب کا علم۔ مشرقیات۔	مشرقی زبانوں وادب کا مطالعہ۔ مشرقیات۔ مشرقی زبانوں وخیالات کا اظہار یا شغل۔
Şart	شَرط	ع	حالت۔ شرط۔ کسی معاہدہ کی دفعہ۔ قول وپیمان۔ عہدوپیمان۔ مشروط۔ فقرہ۔	اقرار۔ وہ چیز جس پر کسی بات کا انحصار ہو۔ قید۔ پابندی۔ ضروری۔ لازم۔ کنجوس۔ کمینہ۔ مہر۔ قول وقرار۔
Şartî	شَرطی	ع	مشرُوط۔	منسوب بہ شرط۔ کسی شرط پر۔ اقراری۔ ضرور۔ بیشک۔
Şartname	شَرط نامہ	ف	معاہدہ۔ شرائط کی فہرست۔ ٹھیکہ۔ تصریح۔	شرائط کی فہرست۔ فہرست۔ ٹھیکے کی تصریحات۔
Şâsaa	شعشَہ	ع	چمک۔ دمک۔ روشنی۔	چمک۔ آفتاب کی روشنی۔ حرف کا آخری حصہ۔ افواہ۔ جھوٹی رپورٹ۔
Şat	شَط	ع	بڑا دریا خاص طور سے متحدہ دریائے دجلہ و فرات جسے شَطُّ العَرَب کہتے ہیں۔ چپٹی پیندی کی کشتی۔ کھلی ہوئی بڑی کشتی۔	دریا۔ ندی۔ دریا کا کنارہ۔ اونٹ کے کوہان کی ایک طرف۔
Şatıh	شَطح	ع	ادب میں سنجیدہ وفکری مذاق کو ڈھکا چھپا کر سمجھانے کا کام۔	خلاف شرع بکواس۔ بے حیائی۔
Şatir	شَاطِر	ع	خوش۔ شادماں۔ چالاک۔ تیز۔ چُست۔ نمائشی دوڑنے والا ملازم جسے پہلے اعلیٰ قسم کے افسر گھوڑ سواری کے وقت نوکر رکھتے تھے۔	شوخ۔ عیار۔ چالاک۔ شطرنج کھیلنے والا۔ وہ شخص جو کسی پر بار نہ ہو۔
Şathiyat	شَطحِیَات	ع	بکواس یا طنزیہ تحریریں۔	بیہودہ باتیں۔ اُن کلمات کا جو ظاہری طور سے خلاف شرع ہوں زبان پر لانا یا زبان سے نکالنا۔ زٹل بازی۔ خلاف شرع بڑیا بکواس۔ شطح کی جمع۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şatranc/ Şatranç	شَطرَنج	ف	شطرنج۔	شطرنج۔
Şatu	شَاتُو	ت	چھت پر بیٹھنے کے لیے کھلی ہوئی یکسار جگہ۔	سیڑھی۔ زینہ۔
Şayan	شَایَان	ف	مناسب۔ لائق۔ مطابق۔ قابل۔ حقدار۔	لائق۔ مناسب۔ موزوں۔ زیبا۔ سزاوار۔
Şayed/ Şayet	شَایَد	ف	شاید۔ ایسا نہ ہو۔ اگر اتفاق سے ایسا ہو۔ احتمال سے کچھ کم۔ اگر۔	غالباً۔ ممکن ہے۔ کلمۂ شک۔
Şayegân	شَایگان	ف	مناسب۔ فٹ۔ فراواں۔ کشادہ۔ فراخ۔ وسیع۔ بہت زیادہ۔	فراخ۔ کشادہ۔ لائق۔ خوب۔ اصل۔ وہ چیز جو بادشاہوں کے لائق ہو۔ قافیہ کا عیب۔ بہتر۔
Şayeste	شَائِستہ	ف	لائق۔ صاحب لیاقت۔ حقدار۔	مناسب۔ موزوں۔ بااخلاق۔ بامروّت۔ باسلیقہ۔ مہذب۔
Şayi	شَائع	ع	افشاں کی گئی خبر یا بات۔ پھیلائی گئی یا تشہیر کی گئی۔ عام طور سے جانی گئی۔ آپس میں بانٹی گئی۔ کسی چیز کا جانکار۔	عام۔ آشکارا۔ چھاپ کر مشتہر کیا ہوا۔ فاش۔ ظاہر۔
Şaz	شَاذ	ع	نادر۔ عام اصولوں کی ضد یا اس کے برعکس۔ بے قاعدہ۔ استثنا۔	نادر۔ عجیب۔ انوکھا۔ غیر معمولی۔ جدا۔ تنہا۔ صوفیوں کی اصطلاح میں وہ لفظ جو خلاف قیاس اور قاعدہ ہو۔
Şaemet	شَامَت	ع	بدشگونی۔ بدفالی۔ بدعلامت۔	بدنصیبی۔ آفت۔ برائی۔ نحوست۔ بدشگونی۔ بدفالی۔
Şeb	شَب	ف	رات۔	رات۔
Şebab	شَبَاب	ع	جوانی۔ عالمِ شباب۔	جوانی۔ عروج کا زمانہ۔ موسیقی کے ایک راگ کا نام۔ شروع۔ آغاز۔ ابتدا۔
Şebeke	شَبَکہ	ع	جالی۔ جالی دار جنگلہ۔ ریلوں کا جال۔ راہزنوں کا گروہ وغیرہ۔ بیوپاریوں کا حلقہ وغیرہ۔	صیاد کا جال۔ دامِ صیاد۔ جالی۔ بڑا سوراخ۔ آنکھ کا پردہ۔ کبوتروں کے پکڑنے کا جال۔
Şebih	شَبِیہ	ع	مِلتا جُلتا۔ مانند۔ مشابہ۔ مِثل۔	مانند۔ مثل۔ مشابہ۔ وہ تصویر جو مطابق شکل وصورت کسی شخص کے کھینچی گئی ہو۔
Şebi-yelda	شَب یَلدَا	ف	سال کی سب سے لمبی رات۔	سخت تاریک رات۔ سال کی سب سے لمبی رات جب سورج بُرج جدی میں داخل ہونے کو ہوتا ہے۔
Şebnem	شَبنَم	ف	اوس۔	اوس جو رات کو پڑتی ہے۔ ایک نہایت سفید اور عمدہ کپڑے کا نام۔
Şebpere	شَپَرہ، شَپَر شَپَرک	ف	چمگادڑ	چمگادڑ۔
Şecaat	شُجَاعت	ع	بہادری۔ ہمت والا۔ نڈر۔	بہادری۔ جوانمردی۔ دلیری۔
Şecer	شَجَر	ع	پیڑ۔	پیڑ۔ درخت۔
Şecere	شَجَرہ	ع	شجرہ۔ نسب نامہ۔	شجرہ۔ نسب نامہ۔
Şeci	شُجیع	ع	بہادر۔ جوانمرد۔	بہادر۔ دلیر۔ جری۔
Şedaid	شَدَائد	ع	سختیاں۔ بدبختیاں۔ آفتیں۔	تکلیفیں۔ سختیاں۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şedde	شَدَّہ	ع	عربی زبان میں حرف صحیح کو دو مرتبہ پڑھنے کا نشان یا علامت۔ مکمل۔ قطعی۔ بالکل۔	ایک حرف کو دو مرتبہ پڑھنا۔ تشدید دینا۔ زور دینا۔ سختی۔ مخالف پہلوان کا نعرہ۔
Şedid	شَدِید	ع	سخت۔ مضبوط۔ تیز۔ شُند۔	سخت۔ مشکل۔ دشوار۔ کٹھن۔ زبوں۔ بڑا۔ عظیم۔ تکلیف دہ۔ تیز۔
Şefaat	شَفَاعَت	ع	سفارش۔ کسی کو اس کے قصور یا جرم سے بچانے کے لیے یا خواہش پوری کرنے کے لیے سفارش۔	گناہوں کی معافی کی سفارش۔
Şefe	شِفَاہ	ع	ہونٹ۔ لب۔	جمع شفتہ کی۔ ہونٹ۔
Şefevi	شَفوِی	ع	متعلق بہ لب۔ جو ہونٹ سے تعلق رکھے۔ حرفِ شفوی۔	وہ حروف جو ہونٹ سے نکلتے ہیں۔ جیسے م۔ ف۔ ب وغیرہ۔
Şeffaf	شَفَّاف	ع	صاف۔ بّراق۔ شفاف۔ جس کے آر پار نظر جا سکے۔	نہایت صاف شے جس کے آر پار نظر گذر سکے۔
Şefik	شَفِیق	ع	مہربان۔ ہمدرد۔ دردمند۔ رحمدل۔	ہمدرد۔ غم خوار۔ مہربان۔
Şefkat	شَفقَت	ع	محبت۔ الفت۔ دردمندی۔ ہمدردی۔ تعلق۔ لگاؤ۔ رحم۔	مہربانی۔ رحم۔ لطف۔ محبت۔ پیار۔
Şeftali	شَفتَالُو	ف	شفتالو۔ آڑو۔ آلو بخارہ۔ بوسہ۔	شفتالو۔ آڑو۔ آلو بخارہ۔ بوسۂ معشوق۔
Şehadet	شَہَادَت	ع	کسی چیز کا گواہ ہونا۔ اسلام کے ہونے کی گواہی دینا۔ سچ کی خاطر جان دینے والے کی موت۔ کسی دیکھی ہوئی چیز کی گواہی۔ شہادت۔ سند۔ سرٹیفیکیٹ۔	گواہی۔ گواہی دینا۔ خدا کی راہ میں قتل ہو جانا۔ ناحق مارا جانا۔ خبر درست۔ سرٹیفیکیٹ۔ خدا کی وحدانیت اور رسول مقبول کی رسالت کا سچے دل سے اقرار کرنا۔ کلمہ شہادت۔
Şehadet-name	شَہَادَت نَامَہ	ف	سند۔ سرٹیفیکیٹ۔ ڈپلوما۔	تحریری شہادت جو داخل کی جائے۔ وہ کتاب جس میں حضرت حسین کی شہادت کا حال ہو۔ شیعہ لوگ کپڑے پر کلمہ شہادت لکھ کر مردے کے کفن میں رکھتے ہیں۔
Şehamet	شَہَامَت	ع	قابلیت کے ساتھ بہادری۔	بہادری۔ شجاعت۔ بزرگی۔ توانائی۔ شادمانی۔ چُستی۔ دلیری۔
Şehid/ Şehit	شَہِید	ع	مسلمان جو جنگ میں یا ملک کے مفاد کی خاطر مارا گیا ہو۔ اب حادثات میں مارے جانے لوگوں کے لیے بھی اکثر استعمال ہوتا ہے۔	خدا کی راہ میں قربان ہونے والا۔ وہ شخص جس کے علم سے کوئی چیز پوشیدہ نہ ہو۔ مقتول، عاشق۔ فدا۔ قربان۔ کشتہ۔
Şehik	شَہِیقَہ	ع	سانس لینا۔ دم کشی۔ سسکی۔ سبکنا۔ سسکنا۔ ہچکی۔	کنایتاً کالی کھانسی۔
Şehir	شَہر	ف	بڑا قصبہ۔ شہر۔	شہر۔ بڑی آبادی۔ بلدہ۔ نگر۔
Şehir	شَہر	ع	مہینہ۔	قمری مہینہ۔ ماہ۔
Şehîr	شَہِیر	ع	مشہور۔ نامور۔	مشہور۔
Şehislâm/	شَیخُ الاِسلَام	ع	شیخ الاسلام۔	سب سے بڑے عالم دین یا پیشوائے دین۔ مفتی اعظم۔ امام

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şeyhülislâm				وقت۔ مجتہد۔
Şehlâ	شَہلا	ع	آنکھ میں تھوڑا ترچھاپن ہونا۔ آنکھ کا وہ تھوڑا ترچھاپن جو مقبول شمار ہو۔	وہ عورت جس کی آنکھیں مثل بھیڑ کے سیاہ ہوں۔ ایک قسم کا نرگس کا پھول جس کے پھول میں بجائے زردی کے سیاہی ہوتی ہے۔ وہ آنکھ جو سیاہ ہو اور اس میں سرخی کے ڈورے بھی ہوں۔ سیاہی لیے بھوری آنکھ۔
Şehnaz	شَہناز	ف	مشرقی موسیقی میں ایک راگ یا سُر وغیرہ۔	موسیقی میں ایک راگ کا نام۔ ایران کے بادشاہ جمشید کی بہن کا نام۔
Şehrî	شَہری	ع	شہر سے متعلق۔ شہر کا۔ خلیق۔ خوش خلق۔	شہر سے منسوب۔ شہر کا باشندہ۔ نام ایک راگ کا۔
	شَہری	ف	ماہانہ۔ ہر ماہ۔	
Şehiryar	شَہر یار	ع	سلطان۔ فرمانبروا۔ بادشاہ۔	بادشاہ۔ عادل۔
Şehvanî	شَہوانی	ع	عیاش۔ نفس پرست۔ پُر شہوت۔	منسوب طرف شہوت کے۔ شہوت سے متعلق۔
Şehvet	شَہوت	ع	شہوت۔ جنسی بھوک۔ غیر رُوحانی بھوک۔ عیاشی۔	آرزو۔ شوق۔ خواہش۔ حصولِ لذت کا شوق۔ خواہش جماع۔ جنسی خواہش۔
Şehvet-engiz	شَہوت اَنگیز	ف	خواہش بڑھانے والا۔ جذبات بھڑکانے والا۔ جماع کے لیے بھڑکانے والا۔ شہوت بھڑکانے والا۔	شہوت بھڑکانے والا۔ خواہش نفسانی کو ابھارنے والا۔
Şehvet-perest	شَہوت پَرَست	ف	عیاش۔ نفس پرست۔	نفس پرست۔ عیاش۔ بدکار۔ زنا کار۔
Şehzade	شَہزادہ	ف	بادشاہ کا لڑکا یا بادشاہ کے خاندان کا لڑکا۔	بادشاہ کا لڑکا۔ شاہزادہ۔
Şehzadegân	شَہزادگان	ف	شہزادے۔ بادشاہ کے بیٹے۔ جمع Şehzade کی۔	جمع شہزادہ کی۔ بادشاہ کے لڑکے۔ شاہزادے۔
Şek	شَک	ع	شبہ۔ شک۔ غیر یقینیت۔	شبہ۔ احتمال۔ ابہام۔ گمان۔ گمان کرنا۔
Şekve-şübhe	شک و شُبہے	ع	شک اور شبہ۔	شک اور شبہ۔
Şekavet	شَقاوت	ع	چوری۔ ڈکیتی۔ راہزنی۔	بدبختی۔ سنگدلی۔ بدنصیبی۔ بدمعاشی۔
Şeker	شَکر/شَکّر	ف	شکر۔ مٹھائی۔ محبوب۔ معشوق۔ خوبصورت۔	شکر۔ چینی۔ بُورا۔ بوسہ۔ لب معشوق۔
Şeker-renk/ Şekerengi	شَکر رنگی/شکر رنجی	ف	سفیدی مائل بھورا۔ مستحکم۔ راستہ پر نہ ہونے والا۔ سرد مہر (رشتے)۔ تعلقات جو پُر تپاک نہ ہو۔	تھوڑی سی کدورت اور آزردگی جو دوستوں کے درمیان بھی واقع ہو جاتی ہے۔ اَن بَن۔ معمولی سی رنجش۔
Şekil	شَکل	ع	صورت۔ ہیئت۔ ساخت۔ شکل۔ ڈھانچہ۔ بناوٹ۔ نمونہ۔ خاکہ۔ پلان۔ نقشہ۔ خدوخال۔ حُلیہ۔ قسم۔ وضع۔ طرز	صورت۔ قطع۔ رُوپ۔ چہرہ۔ وضع۔ ڈھنگ۔ انداز۔ طور وطریق۔ نوع۔ قسم۔ نقشہ۔ تدبیر۔ حالت۔ مشابہ۔ مانند۔ مثل۔
Şekva	شِکوا/شکوئی/شکوہ	ع	شکایت۔ گلہ۔	گلہ۔ شکایت۔ گلہ کرنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şelâle	شَلّال	ع	آبشار۔ پانی کا جھرنا۔	آبشار۔ پانی کا جھرنا۔
Şelf	شَیلف	انگریزی	الماری۔ شیلف۔ چپٹی نکلی ہوئی چٹان۔	طاق۔ الماری۔ شیلف۔ خانہ۔
Şem	شَم	ع	سونگھنا۔ قوتِ شامہ۔	سونگھنا۔
Şem'a	شَمع	ع	موم بتی۔ شمع۔	موم بتی۔ شمع۔
Şemail	شَمائل	ع	خط و خال۔ صورتیں۔ شکلیں۔	خصلتیں۔ عادتیں۔ صورتیں۔ وضع۔ درخت کی کونپلیں۔
Şemme	شَمّہ	ع	سب سے تھوڑی مقدار۔ ایک مرتبہ سونگھنا۔ ملامت کا اشارہ وغیرہ۔	ذرا سی خوشبو۔ تھوڑی سی مہک۔ نکہ۔ ذم۔ کم۔ اندک۔ تھوڑی بُو۔ کسی چیز کا ایک مرتبہ سونگھنا۔ تھوڑی سی۔ قلیل مقدار۔
Şems	شَمسْ	ع	سورج۔ آفتاب۔	سورج۔ آفتاب۔
Şemse	شَمسہ	ع	سورج کی آرائشی شکل۔	وہ سنہرا چاند جو کلس میں لگاتے ہیں۔ چھوٹا پھندا جو تسبیح میں لگاتے ہیں۔ کلس کی سنہری تھالی۔ روشن دان۔
Şemsî	شَمسی	ع	سورج کا۔ آفتابی۔	سورج کا۔ سورج سے متعلق۔
Şemsiye	شَمسیّہ	ع	چھتری۔ چھاتا۔ عورتوں کی چھتری۔	عورتوں کی چھوٹی چھتری۔ چھاتا۔ منطق کے ایک رسالہ کا نام۔
Şenaat	شِناعت رشَنعت	ع	بدی۔ گندگی۔ حیلہ بازی۔ بے ایمانی۔ گناہ۔ بدکاری۔	بدی۔ زشتی۔ طعنہ۔ برائی۔ گندگی۔
Şenayi	شَنائع	ف	جمع Şenia کی۔ بُری حرکتیں۔ کمینہ حرکتیں۔ بدکاری۔	بدیاں۔ برائیاں۔ برے افعال۔
Şeni	شَنیع	ف	قابلِ مذمت۔ برُا۔ گندا۔ بھدا۔ غیر اخلاقی۔ بدنما۔ غیر انسانی۔	بد۔ زُشت۔ بُرا۔ خراب۔ معیوب۔
Şer	شَرّ	ع	برائی۔ شرارت۔ بدی۔ بدکار۔ جھگڑا فساد۔	جھگڑا۔ فساد۔ خرابی۔ بدی۔ برائی۔
Şerri	شَرّی	ع	برائی۔ شرارت۔ بدی۔ برا۔ بدکار۔ جھگڑا فساد۔	فسادی۔ شریر۔ بد۔
Şerafet	شَرافت	ع	بزرگی۔ عظمت۔ شرافت۔ خاندان کی قدامت۔ حضرت محمد صاحب کی نسل سے ہونا۔	بزرگی۔ اصالت۔ نجابت۔ عالی خاندان۔ بھل نسائی۔
Şerait	شَرائط	ع	جمع Sart کی۔ شرطیں۔	جمع شرط کی۔ شرطیں۔
Şer'an	شَرعاً	ع	شریعت کے مطابق۔ اسلامی قانون کے مطابق۔ دین کے اصولوں کے مطابق۔	از روئے شرع۔ اسلام کے قانون کے مطابق۔
Şerare	شَرارہ	ع	چنگاری۔	چنگاری۔ پتنگا۔
Şerayin	شَرائین	ع	جمع Şiryan کی۔ اُچھلنے والی رگیں۔ ناڑیاں۔	اُچھلنے والی رگیں۔ جمع شریان کی۔
Şerbet	شَربت	ع	پینے والی میٹھی چیز۔ میوہ، پانی اور شکر ملا کر بنی والی چیز۔ کسی بھی ماڈے کو پانی میں گھول کر پینے والی چیز۔ جوشاندہ۔ بوٹی	طبیبوں کی اصطلاح میں دوا کی وہ خوراک جو ایک دفعہ پی جائے۔ کسی پھل، پھول یا دوا کے قند میں پکایا ہوا عرق۔ قند یا مصری پانی میں گھلی ہوئی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			بھگویا ہوا پانی۔ کسی ایسی چیز کا گھونٹ جو صحت یاب کرنے و مرض و تکلیف کو کم کرنے کے لیے استعمال کیا جائے یا دست آور ہو۔	
Şeref	شرف	ع	شان۔ برتری۔ امتیاز۔ عزت۔ عظمت۔ خوبی۔ فضیلت۔ رتبہ۔ جائز گھمنڈ۔ سرفرازی۔ ممتازی۔	بزرگی۔ بلندی۔ جائے بلند۔ حسب کی بزرگی جو باپ کی طرف سے ہو۔ اونٹ کا کوہڑ۔ تازیانہ۔ کسی سیارے کا اپنے اصلی برج پر آنا۔
Şerefe	شرفہ	ع	مسجد کے مینارے کی وہ گیلری جہاں سے اذان دی جاتی ہے۔	عمارت کا کنگرہ۔ عمدہ مال۔
Şerefyab	شرف یاب	ع/ف	عزت پایا ہوا۔	عزت پانے والا۔
Şerh	شرح	ع	تفسیر۔ تشریح۔ صراحت۔	کھولنا۔ ظاہر کرنا مطلب کا۔ کھول کر بیان کرنا۔ کسی کتاب کی تفسیر۔ نرخ۔ بھاؤ۔
Şerha	شرحہ	ع	زخم۔ کٹاو۔ ہونٹوں کا پھٹ جانا۔ ٹکڑا۔ لمبا کاٹا ہوا یا الگ کیا ہوا ٹکڑا۔	لمبائی میں کٹا ہوا گوشت کا ٹکڑا۔ لوتھڑا۔
Şer-i	شرع	ع	اسلامی قانون۔ مذہبی قانون۔ قانونِ الٰہی۔	اسلامی قانون۔ راہ راست جو حق تعالیٰ نے بندوں کے واسطے پیدا کی اور چلنے کا حکم دیا۔ آئین۔ مذہب۔ روشن راہ۔
Şer'î	شرعی	ع	شرع کے مطابق/اسلامی قانون کے مطابق۔	شرع کے مطابق۔ اسلامی قانون کے مطابق۔
Şeriat	شریعت	ع	مذہبی قانون کی پابندیاں۔ اسلامی قانون۔ مذہبی قانون۔	مذہبی قانون۔ قانون الٰہی۔ قانون۔ طریقہ۔ بڑی نہر اور جاری پانی کا کنارہ جہاں سے لوگ پانی پئیں۔ پنگھٹ۔ بندوں کے لیے معاملات اور عبادات کی بابت پیدا کی ہوئی راہ راست۔
Şerif	شرِ	ع	عالی منش۔ بزرگ۔ حضرت محمد صاحب کی نسل سے۔ مکہ کے گورنر کا سابقہ لقب۔	مرد بزرگ۔ بڑے مرتبے کا۔ عالی خاندان۔ بھلامانس۔ اصل۔ مہذب۔ کلمہ تعظیم جو شہروں اور مقدس مقامات کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے مکہ شریف۔ شرق پور شریف۔
Şerik	شریک	ع	حصہ دار۔ پارٹنر۔ ساتھی۔	حصہ دار۔ پارٹنر۔ ساتھی۔
Şerir	شریر	ع	برا۔ بد۔ باغی۔ لچا۔ ذلیل۔ بدمعاش۔	بد۔ شرارتی۔ برا۔ بدذات۔ دریا کا کنارہ۔
Şerm	شرم	ع	حیا۔ لاج۔	حیا۔ لاج۔ شرم۔
Şeş	شش	ف	چھ جو صرف کعبتین کے کھیل میں اور ایک دو جگہ استعمال کیا جاتا ہے۔	چھ۔
Şetim	شتم	ع	گالی۔ دشنام۔ بدزبانی۔	گالی گلوچ۔ دشنام۔
Şevahik	شواہق	ع	چوٹیاں۔ بلندیاں۔ جمع Şahika کی۔	بلند چیزیں۔ بلندیاں۔
Şevaib	شوائب	ع	دھبے۔ نقائص۔ عیوب۔ جمع Şaibe کی۔	آمیزش۔ آلودگیاں۔ عیوب۔
Şevk	شوق	ع	خواہش۔ محبت و چاہ۔ رغبت۔ آرزو۔ کمال شفقت۔ بشاشت۔ خوشی۔ نشاط۔	آرزومندی۔ خواہش۔ رغبت۔ میل۔ شغل۔ کام۔ جوش۔ سرگرمی۔ لطف۔ محبت۔ عشق۔ چسکا۔ دریافت کرنے کی خواہش۔ امنگ۔ دھن۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şevk	شوک رشوکہ	ع	کانٹا۔خار۔	خار۔کانٹا۔کانٹے کا چبھنا۔کانٹے کو چبھو دینا۔کانٹوں میں گرنا۔کم سن لڑکی کی چھاتیوں کا اُبھرنا۔پرند کے پروں کا نکلنا۔بالوں کے منڈوانے کے بعد نکلنا۔قوت اور تیزی کرنا۔اونٹ کی کچلیوں کا نکلنا۔
Şevket	شوکت	ع	شان و شکوہ۔عظمت۔رعب۔	زور۔قوت۔دبدبہ۔رعب داب۔مرتبہ۔شان۔شکوہ۔
Şevval	شوّال	ع	اسلامی قمری سال کا داسوں مہینہ۔	اسلامی قمری سال کا دسواں مہینہ۔عید الفطر کا مہینہ۔
Şey	شے رشی	ع	چیز۔اکثر کسی چیز کا نام یا صحیح اور مناسب لفظ نہ پا سکنے کی صورت میں بھی اسے استعمال کیا جاتا ہے جیسے "تم اسے کیا کہتے ہو؟" "اس کا کیا نام ہے؟ کے لیے۔	چیز۔نایاب چیز۔معاملہ۔واقعہ۔
Şeyatin	شیاطین	ع	جمع Şeytan کی۔بہت سے شیطان۔	جمع شیطان کی۔بہت سے یا ایک سے زیادہ شیطان۔
Şeyb	شیبْ	ع	بالوں کا سفید ہونا۔بھوراپن۔سفیدی۔	بڑھاپا۔بالوں کی سفیدی۔
Şeyda	شیدا	ف	عشق میں دیوانہ۔	دیوانہ۔مدہوش۔عاشق۔فریفتہ۔فدا۔
Şeyh	شیخ	ع	بوڑھا آدمی۔بزرگ۔بڑا۔کسی خاندان یا قبیلہ کا سردار۔کسی مذہبی فرقہ کا پیشوا۔کسی تکیہ یا مذہبی گروہ کا صدر۔	بوڑھا آدمی۔بزرگ۔پیر۔مرشد۔مذہبی علوم میں فائق۔خانقاہ کا سردار۔سجادہ نشین۔عرب کا سردار۔مسلمانوں میں ایک جاتی۔
Şeyhu-hat/ Şeyhuhiyet	شیخوخت رشیخوخیت	ف	بُڑھاپا۔	بُڑھاپا۔سرداری۔بزرگی۔
Şeyh-ül-Islam	شیخ الاسلام	ع	پرانے زمانہ میں شرع، شریعت، اسلامی قوانین اور مذہبی مدارس کا وزیر جس کا درجہ وزیر اعظم کے بعد ہوتا تھا۔	سب سے بڑا۔پیشوائے دین۔مفتی اعظم۔مجتہد۔
Şeyn	شین	ع	برائی۔نقص۔عیب۔بدنامی۔رسوائی۔	زشتی۔برائی۔عیب۔
Şeytan	شیطان	ع	شیطان۔ابلیس۔جن۔بھوت۔چالاک شخص۔چھوٹا شریر بچہ۔فرشتوں کو سجدہ کرنے کے باوجود انسان کو سجدہ نہ کرنے کی پاداش میں آسمان سے نکالا گیا فرشتہ جو ہر وقت انسان کو غلط راستے پر ڈالنے کی کوشش کرتا ہے۔	شیطان۔ابلیس۔خدا کا دشمن۔سرکش اور نافرمان۔خبیث۔بدکار۔مردُود۔بدذات۔
Şeytanet	شیطنت	ع	شیطانی کام۔چالاکی۔عیاری۔کینہ۔بُغض۔	شرارت۔خباثت۔بدی۔شرارت۔فتنہ و فساد۔
Şeytanî	شیطانی	ع	شیطان کا۔شیطانی۔شیطانی کی طرح کا کام۔	شیطان سے منسوب۔شیطان کا۔احتلام جو عورتوں کو ہو جاتا ہے۔
Şık	شِق	ع	کسی دو حصوں میں کاٹی گئی چیز کا آدھا حصہ۔امرِ اختیاری میں سے ایک۔وقت گذاری کے راستوں میں سے ایک۔	ہر شے کا آدھا ٹکڑا۔نصف حصہ۔ٹکڑا۔حصہ۔طرف۔جانب۔قسم۔نوع۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şira/Şira	شیرہ	ف	انگور کا عرق۔ انگور کی شراب جسے سڑا کرنہ بنایا گیا ہو۔	قوام۔ چاشنی۔ تیلا گڑ جو تمباکو میں ڈالا جاتا ہے۔ راب۔
Şia	شیعہ	ع	مسلمانوں میں شیعہ عقیدہ کا ماننے والا۔	شیعہ۔ مسلمانوں میں شیعہ عقیدہ کا ماننے والا گروہ۔ مسلمانوں کا وہ فرقہ جو حضرت علی کو پیغمبر اسلام کے بعد خلافت کا حقدار مانتا ہے۔ امامیہ مذہب کا پیروکار۔
Şirar	شعار	ع	نشان۔ بِلّہ۔ علامت۔ جنگ کا اعلان۔ دستخط کے مقابل بہ تصدیق دستخط کرنا۔ کاؤنٹر سائن۔ جنگ میں استعمال کیا جانے والا اشارہ یا اعلان۔ خاصیت۔ چوکیدار کو دیا گیا اشارہ۔ سگنل۔ خدوخال۔ خاصیت ظاہر کرنے کے لیے لفظ کے آخر میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے Rahmet کے آخر میں لگا کر Rahmetşiar۔ وہ خاص لفظ یا الفاظ جو شناخت کے لیے پہرہ والے بنائے جاتے ہیں۔	وہ کپڑا جو اور کپڑے کے نیچے پہنیں جیسے کُرتہ بنیان وغیرہ۔ وردی۔ لباس۔ بدن سے لگا ہوا کپڑا۔ انگرکھے کے نیچے پہنے جانے والا کپڑا جو بدن سے لگا رہے۔ چلن۔ طریقہ۔ طور۔ عادت۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے ستم شعار۔ وفا شعار۔
Şibih	شبیہ	ع	مانند۔ ملتا جلتا۔ مرکبات میں مشابہ کے معنی میں آتا ہے۔	مانند۔ مشابہ۔ ملتا جلتا۔ وہ تصویر و شکل و صورت جو مطابق کسی شخص کے کھینچی یا بنائی گئی ہو۔
Şiddet	شِدّت	ع	سختی۔ طاقت۔ تیزی۔ زیادتی۔ دُرشتی۔ تشدد۔	سختی۔ زور قوت۔ تکلیف۔ زیادتی۔ کثرت۔ جبر۔ زور۔
Şifa	شِفا	ع	صحت کا بحال ہونا۔ صحت کا بیماری کے بعد ٹھیک ہونا۔ رُو بہ صحت ہونا۔	بعد مرض کے صحت اور تندرستی کا بحال ہونا۔
Şifabahs	شِفا بخش	ف	شفا دینے والا۔ مرض کو ٹھیک کرنے والا۔ مفید۔	شفا دینے والا۔ مفید۔ مرض کو ٹھیک کرنے والا۔
Şifahane	شِفاخانہ	ف	اسپتال۔ شفاخانہ۔ پاگل خانہ۔	اسپتال۔ شفاخانہ۔ وہ جگہ جہاں مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے۔
Şifayab	شِفایاب	ف	صحت بحال کیا گیا۔ صحت بحال۔	جس کی صحت بحال ہو گئی ہو۔ صحت بحال۔
Şiî	شیعی	ف	شیعہ مذہب کو ماننے والا۔	شیعہ فرقہ سے منسوب۔ شیعہ۔
Şiir	شعر	ع	نظم۔ شاعری۔	کسی باریک چیز کا جاننا۔ دریافت کرنا۔ سخن موزوں یا قافیہ جو کہنے والے نے اپنے مقصد سے موزوں کیا۔ شعر۔ نظم۔ بیت۔ گیت۔ بال۔ مُو۔
Şikak	شقاق	ع	مخالفت۔ دشمنی۔ نزاع۔ نااتفاقی۔ علاحدگی۔	دشمنی کرنا۔ مخالفت۔ نفاق۔
Şikâr	شکار	ف	پیچھا۔ تعاقب۔ شکار کرنا۔ شکار۔ آفت رسیدہ مظلوم۔ وہ چیز جو نادر ہو یا کمی کے ساتھ دستیاب ہو اور جس کی مانگ بہت زیادہ ہو۔ مالِ غنیمت۔	شکار۔ جانوروں کو مارنا۔ مارا ہوا جانور۔ لُوٹ۔ مفت کا مال۔ وہ جانور جس کا شکار عام طور سے کیا جاتا ہے۔
Şikâyet	شکایت	ف	شکوہ۔ گلہ۔ شکایت۔	گلہ۔ شکوہ۔ مرض۔ بیماری۔ فریاد۔ دادخواہی۔ برائی۔ بدی۔ عیب۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şikâyet-name	شکایت نامہ	ف	تحریری شکایت۔	تحریری شکایت۔
Şikem	شکم	ف	پیٹ۔ بچہ دانی۔ کوکھ۔ رحم۔	پیٹ بطن۔
Şikem-perver	شکم پرور	ف	زیادہ کھانے والا۔ پیٹو۔	بسیار خوار۔ پیٹو۔
Şiken	شکن	ف	توڑنے والا۔	توڑنے والا۔ ہر چیز کا خم۔ جھول۔ سلوٹ۔ معشوق کی زلفوں کا پیچ۔
Şikest	شکست	ف	ٹوٹنا۔ برباد ہونا۔ ٹوٹ پھوٹ۔ بربادی۔ ہڈی کا ٹوٹنا۔	ہار۔ ہزیمت۔ مات۔ ٹوٹ پھوٹ۔ شکستگی۔
Şikeste	شکستہ	ف	ٹوٹا ہوا۔ عربی لکھنے کا فارسی طریقہ۔	ٹوٹا ہوا۔ گرا ہوا۔ خراب۔ بے رونق۔ وہ رسم الخط جو گھسیٹ کر لکھا جائے۔ ٹوٹا پھوٹا۔
Şil	شل	ف	نیزہ۔ برچھی۔	چھوٹا نیزہ۔ برچھی۔ ترشول۔ مچھلی مارنے کا نیزہ۔
		ت	سرخ و بیمار آنکھ۔	———
Şilin	شلنگ	انگریزی	برطانیہ کا سکہ۔ پونڈ کا بیسواں حصہ۔ ایک برطانوی سکہ شلنگ۔	ایک برطانوی سکہ۔ شلنگ۔
Şimal	شمال	ع	اُتر۔	اُتر۔ قطب شمالی کی سمت۔ اُتر کی جانب۔ وہ ہوا جو قطب شمالی کی طرف سے چلتی ہے۔ بایاں ہاتھ۔ خصلت۔ عادت۔ طبیعت۔ وہ تھیلی جو درخت کے پھلوں اور بکری کے تھنوں پر حفاظت کے واسطے چڑھاتے ہیں۔
Şimalen	شمالاً	ع	شمال سے یا شمال کو۔	شمال کی طرف۔ شمال کی سمت۔
Şemalî	شمالی	ف	اُتری۔ شمال سے منسوب۔	شمال سے منسوب۔ اُتر کا۔
Şimsir	شمشیر	ف	تلوار۔ تیغ۔	تلوار۔ تیغ۔ ناخن۔ شم۔ شیر کے ناخن کی مانند۔
	شمشیر	ت	ایک قسم کا پیڑ۔	———
Şin	شین	ع	عیب۔ دھبہ۔ داغ۔ بدنامی۔ رسوائی۔ ذلت۔	زشتی۔ برائی۔ عیب۔
Şinas	شناس	ف	جاننے والا۔ واقف۔	پہچاننے والا۔ جاننے والا۔ واقف۔
Şinaver	شناور	ع	تیرنے والا۔ تیرنے والی۔	تیرنے والا۔ تیرنے والی۔ تیراک۔
Şir	شیر / شیر	ف	دودھ۔ شیر۔	دودھ۔
	شیر	ف	———	باگھ۔ بگھیلا۔ اسد۔ بہادر۔ جواں مرد۔ نڈر۔ پرنالے کا منہ جو شیر کی شکل کا بنایا جاتا ہے۔ شیر۔
Şira	شراء	ع	خرید یا فروخت۔	خرید و فروخت۔ بیچنا۔ مول لینا۔
Şiraze	شیرازہ	ف	ایسی چیز جو دوسری چیزوں کو جوڑتی ہے۔ باقاعدگی۔ ترتیب۔ انتظام۔ ضابطہ۔ مجلد کتابوں میں اوراق کو باندھنے والا باریک ریشہ۔	فیتہ جو کتاب کی جزبندی کے بعد اس کی پشت پر لگاتے ہیں۔ سلائی جو کتاب اور پٹھوں پر کی جاتی ہے۔ سلسلہ۔ انتظام۔ کتاب کی جزبندی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şirin	شیریں	ف	میٹھا۔ جان کے نزدیک۔ خوش اخلاق۔ حلیم۔ دلفریب۔ دلربا۔	میٹھا۔ مرغوب۔ خوشگوار۔ پیارا۔ نرم۔ ملائم۔ رس دار۔
Şirk	شرک	ع	کئی خداؤں کو ماننا۔ خدا کے ساتھ کسی کو شریک بنانا۔	خدائے لاشریک کے ساتھ کسی کو شریک کرنا۔ کفر۔ بت پرستی۔
Şirket	شرکت	ع	حصہ داری۔ شریک ہونا۔ ملی جلی ملکیت۔ کمپنی جس میں حصص ہوں۔	شریک ہونا۔ شمولیت۔ ساجھا۔ لمیٹڈ کمپنی۔
Şirret	شرّت	ع	تندمزاج۔ بدمزاج۔ جھگڑالو۔ قدآور بد دلیر عورت۔	حرص۔ نشاط جوانی۔
Şiryan	شریان	ع	رگ۔ نبض۔ ناڑی۔ خون کو دل سے مختلف حصوں میں لے جانے والی رگ۔	اچھلنے والی رگ جس کا تعلق دل سے ہوتا ہے۔
Şiryanî	شریانی	ع	شریان سے متعلق۔	شریان سے متعلق۔
Şişe	شیشہ	ف	بوتل۔ لیمپ کی چمنی۔ سینگی۔ ڈھلی ہوئی یا پلین خراد۔	کانچ۔ آئینہ۔ بوتل۔ قرابہ۔ آرسی کا شیشہ۔
Şişek	شیشاک	ت	ایک سال کی عمر کا بکری کا بچہ۔	بکری کا بچہ جو ایک برس کا ہو۔ چارتار کا یاب۔
Şita	شتاء	ع	جاڑے کا موسم۔ موسم سرما۔	موسم سرما۔ جاڑے کا موسم۔ سردی کا موسم۔
Şitab	شتاب	ف	رفتار۔ اسپیڈ۔ جلدی۔ تیزی۔	جلد۔ تیز۔ جھٹ پٹ۔ بلاتوقف۔ فوراً۔
Şive	شیوہ	ف	بولنے کا ڈھنگ۔ لہجہ۔ تلفظ۔ محاورہ۔ اسٹائل۔ وضع۔ خوش اسلوبی۔	طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ انداز۔ دستور۔ ہنر۔ رسم۔ روش۔ عادت۔
Şoför	شوفر	فرانسیسی	کار کا ڈرائیور۔ شوفر۔	کار کا ڈرائیور۔ شوفر۔
Şom/Şum	شوم	ع	منحوس۔ خراب۔ نامبارک۔ تاریک۔ دلگیر۔ برا شگون۔	بدفالی۔ منحوس۔ کنجوس۔ بخیل۔
Şöhret	شہرت	ع	نیک نامی۔ نام جس سے آدمی جانا پہچانا جاتا ہے۔ ناموری۔ آبرو۔ عزت۔ تخلص۔ مصنف کا فرضی نام۔	افواہ۔ شہرہ۔ چرچا۔ ناموری۔ نیک نامی۔ رسوائی۔ بدنامی۔ عام ذکر۔
Şua	شعاع	ع	روشنی کا کرن۔	روشنی کا کرن۔ آفتاب کی روشنی۔ چمک۔
Şuara/ Şüera	شعرا	ع	ایک سے زیادہ شاعر۔ بہت سے شاعر۔ شاعر لوگ۔ Şair جمع کی۔	جمع شاعر کی۔ شعر لکھنے والا۔
Şubat	شباط	ع	______	نام ایک رومی مہینہ کا جو ہندی میں ماہ پھاگن کے ہوتا ہے تھوڑے تفاوت سے۔
		ت	سال کا دوسرا مہینہ۔ ماہ فروری۔	______
Şube	شعبہ	ع	شاخ۔ سیکشن۔ دفتر کی شاخ۔ برانچ آفس۔	ٹکڑا۔ حصہ۔ شاخ۔ وہ نہر جو کسی نہر سے نکالی جائے۔ محکمہ۔
Şuh	شوخ	ع	زندہ دل۔ خوش دل۔ پُر مذاق۔ نخرہ باز۔ عشوہ گر۔ تیز۔	شریر۔ دل لگی باز۔ ظریف۔ گستاخ۔ طرار۔ جانباز۔ نڈر۔ چالاک۔ تیز۔ چمکیلا۔ بیباک۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Şule	شُعلَہ	ع	شعلہ۔ آگ کی لپٹ۔	آگ کی لپٹ۔ روشنی۔ لو۔ چمک۔
Şûra	شُورَا ارشُورَیٰ رشُورَے	ع	کونسل۔ مجلس۔	مشورہ۔ صلاح۔
Şure	شُورَہ	ف	نمکین وکھاری زمین۔ بنجر زمین۔	نمک کے مثل ایک مشہور چیز۔ ایک قسم کا کھار۔ کھاری زمین۔ نمناک زمین۔ سفید رنگ کا ایک مرکب جو پانی کو ٹھنڈا کرتا ہے اور بارُود میں استعمال ہوتا ہے۔
Şûride	شُوریدَہ	ف	پریشان حال۔ گھبرایا ہوا۔ انتشار کی حالت میں۔ پریشان۔	پریشان حال۔ دیوانہ۔ جنونی۔ مستانہ۔ عاشق۔ حیران۔
Şuriş	شُورِش	ف	مخالفت۔ لڑائی جھگڑے کی کیفیت۔ ابتری۔ انتشار حواس وخیال۔ ہنگامہ۔ ہلچل۔ ہربڑی۔ غوغا۔	فتنہ۔ فساد۔ بلوہ۔ ہنگامہ۔
Şurub	شُرُوب	ع	شربت۔ پینے کی میٹھی دوائی۔	پینا۔ پینے کی چیز۔
Şuur	شُعُور	ع	عقل۔ دانائی۔ دماغ۔ سمجھ۔ فہمیدہ ضمیر۔ قوت ایمانیہ۔ اپنے دِل کی گواہی۔	عقل۔ سلیقہ۔ تمیز۔ پہچان۔ سمجھ۔ دانش۔ آگاہی۔ واقفیت۔
Şübban	شُبّان	ع	جمع Şab کی۔ جوان لوگ۔	جمع شاب کی۔ جوان لوگ۔
Şübhe	شُبہہ رشُبَہ	ع	شک۔ غیر یقینیت۔ احتمال۔ تذبذب۔ بدگمانی۔ بےاعتباری۔ اندیشہ مندی۔	شک۔ گمان۔ وہم۔
Şüf'a	شُفعَہ	ع	حق شُفعہ۔ پڑوسی کی زمین یا جائداد خریدنے کا حق۔	زمین یا مکان کی ہمسائیگی۔ حق شفعہ۔ زمین یا مکان کی ہمسائیگی جس کا بڑا حق ہے۔
Şüheda	شُہدا	ع	جمع Şehid کی۔ شہید ہونے والے۔	جمع شہید کی۔ خدا کی راہ میں بے گناہ قتل ہونے والے۔
Şükran	شُکرَان	ع	شکر گذاری۔ احسان مندی۔ شُکر۔	احسان ماننا۔ احسان مندی۔ سپاس۔
Şükûfe	شُگُوفَہ	ف	پھول۔	کلی۔ بن کھلا پھول۔ عجیب۔ انوکھی بات۔ میوہ دار درخت کا پھول۔ قے جو منہ کے راستہ سے آتی ہے۔
Şükür	شُکر	ع	احسان مندی۔ شکر گذاری۔	احسان مندی۔ احسان ماننا۔ سپاس۔
Şümul	شُمُول	ع	شامل ہونا۔ شامل کرنا۔ اندر لینا۔ ڈھکنا۔ چھپانا۔	کسی چیز پر محیط ہو جانا۔ شمولیت۔ شامل ہو جانا۔
Şürekâ	شُرکاء	ع	جمع Şerik کی۔ شریک لوگ۔ ساجھی۔	جمع شریک کی۔ ساجھی۔ ساتھی۔
Şüru	شُرُوع	ع	ابتدا۔ آغاز۔	ابتدا۔ آغاز۔ پہل۔ اُٹھانا۔
Şüt	شاٹ	فرانسیسی	فٹ بال کا شاٹ۔ فٹ بال کے کھیل میں گیند کو زور لگا کر تیزی سے پھینکنا۔	فٹ بال کے کھیل میں شاٹ مارنا۔
Şütum	شُتُم	ع	جمع Şetim کی۔ بددعائیں۔ لعنتیں۔ سراپ۔	گالی گلوچ۔ دشنام۔
Şüyu	شُیُوع	ع	شہرت۔ ظہور۔ ظاہر ہونا۔ افشاں ہونا۔ کسی جائداد میں غیر منقسمہ حصے۔	ظاہر ہونا۔ رواج پانا۔ جاری ہونا۔ پھیلنا۔ اشاعت۔ خبر آشکار ہونا۔

■❖■

T/(t)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ta	تا	ف	اور۔ پھر بھی۔ جہاں تک۔ حتیٰ کہ۔ تک۔ جب تک۔ قدر یا تک کی طرح اعداد سے بنائے گئے یا کسی کام کو انجام دینے یا شروع کیے جانے کے اوقات کے درمیان کے فاصلوں کو سمجھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	تہ۔ تل۔ بیچ۔ تک۔ جس وقت تک۔ جب تک۔ اس وقت تک۔ تا کہ۔ اس لیے کہ۔ جب۔ اُس تک اور بمعنی گنتی کے جیسے دوتا۔ تختہ۔ کاغذ۔ ہرگز۔ زنہار۔ تار کا مخفف۔ خبردار کرنے اور حرف تنبیہ کے واسطے اور بمعنی اگر کے جو کلمہ شرط ہے اور واسطے ربط کے اور واسطے علت کے اور واسطے نتیجہ کے اور بمعنی "ہماں دم" اور "ہمیں" کے بھی آتا ہے۔ پنجوں کا ایک کلمہ۔ مانند۔
		ع	Tek (تک) کی مانند مقصد بیانی کرتا ہے۔	تک۔ ہرگز۔ جب سے۔ جب تک۔ زم خاک۔
Taki	تا کہ	ف	بغرض۔ اس لیے کہ۔ اس واسطے کہ۔	اس لیے کہ۔
Taab	تعب	ع	تھکن۔ تھکاوٹ۔	تھکن۔ ماندگی۔ رنج۔ دکھ۔ تکان۔ محنت۔ مشقت۔ سختی۔ تکلیف۔
Taabüd	تعبّد	ع	عبادت کرنا۔ عبادت میں سجدہ کرنا یا جھکنا۔ پرستش۔ پوجا۔ بھگتی۔ عبادت۔ زہد۔	بندگی کرنا۔ عبادت کرنا۔ عبادت۔ بندگی۔ پوجا۔ پرستش۔
Taacüb/ Taacüp	تعجب	ع	حیرت۔ تعجب۔ آشجرج۔ اچنبھا۔ اچنبھے میں پڑنا۔	اچنبھا۔ حیرانی۔ انوکھا پن۔ حیرت۔
Taaddi	تعدّی	ع	ظلم۔ ستم۔ حکم عدولی۔ تجاوز کرنا۔ جُرم۔ تقصیر۔ چڑھائی۔ حملہ۔ سختی۔	ظلم و ستم کا حد سے بڑھنا۔ جور۔ جفا۔ ناانصافی۔ ناحق۔
Taaddüd/ Taaddüt	تعدُّد	ع	بڑھانا۔ اضافہ کرنا۔ گنتی کو بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔ کثرت۔ ضرب دینا۔ تعداد بڑھانا۔	کثرت۔ بہتات۔ تعداد میں اضافہ ہونا۔ اعداد۔ گنتی۔ ضرب دینا۔ بڑھنا۔
Taaddü-ü zevecat	تعدُّدِ ازدِواج / تعدُّدِ اَزدِواج	ع	بیک وقت ایک سے زیادہ شادیاں کرنا۔ کثیرُ الِازدِواجی۔	بیک وقت ایک سے زیادہ شادیاں کرنا۔ کئی عورتوں سے شادی کرنا۔ کثیر الازدواجی۔
Taaffün	تعفُّن	ع	بدبو۔ سڑانڈ۔ بساند۔ بدبو آنا۔	بدبو۔ عفونت۔ سڑا ہوا۔
Taahhüd/ Taahhüt	تعہُّد	ع	خطوط کا رجسٹر کیا جانا وغیرہ۔ کام کرنے کی ذمہ داری اپنے اوپر لینا۔ قبول کرنا۔ اپنے اوپر لے لینا۔	کسی کام کو سرانجام دینے کو اپنے ذمہ لینا۔ ضامنی کرنا۔ وعدہ۔ عہد۔ عہد نامہ۔ پٹہ۔ اقرار نامہ۔ کام کا بیڑا اٹھانا۔
Taakul	تعقُّل	ع	سمجھ۔ فہمید۔ خیال۔ سوچ۔ دھیان۔	سمجھنا۔ سوچنا۔ غور کرنا۔ کام کا بیڑا اٹھانا۔
Taal-âllah	تعالیٰ اللہ	ع	Tevekkel Taalâllah میں جو Tevekkeltu Alâllah کا صحیح تلفظ ہے اور جس کے معنی ہوتے ہیں "میں اپنے آپ کو خدا کے سپرد کرتا ہوں۔ مجھے اس کے بارے میں کچھ نہیں کرنا۔"	(کلمہ تعجب و تحسین) اے خدائے بزرگ و برتر۔ سبحان اللہ۔ واہ واہ!

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Taallûk	تعلّق	ع	ربط۔ رشتہ۔ کنکشن۔ واسطہ۔ لگاؤ۔ ربط رکھنا۔ لگاؤ رکھنا۔	لگاؤ۔ علاقہ۔ مناسبت۔ رشتہ داری۔ میلان۔ رجحان۔ محبت۔ سروکار۔ واسطہ۔ ملکیت۔ آشنائی۔ ملازمت۔ جائداد۔ تعلق رکھنا۔
Taallûkat	تعلّقات	ع	جمع Taallûk کی۔ رشتے۔ خاندانی رابطے یا رشتے۔ رشتہ دار۔	رشتے۔ رابطے۔ لگاؤ۔ واسطے۔ مراسم۔ عزیزداریاں۔ جمع تعلق کی۔
Taallül	تعلّل	ع	کسی سے بچنے یا کوئی کام نہ کرنے کے لیے بہانہ کرنا۔	عذر پیش کرنا۔ عذر۔ بہانہ۔ حیلہ۔ دل بہلانا۔ وقت گذاری کرنا۔
Taallüm	تعلّم	ع	مطالعہ کرنا۔ پڑھنا۔	علم پڑھنا۔ کسی سے کچھ سیکھنا۔
Taam	طعام	ع	کھانا۔ خورش۔	کھانا۔ بھوجن۔ غذا۔
Tammüd	تعمّد	ع	جان بوجھ کر کرنا۔ پہلے سے سوچنا سمجھنا۔	کام کا قبضہ کرنا۔
Taammüm	تعمیم	ع	عام ہوجانا۔ عام کردینا۔ پھیلانا۔	عام کرنا۔ ہر ایک کو شامل کرنا۔ عمومیت۔ کُلیت
Taannüd/ Taannüt	تعنّد	ع	ضد۔ ہٹ۔ سرکشی۔ ثابت قدمی۔ کسی بات پر قائم رہنا۔	دشمنی کرنا۔ لڑائی کرنا۔ جھگڑنا۔
	تعنّت	ع	ضد۔ ہٹ۔ سرکشی۔ ثابت قدمی۔ کسی بات پر قائم رہنا۔	عیب جوئی۔ نکتہ چینی۔ بدگوئی۔ کسی کے عیب ڈھونڈنا۔
Taaruz	تعارض	ع	حملہ۔ دھاوا۔ چڑھائی۔ یورش۔ ایذا۔ تکلیف۔ جھگڑا کرنا۔ یورش کرنا۔ حملہ کرنا۔ کسی عورت کو ناپاک کرنا۔	ایک دوسرے کے مقابل۔ آپس میں جھگڑنا۔ برابری کرنا۔ لڑائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔
Taassub/ Taassup	تعصّب	ع	طرفداری۔ مذہبی جنون۔ کٹر پن۔ جوش۔ شوق۔ سرگرمی۔ کسی خیال یا فکر سے بندھے رہنا اور دوسری طرف نہ سوچنا۔	پچ کرنا۔ طرفداری کرنا۔ حمایت۔ طرفداری۔ پچ۔ ہٹ۔ بے جا حمایت۔
Taașșuk	تعشّق	ع	عاشق ہوجانا۔ محبت میں گرفتار ہوجانا۔	چاہ۔ عشق۔ پیار۔ محبت۔ شوق۔ اشتیاق۔ آرزو۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ محبت کرنا۔
Taat	طاعت	ع	زہد۔ خدا کی فرمانبرداری کا کام۔ عبادت۔	بندگی۔ عبادت۔ پوجا۔ فرمانبرداری۔
Taayün	تعیّن	ع	جو ظاہر ہو۔ ظاہرہ۔ ظاہر۔ مقرر کی گئی۔ عیاں۔ معین۔ یقینی ہوجانا۔ واضح اور صاف ہوجانا۔	تقرر۔ تخصیص کرنا۔ مخصوص ہونا ایک چیز کا بہت سی چیزوں سے۔ ہستی۔ وجود۔
Taayyüș	تعیّش	ع	ٹھیک طرح سے زندہ رہنا و گذر بسر کرنا۔ ذریعہ معاش۔	عیش کرنا۔ عیش کا سامان و اسباب مہیا اور فراہم کرنا۔ عیش و عشرت۔
Taazzum	تعظّم	ع	اپنے آپ کو بڑا یا بزرگ ظاہر کرنا۔ گھمنڈ۔ تکبر۔	بزرگ ہونا۔
Tab	تاب	ف	طاقت۔ قوت۔ چمک۔ تجلی۔ روشنی۔	طاقت۔ مجال۔ چمک۔ روشنی۔ حرارت۔ رونق۔ گرمی۔ روز روشن۔ پیچ و خم۔ لپٹ۔ برداشت۔
Tabaat	طباعت	ع	چھاپنا۔ پرنٹنگ۔	پرنٹنگ۔ چھپائی۔ چھاپنا۔ تلوار بنانے یا کمہار کا فن۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tababet	طبابت	ع	دوائی کی سائنس۔ حکیمی۔ حکمت۔	حکیمی۔ فن طب۔ حکمت۔ علاج معالجے کا علم خاص کر یونانی طریقہ علاج۔
Tabahat	طباخت	ع	کھانا پکانا۔ باروچی گیری۔	باورچی گیری۔
Tabak	طبق	ع	پلیٹ۔ ڈش۔ بڑی رکابی۔	تھالی۔ طباق۔ بڑی رکابی۔ تہہ۔ تختہ۔ خطہ۔ ملک۔ ولایت۔ پرت۔ لوک۔ حصہ۔ پردہ۔ موافق۔ مطابق۔ پریوں کی نیاز کا کونڈا۔ چپنی۔ سونے کا ورق۔ چھلکا۔ گھوڑے کے ایک مرض کا نام جس میں اس کے جسم پر ورم ہو جاتا ہے۔ عورت کی شرم گاہ۔ طبقہ۔ کھنڈ۔ پنا۔ پٹی۔ قرص۔ ٹکیہ۔ ڈھکنا۔ حال۔ درجہ۔ منزل۔
	طبگ	ع	چمڑہ کمانے والا۔ دبّاغ۔ کھٹیک۔	
Tabaka	طبکا	فرانسیسی	جیب میں رکھنے والا تمباکو یا سگریٹ کا بکس۔	
	طبقہ	ع	کاغذ کا شیٹ۔ تہہ۔ پرت۔ قسم۔ فرقہ۔ جماعت۔	درجہ۔ منزل۔ تہ۔ پرت۔ آدمیوں کا گروہ۔ روک۔ پردہ۔ پایہ۔ رقبہ۔
Tabakat	طبقات	ع	پرتیں۔ تہیں۔ درجے۔ علمِ طبقات۔ علمِ ارضیات۔ جیولوجی۔ طبقات۔	جمع طبقہ کی۔ طبقے۔ پرتیں۔ پردے۔ تہیں۔
Tabakat-ülarz	طبقات الارض	ع	علمِ ارضیات۔ تہیں۔ پرتیں۔	زمین کے طبقے۔ زمین کی تہیں۔
Tâban	تاباں	ف	چمکدار۔ روشن۔	روشن۔ درخشاں۔ چمکدار۔ نورانی۔ پیچیدہ۔ خمدار۔
Tabanca	طپنچہ، طمنچہ	ف	پستول۔	پستول۔ ایک قسم کی چھوٹی بندوق۔ طمنچہ۔ پچکانہ۔ چھوٹا سا معشوق۔
Tabayi	طبائع	ع	Tabiat کی جمع۔ طبعی خصوصیات۔ فطری خصوصیات۔ سرشتیں۔	جمع طبیعت کی۔ طبیعتیں۔
Tabı	طبع	ع	پیدائشی خُو۔ سرشت۔ چھاپنا یا مہر لگانا۔ ایڈیشن۔ جلد۔	مزاج۔ فطرت۔ خصلت۔ آدمی کی سرشت۔ پیدائشی خُو۔ نقش کرنا۔ چھاپنا۔ خط وغیرہ پر مہر لگانا۔ قالب میں کوئی چیز ڈھالنا۔ تلوار بجانا۔ مٹی کے برتن بنانا۔ تلوار وغیرہ کا رنگ پکانا۔
Tabıh	طبخ	ع	کھانا پکانا۔ پکانا۔	پکانا۔
Tabıl	طبل	ع	ڈھول۔ کان کا پردہ۔	ڈھول۔ بڑا نقارہ۔ دمامہ۔ دھونسہ۔
Tâbi	تابع	ع	پیچھے چلنے والا۔ انحصار کرنے والا۔ نقل کرنے والا۔ پیروی کرنے والا۔ مطیع۔ تابع۔ آدھین۔ موافقت کرنے والا۔ ماتحت۔ فرمانبردار۔ معاونِ دریا۔ کسی ملک کی رعیت۔ پیروی کرنے والا۔ پیچھے چلنا۔ نقل کرنا۔	ماتحت۔ نوکر۔ ملازم۔ فرمانبردار۔ تابعدار۔ مطیع۔
Tabi	طابع	ع	ناشر۔ ایڈیٹر۔ پبلشر۔ چھاپنے والا۔	چھاپنے والا۔ پرنٹر۔
Tabiat	طبیعت	ع	سرشت۔ عادت۔ خصلت۔ کیریکٹر۔ پیدائشی خُو۔ مزاج۔ شعور۔ لطافت۔ شُستگی۔	مزاج۔ فطرت۔ طینت۔ خصلت۔ عادت۔ سوبھاؤ۔ خلقت۔ پیدائش۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			باقاعدگی پاخانہ آنے یا ئگی ہونے میں۔	
Tabib/ Tabip	طبیب	ع	ڈاکٹر۔ علاج کرنے والا۔	علاج کرنے والا۔ ڈاکٹر۔ حکیم۔ معالج۔
Tabiî	طبعی / طبیعی	ع	قدرتی۔ نارمل۔ فطری۔ یقینی۔ پیدائشی۔ بلاشک وشبہ۔ جوصاف ظاہر کرے۔	منسوب طرف طبع کے۔ ذاتی۔ خلقی۔ پیدائشی۔ فطری۔ اصلی۔ قدرتی۔ سائنس جس میں خواص اشیا، اور تحقیقات سے بحث کی جاتی ہے۔ وہ علم جس میں اجسام کے تغیر وتبدل اور ان کی خاصیت کا حال بیان ہوتا ہے۔
Tabiîyat	طبعیات / طبیعاتی	ع	فطری علوم۔ علوم طبعی۔ نیچرل سائنسز۔	علوم الاجسام (بشمول نباتات) و جمادات۔ فزکس۔
Tâbiiyet	تبعیت	ع	شہریت۔ انحصاری۔ تابعداری۔ موافقت۔ موافق ہونا۔ یکسانیت۔	حکم ماننا۔ پیروی۔ تقلید۔ نقل۔ اطاعت۔ فرمانبرداری۔ متابعت۔
Tâbir	تعبیر	ع	لفظ۔ جملہ۔ اظہار۔ تشریح۔ تفسیر۔ خوابوں کا مفہوم یا تشریح۔	بیان کرنا۔ خواب کے معنی بتانا۔ تشریح۔ توضیح۔ عبارت میں لانا۔
Tâbirat	تعبیرات	ع	تفسیریں۔ تشریحات۔ خوابوں کے مفہوم۔ جمع Tâbir کی۔	تعبیر کی جمع۔ تشریحات۔ تفسیریں۔ خوابوں کے مفہوم۔
Tecziye	تجزیہ	ع	ٹکڑوں میں تقسیم کرنا۔ سزا دینا۔ سزا۔	ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ تقسیم کرنا۔ تحلیل کرنا۔ مرکب کے عناصر ترکیبی کو جدا جدا کرنا۔
Tedabir	تدابیر	ع	جمع Tedbir کی۔ منصوبے۔ پیش بندیاں۔ احتیاطیں۔ ترتیبات۔ انتظامات۔ تیاریاں۔ تدبیریں۔ تجاویز۔	جمع تدبیر کی۔ تجویزیں۔ ترکیبیں۔
Tedafuî	تدافُع	ع	روکنے والا۔ آڑ کرنے والا۔ بچاؤ۔ بچانے والا۔ پناہ۔	مدافعت۔ روک۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ روکنا۔ دور کرنا۔
Tedahül	تداخل	ع	اجسام کے درمیان عمل۔ باہمی عمل۔ بقایا۔ باقیات۔	ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ طبیبوں کی اصطلاح میں بغیر ہضم ہوئے دوسری غذا کھالینا۔
Tedarik	تدارک	ع	تیاری۔ ضرورت کی اشیا کو جمع کرنا۔ تیاری کرنا۔ پہلے سے تدبیر کرنا۔	انتظام۔ انسداد۔ اُپائے۔ چارہ۔ علاج۔ تیاری۔ احتیاط۔ کسی نقصان کو روکنے یا انصاف حاصل کرنے کے لیے احتیاط کیے جانے والے وسائل۔ تدبیر۔ بندوبست۔ مرمت۔ درستی۔ سرزنش۔
Tedavi	تداوی	ع	علاج۔ معالجہ۔ شفا۔	دوا۔ معالجہ۔ دوا کرنا۔ علاج کرنا۔ معالجہ کرنا۔
Tedavül	تداوُل	ع	دوران۔ گردش۔ گردش کرنا۔ رواں ہونا۔ چال۔	باری سے کرنا۔ ایک دوسرے کو پکڑانا۔ ہاتھوں ہاتھ ایک دوسرے سے لینا۔ دست بہ دست پھیرنا۔ روایت۔ نقل۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tedbir	تدبیر	ع	احتیاط۔ منصوبہ۔ انتظام۔ عمل کا طریقہ یا راستہ۔ دوراندیشی۔ ہوشیاری۔ خبرداری۔ چوکسی۔	ابتدا و انتہا سوچنا۔ علاج۔ چارہ۔ انجام کار پر سوچ وچار۔ حکمت۔ جتن۔ کوشش۔ بندوبست۔ چالاکی۔ سوچنا۔
Tedenni	تدنّی	ع	پیچھے ہٹنا۔ نیچے گرنا۔ زوال۔ قیمتوں کا گرنا۔ اُتار۔	آہستہ آہستہ نزدیک ہونا۔
Tedfin	تدفین	ع	دفن کرنا۔ تدفین۔ دفن۔	دفن کرنا۔ زمین میں دبانا۔ گاڑنا۔ گور۔ گڈھا۔ کفن دفن۔
Tedib/Tedip	تادیب	ع	طور طریق کا سکھانا یا پڑھانا۔ سزا۔ اصلاح کرنا۔ درست کرنا۔ سزا دینا۔	ادب سکھانا۔ علم یا زبان سکھانا۔ چشم نمائی۔ تنبیہ۔
Tedebî	تادیبی	ع	صحیح راستہ پر لانے سے متعلق۔ اصلاحی۔ تفریری۔	انضباطی۔ تنبیہ سے متعلق۔
Tediye	تادیہ	ع	ادائے قرض۔ چکتی۔ ادائیگی۔	پہنچانا۔ ادا کرنا۔
Tedkik/ Tetkik	تدقیق	ع	باریکی سے جانچ۔ جانچ۔ تفتیش۔ تحقیقات۔ باریکی سے چھان بین کرنا۔ کسی معاملہ کی تہہ میں جانا۔	غور وفکر۔ سوچ وچار۔ باریک بینی۔ باریک کرنا۔ خوب کوٹنا۔
Tedmir	تدمیر	ع	بربادی۔ تباہی۔ غارت گری۔ پائمالی۔	کسی کو ہلاکت اور مصیبت میں ڈالنا۔
Tedric/ Tedriç	تدریج	ع	درجہ بدرجہ بڑھنا۔	آہستہ آہستہ ہونا۔ درجہ بدرجہ ہونا۔ تھوڑا تھوڑا۔ درجہ بدرجہ۔
Tedricen	تدریجاً	ع	درجہ بدرجہ۔ رفتہ رفتہ۔ بتدریج۔	تھوڑا تھوڑا۔ درجہ بدرجہ۔
Tedricî	تدریجی	ع	رفتہ رفتہ۔ قدم بہ قدم۔ درجہ بدرجہ۔	رفتہ رفتہ۔ قدم بقدم۔ آہستہ۔ بتدریج۔
Tedris	تدریس	ع	پڑھانا۔ سکھانا۔ ہدایت۔ اسباق سے پڑھنا۔ تربیت۔ تعلیم۔	تعلیم۔ پڑھائی۔ درس دینا۔ تعلیم دینا۔
Tedrisat	تدریسات	ع	جمع Tedris کی۔ اسباق کے کورس۔ تربیت۔ تعلیم۔	جمع تدریس۔ تعلیمات۔ اسباق کا کورس۔ ہدایتیں۔
Tedrisi	تدریسی	ع	سکھانے سے متعلق۔ پڑھانے سے متعلق۔ تربیتی۔	تدریس سے متعلق۔
Tedvin	تدوین	ع	کسی مصنف کی تصانیف کو جمع کرنا۔ رجسٹر کرنا۔ منضبط کرنا۔ قانونوں کی ترتیب دینا۔	جمع کرنا۔ تالیف کرنا۔ مرتب کرنا۔
Tedvir	تدویر	ع	گھمانا۔ کاروبار کی رہنمائی یا سمت۔ کاروبار کا انتظام کرنا۔ گول بنانا۔	کسی چیز کو گول پھرانا۔ گول بنانا۔ قرآن شریف کا نہ بہت آہستہ آہستہ اور نہ بہت جلدی پڑھنا۔ گرد پھرانا۔
Teeddüb/ Teeddüp	تأدّب	ع	اچھے اطوار کا مظاہرہ کرنا۔ مودبانہ طریقہ سے کسی کام کا اجتناب کرنا۔	ادب سیکھنا۔ زبان دانی سکھانا۔ ادب اختیار کرنا۔
Teehhül	تأہّل	ع	شادی کرنا۔	شادی کرنا۔ جورو کرنا اور لڑکے بالوں والا ہونا۔
Teehhür	تأخّر	ع	التوا۔ دیری۔ ٹالنا۔ دیر کرنا۔	دیر کرنا۔ پیچھے ہونا۔ عمر یا رتبہ میں کم ہونا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Teellüm	تألم	ع	دُکھ پایا ہوا۔ غم زدہ۔ تکلیف دیا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ تکلیف دیا جانا۔	درد ناک ہونا۔ صاحب غم ہونا۔ دُکھ پانا۔ الم سہنا۔
Teemmül	تأمّل	ع	خیال۔ خوض۔ غور۔ احتیاط۔ خبرداری۔ غور سے وچارنا۔ سوچنا۔ غور و خوض کرنا۔ کسی چیز کے بارے میں سوچ سمجھ کر حساب لگانا۔	سوچ وچار۔ غور و خوض۔ فکر۔ اندیشہ۔ شُبہ۔ تذبذب۔ برداشت۔ خیال کرنا۔ سوچنا۔
Teenni	تأنّی	ع	سُستی۔ دھیما پن۔ غور کرنے والا ہونا۔ عجلت کا نہ ہونا۔ کسی کام کو سنجیدگی سے سوچنا۔ اطمینان۔	تاخیر۔ دیر۔ درنگ۔
Teessüf	تأسُّف	ع	افسوس۔ افسوس کرنا۔ پچھتاوا۔	افسوس کرنا۔ افسوس۔ حیرت۔ پچھتاوا۔ رنج و ملال۔
Teessür	تأثُّر	ع	اثر پذیر ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ اثر پڑنا۔ جذبات۔ رنج۔	اثر قبول کرنا۔ اثر رکھنا۔
Teessüs	تأسیس	ف	بُنیاد ڈالنا۔ قائم کرنا۔	بُنیاد رکھنا۔ جڑ بنانا اور مضبوط کرنا۔ جڑ۔ بُنیاد۔ نیو۔ علم عروض کی اصطلاح میں الف ساکن جس کے اور روی کے درمیان ایک حرف متحرک واسطہ ہو جیسے "خاور" اور "یاور" کا الف۔ علم معانی کی اصطلاح میں ایک ایسا لفظ لانا جو پہلے لفظ سے زائد معنی رکھتا ہو جیسے علیم و حلیم (علیم کے معنی جاننے والا اور حکیم کے معنی جاننے والا و کرنے والا)
Teeyyüd/ Teeyyüt	تأیید	ع	مضبوط کیا جانا یا طاقت دیا جانا۔ مضبوط کیا جانا۔ تصدیق کیا گیا۔ مدد۔ حمایت۔	حمایت۔ تقویت۔ طرفداری۔ مدد۔ رعایت۔ استحکام دعویٰ کی دستاویز۔ مدد کرنا۔
Tef	دُف	ع	کھنجری۔ رُباب۔	ڈفلی۔ مشہور باجے کا نام۔
Tefahhus	تفحّص	ع	تفتیش۔ کھوج۔	جستجو۔ تلاش۔ ٹوہ۔ ڈھونڈنا۔ کھوجنا۔ تلاش کرنا۔ کھودنا۔
Tefahür	تفاخُر	ع	شیخی۔ غرور۔ گھمنڈ۔ تکبر۔ شیخی مارنا۔	فخر۔ غرور۔ غرور کرنا۔ شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔
Tefavüt	تفاوُت	ع	فرق۔ اختلاف۔ ایک سے دوسرے کا فرق کرنا۔	فرق۔ فاصلہ۔ دو چیزوں کا فرق و فاصلہ۔ باہم دوری واقع ہونا۔ جدائی۔
Tefcir	تفجیر	ع	گیلی زمین کو بچانے کے لیے پانی نکالنے کے پائپوں کو کھول کر پانی نکالنا۔	پانی کا جاری کرنا۔
Tefehhüm	تفہُّم	ع	رفتہ رفتہ سمجھانا۔ محسوس کرنا۔	تھوڑا تھوڑا سمجھنا۔
Tefekkür	تفکُّر	ع	سوچ۔ خیال۔ خوض۔ سوچنا۔ غور و خوض کرنا۔	سوچ وچار۔ فکر۔ اندیشہ۔ فکر کرنا۔ سوچنا۔
Tefelsüf	تفلسُف	ع	فلسفہ کی باتیں کرنا۔ حاکمانہ دلیل کرنا۔	علم و حکمت۔ فلسفیت۔ فلسفی ہونا۔
Tefennün	تفنُّن	ع	فنون میں پڑھا لکھا ہونا۔ آرٹس و سائنس پڑھا لکھا ہونا۔	طرح طرح کا ہونا۔ گونا گوں ہونا۔ رنگ برنگ۔ ایک حال سے دوسرے حال میں ہونا۔ دل لگی۔ خوش طبعی۔ ہنسی مذاق۔ تفریح۔
Teferru	تفرُّع	ع	شاخ در شاخ کرنے کا کام۔ تقسیم در تقسیم کیا جانا۔	شاخ نکالنا۔
Teferrüc	تفرُّج	ع	سیر و تفریح۔ تفریح کے لیے گھومنا۔ تفریح۔ دل بہلانے والی بات۔ سیر سپاٹے کی جگہ۔	سیر و تماشا۔ تفریح۔ دل لگی۔ خوش حالی۔ کشائش۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Teferrüd/ Teferrüt	تفرّد	ع	اوروں سے الگ رہنا۔ اپنے آپ کو ممتاز کرنا۔	یگانہ ہونا۔ خلوت پسند کرنا۔ تنہاپسندی۔
Teferrüs	تفرّس	ع	تیز فہمی۔ باریک بینی۔ تیز نظری۔	کسی چیز کو اس کی علامات اور آثار سے اوّل نظر میں دیکھتے ہی پہچان لینا۔ دانائی۔
Tefeül	تفاؤل	ع	فال نکالنا۔ پیش گوئی تلاش کرنا۔ آکاش بانی کا دریافت کرنا۔	فال نکالنا۔ شگون لینا۔
Tefevvuk	تفوّق	ع	برتری۔ برتر ہونا۔ اوروں سے آگے بڑھ جانا۔	فوقیت۔ فضیلت۔ بڑائی۔ برتری ڈھونڈنا۔ اوپر ہونا۔
Teffiz/ Tefviz	تفویض	ع	سپرد کرنا۔ چارج میں دینا۔	سپرد کرنا۔ سپردگی۔ حوالگی۔ تحویل۔ اپنا کام دوسروں کے حوالے کرنا۔
Tefhim	تفہیم	ع	سمجھانا۔ جتلانا۔ بتلانا۔	دوسروں کو سمجھانا۔
Tefrih	تفریح	ع	خوش کرنا۔ محظوظ کرنا۔ مسرور کرنا۔ خوشی کا سبب ہونا۔	ہواخوری۔ سیر۔ دل بہلانا۔ فرحت۔ دل لگی۔ خوش کرنا۔ فرحت دینا۔
Tefrik	تفریق	ع	تفاوت۔ علاحدگی۔ فرق۔ امتیاز۔ علاحدہ کرنا۔ ایک چیز کا دوسری چیز سے فرق کرنا۔	امتیاز۔ تمیز۔ علاحدگی (قانون) بٹائی۔ بانٹ۔ فرق کرنا۔ فاصلہ کرنا۔ علاحدہ کرنا۔ پراگندہ کرنا۔ کسی بڑے عدد سے چھوٹے عدد کو گھٹانا۔
Tefrika	تفرقہ	ع	اختلاف۔ نااتفاقی۔ اخبار کا ضمیمہ یا تتمہ۔	نااتفاقی۔ علاحدگی۔ پھوٹ۔ اختلاف۔ جدائی۔ فاصلہ۔ فرق۔
Tefrit	تفریط	ع	اپنی ڈیوٹی سے کم کام کرنا۔ کوتاہی۔ لاپرواہی۔ غفلت۔	کوتاہی۔ کسی کام میں کمی کرنا۔ غفلت کرنا۔
Tefsir	تفسیر	ع	شرح۔ توضیح۔ تشریح۔	تفتیش۔ تفصیل۔ توضیح۔ وضاحت۔ شرح کرنا۔ شرح سمجھنا۔ بیان کرنا۔ خدا کے کلام کی شرح کرنا۔
Teftiș	تفتیش	ع	جانچ۔ تلاش۔ تحقیقات۔ تحقیقات کرنا۔ تلاش کرنا۔	تفتیش۔ چھان بین۔ کھوج۔ تحقیقات۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔ کھودنا۔
Tegafül	تغافل	ع	لاپرواہی یا بناوٹی لاعلمی۔ لاعلمی کا بہانہ کرنا یا لاپرواہ ہونا۔	غفلت کرنا۔ بے پرواہی۔ کم توجہی۔ جان بوجھ کر غفلت کرنا۔ بے التفاتی۔
Tehalüf	تخالف	ع	اختلاف۔ جھگڑا۔ قضیہ۔ ناموافقت۔ نامطابقت۔ ایک دوسرے سے اختلاف کرنا۔ فرق کرنا۔	باہمی مخالفت کرنا۔ مخالفت کرنا۔ تنازعہ۔ خصومت۔ دشمنی۔ بیر۔
Tehassür	تحسّر	ع	کسی چیز کو کھونے کا افسوس۔ رنج۔ پچھتاوا۔ حسرت کرنا۔ پچھتانا۔ گھبرانا۔ پریشان ہونا۔ افسوس کرنا۔	حسرت۔ غم۔ رنج۔ افسوس۔ حسرت کرنا۔ افسوس کرنا۔
Tehași	تحاشی	ع	گریز۔ الگ کرنا۔ دُور کرنا۔ جدا رکھنا۔ فاصلے سے رہنا۔ دست بردار ہونا۔ لوٹا لینا۔	ایک طرف ہوجانا۔ الگ ہونا۔ یکسو ہونا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tehdid/Tehdit	تہدید	ع	دھمکی۔دھمکانا۔دھمکی دینا۔	تنبیہ۔سرزنش۔دھمکی۔ڈرانا۔دھمکانا۔خوف دلانا۔
Tehdid-âmiz	تہدید آمیز	ع	دھمکی آمیز۔	دھمکی آمیز۔
Tehevvür	تہوُّر	ع	اچانک یا ایکایکی غُصّہ کا پھٹنا۔غضب۔ غُصّہ۔جنون۔ اتاولے پن کی شدت۔ غُصّہ میں پھٹ جانا۔ غُصّہ میں بے قابو ہوجانا۔	بہادری۔شجاعت۔دلیری۔مردانگی۔قوت غضبی کی زیادتی۔
Teheyyüc	تہیُّج	ع	برانگیختگی۔ برافروختگی۔ ولولہ۔ تحریک۔ جذبہ۔ جوش۔ جذبات سے مغلوب ہوجانا۔جوش میں آجانا۔	آندھی اور غبار کا اُٹھنا۔
Tehi	تہی	ع	خالی۔	خالی جو بھرا نہ ہو۔جس میں کوئی چیز نہ ہو۔
Tehir	تاخیر	ع	دلیری۔دیر۔التوا۔ملتوی کرنا۔ٹالنا۔ بعد کے لیے چھوڑنا۔	دیری۔ڈھیل۔توقف۔دیر کرنا۔وقفہ۔پیچھے چھوڑنا۔
Tehlike	تہلکہ	ع	خطرہ۔ موت یا کسی بڑے نقصان کے ہونے کا احتمال۔	ہلاکت۔موت۔تباہی۔شورغوغا۔آفت۔کہرام۔کھلبلی۔دہشت۔ خوف۔ہلاک ہونا۔مرنا۔نیست ہونا۔
Tehlil	تہلیل	ع	مسلمانوں میں اس فارمولہ کا کہ سوائے ایک خدا کے کوئی خدا نہیں ہے ورد کرنا۔	لا الہ الا اللہ کہنا۔
Tehniye/ Tehniyet	تہنیت	ع	مبارکبادی۔	مبارک باد دینا یا لینا۔گواہ کرنا۔
Tehvin	تہوین	ع	ہلکا کرنا۔تکلیف کم کرنا۔آسان کرنا۔	ہلکا کرنا۔آسانی کرنا۔
Tehzib	تہذِیب	ع	درست کرنا۔صحیح کرنا۔اخلاقی بہتری۔	آراستگی۔ صفائی۔ اصلاح۔ شائستگی۔ خوش اخلاقی۔ پاک کرنا۔ اصلاح کرنا۔
Tehzibi-ahlâk	تہذِیبِ اَخلاق	ع	اخلاقی تعلیم۔	اخلاق کی درستی۔خوش اخلاقی۔انسانیت۔
Tehziz	تہزیز	ع	ہلانا۔تھرتھرانا۔	تیز کرنا۔
Tekabbül	تقبُّل	ع	رضامندی سے لے لینا یا قبول کرنا۔کسی کام کو کرنے کی ذمہ داری لینا۔	قبول کرنا۔منظور کرنا۔
Tekabül	تقابُل	ع	مقابلہ میں ہونا۔ آمنے سامنے آنا۔ ملنا۔ معاضہ۔	مقابلہ میں ہونا۔آمنے سامنے کھڑے ہونا۔باہم مقابل ہونا۔روبرو ہونا۔مقابلہ۔
Tekâmül	تکامُل	ع	کامل کیا جانا۔مکمل کیا جانا۔نمود۔ ترقی۔ مکمل کیے جانے کے عمل میں ہونا۔ پختہ ہونا۔نموپانا۔	تمام ہونا۔کامل ہونا۔
Tekarrüb	تقارُب	ع	باہم قریب آنا۔پہنچ۔قربت۔ پاس آنا۔ قریب ہونا۔	باہم قریب ہونا۔پاس پاس ہونا۔علمِ عروض کی ایک بحر۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tekâsüf	تکاثف	ع	کثیف ہونا۔ گاڑھا ہونا۔ گاڑھاپن۔ دباؤ۔ انجماد۔ تکثیف۔ موٹائی۔	دلدار اور موٹا ہونا۔ فراہم کرنا۔
Tekâsül	تکاسُل	ع	لاپرواہی۔ سُستی۔	سُستی۔ کاہلی۔ آرام طلبی۔ اپنے کو سُست اور کاہل دکھانا۔
Tekâsür	تکاثر	ع	افزوں ہونا۔ تعداد میں بڑھنا۔	بہتات۔ کثرت۔ افزوں ہونا۔
Tekattur	تقاطر	ع	عرق کشی۔ ٹپکاؤ۔	پے درپے گرنا۔ قطرے قطرے ٹپکنا۔ بوندا باندی۔
Tekatu	تقاطع	ع	جہاں خطوط ایک دوسرے کو کاٹیں۔ خطوط کو ایک دوسرے سے کاٹنا۔	باہم ایک دوسرے کو قطع کرنا۔ منقطع کرنا۔ دو خطوں کا ایک دوسرے کو کاٹنا۔
Tekaüd/ Tekaüt	تقاعُد	ع	ریٹائرمینٹ۔ پنشن لے کر ریٹائر ہونا۔ ریٹائرڈ۔ پنشن یافتہ۔	پنشن لینا۔ کسی کام سے باز رکھنا۔ کسی کام کے کرنے سے رُک جانا۔
Tekbir	تکبیر	ع	خدا کی عظمت کا اعلان کرنا (اللہ اکبر میں)۔	بزرگ کرنا۔ بڑا کہنا۔ بڑا کرنا۔ خدا کو بزرگی سے یاد کرنا۔ اللہ اکبر کہنا۔
Tekebbür	تکبُّر	ع	مغرور ہونا۔ اپنے آپ کو بناوٹ سے ظاہر کرنا۔ اکڑ دکھانا۔ ضد۔ ضدی ہونا۔	بڑھائی کا اظہار۔ غرور۔ گھمنڈ۔ غرور کرنا۔ اپنے کو بڑا سمجھنا۔
Tekeffül	تکفّل	ع	ضامن ہونا یا کفیل ہونا۔	ضمانت۔ کفالت۔ کسی چیز کا ضامن اور ذمہ دار ہونا۔ ضامن ہونا۔
Tekellüf	تکلّف	ع	جھوٹی نمائشیں۔ بہت زیادہ تکلیف اُٹھانا۔ خود کو غیر ضروری پریشانی میں ڈالنا۔ ظاہر داری۔ ادائے دستور۔ رسمیّت۔	اپنے اوپر تکلیف اُٹھانا۔ وہ بات ظاہر کرنی جو اپنے میں نہ ہو۔ جان بوجھ کر رنج و غم مول لینا۔ کسی سے غیریت برتنا۔ ظاہرداری۔ تامّل۔ ہچکچاہٹ۔ بناوٹ۔
Tekellüm	تکلّم	ع	بات کرنا۔ گفتگو کرنا۔ بولنا۔	بات کرنا۔ بولنا۔ کلام کرنا۔ گفتگو۔ بات چیت۔
Tekerrür	تکرُّر	ع	بار بار کہنا۔ تکرار۔ دوہرانا۔	کسی چیز کا بار بار کہنا۔ دوہرانا۔
Tekessür	تکثّر	ع	بڑھوتری۔ ازدیاد۔ بیشی۔ زیادتی۔ زیادہ ہونا۔ بڑھنا۔	زیادہ ہونا۔ بڑھنا۔
Tekevvün	تکوّن	ع	وجود میں آنا۔ اُٹھنا۔ پیدا ہونا۔	ہو جانا۔ وجود پانا۔ مکمل ہو جانا۔
Tekfin	تکفین	ع	مردے کو کفن پہنانا۔	مردے کو کفن پہنانا۔ کفن دینا۔
Tekfir	تکفیر	ع	کسی مسلمان کو دین سے گمراہ کرنا یا کفر کا الزام لگانا۔	کفر کا فتویٰ دینا۔ کافر ٹھہرانا۔ کفر کا الزام لگانا۔ گناہ کا کفّارہ دینا۔
Tekid	تاکید	ف رع	کسی پیغام یا حکم کو دہرانا۔ صداقت۔ استحکام۔ ثبوت۔ تصدیق۔ استواری۔ تصدیق کرنا۔	اصرار۔ ضد۔ ہٹ دھرمی۔ ہٹ کی کوششیں۔ زور دینا۔ تقاضا۔ بار بار کہنا۔ بات کا مضبوط کرنا۔
Tekiden	تاکید اً/تاکیدن	ع رف	تصدیق کے طور پر۔ دوہرا کر۔ صداقت کے طور پر۔	زور ڈال کر۔ بڑے یا بہت زیادہ اصرار سے۔
Tekke	تکیہ	ع	درویشوں کی خانقاہ۔	فقیروں کے رہنے کی جگہ۔ جس پر سہارا لگایا جائے۔ پیٹھ کو جس چیز سے لگائیں۔ تکیہ جو سرہانے رکھتے ہیں۔ بھروسہ۔ اعتماد۔ قبرستان۔ گورستان۔ عصا۔ لاٹھی۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Teklif	تکلیف	ع	سمجھاؤ۔ پیش کش۔ اسمبلی میں تحریک۔ ایٹی کیٹ۔ رسمی ویوہار۔ تقریب۔ رسم۔ ٹیکس۔ مجبوری۔ ایک دوسرے کے درمیان کوئی کھچاوٹ نہ ہونا۔	دکھ۔ رنج۔ مصیبت۔ تنگی۔ ناداری۔ دشواری۔ دقت۔
Tekmil	تکمیل	ع	پورا کرنا۔ مکمل کرنا۔ ختم کرنا۔ پورا۔ تمام۔ مکمل۔	تمام۔ انجام۔ کمال۔ کامل کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام دینا۔ تمام کرنا۔
Teknik	تکنیک رٹیکنیک	یونانی	ٹیکنیک۔ طریقہ۔ راستہ۔ میتھڈ۔	فنون کا نظریہ۔ ہنرمندی۔ ٹیکنیک۔ فنی طریق اظہار۔
Teknisyen	ٹیکنیشین	یونانی ر انگریزی	ٹیکنیشین۔ مستری۔	ہنر ور۔ مستری۔ کسی فن کا ماہر۔
Tekrar	تکرار	ع	پھر۔ بار بار۔ ایک مرتبہ اور۔ بازگشت۔ پھر خیال میں آنا۔ دوبارہ۔	دوہرانا۔ بار بار کہنا۔ حجت۔ بحث۔ جھگڑا۔ لفظی نزاع۔ زبانی لڑائی۔
Tekrim	تکریم	ع	عزت کے ساتھ ویوہار کرنا۔ عزت کرنا۔ تعظیم۔ ادب۔ لحاظ۔	بزرگی کرنا۔ عزت کرنا۔ تعظیم کرنا۔ ادب کرنا۔ خاطر تواضع۔ آؤ بھگت۔
Tekrir	تکریر	ع	تکرار۔ دہراؤ۔	بار بار کرنا۔ دہرانا۔
Teksif	تکثیف	ف	گھنا کرنا۔ گاڑھا کرنا۔	گاڑھاپن۔ کثافت۔ کسی چیز کو گاڑھا کرنا۔
Tekvin	تکوین	ع	پیدائش۔ پیداوار۔ بڑھاؤ۔ پیدا کرنا۔	کسی چیز کو وجود میں لانا۔ عالم وجود میں ہونا۔
Tekzib/ Tekzip	تکذیب	ع	جھوٹے ہونے کا اعلان۔ خلاف بیانی۔ صاف انکار۔ خلاف کہنا۔ انکار کرنا۔	جھٹلانا۔ جھوٹا کرنا۔ جھوٹ بولنے کا الزام لگانا۔
Tellâfuz	تلفّظ	ع	اُچّارن۔ تلفظ۔	الفاظ کا منہ سے نکلنا۔ لہجہ۔
Telâfi	تلافی	ع	نقصان کو بھرنا۔ معاوضہ۔	نقصان کا عوض۔ پاداش۔ مکافات۔
Telâfi-i-mafât	تلافی مافات	ع	ماضی کی کمی کو پورا کرنا۔ کسی غلطی یا نقصان کی درستی۔	نقصان کا عوض۔ پاداش۔ مکافات۔ ضائع شدہ امر کا معاوضہ۔
Telâki	تلاقی	ع	ایک دوسرے سے ملاقات کرنا۔	باہم ملاقات کرنا۔ ملاقات۔ میل جول۔
Telâkki	تلقّی	ع	استقبال۔ ری سیپشن۔ استقبال یا عزت کرنے کی وضع۔ نظریہ۔ ترجمہ۔ خبر کا وصول کرنا۔ مفہوم۔ اچھا یا بُرا سمجھانا۔ خیال کرنا دیکھنا۔	ملاقات کرنا۔ قبول کرنا۔
Telâş	تلاش	ت	کسی بھی اندیشہ یا فکر سے پہلے آنے والی عجلت۔ فکر۔ گھبراہٹ۔ تشویش۔ پریشانی۔ ہڑبڑی۔ انتشار۔ حیرانی۔ الارم۔ خطرہ۔ آفت کی خبر۔	جستجو۔ سعی۔ کوشش۔ کھوج۔ تحقیقات۔ ڈھونڈنا۔
Telâtum	تلاطم	ع	لہروں کا ایک دوسرے سے ٹکرانا۔	دریا کی موجوں کا باہم تھپیڑے کھانا۔ موجوں کا زور۔ موج۔ لہر۔ جوش۔ ولولہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Telebbüs	تلبُّس	ع	کپڑے پہنانا۔ پوشاک پہننا۔	لباس پہنانا۔
Telef	تلف	ع	بربادی۔ تباہی۔ موت۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ جان سے مارنا۔	برباد۔ تباہ۔ رائیگاں۔ گم۔ ہلاک ہونا۔ ضائع۔
Telefon	ٹیلی فُون	یونانی	ٹیلی فون۔	ٹیلی فون۔
Telehhüf	تلہُّف	ع	افسوس۔ آہ۔ گریہ وزاری۔ افسوس کرنا۔	دریغ۔ افسوس۔ اندوہ۔
Telemetre	ٹیلی میٹر	یونانی	پیمائش میں فاصلوں کے ناپنے کا ایک آلہ۔	فاصلے ناپنے کا ایک آلہ۔
Telepati	ٹیلی پیتھی	یونانی	دور دراز میں وقوع ہونے والے کسی واقعہ یا حادثہ کا احساس طبعی قانون کے مطابق ذرائع سے نہ ہو کر ہو جانے کی صفت۔	حواس کے جانے ہوئے ذرائع کے بغیر ایک دماغ اور دوسرے دماغ کے مابین اطلاع یابی۔ روحانی ربط۔ اشراق۔
Teleskop	ٹیلس کوپ	یونانی	دُوربین۔	دُوربین۔
Televizyon	ٹیلی ویژن	فرانسیسی	ٹیلی ویژن۔	ٹیلی ویژن۔
Televvün	تلوُّن	ع	تلون مزاجی۔ بے قراری۔ بوالحواسی۔ تبدیل یا غیر مستقبل ہونے والا۔ رنگ بدلنا۔ خیال۔ وہم۔	ایک حالت یا بات پر قائم نہ رہنا۔ رنگ برنگ ہونے والا۔ رنگا رنگ ہونے والا۔ اوچھاپن۔ چھچھوراپن۔ چنچل پن۔
Teleyyün	تلیُّن	ع	نرم ہونا۔ پتلا ہونا۔ پانی کی طرح ہونا۔	نرم کرنا۔ ملین کرنا۔
Telezzüz	تلذُّذ	ع	تفریح طبع۔ خوشی۔ مزہ۔ لذت۔ محظوظ ہونا۔ خوش ہونا۔ مزہ لینا۔ ذائقہ لینا۔	مزہ۔ لذت۔ لطف۔ لذت لینا۔ مزہ اُٹھانا۔ لطف اُٹھانا۔ لطف حاصل کرنا۔
Telgraf	ٹیلی گراف ر تلگراف رٹیلی گراف	یونانی	تار برقی۔ تار کے ذریعہ خبر بھیجنا۔ تار۔	تار برقی۔ ٹیلی گراف۔ تار کے ذریعہ خبر بھیجنا۔ تار برقی کے ذریعہ اطلاع یا خبر بھیجنے کا ساز و سامان۔
Telh	تلخ	ف	کڑوا۔	کڑوا۔ تیز۔ ترش۔ بدذائقہ۔ ناپسندیدہ۔ ناگوار۔
Telhis	تلخیص	ع	خلاصہ۔ انتخاب۔ انتخاب کرنا۔ خلاصہ نکالنا۔ (سابقہ میں) افسر جو ترکی کے سلطان کے لیے رپورٹیں تیار کرتا تھا۔	خلاصہ۔ خلاصہ کرنا۔ پاک وصاف کرنا۔
Telif	تالیف	ع	تصنیف۔ ترتیب۔ لکھنا۔ ترتیب دینا۔ صلح۔ راضی کرنا۔ پھر صلح کرنا۔ منانا۔ لکھنا۔ ترتیب کرنا۔ جمع کرنا۔	دو چیزوں کا باہم ملانا یا جمع کرنا۔ مختلف کتابوں سے مضامین چن کر نئے پیرائے میں ترتیب دینا۔ دوستی پیدا کرنا۔
Telifat	تالیفات	ع	تصنیفات۔ انشاعات۔ ادبی ترتیبات۔	تصنیفات۔ ادبی ترتیبات۔
Telkib	تلقیب	ع	خاندانی نام یا بگاڑ کر یا حقارت سے نام دینا۔	ملقب کرنا۔ لقب دینا۔
Telkin	تلقین	ع	سمجھاؤ۔ الہام۔ نصیحت۔ تعلیم۔ تاکید۔ دفن کی آخری رسومات۔ کسی مُبتدی کو مسلمانوں کے عقائد کی تعلیم دینا۔ سمجھاؤ یا تعلیم دینا۔	تعلیم دینا۔ سکھلانا۔ تعلیم وتربیت۔ نصیحت۔ ہدایت۔ امامیہ مذہب میں مردے کو قبر میں اتارتے وقت مخصوص آیتیں پڑھنا۔
Tellâl	دلّال	ع	دلال۔ بچولیا۔ وہ شخص جو بائع اور مشتری میں سودا کرائے۔	دلال۔ آڑھتیہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tellâliye	دلّالی	ع	دلال کا کمیشن یا فیس۔	حق دلال یا دلالی کا حق یا فیس و کمیشن۔
Telmih	تلمیح	ع	اشارہ۔ ایما۔ کنایہ۔	کسی چیز کی طرف اشارہ کرنا۔ اپنے کلام میں کسی حصہ کی طرف اشارہ کرنا۔ اچٹتی نگاہ ڈالنا۔ اصطلاح اہل معانی میں اشارہ کرنا۔ کلام میں کسی قصے کی طرف اشارہ کرنا یا اصطلاحات نجوم یا موسیقی کا لانا یا آیات قرآن یا احادیث کا لانا۔ سبک نگاہ کرنا۔
Telvin	تلوین	ع	رنگ کرنا۔ رنگنا۔	طرح بہ طرح کرنا۔ رنگ برنگ کرنا۔
Telyin	تلیین	ع	نرم کرنا۔ گھٹانا۔ آنتوں کو ملین کرنا یا ڈھیلا کرنا۔ کم کرنا۔	نرم کرنا۔ ملین کرنا۔
Temadi	تمادی	ع	بغیر روک ٹوک جاری رہنا۔ جاری رہنا۔ کشیدگی۔ درازی۔	مدّت۔ عرصہ۔ دراز۔ حد سماعت مقدمہ۔ کشیدگی۔ درازی۔ قانون میں معیاد جس کے گزرنے کے بعد نالش کرنے کا اختیار نہ رہے۔
Temaruz	تمارض	ع	بغیر مرض کے بیمار بننا۔ بناوٹی طور سے بیمار بننا۔	بیماری کا بہانہ کرنا۔ بغیر مرض کے بیمار بننا۔
Temasül	تماثل	ع	ایک دوسرے کے مشابہ یا یکساں ہونا۔	برابر ہونا۔ مانند ہونا۔ مشابہ ہونا۔ آپس میں ہم شکل ہونا۔
Temaşa	تماشا	ع	چیزوں کو دیکھنے کے لیے چلنا۔ تماشہ۔ عوامی گل گشت۔ سوانگ۔ تھیٹر۔ سین۔	سیر کرنا۔ رغبت اور شوق سے چیزوں کو دیکھنا۔ ہنگامہ۔ سوانگ۔ تماشہ۔ ناٹک۔ کرتب۔ سیر۔ تفریح۔ کھیل۔ مذاق۔ ٹھٹھہ۔ نمائش۔ ہجوم۔ میلہ۔ عجیب چیز۔
Temaşager	تماشہ گر	ع	تماشائی۔ تماشہ دیکھنے والا۔	تماشہ کرنے والا۔ تماشہ دیکھنے والا۔
Tembel	تنبل	ف	سست۔ کاہل آدمی۔	موٹا آدمی۔ سست۔ جاہل۔ بیکار۔ نکما۔ کاہل۔
Tembul	تنبول/تانبل/تانبول	سنسکرت	پان کا پتّا۔	پان کا پتا۔ پان۔ کمادہ یا چھوٹی کمان۔ پان۔ تامول۔ شادی بیاہ کی ایک رسم جس میں نیوتے کے طور پر عزیز و اقارب اور دوست احباب مقدور نقدی دیتے ہیں۔
Tembih/ Tenbih	تنبیہ	ع	جگانا۔ بھڑکانا۔ آگ وغیرہ کو دوبارہ جلانا۔ کسی ملک کو خوشحالی یا فعالیت کے لیے جوش دلانا۔ کسی کام کو ٹھیک طریقہ سے کیے جانے کے لیے تکرار کرنا۔ حکم دینا۔ وارننگ۔ آگاہی۔ حکم۔ مخالفت۔ تاکید کرنا۔ ہدایت کرنا۔	جتلانا۔ واقف کرنا مجازاً قید کرنا۔ مارنا۔ سرزنش۔ فہمائش۔ ملامت۔ جھڑکی۔ نصیحت۔ پند۔ عبرت۔ آگاہی۔ خبرداری۔ تاکید۔ واقفیت۔
Temcid/ Temcit	تمجید	ع	خدا کو عظمت دینا۔ ترکے میں میناروں سے خدا کی تعریف میں گانے گانا۔ ایک ہی مسئلہ بیچ بیچ میں تکرار کرنا۔	بزرگی کرنا۔ خدا کی تعریف کرنا۔ بزرگ کرنا۔ بزرگی کے ساتھ نسبت کرنا۔
Temdid	تمدید	ع	لمبا کرنا۔ بڑھانا۔ کھینچنا۔ توسیع۔ بڑھاؤ۔ کشادگی۔ درازی۔	کھینچنا۔ لمبا کرنا۔
Temdin	تمدین	ع	تربیت دینا۔ شائستہ کرنا۔	شہر بنانا۔ شہر تعمیر کرنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Temeddün	تمدُّن	ع	خانہ بدوشی کی زندگی چھوڑ دینا۔ مہذب ہو جانا۔	مل کے رہنا۔ شہر میں رہنا۔ پیشہ وروں کا ایک جگہ کرنا۔ شہر کا انتظام کرنا۔ مل کے رہنے کا طریقہ۔ طرزِ معاشرت۔
Temekkün	تمکُّن	ع	کسی مقام پر آباد ہو جانا۔	جگہ پکڑنا۔ قائم ہونا۔ طاقت رکھنا۔ اختیار کرنا۔ قابو میں رکھنا۔ طاقت۔ قابو۔ اختیار۔
Temellûk	تملُّق	ع	چاپلوسی۔ خوشامد۔ غلامانہ اطاعت۔ خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔ عاجزی کرنا۔ کچھ فیض حاصل کرنے کے لیے تعلقات بڑھانا۔	خوشامد۔ چاپلوسی۔ نرمی۔ ملائمت۔ لُلّو چپّو پن۔
Temellük	تملُّک	ع	قبضہ لینا۔	مالک ہونا۔
Temenna/ Temennah	تمنّا	ع	سلام کرنے کا مشرقی طریقہ جس کے تحت پہلے سیدھے ہاتھ کی انگلیاں ہونٹوں تک اور پھر پیشانی تک لے جاتے ہیں۔ ہاتھ سر کی جانب لے جانا کر سلام کرنے کا اشارہ۔	یہ لفظ اصل میں تمنّی تھا۔ فارسی میں الف کے ساتھ آرزو اور خواہش ظاہر کرنا۔ آرزو۔ خواہش۔ شوق۔ اشتیاق۔ ارمان۔ درخواست۔
Temmenni	تمنّی	ع	خواہش۔ تمنا۔ خواہش کرنا۔ درخواست کرنا۔	خواہش کرنا۔
Temerrüd/ Temerrüt	تمرُّد	ع	سرکشی۔ گستاخی۔ روپیہ پیسے کی ادائیگی میں غفلت۔	بغاوت۔ گستاخی۔ نافرمانی۔ سرکشی۔ سرکشی کرنا۔
Temessük	تمسُّک	ع	مضبوطی سے پکڑنا۔ پرانے زمانہ میں سند۔ قبالہ یا دستاویز۔ قرض یا دعویٰ کی قبولیت کا کاغذ۔	گرفت۔ پکڑ۔ اقرار نامہ جو قرض کی سند کے طور پر قرضدار قرض خواہ کو لکھتا ہے۔ کسی شے میں چنگل مارنا۔ کسی شے کو پکڑنا۔
Temessül	تمثُّل	ع	شکل اختیار کرنا۔ مل جانا۔ مشابہ کیا جانا۔ کسی بیرونی فرقہ یا جماعت میں جذب ہو جانا۔	مشابہ یا مطابق ہونا۔ آپس میں ہم شکل ہونا۔ مثال دینا۔ ضرب المثل کہنا۔ تشبیہ دینا۔
Temettü	تمتُّع	ع	فائدہ۔ نفع۔ ڈوی ڈینڈ۔ فائدہ اٹھانا۔ استعمال سے فائدہ اٹھانا۔	فائدہ حاصل کرنا۔ پھل پانا۔ استعمال کرنا۔ فائدہ۔ نفع۔
Temevvüc	تموُّج	ع	لہروں کا اٹھنا اور گرنا۔ لہر۔ ہلورا۔ نشیب وفراز۔ اوپر نیچے ہونا۔ جھنڈوں کا لہرانا۔ ہلورنا۔ لہرانا۔	پانی کا موج مارنا۔ آب دریا کی طغیانی۔ دریا میں طوفان جو ہوا سے آتا ہے۔ پانی کا جوش وخروش۔ لہریں اٹھنا۔
Temevvül	تموُّل	ع	مالدار ہونا۔	مالدار ہونا۔ دولت مندی۔ مالداری۔
Temhil	تمہیل	ع	ملتوی رکھنا۔ مہلت دینا۔	مہلت دینا۔ فرصت دینا۔
Temkin	تمکین	ع	خود پر قابو۔ شکوہ۔ شان۔ وقار۔ اطمینان۔	عزت۔ رتبہ۔ وقار۔ طاقت۔ زور۔ قدر۔ مرتبہ۔ رتبہ دینا۔
Temlik	تملیک	ع	قبضہ دلانا۔ کسی جائداد پر رسمی طور سے قبضہ دلانا۔	کسی شخص کو کسی چیز یا کسی مال کا مالک کرنا یا اس کے قبضہ میں دے دینا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tempo	ٹیمپو	اطالوی	ٹائم (موسیقی میں)۔ موسیقی کے راگ میں تیزی۔ چال۔ طرز۔ رفتار۔ حرکت۔	راگ کی مناسبتاً تیزی۔
		انگریزی	———	تیپہیہ موٹر گاڑی۔ ٹیمپو۔
Temrin	تمرین	ع	طلبا کو دی ہوئی مشق۔ پریکٹس۔	مشق۔ عادت ڈالنا۔ خوگر ہونا۔ نرم بنانا۔
Temsil	تمثیل	ع	نمائندگی (ایجنسی)۔ ڈرامہ کی انجام دہی۔ مقابلہ۔ موافقت۔ مطابقت۔ یکساں ہونا۔ کہاوت۔ مثال۔ نظیر۔ کتاب کی نقل۔ علامت۔ ایڈیشن۔ نمائندگی کرنا۔ ڈرامہ پیش کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ یکساں ہونا۔	نظیر۔ مشابہت۔ مطابقت۔ مثال۔ ڈرامہ۔ مثال دینا۔ تشبیہ دینا۔ مشابہ کرنا۔ تشبیہ۔
Temsilen	تمثیلاً	ع	ظاہر کرتے ہوئے۔ علامت یا نشانی کے طور پر۔ شبیہ ہوتے ہوئے۔	مثال کے طور پر۔ تشبیہ کے طور پر۔
Temyiz	تمیز	ع	جدا کرنا یا امتیاز کرنا۔ شناخت۔ (قانون) اپیل۔ تجویز کی معقولیت یا صحت البدنی۔ فرق کرنا۔ امتیاز کرنا۔ اپیل کرنا (قانون)	امتیاز۔ شناخت۔ پہچان۔ جانچ۔ فرق۔ عقل و ہوش۔ ادب۔ قاعدہ۔ عقلِ سلیم۔ تفرق۔
Ten	تن	ف	جسم۔ بدن۔ گوشت۔	جسم۔ بدن۔ پنڈا۔ آدمی۔ فرد۔ آلائش۔ نفسانی۔ کدورتِ بشری۔
Tenafür	تنافُر	ع	باہمی نفرت۔ باہمی کراہیت۔ اختلاف نامطابقت۔ ناموافقت۔	نفرت کرنا۔ بھاگنا۔
Tenakuz	تناقُض	ع	خلاف بیانی۔ ضد۔ انکار۔ تضاد۔	ایک دوسرے کی ضد یا مخالف ہونا۔
Tenasüb/ Tenasüp	تناسُب	ع	مُناسبَت۔ تناسب۔ اندازہ۔ نسبت۔ خوش اندازی۔	باہمی تعلق۔ باہم نسبت ہونا۔ مناسبت رکھنا۔ موافقت۔ مطابقت۔ حساب میں دو نسبتوں کا برابر ہونا۔
Tenasüh	تناسُخ	ع	رُوح کا اچانک جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ چلا جانا۔ آواگون۔	ایک صورت سے دوسری صورت اختیار کرنا۔ روح کا ایک قالب سے نکل کر دوسرے قالب میں جانا۔ آواگون۔
Tenasül	تناسُل	ع	نسل پیدا کرنا۔ اولاد کا پیدا کرنا۔ نسل کی تجدید کرنا۔ نسل کو از سرِ نو پیدا کرنے کا عمل۔	نسل پیدا کرنا۔ نسل بڑھانا۔ اولاد پیدا کرنا۔
Tenavül	تناوُل	ع	کھانا کھانا یا پینا۔	کھانا کھانا۔
Tenazur	تناظُر	ع	باقرینہ ہونا۔ خوش اسلوب ہونا۔ خوش اندازی۔ سمیٹری۔ سڈولی۔	باہم دیکھنا۔ منظر۔ حالت۔ تناسب۔ نسبت۔ نظارہ۔
Tenbih	تنبیہ	ع	وارننگ۔ حکم۔ ہدایت۔ تاکید۔ تحریک۔ ترغیب۔ تاکید کرنا۔ ترغیب دینا۔	جھڑکی۔ ملامت۔ سرزنش۔ نصیحت۔ خبرداری۔ آگاہی۔ تاکید۔ عبرت۔
Tenbihat	تنبیہات	ع	تاکیدات۔ ہدایات۔ احکام۔ جمع Tenbih کی۔	جمع تنبیہ کی۔ ذمہ داریاں۔ تاکیدات۔ وارننگ۔ احکام۔
Tendürüst	تندرست	ف	صحت مند۔ ہٹا کٹا۔ مضبوط۔	صحت مند۔ جس کو بیماری نہ ہو۔ بھلا چنگا۔ صحیح و سالم۔
Tenebbüh	تنبُّہ	ع	چوکسی۔ خبرداری۔ ہوشیاری۔ بیداری۔	آگاہی۔ خبرداری۔ نصیحت۔ عبرت۔ دھمکی۔ تنبیہ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			ترغیب۔ تحریک۔ کسی تجربہ سے زیادہ سمجھ دار ہونا۔	
Tenef	طنب	ع	خیمہ کی ڈوری۔	خیمہ کی ڈوری۔
Teneffür	تنفّر	ع	نفرت۔ کراہیت۔	نفرت۔ بیزاری۔ کراہت۔ گھن۔ نفرت کرنا۔ بھاگنا۔
Tenneffüs	تنفّس	ع	سانس۔ دم کشی۔ سانس لینا۔ سانس کے لیے رکنا۔ سانس لینے کا وقفہ۔	سانس لینا۔ دم لینا۔
Tenevvü	تنوّع	ع	فرق۔ کمی۔ بیشی۔ اتار چڑھاؤ۔ گھٹت۔ بڑھت۔ تبدیلی۔ گوناگوں۔ رنگ برنگ کرنا۔ بدل جانا۔	طرح بہ طرح۔ قسم قسم کا ہونا۔ مختلف رنگ کا ہونا۔ گوناگوں۔
Tennevvür	تنوّر	ع	منور کرنا یا صاف اور عیاں کرنا۔ روشنی کرنا۔ روشنی کرنے کا عمل۔	آگ روشن کرنا۔ بدن پر نُور ملنا۔
Tenezzüh	تنزّہ	ع	سیر۔ تفریح۔ گھومنا۔ تفریح یا گھومنے کے لیے جانا۔	سیر و تفریح۔ خوشی۔ فرحت۔ باعصمت ہونا۔ عیب سے پاک ہونا۔ خالص ہونا۔
Tenezzül	تنزّل	ع	نیچے اترنا۔ زوال۔ دباؤ۔ گھٹاؤ۔ کم ہونا۔ زوال پذیر ہونا۔	زوال۔ اتار۔ گھٹاؤ۔ کمی۔ تخفیف۔ اترنا۔ درجہ سے کم ہونا۔ درجہ توڑنا۔
Tenfir	تنفیر	ع	نفرت پیدا کرنا۔ نفرت کا باعث ہونا۔	بھگانا۔
Tenha	تنہا	ف	اکیلا۔ مجرّد۔ اجاڑ یا سنسان جگہ۔ خلوت گیر مقام۔	اکیلا۔ فرد۔ مجرد۔ لاثانی۔ بے نظیر۔ الگ۔ جدا۔ علاحدہ۔ صرف۔ فقط۔
Tenis	ٹینس	انگریزی	ٹینس کا کھیل۔	ٹینس کا کھیل۔
Te'nis	تانیث	ع	مونث بنانا۔ مونث میں صفت وغیرہ لگانا۔	تذکیر کا نقیض۔ مونث ہونا۔ مونث کی علامت لگانا۔
Te'nis	تأنیس	ع	خوگر ہونا۔ عادی ہونا۔ عادت ڈالنا۔ معمول باندھنا۔ خوب شناسا کرنا۔ مطیع کرنا۔	خو پکڑنا۔ عادت پذیر ہونا۔
Tenkâr/ Tenkâl	تنکار	ع	کچا۔ سہاگا۔	سہاگہ۔
Tenkid/ Tenkit	تنقید	ع	نکتہ چینی۔ دقیقہ سنجی۔ عربی الفاظ کو آواز دار بنانے کے لیے حرف علّت لگانا۔ عبارت میں حرف علّت کی علامات لکھنے کا عمل۔	نکتہ چینی۔ جانچ۔ پرکھ۔ تمیز۔ تبصرہ۔ کسی چیز پر بحث کرنا یا اچھائی کو پرکھنا۔
Tenkih	تنقیح	ت	منگنی یا شادی کی رسوم کو انجام دینا۔ سگائی یا شادی کرانا۔	ـــــــــــــــ
Tenkîh	تنقیح	ع	صفائی کرنا۔ چُننا۔ چھانٹنا۔ صاف کرنا۔ مضمون کو کانٹ چھانٹ کر کے صحیح کرنا۔ اخراجات وتنخواہوں میں کٹوتی۔ ملازموں، اخراجات یا تنخواہوں میں کمی کرنا۔ ملازمان	پاک اور صاف کرنا۔ کسی چیز کا عیب سے خالص کرنا۔ تحقیق۔ تفتیش۔ جھگڑے کا فیصلہ کرنا۔ قانون میں وہ سوال جو تنازعہ ب امور کے طے کرنے کے لیے بنائے جاتے ہیں۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			میں کٹوتی کرنا۔	
Tenkîhât	تنقیحات	ع	جمع Tenkih کی۔ اخراجات میں کٹوتیاں۔ صفائی کرنا وغیرہ۔	جمع تنقیح کی۔ تنازعہ یا مقدمہ کے تصفیہ طلب امور۔
Tenkis	تنقیص	ع	کم کرنا۔ کمی۔ تخفیف۔ گھٹانا۔ چھانٹنا۔	نقصان۔ کمی۔ کم کرنا۔ گھٹانا۔ اعتراض۔ نقص نکالنا۔
Tenkiye	تنقیہ	ع	صفائی کرنا۔ صفائی۔ حقنہ۔ پچکاری۔	صاف کرنا۔ پاک کرنا۔ فیصلہ۔ مقدمات کا فیصلہ کرنا۔ اناج کو بھوسے سے الگ کرنا۔ آنتوں کو صاف کرنا۔ جلاب لینا۔
Tenmiye	تنمیہ	ع	بڑھنے دینا۔ پرورش کرنا۔ کھلانا۔ دوستانہ تعلقات کو بڑھانا۔ آگ پر تیل چھڑکنا۔ قائم رکھنا۔ کاروبار میں روپیہ لگانا۔ تھامنا۔	حیوان، انسان یا درخت کا بڑھنا۔ قد بڑھنا۔
Tennure	تنۆرے	ع	پرانے زمانہ میں رسمی موقعہ پر چوڑے دامن کی پہنی جانے والی مولوی کی پوشاک۔ درویش کی گھاگھری۔	————
	تنورہ	ف	————	چار آئینہ۔ چلتہ یا زرہ جو بروز جنگ پہنتے ہیں۔ بمعنی انگیٹھی کے بھی آتا ہے۔ بغی کوٹ۔ جوشن جنگ۔
Tenperver	تن پَرْوَر	ف	خود پر بہت زیادہ توجہ دینے والا۔ آرام و آسائش کا شوقین۔ نازک۔	تن کو پالنے والا۔ کھانے پینے میں مشغول رہنے والا۔
Tensib/ Tensip	تنصیب	ع	منظوری۔ مناسب بنانا۔ موزوں بنانا۔ ناسب سمجھنا۔ ٹھیک دیکھنا۔ منظور کرنا۔ مناسب دیکھنا۔ ٹھیک بنانا۔	جمانا۔ نصب کرنا۔ مقرر کرنا۔ لگانا۔
Tensik	تنسیق	ع	انتظام۔ تنظیم۔ ترتیب سے رکھنا۔ ازسرنو تنظیم کرنا۔ اصلاح کرنا۔	انتظام کرنا۔
Tensikat	تنسیقات	ع	اصلاحات۔ ازسرنو ترتیبات۔ ناقابل یا سُست ملازمین کی چھٹنی یا چھنٹی۔	جمع تنسیق کی۔ اصلاحات۔ ترتیبات۔
Tenşit	تنشیط	ع	خوش کرنا۔ خوش دل کرنا۔ تازہ دم کرنا۔	خوش کرنا۔ شادماں کرنا۔
Tenvim	تنویم	ع	سُلانا۔	سُلانا۔
Tenvir	تنویر	ع	روشنی۔ روشن کرنا۔ صاف کرنا۔	روشنی کرنا۔ نور دینا۔ روشنی۔ چمک۔ نور۔
Tenzih	تنزیہ	ع	نقص سے پاک سمجھنا۔ خدا کی کسی خرابی یا برائی سے پاک ہونے کا اعلان کرنا۔ گناہوں سے معافی بخشنا۔ بری الذمہ کرنا۔	بُری باتوں سے دور رکھنا۔ عیب سے پاک کرنا۔ صاف کرنا۔ پاکی۔ صفائی۔
Tenzil	تنزیل	ع	کم کرنا یا نیچا کرنا۔ ہلکا کرنا۔ قیمتوں کا کم کرنا۔ (حساب میں) گھٹانا۔ وحی اُتارنا۔ قرآن شریف۔	نازل کرنا۔ اُتارنا۔ وحی۔ الہام۔ قرآن شریف۔ نیچے اتارنا۔ ترتیب دینا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tenzilat	تنزیلات	ع	جمع Tenzil کی۔ قیمتوں میں تخفیف وغیرہ۔	جمع تنزیل کی۔ وحیاں۔ الہامات۔ نُزول۔
Teori	تھیوری	یونانی	نظریہ۔	اصول۔ قاعدہ۔ قیاس۔ خیال۔ اندازہ۔ نظریہ۔
Ter	تر	ت	پسینہ۔	
		ف	گیلا۔ نم۔ تازہ۔ ہرا۔ رس دار۔	گیلا۔ بھیگا ہوا۔ عمدہ۔ نرم۔ ملائم۔ چکنا۔ ہرا۔ رس دار۔ تازہ۔ آبدار۔ صاف۔ پاکیزہ۔ نادم۔ شرمندہ۔ لاحقہ۔ تفضیل جیسے خوش تر۔ بدتر۔ وغیرہ۔
Teradüf	ترادُف	ع	تسلسل۔ تواتر۔ سلسلہ وار۔ ہم معنی ہونا۔	سلسلہ دار۔ لگاتار۔ یکے بعد دیگرے۔ ہم معنی ہونا۔ مترادف ہونا۔ سلسلہ۔ تسلسل۔
Terahhum	ترحُّم	ع	رحم کھانا۔ ترس کھانا۔	رحم کھانا۔ ترس کھانا۔ دیا کرنا۔
Terahi	تراخی	ع	غفلت۔ سُستی۔ بے پرواہی۔ کاہلی۔	دیر۔ کاہلی۔ تقصیر کرنا۔
Terakki	ترقّی	ع	پیش قدمی۔ بڑھوتری۔ آگے بڑھنے کی حرکت۔ افزونی۔ ترقی کرنا۔ آگے بڑھنا۔ افزونی کرنا۔	آگے بڑھنا۔ اونچا ہونا۔ افزونی۔ بلندی۔ ترقی۔ اوپر چڑھنا۔ بلند ہونا۔
Terakkiyat	ترقّیات	ع	ترقیاں۔ پیش قدمیاں۔ بہتریاں۔ افزونیاں۔ ازیادِ حیثیت۔	جمع ترقی کی۔ بلندیاں۔ اضافے۔ برتریاں۔ افزونیاں۔ پیش قدمیاں۔
Teraküm	تراکُم	ع	ڈھیر۔ انبار۔ جماؤ۔ جمع کرنا۔ ڈھیر کرنا۔	انبوہ۔ بھیڑ۔ تودہ۔ ڈھیر لگنا۔ اکٹھا ہونا۔
Terane	ترانہ	ف	راگ۔ سُر۔ راگ کا دوہراؤ۔ تار۔ دھاگا۔ گھڑی ہوئی کہانی۔ تدبر۔ حکمت۔ چال۔	راگ۔ گیت۔ نغمہ۔ قومی گیت۔ جوان۔ رعنا۔
Teravi/ Teravih	تراویح	ع	رمضان کے مہینہ میں رات کی مخصوص نماز۔	ماہ رمضان میں رات کی مخصوص نماز۔
Terazi	ترازُو	ف	ترازو۔	ترازو۔ کانٹا۔ وزن کرنے کا آلہ۔
Terazî	تراضی	ع	باہمی رضامندی۔	آپس میں راضی اور خوشنود ہونا۔ رضامندی۔ خوش ہونا۔
Terbi	تربیع	ع	چوگنا کرنا۔ چوکور کرنا۔ چار گوشہ کرنا۔ چاند کا چوتھائی حصہ۔ چار بنانا۔ چوکور بنانا۔	چار گوشہ کرنا۔ چوکور بنانا۔ چار میں تقسیم کرنا۔ مربع یا مستطیل بنانا۔ سیاروں کی وہ ہیئت جب ایک دوسرے سے چوتھائی دائرے کا فرق ہو۔ نوے ڈگری کا زاویہ۔ زاویہ قائمہ۔
Terbiye	تربیت	ع	پرورش کرنا۔ تعلیم۔ ٹریننگ۔ خوش اطوار۔ اخلاق سکھانا۔ تصحیح۔ سزا۔ لگام۔ ٹھیک کرنا۔ سزا دینا۔ ٹریننگ دینا۔	پرورش کرنا۔ پالنا۔ پرورش۔ پرداخت۔ تعلیم و تربیت۔ تعلیم واخلاق۔
Tercih	ترجیح	ع	فوقیت۔ کسی چیز کو دوسری چیز سے بالا یا اوپر رکھنا۔ سبقت۔	برتری۔ فوقیت۔ فضیلت۔ غلبہ دینا۔ افزوں کرنا۔
Tercihan	ترجیحاً	ع	ترجیحی طریقہ سے۔ فوقیت کے طور پر۔	ترجیحی طریقے سے۔ فوقیت کے طور پر۔
Tercihbend	ترجیع بند	ع	ادب میں لوک گیت کی ایک پرانی شکل کہ	اصطلاح شعر میں شاعر کا چند ایسے بند، بحر میں موافق اور قافیہ میں

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			جس کے قافیے مختلف ہوکر ہر ٹکڑے کے آخر میں دوہرائے جانے والی ایک بیت نظر آئے۔	مختلف ہوں اس طرح نظم کرنا کہ ایک ہی بیت ہر بند کے آخر میں آئے اور ہر بند کے آخری شعر کے مضمون سے موافقت کرے۔
Tercüman	تَرجُمان	ع	ترجمہ کرنے والا۔ مُترجِم۔ ایک کی زبان دوسرے کو سمجھانے والا۔ گائیڈ۔	شارح۔ ترجمہ کرنے والا۔ مُفسّر۔ تعبیر بتانے والا۔ وہ شخص جو ایک زبان کا مفہوم دوسری زبان میں بتلادے۔ فصیح۔ خوش تقریر۔ تیز زبان۔
Terdid	تَردید	ع	کسی کہانی کو حیرت انگیز اختتام دینے کا فن۔	ردّ کرنا۔ جواب دینا۔
Terdif	تَردِیف	ع	محافظ یا راہ دکھانے والے کی حیثیت سے بھیجنا۔ ساتھ چلوانا۔ ہمراہی کرانا۔	کسی کے پیچھے ایک ہی گھوڑے پر سوار ہونا۔ دو لفظوں کے ایک معنی ہونا۔ اپنے پیچھے سوار کرنا۔
Tere	تَرّہ	ت	چنسو۔ ایک پودا جو مرطوب مقامات پر اگتا ہے۔ مولی، سرسوں، گوبھی وغیرہ کی نسل کا ایک پودا جس کے پتوں کو سلاد کی طرح کھاتے ہیں۔	———
		ف	———	ساگ۔ ترکاری۔
Tereddüd/ Tereddüt	تَرَدُّد	ع	جھجھک۔ جھجکنا۔ کوئی فیصلہ نہ لینے کی حالت۔	سوچ۔ فکر۔ اندیشہ۔ پس وپیش۔ تذبذب۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ انکار۔ محنت۔ مشقت۔ کاشتکاری۔ شک۔
Tereffü	تَرَفُّع	ع	سرفرازی۔ عروج۔ ترقی۔ بلندی۔ اونچائی۔ اونچا اٹھانا۔ قیمتوں وغیرہ کا بڑھانا۔	بلند کرنا۔ بلندی ڈھونڈنا۔ نوازنا۔ بلندی چاہنا۔ کنایہ غرور اور تکبر ہے۔
Tereke	تَرکہ	ع	کسی مرے ہوئے آدمی کی جائداد۔ مردہ شخص کے سامان کی بکری۔ ورثہ۔ میراث۔	مردے کا مال۔ میراث۔ ورثہ۔
Terennüm	تَرَنُّم	ع	گانا۔ چہچہانا۔ چہچہاہٹ۔ گنگنانا۔ بھنبھنانا۔	گیت گانا۔ الاپنا۔ آلاپ۔ غِنا۔
Teres	تَرَس	ت	بھڑوا۔ دلال۔ ایک عام گالی۔	———
		ہندی	———	رحم۔ دیا۔ درد۔ خوف خدا۔
Tereşşüh	تَرَشُّح	ع	پسیجنا یا بوند بوند ٹپکنا۔ تھوڑا تھوڑا ٹپکنا یا رِسنا (خبروں یا رازوں وغیرہ کا)	پانی کا ٹپکنا۔ تقاطر۔ بوندا باندی۔ مینہ کا پڑنا۔ پانی کا چھلکنا۔ ظاہر۔ آشکارا۔
Tereşşühat	ترشحات	ع	رِسنے والی چیزیں (راز وغیرہ)	تقاطر۔ بوندا باندیاں۔
Terettüb/ Terettüp	تَرَتُّب	ع	(کام سے متعلق) ذمہ آپڑنا۔ سہارا لیے ہوئے ہونا۔ منحصر ہونا۔ لازم ہونا۔ واجب ہونا۔	راست یا درست ہونا۔
Terfih	تَرفِیہ	ع	خوشحالی کی زندگی بسر کرانا۔ آسودہ کرنا۔ خوشحالی لانا۔ حالات بہتر کرنا۔	آسودہ کرنا۔ آسودگی۔ آسائش دینا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tergib	ترغیب	ع	خواہش کرانا۔ رغبت دلانا۔	رغبت دلانا۔ لالچ دینا۔ شوق۔ خواہش۔ اغوا۔ بہکاوا۔
Terhib/ Terhip	ترہیب	ع	ڈرانا۔ دھمکانا۔ دہشت دلانا۔ سخت قسم کی سزا۔	ڈرانا۔
Terhis	ترخیص	ع	اجازت۔ اختیار۔ سپاہی کا ملازمت کے خاتمہ کے بعد ڈسچارج۔ ڈسچارج کرنا۔ اختیار دینا۔	رخصت کرنا۔ رخصت۔ اجازت۔ اجازت دینا۔
Terim	ٹرم	انگریزی	سائنس وفنون میں سمجھانے کا ٹیکنیکل لفظ۔ لفظ۔ الجبرا میں × یا علامات کے درمیان ٹکڑوں میں سے ہر ایک۔ الجبرا میں برابر برابر مقدار کے اشارہ = کے دونوں طرف میں سے ہر ایک۔	ٹرم۔ تکنیکی لفظ۔ ٹیکنیکل لفظ۔
Terk	ترکْ	ع	چھوڑنا۔ دست بردار کرنا۔ غفلت۔ بھول چوک۔	دست برداری۔ چھوڑنا۔ چھوڑ دینا۔ درگذر کرنا۔ بھول چوک۔
Terk-i-düniya	ترکِ دُنیا	ع	دنیا چھوڑ دینا۔ دنیا کو ترک کر دینا۔	دنیا چھوڑ دینا۔ خلوت گزینی۔ فقیر ہو جانا۔
Terkeș	ترکش	ف	ترکش۔	تیر رکھنے کا خانہ۔ تیر دان۔ ترکش۔
Terkib/ Terkip	ترکیب	ع	جوڑنا یا مرکب کرنا۔ مرکب لفظ۔ ملواں الفاظ۔ کمپاؤنڈ۔ آمیزش۔ ساخت بناوٹ۔ جوڑنا۔ بنانا۔ آمیزش کرنا۔ جملہ۔ فقرہ۔ ملاوٹ۔ ترکیب۔	کئی چیزوں کو ملا کر ایک چیز بنانا۔ مرکب کرنا۔ بناوٹ۔ ساخت۔ ملاوٹ۔ تناسب۔ ڈھنگ۔ طور۔ کسی چیز کے بنانے کا کوئی خاص طریقہ۔ تدبیر۔ علاج۔ اصطلاح نحو میں جملے کے ہر لفظ کے بارے میں بتانا کہ وہ اسم، صفت، فعل وغیرہ کیا ہے اور ان کا باہمی تعلق۔
Terkibat	ترکیبات	ع	مرکبات۔ مخلوطات۔	مرکبات۔ مخلوطات۔ کمپاؤنڈ۔
Terkibî	ترکیبی	ع	ملانے سے متعلق۔ ملا جلا۔ مصنوعی۔ کمپاؤنڈ۔ مرکب۔ ملواں۔	مرکب۔ بنا ہوا۔ ملا ہوا۔ بناوٹی۔ مصنوعی۔ ساختہ۔
Terkibibend/ Terkibibent	ترکیب بند	ع	لوک گیت کی ایک شکل کہ جس میں قافیے الگ الگ ہوتے ہوئے شعر مختلف قسم کے ہوں لیکن ہر قطعہ یا ٹکڑے کے آخر میں ایک ہی بیت پائی جائے۔	نظم کی ایک قسم جس میں ہر بند کا آخری شعر جداگانہ ہوتا ہے۔
Terkim	ترقیم	ع	نشان لگانا۔ لکھنا۔ علامت لگانا۔ کسی شکل سے نشان لگانا۔	لکھنا۔ رقم کرنا۔ تحریر کرنا۔ تحریر۔
Terkin	ترقین	ع	کینسل کرانا۔ کراس کرانا۔	حرفوں کو پاس پاس لکھنا۔ حرفوں پر نقطے و اعراب لگانا۔ مہندی کا خضاب لگانا۔ کتاب کو زینت دینا۔
Terkuva	ترقوہ	ع	ہنسلی۔ گردن کے نیچے کی خمدار ہڈی۔	گردن کی ہنسلی۔
Termim	ترمیم	ع	مرمت یا درست کرنا۔ مرمت۔ درستی۔ ہڈی سیٹ کرنا۔	اصلاح۔ درستی۔ مرمت۔ تغیر و تبدل۔ مرمت کرنا۔

اردو زبان میں معنی	ترکی زبان میں معنی	ماخذ	اردو زبان میں لفظ	ترکی زبان میں لفظ
فزکس کا وہ شعبہ جو حرارت کو میکانکی ایجنٹ کے طور پر استعمال کرتا ہے۔	حرارتی قوت کے ساتھ میکانیکل قوت کی جانکاری وان سے متعلق واقعات کی تشریح کرنے والا فزکس کا شعبہ۔	یونانی	تھرموڈائینامکس	Termodin-amik
اجسام کے غیر مساوی طور سے گرم کرنے سے تیار کی گئی بجلی۔	حرارتی قوت کے ساتھ بجلی کی قوت کی جانکاری وان سے متعلق واقعات کی تشریح کرنے والا فزکس کا شعبہ۔	یونانی	تھرموالیکٹرک	Termoele-ktrik
تھرمامیٹر۔ گرمی ناپنے کا آلہ۔ مقیاس الحرارت۔	تھرمامیٹر۔	یونانی	تھرمامیٹر	Termometre
تھرمس۔	تھرمس۔	یونانی	تھرمس	Termos
جہاز سازی کا کارخانہ۔ جہازی فیکٹری۔	جہاز بنانے کی جگہ۔ جہاز بنانے کا سامان رکھنے کا گودام۔ بحری سلاح خانہ۔	ف	ترسانہ	Tersane
پانی دینا۔ شاعری کی ایک صنعت جس میں شعر اس طرح لکھے جاتے ہیں کہ ترتیب وار تمام مصرعوں کے پہلے حرف ملانے سے کوئی نام یا عبارت بن جاتی ہے۔	چھنائی۔ چھان کر صاف کرنے کا عمل۔ فلٹر کر کے صاف کرنے کی کریا۔	ع	ترشیح	Terşih
ہر چیز کا درجہ بدرجہ قائم کرنا اور لگانا۔ ٹھکانے سے رکھنا۔ چنا۔ سجاوٹ۔ بندوبست۔ صف بندی۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ جنس واری۔ سلسلہ بندی۔ تقسیم۔ جبر ومقابلے میں ہر قاعدے کا نام۔	بندوبست۔ ضابطہ۔ پروجیکٹ۔ پلان۔ خاکہ۔ نقشہ۔ نسخہ۔ کتاب کی شکل وسائز جس میں وہ جاری کی جائے۔ ٹائپ کا سیٹ کرنا۔ مرکب تیار کرنے کا نسخہ۔ مرتب کرنا۔ منظم کرنا۔ نسخہ تجویز کرنا۔ پہلے سے تیار کیا گیا۔	ع	ترتیب	Tertib/ Tertip
جمع ترتیب کی۔	جمع Tertib کی۔ بندوبست۔ انتظامات۔ لوازم۔ عہدہ پر بٹھانے کی تیاریاں۔	ع	ترتیبات	Tertibat
آہستہ اور صاف کھول کر پڑھنا۔ قرآن شریف کے حرفوں کو ان کے مخارج سے ادا کرنا اور آہستگی سے ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا۔	قرآن شریف کو آہستگی اور اطمینان سے پڑھنا۔	ع	ترتیل	Tertil
ہرا بھرا۔ سرسبز۔ شاداب۔ آبدار۔ تازہ اترا ہوا پھل یا ترکاری۔	بالکل تازہ۔	ف	تروتازہ	Ter-ü-taze
رائج کرنا۔ چلانا۔ رواج دینا۔ اشاعت دینا۔	رائج کرنا۔ ہمت افزائی۔ کسی پلان وغیرہ کی وکالت۔ کسی چیز کو قابل قبول بنانا۔ ہمت افزائی کرنا۔	ع	ترویج	Tervic/ Terviç
کپڑے سینے والا۔ درزی۔	درزی۔ کپڑے سینے والا۔	ف	درزی	Terzi
بلاارادہ ملاقات۔	اچانک ملاقات ہونا۔ اچانک کوئی واقعہ ہونا۔ اتفاق۔	ع	تصادف	Tesadüf
باہم ٹکرانا۔ ٹکر ہونا۔ دھکا لگنا۔ صدمہ دینا۔ دھکا۔ کبھی مراد انبوہ اور بھیڑ سے ہوتی ہے۔	ایک دوسرے سے ٹکرانا۔	ع	تصادم	Tesadüm
باہمی مہربانی۔ شفقت یا معافی۔ باہمی فیاضی۔ چشم پوشی۔ سہو۔ غلطی۔ دومعنی بات کہنا۔ اس طرح بیان کرنا کہ مطلب صاف ظاہر نہ ہو۔	معافی۔ عفو۔	ع	تسامح	Tesamüh

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tesanüd	تسنُد	ع	امداد باہمی۔ یک جہتی۔ آپسی مدد۔	تکیہ لگانا۔ بھروسہ کرنا۔
Tesavi	تساوی	ع	دو چیزوں میں برابری۔ برابری۔	برابری۔ مساوات۔ ہمسری۔ مطابقت۔ برابری اور چیز کا برابر ہونا۔ یکسانیت۔ مشابہت۔
Tesbih/ Tespih	تسبیح	ع	تسبیح۔	تسبیح۔ سو دانوں کی مالا۔ سُبحہ۔ اللہ اللہ کہنا۔ خدا کو یاد کرنا۔ سبحان اللہ کا ورد کرنا۔ ورد۔ وظیفہ۔
Tescil	تسجیل	ع	رجسٹریشن۔ عدالت کے رجسٹر میں درج کرنا۔ ریکارڈ کرانا۔	رجسٹری۔ قاضی کا قبالہ یا تمسک لکھنا۔
Tesdis	تسدیس	ع	چھ حصوں میں تقسیم کرنا۔ چھ گوشوں والا بنانا۔	چھ میں تقسیم کرنا۔ شش پہلو شکل بنانا۔ دو سیاروں کا مظہر جب ان کا فاصلہ ۶۰ درجے کا ہو۔
Teselli	تسلّی	ع	ڈھارس۔ تسلّی۔	ڈھارس۔ خاطر جمع۔ دلاسہ۔ تسکین۔
Teselli-bahş	تسلّی بخش	ع	تسلّی دینے والا۔ ڈھارس بندھانے والا۔ تسکین بخش۔	تسکین بخش۔ غم ہلکا کرنے والا۔ تسلّی دینے والا۔
Teselsül	تسلسُل	ع	سلسلہ وار ہونا۔ زنجیر کی کڑیوں کی طرح ایک دوسرے کے آگے پیچھے ہونا۔ خیالات کا سلسلہ۔ واقعات کا سلسلہ۔ سلسلہ بندی۔ لڑی بندھنا۔ بغیر رکاوٹ کے سلسلہ وار پیچھے چلنا۔	سلسلہ بندی۔ لڑی۔ جاری ہونا۔ رواں ہونا۔
Tesettür	تستُّر	ع	پردہ میں کیا جانا یا چھپایا جانا۔ خود کو پردہ میں کرنا یا چھپانا۔	پوشیدہ ہونا۔ چھپنا۔
Teseül	تسوُل	ع	مانگنا۔ فقیر کی طرح مانگنا۔ بھکاری پن۔ گدائی۔	کسی سے سوال کرنا۔ زبان سے مانگنا۔ کام کو آراستہ کرنا۔ آدمی کی نگاہ میں گناہ اچھے لگنا۔ شیطان کا گناہوں سے آراستہ کرنا۔ سخن آرائی۔ افترا۔
Teshil	تسہیل	ع	آسان کرنا۔ آسان بنانا۔ سہل بنانا۔	آسان کرنا۔ سہل کرنا۔ سہولت۔ آسانی۔
Teshilât	تسہیلات	ع	آسانیاں۔ سہولتیں۔	سہولتیں۔ آسانیاں۔
Teshin	تسخین	ع	گرم کرنا۔	گرم کرنا۔
Teshir	تسخیر	ع	سحر۔ جادوگری۔ فریفتگی۔ سحر کرنا۔ جادو کرنا۔ افسوں کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ بس میں کرنا۔ فتح۔ تابعداری۔ اطاعت۔	گھیرنا۔ محاصرہ۔ تابع کرنا۔ قابو میں لانا۔ فرمانبردار بنانا۔ جن یا پری کو قید کرنا۔ کسی کا دل اپنی طرف مائل کرنا۔ روحانیت کا عمل۔ حاضرات کا عمل۔
Tesir	تاثیر	ع	اثر کرنا۔ اثر ڈالنا۔ نتیجہ۔ اثر۔ تاثیر۔	اثر کرنا۔ سرایت کرنا۔ اثر عمل۔ خاصیت۔ گُن۔ نشان۔ نتیجہ۔ پھل۔
Tesirat	تاثیرات	ع	جمع Tesir کی۔ اثرات۔ نتائج۔	تاثیر کی جمع۔ اثرات۔ نتائج۔ گُن۔
Tesis	تاسیس	ع	بنیاد رکھنا۔ کسی معاملہ کی بنیاد رکھنا۔ جڑ بنانا۔ مضبوط کرنا۔ نیو رکھنا۔ قائم کرنا۔ ادارہ۔ بنیاد۔	جڑ۔ بنیاد۔ مضبوطی۔ علم عروض کی اصطلاح میں وہ الف ساکن جس کے اور روی کے درمیان ایک حرف متحرک واسطہ ہو جیسے ''خاور'' اور ''باور'' کا الف۔ علم معانی کی اصطلاح میں ایک ایسا لفظ لانا جو

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
				پہلے لفظ سے زیادہ معنی رکھتا ہو جیسے علیم وحلیم وحکیم (عُلیم کے معنی جاننے والا اور حکیم کے معنی جاننے اور کرنے والا)
Tesisat	تاسیسات	ع	ادارے۔ تنصیبات۔ صنعتی کارخانے۔ تنظیمات۔ جمع Tesis کی۔	جمع تاسیس کی۔ بنیادیں۔ ادارے۔
Teskin	تسکین	ع	دھیرج۔ سکون۔ راحت۔ آرام۔ سنتوش۔ سنتوش دینا۔ دھیرج دینا۔ ٹھنڈا کرنا۔	تسلی۔ آرام۔ ڈھارس۔ دلاسہ۔ اطمینان۔ افاقہ۔ آرام دینا۔ اصطلاح قواعد میں حرف کو ساکن کرنا۔
Teskiye/ Tezkiye	تزکیہ/تزکی	ع	صفائی۔ ستائش۔ تدفین کے موقع پر مولوی کا مردے کی صفات کے بارے میں لوگوں سے تصدیق کرنا۔ ہتھیار بند کرنا۔	پاک کرنا۔ صاف کرنا۔ پاکی۔ صفائی۔ صدقہ دینا۔ زکوٰۃ دینا۔
Teslim	تسلیم	ع	سپرد کرنا۔ درست بردار کرنا۔ حوالہ کرنا۔ کسی امانت یا جمع شدہ چیز کو اس کی جگہ دینا۔ ادائے قرض۔ سچ ہونے کے بارے میں کہنا۔ تابعداری۔ کسی بحث یا حقیقت کو ماننا۔ کسی چیز کو نئے مالک کو دینا۔ موسیقی میں ابتدا اور ساز کی ساعت کے ہر حصہ کے آخر میں بار بار بجایا جانے والا ٹکڑا۔	سلام کرنا۔ حکم کو ماننا۔ کسی بات کو منظور کرنا۔ سپرد کرنا۔ سونپنا۔ قبول کرنا۔ بندگی۔ کورنش۔
Teslimat	تسلیمات	ع	جمع Teslim کی۔ روپیہ وغیرہ کی قسطیں۔	تسلیم کی جمع مگر اردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے۔ آداب۔ بندگی۔ کورنش۔ سلام۔
Teslis	تثلیث	ع	تین حصے کرنا۔ تین حصوں میں تقسیم کرنا۔ تگنا۔ سہ گنا۔ تین شخصوں کو ملا کر خدا کا تصور۔ تثلیث۔ اس وقت تک ابالنا جب تک دو تہائی حصہ خشک نہ ہو جائے۔	تین حصوں میں تقسیم کرنا۔ مسیحی مذہب کے مطابق خدا کی روحانیت کی تین شاخیں یعنی (۱) باپ (۲) بیٹا (۳) روح القدس۔ نجومیوں کی اصطلاح میں تیسرے گھر کے ستارے کا پہلے گھر کو دیکھنا۔ تین کرنا۔
Tesmiye	تسمیہ	ع	نام رکھنا۔ موسوم کرنا۔	نام رکھنا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم کہنا۔ نامزدگی۔
Tesniye	تثنیہ	ع	صیغہ تثنیہ۔ قواعد میں وہ عدد جو دو اشخاص یا اشیا کے بارے میں استعمال کیا جاتا ہے۔ دوہرا۔	دوگنا کرنا۔ دو کرنا۔ صیغہ جس میں دو کیے جائیں یا دو سمجھے جائیں۔ دو لفظوں والا۔
Tesri	تسریع	ع	جلدی کرنا۔ شتابی۔ تیز رفتاری۔	شتابی کرنا۔ جلدی کرنا۔
Test	ٹیسٹ	انگریزی	جانچ۔ آزمائش۔ ٹیسٹ۔ امتحان۔	جانچ۔ امتحان۔ ٹیسٹ۔
Tesvid/ Tesvit	تسوید	ع	کچا ڈرافٹ۔ کچا ڈرافٹ بنانا۔ سیاہ کرنا۔ کالا کرنا۔	لکھنا۔ تحریر کرنا۔ سیاہ کرنا۔ سیاہی لگانا۔ خاکہ تیار کرنا۔ مسودہ تحریر کرنا۔
Tesvil	تسویل	ع	کسی چیز کو جھوٹے طریقے سے اچھا ظاہر۔ دھوکا۔ فریب۔	آدمی کی نگاہ میں گناہ اچھے معلوم ہوں۔ کسی سے سوال کرنا۔ زبان سے مانگنا۔ کام کا آراستہ کرنا۔ سخن آرائی۔ افترا۔
Tesviye	تسویہ	ع	برابر یا لیول کرنا۔ روپیہ کی ادائیگی۔ حساب	برابر کرنا۔ ٹھیک کرنا۔ سیدھا کرنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			کا طے کیا جانا۔ انتظام۔ بندوبست۔ ریل کا فری پاس وغیرہ جو فوجیوں کو دیا جاتا ہے۔ انتظام کرنا۔ طے کرنا۔	
Teşahhus	تشخّص	ع	ٹھوس شکل اختیار کرنا۔ بیجان چیز کو جاندار ظاہر کرنا۔	تعین پانا۔ معین ہو جانا۔ امتیاز کرنا۔ ممتاز ہونا۔
Teşaub/ Teşaup	تشعّب	ع	شاخ در شاخ کرنے کا عمل۔ دو شاخوں میں بانٹنا۔	شاخ در شاخ ہونا۔ گروہ در گروہ ہونا۔
Teşaur	تشاعُر	ع	اپنے آپ کو شاعر ظاہر کرنا۔	اپنے آپ کو شاعر ظاہر کرنا۔
Teşbih	تشبیہ	ع	مشابہت۔ تمثیل۔ تقابل۔	کسی دوسرے سے مثال دینا۔ تمثیل۔ ایک چیز کو دوسری چیز کے مانند ٹھہرانا۔ مشابہت۔
Teşdid/ Teşdit	تشدید	ع	کوششوں کو دُگنا کرنا۔ کسی حرف صحیح کو دُگنا کرنا۔ تیزی۔ شدت۔ بڑھانا۔ بھڑکانا۔ زیادہ کرنا۔ تیز کرنا۔	سخت کرنا۔ حرف کو مشدد کرنا۔ ایک جنس کے دو حرفوں کو ایک لکھنا اور دو پڑھنا۔ حرف مشدد کی علامت۔ استوار کرنا۔
Teşeddüd	تشدُّد	ع	بھڑکایا ہوا۔ زیادہ شدید یا تشدُّد پر ہو جانا۔ برافروختہ ہونا۔ سخت ہونا۔	جبر۔ زیادتی۔ سختی۔ سختی کرنا۔
Teşehhüt	تشہُّد/تشہد	ع	نماز میں بیٹھ کر التحیات دعا پڑھنا۔	نماز میں بیٹھ کر دعا پڑھ کر۔ کلمہ شہادت پڑھنا۔
Teşekki	تشکّی	ع	شکایت کرنا۔	شکوہ کرنا۔ گلہ کرنا۔
Teşekkül	تشکّل	ع	کسی چیز کی شکل بنانا۔ ترتیب۔ تنظیم۔ ساخت۔ بناوٹ۔ انجمن۔ بنایا جانا۔ منظم کیا جانا۔	کسی چیز کی شکل و صورت پکڑنا۔ خوب صورت ہونا۔ ترتیب اجزاء ہیئت میں ستاروں کی مخصوص وضع و ترتیب۔ اجرامِ فلکی۔ وضع۔
Teşennüc	تشنّج	ع	اینٹھن۔ مڑور۔ پٹھوں کا اپنے آپ اینٹھ جانا۔	اینٹھن۔ جکڑ جانا۔ بدن کے عضو کا اینٹھ جانا۔ کھنچنا۔
Teşettüt	تشتّت	ع	بکھراؤ۔ انتشار۔ پراگندگی۔ بندوبست۔	پراگندگی۔ پریشانی۔ اضطراب۔ گھبراہٹ۔ تتر بتر ہو جانا۔
Teşevvüş	تشوّش	ع	پریشانی۔ ہربڑی۔ انتشارِ حواس یا خیال۔ گھبراہٹ۔	پریشانی۔ متفکر ہونا۔ پریشان ہونا۔
Teşfiye	تشفّی	ع	شفا۔ شفا کرنا۔ تندرست کرنا۔	شفا پانا۔ شفا چاہنا۔ تسکین۔ تسلی۔ دلجمعی۔ ڈھارس۔ اطمینان۔
Teşhir	تشہیر	ع	تلوار وغیرہ کھینچنا۔ پبلک یا عام کرنا یا بدنام کرنا۔ شہرت دینا۔ پبلک کے لیے کھولنا۔ نمائش۔ مشتہری۔ اظہار۔ ظاہر کرنا۔ تضحیک کے لیے کھول دینا۔	شہرت دینا۔ مشہور کرنا۔ کسی کی رسوائی کرنا۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔
Teşhis	تشخیص	ع	شناخت۔ پہچان۔ تشخیص۔ تشخیص کرنا۔	جاننا۔ پہچاننا۔ ٹھہرانا۔ معین کرنا۔ مقرر کرنا۔ جانچنا۔ مرض کا پہچاننا۔ اجارہ لینا۔ تھیٹر میں پارٹ کرنا۔ پہچان۔ شناخت۔
Teşkil	تشکیل	ع	ساخت۔ بناوٹ۔ ترتیب۔ شکل بنانا۔ ترتیب دینا۔ تیار کرنا۔ بنانا۔ تشکیل دینا۔	خاکہ تیار کرنا۔ شکل بنانا۔ صورت بنانا۔ ساخت۔ ترکیب۔ بناوٹ۔ خاکہ بنانا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Teşkilât	تشکیلات	ع	تنظیمیں۔ ترتیبات۔ تنظیم۔ ازسرنوتنظیم۔ جمع Teşkil کی۔ واحد کے صیغہ میں تنظیم۔	جمع تشکیل کی۔ ترتیبات۔ کاروبار کو بڑھانے کے لیے کھولی گئی شاخیں۔ ادارے۔ تنظیمیں۔
Teşne	تشنہ / تشنہ	ف	پیاسا۔ خشک۔ جھلسا ہوا۔ بہت زیادہ خواہش مند۔	پیاسا۔ خواہش مند۔
Teşni	تشنیع	ع	بُرا ظاہر کرنا۔ ملامت کرنا۔	بُرا بھلا کہنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ لعن طعن کرنا۔ طعنہ۔
Teşrif	تشریف	ع	عزت دینا۔ شرف دینا۔ ملاقات کے لیے آنے، پہنچنے و روانہ ہونے کے لیے استعمال کی جانے ولی شائستہ زبان۔ موجودگی کے لیے کسی کو عزت دینا۔	بزرگ بنانا۔ بزرگ رکھنا۔ عزت کرنا۔ بزرگی۔ شرف عزت۔ آنا جانا۔ خلعت۔ بزرگی۔
Teşrifat	تشریفات	ع	پروٹوکول۔ رُسُوم۔ سفارتی راہ و رسم یا آداب۔ وزارتِ خارجہ کا شعبہ جو اِن معاملات سے متعلق ہو۔ سرکاری آداب تہذیب۔	تشریف کی جمع۔ شرف۔ عزتیں۔ خلعت۔ جلوس۔
Teşrih	تشریح	ع	چیر پھاڑ۔ علم تشریح۔ بدن کا علم۔ ایناٹومی۔ باریکی سے جانچ کرنا۔ چیر پھاڑ کرنا۔	بخوبی بیان کرنا۔ شرح کرنا۔ کھولنا۔ تفصیل۔ تفسیر۔ وضاحت۔ طب میں بدن کے اعضا کا علم۔ جسم کی بناوٹ کا بیان۔
Teşrik	تشریک	ع	حصہ دار بنانا۔ پارٹنر بنانا۔ شامل کرنا۔	شریک بنانا۔ ساجھی بنانا۔ شرکت۔ حصہ داری۔
Teşrin	تشرین	ع	پرانے زمانہ میں سال کے دسویں و گیارہویں مہینوں کا مشترک نام۔	بہ زبان رُومی دو مہینوں کا نام ہے۔ پہلا تشرین ماہ کارتک کا اور دوسرا ماہ اگہن سے متعلق۔
Teşrini'-evvel	تشرینِ اوّل	ف	ماہ اکتوبر۔	پہلا تشرین جو تقریباً ماہ اگہن ہندی مہینے کارتک میں ہوتا ہے۔
Teşrini-sani	تشرین ثانی	ف	ماہ نومبر۔	دوسرا مہینہ تقریباً ماہ اگہن کے مطابق ہوتا ہے۔
Teşvik	تشویق	ع	ہمت افزائی۔ ترغیب۔ ہمت افزائی کرنا۔ ورغلانا۔	آرزومندی کرنا۔ شوق دلانا۔ اُکسانا۔ اُبھارنا۔ شوق۔ رغبت۔
Teşviş	تشویش	ع	گھبراہٹ۔ پریشانی۔ انتشار۔ ہربڑی۔ الجھن یا پریشانی میں ڈالنا۔ بے ترتیب کرنا۔ درہم برہم کرنا۔	فکر و تردد۔ پریشانی۔ گھبراہٹ۔ بے قراری۔ بے چینی۔ سوچ۔ فکر میں ڈالنا۔ پریشان کرنا۔
Teşyi	تشیع	ع	مہمان کو رخصت کرنا وغیرہ۔ کسی مہمان کے ساتھ اسے چھوڑنے جانا۔ جنازہ کے پیچھے چلنا۔	مسافر کو راہ تک پہنچانے کو جانا۔ جنازے کے پیچھے چلنا۔
Teşyid	تشیید	ع	مضبوط کرنا۔ مستحکم کرنا۔	مضبوط کرنا۔ گچ اور چونے کے استحکام سے عمارت بنانا۔
Tetabu	تتابع	ع	بے روک تسلسل یا تواتر۔ اضافت سے جوڑے ہوئے الفاظ کا لمبا سلسلہ۔	پے در پے ہونا۔ لگاتار ہونا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tetabuk	تطابق	ع	موافقت۔ مطابقت۔ اتفاق رائے۔ تال میل۔ ہم آہنگی۔ مطابق ہونا۔	مناسبت۔ موافقت۔ مشابہت۔ یکسانی۔ مطابقت۔ میل۔ لگاؤ۔ باہم مطابق ہونا۔
Tetanos	ٹیٹنس/ٹیٹنس	یونانی	ٹیٹنس۔	ٹیٹنس۔
Tetebbü	تتبع	ع	مطالعہ۔ کھوج۔ تفتیش۔ کھوجنا۔ مطالعہ کرنا۔ تفتیش کرنا۔	ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ کسی کی پیروی کرنا۔ تقلید۔ پیروی۔ ریس۔ نقل۔
Tetimmat	تتمات	ع	تتمے۔ ضمیمے۔ لوازمات۔ مشمولہ۔ توصیفی جُز یا حصے۔ معاون۔	بقایہ جات۔ بچے ہوئے۔ آخری حصے۔ ضمیمے۔ کتاب کے وہ زائد حصے جو آخیر میں لگا دیتے ہیں۔ خاتمے
Tetvic/Tetviç	تتویج	ع	تاجپوشی۔ تاجپوشی کیا جانا۔	تاجپوشی۔ تاجپوشی کیا جانا۔
Tevabi	توابع	ع	جمع Tâbi۔ پیروان۔ پیرولوگ۔ پیچھے والے۔ ساتھ چلنے والے۔ ہاتھ کے نیچے انحصار کرنے والے۔	تابع کی جمع۔ ماتحت۔ مطیع۔ فرمانبردار۔ ملازم۔ نوکر۔
Tevafuk	توافق	ع	موافقت۔ راضی نامہ۔ مطابق ہونا۔ معاہدہ۔	موافقت۔ مطابقت۔ یکجائی میل ہونا۔ آپس میں ایک ہونا۔ باہم مدد کرنا۔ موافق ہونا۔ باہم یکجا ہونا۔ علم حساب میں ایسے دو اعداد کا تعلق جن کو تیسرا عدد پورا تقسیم کر سکے۔
Tevaggul	توغل	ع	مشغول رہنا۔	مشغول رہنا۔ پوری مشق کرنا۔ کسی کام میں بہت دل لگانا۔ دُھن۔ لے۔ دُھن سمانا۔ کمال پہنچنا۔
Tevahhuş	توحش	ع	خوف زدہ کیا گیا یا ڈرایا گیا۔ (جنگلی جانور کی طرح) خوفزدہ اور وحشی کیا گیا۔ ڈرانا یا وحشی بنانا۔	وحشی بنانا۔ وحشت کرنا۔ وحشت ہونا۔ وحشت۔ نفرت۔ بھگوڑا ہونا۔
Tevakki	توقی	ع	اپنی نگہبانی یا دیکھ بھال خود کرنا۔ خود اپنا محافظ ہونا۔	نگہبانی۔ پرہیز۔ بچاؤ۔
Tevakkuf	توقف	ع	رُکنا۔ ٹھہرنا۔ دیر کرنا۔ چند روز کے لیے ڈیرا ڈالنا۔ انحصار کرنا۔	دیر کرنا۔ وقفہ کرنا۔ دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل۔
Tevali	توالی	ع	بلا روک یا وقفہ کے تواتر۔ متواتر۔	متواتر۔ پے در پے۔ لگاتار۔ مسلسل۔ مسلسل پیچھے چلنا۔
Tevarih	تواریخ	ع	جمع Tarih کی۔ کتھائیں۔ اتہاس۔ واقعات کی سلسلہ وار تاریخیں۔	گذشتہ وقائع زمانہ کا علم۔ قصے۔ تذکرے۔ واقعات۔ سنوں کا علم۔ تاریخ کی جمع۔
Tevarüd/ Tevarüt	توارد	ع	اتفاق۔ مختلف شاعروں کا بغیر کسی نیت کے ایک ہی ہی نظم کو لکھنا۔ ذہن میں آنے والی اشیا کا بغیر سوچے سمجھے ایک ہی وقت میں ہونا۔	باہم ایک جگہ اترنا۔ شاعری کی اصطلاح میں ایک مضمون کا دو شخصوں کے ذہن میں آنا۔ ایک مصرعہ یا بیت وغیرہ کو بغیر باہمی اطلاع کے موافق نظم ہو جانا۔
Tevarüs	توارث	ع	وارث ہونا۔	ورثہ پانا۔ وارثت۔
Tevatür	تواتر	ع	سُنی سُنائی روایت۔ اتفاق رائے سے مصدقہ رپورٹ۔ زوردار افواہ۔ عام طور سے رواں رپورٹ۔	پے در پے ہونا۔ مسلسل۔ لگاتار۔ سلسلہ۔ تسلسل۔ برابر۔ تابڑ توڑ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tevazu	تَواضُع	ع	عاجزیت۔ انکساری۔ خاکساری۔ خود بینی یا گھمنڈ کی فقدانی۔	فروتنی کرنا۔ عاجز کرنا۔ آؤ بھگت۔ مہمان داری۔ خاطر مدارات۔ خوش اخلاقی سے پیش آنا۔
Tevazün	تَوازُن	ع	برابر وزن کا ہونا۔ ہم وزنی۔ مساوات۔ برابری۔	دو چیزوں کا آپس میں برابر و ہم وزن ہونا۔ موازنہ کرنا۔ تناسب۔
Tavbih	توبیخ	ع	ملامت۔ ڈانٹ۔ پھٹکار۔ ملامت کرنا۔ ڈانٹنا۔ پھٹکارنا۔	سرزنش۔ ملامت۔ جھڑکی۔ طنز۔ ملامت کرنا۔ جھڑکنا۔
Tevcih	تَوجِیہ	ع	مڑنا۔ پلٹنا۔ متوجہ ہونا۔ انتظام کرنا۔ ہدایت دینا۔ کوئی عہدہ دینا۔ تشریح کرنا یا حساب دینا۔ تقرری۔ اپنے الفاظ یا نظروں کو پھیرنا یا موڑنا۔ نامزد کرنا۔	کسی کی طرف منہ پھیرنا اور اچھائی کا بیان کرنا۔ وجہ بتلانا۔ دلیل ہونا یا لانا۔ باعث بتانا۔ وجہ۔ دلیل۔ حلیہ۔ کیفیت۔ سامنے کرنا۔
Tevdi	تَودِیع	ع	کسی کو حفاظت کے لیے حوالہ کرنا۔ کسی معاملہ یا راز کو سپرد کرنا۔ روپیہ جمع کرنا۔ دوسرے کے چارج میں دینا۔ پیش کرنا۔ سپردگی میں دینا۔ خدمات یا پیسے کی پیش کش کرنا۔ ٹینڈر۔	سپرد کرنا۔ وداع۔ رخصت کرنا۔ سونپنا۔
Teveccüh	تَوَجُّہ	ع	مہربانی۔ کرم۔ عنایت۔ شفقت۔ لحاظ۔ خیرخواہی۔ نیک اندیشی۔ توجہ یا رُخ پھیرنا۔ رُخ کرنا۔ (فرض) کسی کے حصہ میں آنا۔	رجحان۔ رغبت۔ میلان۔ رجوع۔ خیال۔ لحاظ۔ مہربانی۔ عنایت۔ کسی آدمی یا چیز کی طرف منہ پھیرنا۔
Teveccühat	تَوَجُّہات	ع	جمع Teveccüh کی۔ مہربانیاں۔ عنایات۔ اِکرام۔ بخشیش۔	جمع توجہ کی۔ مہربانیاں۔ عنایات۔ رجحانات۔
Tevehhüm	تَوَہُّم	ع	بے وجہ ڈرنا۔ پیش بینی کرنا۔ وہم کرنا۔ خیال میں نقشہ باندھنا۔ گمان یا تصور کرنا۔ اس کے بارے میں تصور کرنا جس کا وجود نہ ہو۔	وہم۔ وسواس۔ شک۔ گمان۔ وہم میں ڈالنا۔ وہم کرنا۔ وہم ہونا۔
Tevekkül	تَوَکُّل	ع	ہر شے کو خدا پر چھوڑنا و خدا سے اُمید کرنا۔ سپردگی۔ سپرد کیا ہوا۔	خدا پر بھروسہ کرنا۔ دنیا سے بے نیاز ہونا۔ خدا سے آسرا قائم کرنا۔ اپنے عجز کا اقرار کرنا۔ کسی کو وکیل بنانا۔ اپنے کام کو کسی کے حوالے کرنا۔
Tevellüd/ Tevellüt	تَوَلُّد	ع	پیدائش۔ پیدا ہونا۔ اٹھنا۔ پھوٹنا۔	پیدائش۔ جنم پیدا ہونا۔ زائیدہ ہونا۔
Tev'em	تَوام	ع	جڑواں۔ جوڑہ۔ مشابہ۔ ایک سے۔	جڑواں۔ ایک ساتھ کے پیدا شدہ بچے۔ بُرج جوزا۔
Teverrüm	تَوَرُّم	ع	سوجھن۔ ورم۔ آماس۔ تپ دق۔	سُوجنا۔
Tevessü	تَوَسُّع	ع	وسعت۔ کشادگی۔ پھیلاؤ۔ درازی۔ وسیع یا کشادہ ہونا۔ وسیع یا کشادہ کرنا۔	کشادگی۔ فراخی کرنا۔ فراخ ہونا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tevessül	تَوَسُّل	ع	پہنچ۔ داخل ہونا۔ گھسنا۔ ہاتھ میں ہونا۔ رجوع کرنا۔ آگے بڑھنا۔ کاربند۔ کاروائی کرنا۔	ذریعہ۔ وسیلہ۔ سفارش۔ کسی کی وسیلہ ڈھونڈنا۔ کسی کو درمیان میں ڈالنا۔
Tevezzü	تَوَزُّع	ع	تقسیم۔ بانٹ۔	پراگندگی۔ پریشانی۔ پراگندہ ہونا۔ حصہ لینا۔
Tevfik	تَوفیق	ع	ہدایت۔ (خاص طور سے خدا کی جانب سے) کامیابی۔ مطابقت۔ مناسبت۔ راضی کرنا۔ اختیار کرنا۔	برابر اور موافق کرنا۔ برابر کرنا۔ موافق کر دینا۔ خدا کا بندے کی خواہش کے مطابق نیک اسباب بہم پہنچانا۔ ہدایت۔ رہنمائی۔ خدا کی مہربانی۔ ہمت۔ طاقت۔ حوصلہ۔
Tevfikat	تَوفیقات	ع	جمع Tevfik کی۔ واحد کے صیغہ میں بمعنی خدا کی جانب سے ہدایت و مدد۔	جمع توفیق کی۔ مدد کرنا۔
Tevhid/ Tevhit	تَوحید	ع	ملا کر ایک کرنا۔ ایک ماننا۔ مضبوط کرنا۔ وحدانیت۔ ایک خدا کے ماننے کا عقیدہ۔ جوڑنا۔ ملانا۔	ایک ماننا۔ ایک جاننا۔ خدا کے واحد ہونے پر یقین کرنا۔ وحدانیت۔ یکتائی۔
Tevil	تاوِیل	ع	تفسیر کرنا۔ تشریح کرنا۔ زبردستی کا مطلب۔ تعبیر یا مفہوم سمجھانا۔ تعبیر بتانا۔ اپنے مقصد کی فاطر کسی بات کو گھمانا۔	خواب کی تعبیر کو بیان کرنا۔ کسی چیز کو ظاہر کرنا اور اس کے ایک ہی معنی بیان کرنا مگر مناسبت سے۔ شرح۔ بیان۔ حلیہ۔ عذر بیجا۔ بچاؤ کی دلیل۔
Tevki	تَوقیع	ع	سلطان کے دستخط (طغرا)۔ شاہی فرمان۔	فرمان شاہی جو کسی مضمون مہر پر شامل ہو۔ بادشاہ کا فرمان شاہی پر دستخط کرنا۔ شاہی دستخط۔ شاہی مہر لگا کر دستخط کرنا۔
Tevkif	تَوقیف	ع	گرفتاری۔ کسٹوڈی۔ قید۔ حراست۔ حراست میں رکھنا۔ روکنا۔ حساب میں رقم کاٹنا۔	خبردار کرنا۔ روکنا۔ مال وقف کرنا۔
Tevkil	تَوکیل	ع	اپنا وکیل یا نمائندہ مقرر کرنا۔	وکیل کرنا۔ کسی کام کو کسی شخص پر چھوڑنا۔ مختار کرنا۔ کام سپرد کرنا۔
Tevkir	تَوقیر	ع	عزت۔ احترام۔ احترام کرنا۔ عزت کے ساتھ ویوہار کرنا۔	عزت۔ وقعت۔ تعظیم و تکریم۔
Tevlid/ Tevlit	تَولید	ع	پیدا کرنا۔ جنانا۔ پرورش کرنا۔ بنانا یا پیدا کرنا۔ دائی کی طرح کام کرنا۔ جنم دینا۔	پیدا کرنا۔ جنانا۔ پیداوار۔
Tevliyet	تَولیت	ع	مُتوَلّی کی تقرری۔ مُتوَلّی کا عہدہ۔	انتظام۔ سربراہی۔ نگرانی۔ کسی شخص کو کسی کام کی سپردگی دینا۔ حاکم کرنا۔ حاکم بنانا۔ کسی کام کا خصوصاً مالی معاملات کا ذمہ دار ہونا۔ ذمہ دار کرنا۔ کسی چیز کا خرید کے داموں پر بیچ ڈالنا۔ متولی کا عہدہ کار کن بنانا۔ پیٹھ پھیرنا
Tevrat	تَورات/تَوریت	ع	توریت۔ پیغمبر موسیٰ کی شریعت کی کتاب۔	وہ آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰ پر نازل ہوئی تھی۔ عبرانی۔
Tevris	تَوریث	ع	وارث مقرر کرنا۔	وارث کرنا۔
Tevriye	تَوریَہ	ع	ایک چیز کو دوسری چیز کے پیچھے چھپانا۔ ذُومعنی الفاظ کا استعمال۔	چھپانا۔ کسی چیز کا ارادہ دل میں کرنا اور اس کے خلاف زبان سے ظاہر کرنا۔ دل میں کچھ زبان پر کچھ۔ پہنانا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tevsi	توسیع	ع	کشادگی۔ فراخی۔ درازی۔ وسعت بڑھانا۔توسیع کرنا۔	کشادگی۔وسعت۔فراخ کرنا۔کشادہ کرنا۔وسعت کرنا۔
Tevsik	توثیق	ع	مضبوط یا قابل اطمینان بنانا۔ثابت کرنا۔ تحریری دستاویزات سے ثابت کرنا۔ تصدیق کرنا۔پکّا کرنا۔	مضبوطی۔پختگی۔تصدیق۔مضبوط کرنا۔پکا کرنا۔تصدیق کرنا۔
Tevzi	توزیع	ع	تقسیم۔خطوط کی ڈیلیوری یا سپردگی وغیرہ۔	بانٹنا۔پراگندہ کرنا۔ٹکڑے کرنا۔جمع بندی۔فردلگان۔حلیے کا نقشہ۔
Tevzin	توزین	ع	ہم وزنی۔برابری۔	دو چیزوں کا باہم وزن کرنا۔تولنا۔وزن کرنا۔
Teyakkun	تیقّن	ع	یقین۔اعتقاد۔	یقین۔اعتبار۔یقین ہونا۔اعتبار ہونا۔
Teyakkuz	تیقّظ	ع	جاگتا ہوا۔ بیدار۔ بیداری۔ چوکسی۔ خبرداری۔	بیداری۔بیدار ہونا۔بیدار مغزی۔اپنی یا اپنی قوم کی گری ہوئی حالت کو بہتر بنانا۔
Teyemmüm	تیمّم	ع	پانی نہ ہونے کی صورت میں رسمی طور پر ریت سے وضو کرنا۔خواہش کے ساتھ کسی چیز کو دیکھنا جسے پا نہ سکے۔	پاک کرنا۔طہارت کرنا۔خاک سے وضو کرنا۔پانی کے بجائے مٹی سے ہاتھ اور منہ کا شرع کے مطابق مسح کرنا۔
Teyemmün	تیمّن	ع	مبارک سمجھنا۔خوش قسمتی سمجھ کر خوشی منانا۔	برکت۔کامیابی۔بابرکت ہونا۔
Teyemmü-nen	تیمّناً تیمّناً وتبرّکاً	ع	خوش قسمتی کے طور پر۔تقویٰ اور زہد کے طور پر۔	برکت اور تبرّک کے طور پر۔
Teyid/ Teyit	تائید	ع	تصدیق۔پختگی۔مدد۔تصدیق کرنا۔مضبوط کرنا۔مستحکم کرنا۔زور دینا۔تائید کرنا۔	حمایت۔ مدد۔ طرفداری۔ تقویت۔ مدد کرنا۔استحکام دعویٰ کی دستاویز۔
Tez	تیز	ف	جلد۔جلدی سے۔تیزی سے۔تیزی سے۔ مستعدی سے۔	سرگرم۔مستعد۔گرم۔بدمزاج۔غُصیل۔مضبوط۔شدید۔سخت۔ فوقیت رکھنے والا۔شریر۔شوخ۔(نظر کی صفت میں) باریک بیں۔ دوربیں۔غائر۔بہتر۔جوشیلا۔مہنگا۔گراں۔زخم یا آنکھ میں لگنے والا۔ جلا دینے والا۔تلخ۔چرچرا۔زخم ڈالنے والا۔غالب۔جلد۔شتاب۔ دھار والا۔
Tezad/ Tezat	تضاد	ع	تفاوت۔مقابلہ بہ لحاظ اختلاف۔ناموافقت سے۔مخالفت سے۔	ضد۔مخالفت۔باہم ضد ہونا۔آپس میں ایک دوسرے کا دشمن ہونا۔ نظم یا نثر کی ایک صنف جس میں مخالف الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔
Tezahür	تظاہر	ع	ظاہر ہونا۔ دکھائی دینا۔ عیاں ہونا۔ اپنے آپ کو دکھانا۔ظاہر داری۔نمائش۔	باہم پشتی کرنا۔مددگار کرنا۔آپس میں مدد کرنا۔
Tezauf	تضاعف	ع	دو گنا ہونا۔دو چند ہونا۔	دو گنا ہونا۔دو چند۔
Tezayüd/ Tezayüt	تزاید	ع	بڑھنا۔ افزوں ہونا۔ زیادہ ہونا۔ ترقی۔ بڑھوتری۔بالیدگی۔افزونی۔	زیادہ ہونا۔افزوں ہونا۔بڑھنا۔بڑھوتری۔افزونی۔
Tezebzüb/ Tezebzüp	تذبذب	ع	ہڑبڑی۔گھبراہٹ۔انتشار حواس یا خیال۔ غیر استقلالی۔	ڈبدھا۔تردد کرنا۔بےچینی۔اضطراب۔شک وشبہ۔حیرانی۔کسی چیز کا ہلنا جو ہوا میں لٹکی ہو۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tezekkür	تذکُّر	ع	مباحثہ۔ صلاح مشورہ۔ مباحثہ کرنا۔ صلاح وشورہ کرنا۔ خیال کرنا۔	یاد کرنا۔ یاد آجانا۔
Tezellül	تذلُّل	ع	ذلت۔ خواری۔ اپنے آپ کو گرا دینا۔	عاجزی۔ خوشامد۔ اپنے کو دوسروں سے حقیر و ذلیل جاننا۔ فروتنی وعاجزی کرنا۔
Tezelzül	تزلزل	ع	ایجی ٹیشن۔ کھلبلی۔ جنبش۔ اضطراب۔ جھٹکا۔ ہلچل۔ ہنگامہ۔ ایجیٹیشن۔ ہلا نا یا جانا۔ مغلوب کیا جانا۔	ہلچل۔ گڑبڑ۔ زلزلہ۔ بھونچال۔ لرزش۔ جنبش۔ حرکت کرنا۔ ڈگمگانا۔ کانپنا۔ زلزلہ آنا۔
Tezevvüc	تزوُّج	ع	شادی۔ بیاہ۔ شادی کرنا۔ ازدواج۔	شادی کرنا۔ بیاہ کرنا۔ زوجہ کرنا اور شوہر کرنا۔
Tezeyyün	تزیُّن	ع	خود کو آراستہ کرنا۔	آرائش۔ زیب وزینت۔ سجاوٹ۔ بناؤ سنگار۔ آراستہ ہونا۔ ٹھاٹھ دکھانا۔
Tezhib/ Tezhip	تذہیب	ع	سونا چڑھانا۔ سونے کا ملمع کرنا یا سونے کا کام کرنا۔	سونے کا ملمع کرنا۔ طلائی ملمع کا کام۔ سونے کا پانی چڑھانا۔
Tezkâr	تذکار	ع	ذکر۔ یاد۔ چرچا۔ واقعات کی یادگاری۔ یاد کرنا۔ ذکر کرنا۔	بیان۔ ذکر۔ یاد۔ چرچا۔
Tezkere	تذکرہ	ع	نوٹ۔ یادداشت۔ سرکاری سند یا رسید۔ فوج سے ڈسچارج کیے جانیکے سپاہی کے کاغذات۔ سوانح عمری۔ سرگذشت۔	یادداشت۔ یادگار۔ ذکر۔ چرچا۔ بیان۔ سوانح عمری۔ سرگذشت۔ وہ کتاب جس میں کسی شخص کا حال لکھا جائے۔
Tezkir	تذکیر	ع	یاددلانا۔ یاددہانی کرانا۔ قواعد میں مذکّر کا صیغہ بنانا۔	تذکرہ کرنا۔ یاددلانا۔ نصیحت کرنا۔ مذکّر ہونا۔ مرد ہونا۔ مذکّر کا صیغہ۔
Tezkiye	تزکیہ	ع	صفائی۔ پاکی۔ تعریف۔ مسلمانوں میں دفن کی رسومات کا وہ حصّہ جس میں مولوی موجود لوگوں سے مردے کی اچھی صفات کی تصدیق کراتا ہے۔ کسی کے چال چلن کو ظاہر کرنا۔	پاک کرنا۔ صاف کرنا۔ پاکی۔ صفائی۔
Tezlil	تذلیل	ع	ذلیل کرنا۔ بے عزت کرنا۔	دوسرے کو ذلیل ورسوا کرنا۔ خوار کرنا۔ بے عزت کرنا۔ ذلت۔
Tezvic	تزویج	ع	شادی کرانا۔ شادی سے مرد وعورت کو جوڑنا۔	شادی کرنا۔ بیاہ کرنا۔ نکاح۔ شادی جوڑ الگانا۔ نزدیکی کرنا۔
Tezvir	تزویر	ع	جھوٹ۔ دھوکہ۔ فریب۔ بدخواہ ترغیب۔ جان بوجھ کر غلط بیانی۔	مکر۔ فریب۔ دھوکا۔ جھوٹ۔ دروغ۔ جھوٹ بولنا۔ فریب کرنا۔
Tezyif	تزییف	ع	حقیر سمجھنا۔ تمسخر۔ تضحیک۔ مذاق اُڑانا۔ حقارت سے دیکھنا۔	کھوٹا کرنا۔ روپیہ کا زبوں اور کھوٹا کرنا۔
Tezyil	تذییل	ع	تتمہ یا سپلیمنٹ کے طور پر جوڑنا۔	ایک چیز کو دوسری چیز کا دامن بنانا یعنی اس کے آخر میں لگانا۔
Tezyin	تزئین	ع	سجانا۔ سجاوٹ۔ زیبائش۔	آرائش۔ سجاوٹ۔ بناؤ سنگار۔ زینت کرنا۔ زیبائش کرنا۔
Tezyinat	تزئینات	ع	Tezyin کی جمع۔ سجاوٹیں۔ زیبائشیں۔	تزئین کی جمع۔ سجاوٹیں۔ زیبائشیں۔ آرائشات۔ بناؤ سنگار۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tib/Tip	طِب	ع	طِب۔ علاج کی سائنس۔ دوا کا علم۔ علم حکمت کا وہ جزو جس میں ادویات کی ایجاد و ان کے استعمال کا ذکر ہو۔	حکمت۔ علاج معالجے کا علم۔ ڈاکٹری خاص کر یونانی طریقۂ علاج۔ حکمت کرنا۔ علاج کرنا۔
Tibbî	طِبّی	ع	طِب کا۔ میڈیکل۔	طِب کا۔ یونانی اور ڈاکٹری علاج معالجے سے متعلق۔ طِب سے منسوب۔
Tibbiye	طِبّیہ	ع	حکیموں کا اسکول۔ طِبّی فیکلٹی۔	حکیموں کا اسکول۔ حکیموں کا۔
Tifil	طِفل	ع	بچہ۔ بچکانہ سمجھ کا آدمی۔	بچہ۔ لڑکا۔
Tifillâne	طِفلانہ	ع	بچکانہ۔ بچکانہ طریقے سے۔	بچوں کی طرح۔ بچوں جیسی۔
Tihal	طِحال	ع	تلّی۔	تلّی۔
Tilâ	طِلاء	ع	سونے کے رنگ کی روشنائی۔ روغن۔ پینٹ۔ مرہم۔ مرہم لگانا وغیرہ۔ پوتنا۔	اصطلاح طب میں ایک خاص روغن جو سُستی اور نامردی کو رفع کرنے کے لیے عضو پر ملتے ہیں۔ زر سرخ۔ سونا۔ ملمع کرنا۔ لذت۔
Tılsim	طِلِسم	ع	جادو۔ سحر۔ تعویذ۔	سحر۔ جادو۔ راز۔ جادو کا تماشہ۔ جادو کے خطوط اور نقش۔ وہ ڈراونی شکلیں یا سانپ جو دفینوں پر بنادی جائیں۔ وہ ملک جہاں یہ۔ دگر رہتے ہیں۔
Timar	تیمار	ف	کسی بیمار آدمی یا جانور کی دیکھ ریکھ۔ زخموں کی مرہم پٹی۔ پیڑوں کی کانٹ چھانٹ۔ گھوڑوں کا کھلانا اور سائیسی کرنا۔ پرانے زمانہ میں سلطان کی طرف سے سپاہیوں کو عطا کردہ ایک قسم کی جاگیر یا تعلقہ۔	بیمار کی خبر گیری۔ علاج۔ معالجہ۔ ہمدردی۔ بیمار پرسی۔
Tıynet	طِینیّت	ع	طبیعت۔ مزاج۔ کریکٹر۔	سرشت۔ سبھاؤ۔ عادت۔
Tiraktör	ٹریکٹر	فرانسیسی ر انگریزی	ٹریکٹر۔	ٹریکٹر۔
Tiramway	ٹرام رٹریم	انگریزی	شہر میں لوہے کی پٹری پر چلنے والی گاڑی۔	بجلی یا تیل میں لوہے کی پٹری پر سڑک پر چلنے والی گاڑی۔
Tirandaz/ Tirendaz/ Tirandaz/ Tirendaz	تیر اَندَاز	ف	تیر کا نشانہ لگانے والا۔ خوش اندام۔ چالاک۔ پھُرتیلا۔ بنا ٹھنا۔ خوش پوشاک۔ مقطع۔ حکتی۔	تیر چلانے والا۔ تیر چلانے کا ماہر۔ کماندار۔ قدر انداز۔
Tiransit/ Transit	ٹرانزٹ	فرانسیسی ر انگریزی	مال کا ایک حکومت سے دوسری حکومت کے علاقہ سے گذر۔	گذر۔ روانگی۔ گذرنے کا عمل۔
Tiraş	تَراش	ف	شیو کرنا۔ ڈاڑھی بنانا۔ دو شیووں یا تراشوں کے دوران اُگتے ہوئے بال۔ بور کرنے والی بات۔ جھوٹ بولنا۔ بور کرنا۔ شیخی کرنا۔	کانٹ چھانٹ۔ کتر بونت۔ کسی پھل کی پھانک۔ ڈھنگ۔ طرز۔ آرائش۔ بناؤ سنگار۔ اختراع۔ ایجاد۔ کاٹنے کا ڈھنگ۔ افتخار۔ تاش وگھے کے وہ پتے جو تراشنے کے بعد حاصل ہوں۔ اسمائے فارسی سے مل کر فاعل کے معنی دیتا ہے جیسے سنگ تراش۔

ترکی زبان میں لفظ	اردوزبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردوزبان میں معنی
Tıraşide	تراشیدہ	ف	ہموار کیا ہوا۔ شائستہ (اسٹائل)۔ تراشا ہوا۔	تراشا ہوا۔ چھیلا ہوا۔ کاٹا ہوا۔
Ticaret	تجارت	ع	کاروبار۔ تجارت۔ منافع۔ کامرس۔ ویوپار۔ سوداگری۔	سوداگری۔ ویوپار۔ دوکانداری۔
Tiğ	تیغ	ف	تلوار۔	تلوار۔ شمشیر۔
Tik	ٹیک	ملیالم	ٹیک۔ ایک قسم کی لکڑی۔	ٹیک۔ جنوبی شرقی ایشیا کی ایک قیمتی پائیدار لکڑی۔
Tike	تکا	ت	ٹکڑا۔ جز۔ پارچہ۔ پیوند لگا ہوا۔	
		اردو		گوشت کا ٹکڑا۔ لمبی یا پتلی بوٹی۔ لوتھڑا۔ بچہ۔
Tilâvet	تلاوت	ع	قرآن شریف کا پڑھنا۔	قرآن شریف پڑھنا۔ مطالعہ کرنا۔ پڑھنا۔
Tilmiz	تلمیذ	ع	شاگرد۔ چیلا۔	شاگردی۔ شاگرد ہونا۔
Tim	ٹیم	انگریزی	ٹیم۔	ٹیم۔
Timsah	تمساح	ع	مگرمچھ۔ گھڑیال۔	گھڑیال۔ مگرمچھ۔ نہنگ۔
Timsal	تمثال	ع	تصویر۔ نشان۔ موڈل۔ مثال۔ شبیہ۔ نقل۔	شکل۔ صورت۔ پیکر۔ فرمان۔ شاہی۔
Tir	تیر	ف	تیر۔	بان۔ ناوک۔ مان کا تیر۔ عطارد ستارہ۔ کڑھی۔ طاقت۔ قدرت۔ غصہ۔ ہر شمسی مہینہ کی تیرھویں تاریخ۔ چھت کی سیدھی شہتیر۔
Tirak/ Tiryak	تریاک رتریاق	ع رف	زہرمہرہ۔ مانع زہر دوا۔ دوا جو زہر کے اثر کو ختم کرتی ہے۔	زہرمہرہ۔ زہر کی دوا۔ مُرکّب۔ دوائے مرکب۔ دافع جمیع اقسام زہر اصطلاحاً افیون۔
Tirandaz	تیر انداز	ف	Tirendaz کی رائج شکل لیکن بمعنی بنا ٹھنا۔ مقطع۔ اچھے کپڑے پہننے والا۔ چالاک۔ پھرتیلا۔	تیر چلانے والا۔
Tirdan	تیر دان	ف	ترکش۔	ترکش۔ جس میں تیر رکھیں۔
Tirendaz/ Tirandaz	تیر انداز	ف	تیر چلانے والا۔	تیر چلانے والا۔
Tiren	ٹرین	انگریزی	ٹرین۔ ریل گاڑی۔	ٹرین۔ ریل گاڑی۔
Tirkeş	ترکش	ف	تیر دان۔	تیر دان۔
Tiryak	تریاق	ف	زہرمہرہ۔ مانع زہر۔	زہرہ مہرہ۔ زہر کی دوائی
Tiryaki	تریاقی	ف	تمباکو وافیون وغیرہ کے نشہ کا عادی یا دھتیا۔ بہت زیادہ سگریٹ پینے والا۔ کسی بھی چیز کا عادی۔ تھکانے والا۔ اُکتانے والا۔	افیونی۔
Tiyatro	تیاترر تھیٹر	انگریزی ر یونانی	تھیٹر۔ تماشہ۔ تھیٹر کی عمارت۔	تھیٹر۔ تماشہ گاہ۔ ناچ گھر۔ ناٹک۔ تماشہ۔
Tiz	تیز	ف	ضدی۔ بہادر۔ جری۔ باہمت۔ جوشیلا۔ مہین گانے کا سُر (موسیقی میں)۔	ہوشیار۔ ذہین۔ چالاک۔ بدمزاج۔ شدید۔ سخت جوشیلا۔ آتشیں مزاج۔ مہنگا۔ گراں۔ دھاردار۔ خوب کاٹنے والا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tizreftar	تیز رَفتار	ف	تیزی سے چلنے والا۔	تیزی سے چلنے والا۔ چالاک۔ پھرتیلا۔
Toğrul	طُغرل	ت	بڑے سائز کا شکرا یا باز جو شمالی عرض البلاد میں پایا جاتا ہے۔	ایک شکاری پرندے کا نام جس کو سندی میں بحری کہتے ہیں۔
Tohaf/ Tuhaf	تُحفَہ	ع	غیر معمولی۔ نادر۔ بے مثل۔ عجیب۔ خندہ رو۔ ہنساؤ۔ دلچسپ۔	نادر۔ انوکھا۔ عجیب۔ بہت خوب۔ عمدہ۔ بہتر۔ ہدیہ۔ سوغات۔ نذر۔ پیشکش۔ انعام۔
Tohum	تُخُم	ف	بیج۔ دانا۔ کیڑوں کے انڈے۔ نُطفَہ۔ مَنی۔	بیج۔ دانہ۔ انڈا۔ بیضہ۔ نطفہ۔ گٹھلی۔ اولاد و نسل۔
Ton	ٹَن	فرانسیسی/ انگریزی	ٹَن۔	وزن کا پیمانہ۔ اٹھائیس من کا وزن۔ ٹن۔
Tondura	ٹُنڈرا	انگریزی	ٹُنڈرا۔ شمالی روس میں بغیر پیڑوں کا برف سے ڈھکا ہموار علاقہ۔	ٹنڈرا۔ قطب شمالی سے ملحق شمالی روس میں بغیر پیڑوں کا برف سے ڈھکا میدانی اور ہموار علاقہ۔
Top	تَوپ/تُوپ	ت	توپ۔ گیند۔ توپ کا گولا۔ کسی چیز کا ڈھیر۔ گول چیز۔ کاغذ یا کپڑے کا پورا رول یا تھان۔	توپ۔
Tor	تُور	ف	جال۔ نباتاتی رگ۔	جالی جو اکثر دلہنوں اور بیگمات کی سواری کے پردوں میں لگی ہوتی ہے۔ مچھلی کے شکار کا جال۔ جالی کی پوشش جو پالکی یا پینس پر ڈالتے ہیں۔
Torpido/ Torpito	تارپیڈو	انگریزی	تارپیڈو بوٹ کا مخفف۔	آب دوز مشین جو جہازوں کو تباہ کرتی ہے۔
Torpidobot	تارپیڈ بوٹ	انگریزی	جہازوں کو تباہ کرنے والی تیز رفتار کشتی جس میں تارپیڈو و بارودی سرنگیں لدی ہوتی ہیں۔	تارپیڈو کشتی۔
Töhmet	تُہمَت	ع	الزام۔ کسی پر الزام کا شبہ۔ جُرم۔ قصور۔	عیب لگانا۔ برائی لگانا کسی کی طرف سے بدگمان کرنا۔ الزام۔ بہتان تراشی۔
Töre/ Törü	تُورَہ	ت	رسم۔ رواج۔ قانون۔ رُول۔	قانون۔ دستور العمل۔ رسم و رواج۔ حکم شاہی۔ فرمان شاہی۔ قاعدہ۔
Tövbe	تَوبَہ	ع	کسی جُرم کو دوبارہ نہ کرنے کی قسم۔ پچھتاوا۔ پشیمانی۔ تاسف۔	گناہ سے باز آنا۔ پشیمانی۔ ندامت۔ انفعال۔ افسوس۔ پچھتاوا۔ استغفار۔ کسی بُرے کام سے باز رہنے کا عہد۔
Traktör	ٹریکٹر	فرانسیسی/ انگریزی	ٹریکٹر۔	ٹریکٹر۔
Trignometri Tirigonometri	ٹرگنومیٹری	یونانی	ٹرگنومیٹری۔	علم مثلث۔ ٹرگنومیٹری۔
Trompet	ٹرمپیٹ	فرانسیسی	ٹرمپیٹ۔ تُرہی۔	ٹرمپیٹ۔ ترہی۔ ایک باجے کا نام جو ہوا بھر کر بجایا جاتا ہے۔
Tröst/ Türsot	ٹرسٹ	انگریزی	ٹرسٹ۔	ٹرسٹ۔ امانت۔ انتظام جس کے تحت جائداد کسی دوسرے کے چارج میں اس یقین یا اعتماد کے ساتھ دی جاتی ہے کہ وہ اسے کسی

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
				دوسرے کے فائدے کے لیے استعمال کرے گا و اس طرح کی جائداد جو دوسرے کے زیر اہتمام ہو۔ مصارف کو کم کرنے، پیداوار کا باقاعدہ بندوبست کرنے، کمیشن سے بچنے اور زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کے لیے بہت سی کمپنیوں کو ایک انتظامیہ کے تحت ہونا۔ وقف۔ جائداد جو زیر تولیت ہو۔
Trup	ٹروپ	فرانسیسی	ٹروپ۔تھیٹر کی کمپنی۔	ڈرامہ کھیلنے والوں، اداکاروں، ناچنے والوں اور قلابازوں کی کمپنی۔
Tu/Tü/ Tuh/Tüh	ٹو/تھو	ت	باعث شرم۔نفرت اور کراہیت ظاہر کرنے کے لیے استعمال کیا جانے والا حرف ندا۔	______
	تھو	ہندی	______	تھُ۔لعنت۔
Tuba	طوبیٰ	ع	بہشت میں ایک درخت جس کی جڑیں آسمان میں اور پتے زمین میں ہونے بتائے جاتے ہیں۔خوشی۔خوش قسمتی۔	بہشت کے ایک درخت کا نام جس کی ایک ایک شاخ کل بہشتیوں کے مکان پر ہوگی اور ایک شاخ سے طرح طرح کے میوے اور خوشبوئیں حاصل ہوں گی۔نہایت خوشبودار۔خوشگوار۔نفیس۔نہایت پاک۔
Tufan	طوفان	ع	زبردست وتیز بارش۔ سیلاب۔ حضرت نوح کے زمانہ میں زبردست بارش جس سے پوری دنیا بارش سے بھر گئی تھی۔	شدید بارش۔سخت اور شدید آندھی۔ شور۔ غل۔ پانی کا سیلاب جو ڈبو دے۔ ہر چیز جو بہت غالب ہو اور کل کو گھیر لے۔ آفت۔ ماتم۔کہرام۔فساد۔جھگڑا۔
Tufeyli	طوفیلی/طوفیلیا	ف/ع	پچھلگو۔ خوشامدی۔ٹٹو۔ چاپلوس۔ طوفیلیا۔	دوسروں کی بدولت گذارا کرنے والا۔ پچھلگو۔ بن بلایا مہمان۔ دوسروں کے سر سے کھانے والا۔
Tufuliyet	طفولیت	ع	بچپن۔صغیر سنی۔	لڑکپن۔بچپن۔بال پن۔
Tuğ	ٹوغ	ت	کلغی۔تحفہ امتیاز۔ چوٹی۔ تاج۔ پروں سے بنائی گئی کلغی۔ پرانے زمانے میں بادشاہوں اور وزیروں کی ٹوپی میں کلغی کی طرح لگائے پر۔	فوج کا نشان اور علم۔
Tuğra	طغرا	ت	خطِ طغرا۔ بادشاہ کے زمانہ میں بعض رسمی کاغذات کے اوپر کے طرف یا سکوں پر چھپی ہوئی و بادشاہ کے نام کی پیچیدہ حروف میں لکھی ہوئی علامتی تحریر۔اس دفتر کا ملازم جہاں خطِ طغرا دستاویز پر چھاپا جاتا ہے۔	عربی رسم الخط میں پیچیدہ حرفوں میں لکھی جانے والی ایک قسم کی فن کارانہ اور خوبصورت تحریر۔مہر یا انگوٹھی پر کھدی ہوئی خوبصورت تحریر۔
Tuğyan	طغیان	ع	حدود کو توڑنا۔سیلاب کا آنا۔پانی کا حد سے اوپر بہنا۔ بغاوت۔ ملازم کا حکم عدولی کرنا۔حکم عدولی۔	حد سے گزر جانا۔زیادتی۔کثرت نافرمانی۔ظلم۔
Tul	طول	ع	لمبائی۔درازی۔طول البلد۔	درازی۔لمبائی۔وسعت۔پھیلاؤ۔طویل۔بڑا۔
Tulânî	طولانی	ع	لمبائی میں۔طول البلدی۔	لمبا۔دراز۔منسوب بہ طول۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Tulen	طولاً	ع	لمبائی کے حساب میں۔لمبائی کے مطابق۔ لمبائی میں۔	لمبائی میں۔درازی۔
Tulû	طلوع	ع	ستارہ یا سورج کا نکلنا۔ظاہر ہونا۔دانت کا نکلنا۔خیال کا ذہن میں ہونا۔	ستارے،سورج وچاند کا نکلنا۔ظاہر ہونا۔باہر نکلنا۔بلند ہونا۔
Tumturak	طمطراق	ع	لفاظی۔مبالغہ آمیزی۔نمائشی بول چال۔	کروفر۔شان وجمال۔شان وشوکت۔دھوم دھام۔رعب داب۔غرور۔تکبّر۔
Tunus	تیونس	ع	تیونس شہر۔	تیونس۔
Tur	ٹور	فرانس/ انگریزی	ٹور۔سیر۔گلگشت۔	سیر۔دورہ۔گشت۔سیر کرنا۔
Tura	تورہ	ت	طغرا۔شاہی خفیہ نویسی۔ریشم وغیرہ کا لچھا۔ایک کھیل جو گرہ لگے رومال سے کھیلا جاتا ہے۔	قانون۔طریق۔رسم ورواج۔دستور العمل۔مجازاً وہ قانون جو چنگیز خاں نے وضع کیا تھا۔حکم شاہی۔فرمان شاہی۔حکم شدید شاہی۔
Turanî	تُورانی	ت	تُوران سے متعلق۔	تُوران سے متعلق۔تورانی۔
Turhan	تُرخان	ف	سردار۔رئیس۔شریف۔شہزادہ۔	چغتائی قوم کا رئیس۔سردار۔شریف۔مسخرہ۔وہ شخص جس کو بادشاہ نے مواخذہ عدالت سے بری کر دیا ہو۔
Turp	تُرب	ع	مُولی۔	مُولی۔
Turre	طُرّہ	ف	کسی رگ،تاردار یا باریک چیز کا گولا۔ریشم کے کوئے کا گولا۔بالوں کی لٹ۔کاکل۔زُلف۔	زُلف۔پیشانی کے بال۔مکان کا چھجا۔سر کے بالوں کی لٹ۔کاکل۔وہ پھندنا جو پگڑی کے اوپر لگاتے ہیں۔پگڑی کے اوپر کا سرا جو ابھار رہتا ہے۔جانوروں کی کلغی۔منڈیر۔کوئی پیچ دار چیز۔کوڑا۔تازیانہ۔اضافہ۔علاوہ۔انوکھی بات۔عمدگی۔خوبی۔جال۔پھندا۔بھنگ کی چسکی یا گھونٹ۔پھولوں کی لڑیوں کا لچھا جو دولہا کے کان کے پاس لٹکاتے ہیں۔سبز و نازک شاخیں جو شمشاد کے درخت سے نکل کر نیچے لٹکتی ہیں۔ایک قسم کا سرخ و زرد پھول۔کسی چیز کا بہترین حصہ۔غالب۔بڑھ کر۔سبقت لے جانا۔عجیب۔انوکھا۔
Turşu	طرشو/طرشی/تُرشی	ف	اچار۔	اچار۔کھٹائی۔تُرشی۔
Turuk	طُرق	ع	جمع Tarik کے۔راستے۔راہیں۔	جمع طریق کی۔راستے۔راہیں۔
Turunc/ Turunç	تُرنج	ف	نیبو کے پیڑ کی قسم کا ایک درخت و اس کا پھل۔	ایک قسم کا بڑا نیبو۔چکوترا۔کارچوبی کام کے پان کی شکل جو شال وغیرہ کے کونوں پر بنا دیتے ہیں۔
Turup	ٹُروپ	فرانسیسی/ انگریزی	کھیل دکھانے والوں کی ٹیم۔	ٹیم۔ٹروپ۔فوج کے ۶۰ یا ۸۰ سواروں کی جماعت۔
Tutı	طوطی	ف	طوطا۔	طوطا۔ایک خوش آواز چھوٹا پرند۔
Tutya	طوطیا	ع	زنک۔جستہ۔	طوطیا۔نیلا تھوتھا۔سرمہ۔
Tuvalet	ٹوائلیٹ	فرانسیسی	پاخانہ۔ٹوائیلٹ۔ٹوائلیٹ کی میز۔	پاخانہ۔ٹوائلیٹ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			نہانے، ڈاڑھی بنانے وکپڑے پہننے کی طرح لوگوں کے ملنے جلنے کے لیے ضروری تیاریاں۔ عورتوں کی بال ورم کی طرح رات کی مجالس میں بغیر بازو کی، سینہ کھلی ولمبے دامن کی پوشاک۔	
Tuvana/ Tüvana	توانا	ف	طاقتور۔	طاقتور۔صاحب قوت۔
Tuyur	طُیُور	ع	جمع Tayir کی۔ چڑیاں۔ پرندے۔	جمع طائر کی۔پرندے۔چڑیاں۔
Tüb/Tüp	ٹیوب	انگریزی	ٹیوب۔ایک طرف سے بند شیشے کی نلکی۔	ٹیوب۔نلکا یا نلکی۔نال یا نالی۔
Tüber-küloz	ٹیوبر کلوسز	فرانسیسی	تپ دق۔	تپ دق۔
Tüccar	تُجّار	ع	جمع Tacir کی۔ واحد کی طرح استعمال میں بمعنی تجارت کرنے والا۔سوداگر۔	جمع تاجر۔سوداگر۔
Tüfek	تُفَک	ع	بندوق۔رائیفل۔	بندوق۔
Tül	ٹُول/ٹُوبل	فرانسیسی/ انگریزی	روئی یا ریشم کا باریک و ہلکا کپڑا۔	دُسوتی کی طرح کا سوتی کپڑا۔
Tümen	تُمَن	ت	زیادہ تعداد۔ بڑا ڈھیر۔ دس ہزار۔ ایرانی سونے کا سکہ۔فوج کا ڈویژن۔	تومان کا مخفف۔رسالہ پلٹن۔سو سو سواروں کا دستہ۔ایک طلائی سکہ۔ دس ہزار۔
Tümör	ٹیومر	انگریزی	گلٹی۔پھوڑا۔ٹیومر۔	گلٹی۔پھوڑا۔
Tünel	ٹیونل	انگریزی	سُرنگ۔	سُرنگ۔
Türab	تُراب	ع	مٹی۔زمین۔خاک۔	مٹی۔زمین۔خاک۔
Türbe	تُربت	ع	قبر۔مزار۔مرقد۔	قبر۔گور۔مزار۔
Türk	تُرکْ	ف	تُرک۔تُرکی۔	تُرک۔تاتار یا ترکستان کا باشندہ۔یافث بن نوح کے ایک بیٹے کا نام جن سے ترکوں کا سلسلہ چلنا کہا جاتا ہے۔معشوق۔سپاہی۔بہادر۔ مسلمان۔
Türkiyat	تُرکیات	ع	تُرک چیزوں کا مطالعہ یا علم۔	ترکی زبان وادب کا علم۔
Türrühat	تُرّہات	ع	بیہودہ باتیں۔لغو۔	باطل چیزیں۔بیہودہ باتیں۔
Türkmen	تُرکمان	ت	جنوبی مغربی ایشیا میں رہنے والی ترکوں کی ایک نسل کا نام۔	ترکوں کی ایک قوم کا نام۔
Tütün	تُتُن	ف	تمباکو۔دھواں۔	تمباکو۔
Tüvan	تُواں	ف	طاقت۔قوت۔	زور۔قوت۔قدرت۔طاقت۔بل۔ہمت۔

■✥■

U/(u)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ubudiyet	عُبُودِیّت	ع	خدا کی فرمانبرداری۔ غلامی۔ تابعداری۔ اطاعت۔	بندگی۔غلامی۔اطاعت۔عبادت۔
Ubur	عُبُور	ع	گذرنا۔ گذر جانا۔ راستہ۔ کراسنگ۔ پار کرنے کی جگہ۔ کراس کرنا۔	راہ سے گذر جانا۔ پل کے پار جانا۔ دریا کو پار کرنا۔ کُتب یا مسائل وغیرہ پر حاوی ہونا۔ خوب مہارت کرنا۔ اترنا۔
Uc	اُوج	ع	سِرا۔ نقطہ۔ سیما۔ آخری حد۔ سب سے اونچا سِرا۔ سمت۔ سبب۔ مقصد۔	بلندی۔ اونچائی۔ عروج۔ بلند اقبالی۔ رفعت۔
Ucube	اُعجُوبہ	ع	عجیب وغریب شے۔ معجزہ۔ تجسُّس۔ راز۔ خوبی۔ تحفہ۔ گربھ پات۔ غیر فطری پیداوار۔ اسقاط۔	عجیب چیز۔ انوکھی شے۔ حیرت میں ڈالنے والی شے۔
Ud/Ut	عُود	ع	تنبور۔ بین۔	ایک قسم کا ساز۔ بربط۔ سیاہ رنگ کی ایک خاص لکڑی جو جلانے سے خوشبو دیتی ہے۔ اگر۔
Udî	عُودی	ع	بین بجانے والا۔ تنبور بجانے والا۔	وہ سیاہ رنگ جو مشابہ عود لکڑی کے ہو اور یہ رنگ سیاہ اور مائل بہ سفیدی اور سرخی ہوتا ہے۔ سیاہ رنگ کا ریشمی کپڑا۔ منسوب بہ عود۔
Uf	اُف	ع	حرف ندا جو بوریت، پریشانی یا تھکن کے اظہار کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	آہ۔ اوہ (حیرت کے لئے۔ درد یا رنج کے لیے۔ افسوس (تأسف کے لیے)۔ اور کسی چیز کی زیادتی ظاہر کرنے کے لیے بھی بولا جاتا ہے۔
Ufkî	اُفقی	ع	اُفق کے متوازی۔ سطح کے ہموار۔ پٹ۔	اُفق سے متعلق۔ اُفق کے قریب۔ اُفق کے متوازی۔ چپٹا۔ مسطح۔
Ufuk	اُفق	ع	دائرہ۔ اُفق۔ زمین اور آسمان کے ملنے کی ظاہری جگہ۔	وہ جگہ جہاں زمین اور آسمان ملے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ آسمان کا کنارہ۔
Ufûl	اُفُول	ع	ڈُباؤ۔ سورج کا غروب وغیرہ۔ کسی کا فوت ہونا۔	ڈباؤ۔ غروب۔
Ufunet	عُفُونت	ع	بدبو۔ سڑن۔ سوزش۔ جلن وسوجن۔ آشوب۔	بدبو۔ سڑاند۔ گندگی۔
Uhde	عُہدہ	ع	ذمہ داری۔ چارج۔ ڈیوٹی۔ فرض۔	ذمہ داری۔ رُتبہ۔ منصب
Uhrevi	اُخرَوی	ع	آنے والی دنیا یا اگلے جہان سے متعلق۔	آخرت کی بات۔ اگلے جہان کے متعلق۔
Uhud	عُہُود	ع	جمع Ahid کی۔ معاہدے۔ کنٹریکٹ۔ عہدوپیمان۔	وعدے۔ پیمان۔ قول وقرار۔ معاہدے۔ عہد کی جمع۔
Uhuvvet	اُخوت	ع	برادرانہ جذبات۔ محبت۔	برادری۔ بھائی بندی۔ بھائی چارہ۔
Ukab	عُقاب	ع	شِکرہ۔ باز۔ ایک بُرج کا نام۔	شکرہ۔ باز۔ کیمیاگروں کی اصطلاح میں نوشادر۔ اونچی جگہ۔ حضرت محمد صاحب کا ایک جھنڈا۔ ڈورا جو لٹکانے کے لیے کان میں ڈالیں۔ ہر چیز جو بلند ہو۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Ukalâ	عُقَلَا	ع	جمع Âkil کی۔ درویش لوگ۔ عقلمند لوگ۔ (واحد کے صیغہ میں) اپنی علمیت کی شیخی مارنے والا۔ گستاخ شخص۔	عاقل کی جمع۔ دانش وران۔ سمجھ دار لوگ۔ عقلمند لوگ۔
Ukba	عُقبےٰ/عُقبیٰ	ع	دوسری دنیا۔	آخرت۔ دوسری دنیا۔ عاقبت۔
Ukde/ Ukte	عُقدہ	ع	گرہ۔ گانٹھ۔ اندر سے سخت۔ کسی پٹھے یا رگ میں گلٹی یا سُوجن۔ کسی پٹھے کا بڑا ہونا۔ نسوں کے عمل کا کوئی خاص مرکز۔ اندر کا پھوڑا۔ گھاؤ والی چیز۔ جو گلے میں اٹکتا ہو۔	گرہ۔ گانٹھ۔ مشکل بات۔ پیچیدہ بات۔ معمہ۔ راز۔ بھید۔
Uknum	اُقنُوم	ع	جڑ۔ بنیاد۔ اصل۔ تثلیث۔ تین کا ملک کر خدا ہونا اور ان میں خدائیت کے جز۔	ہر چیز کی اصل بنیاد۔ دین مسیح میں خدا کے ہر جز باپ، بیٹے اور روح القدس میں سے ہر ایک کو اقنوم کہتے ہیں۔ عیسائی مذہب کی ایک کتاب۔
Ukubet	عُقُوبَت	ع	سزا (خاص طور سے دوسری دنیا میں)۔ اذیت۔ عذاب۔	عذاب۔ دُکھ۔ سزا۔
Ukul	عُقُول	ع	جمع Akil کی۔ دانائیاں۔ عقلیں۔	جمع عقل کی۔ دانائیاں۔ عقلیں۔
Ulâ	اُولیٰ	ع	پہلا۔ سب سے پہلا۔ سب سے اوّل۔	بہتر۔ سب سے اچھا۔ اچھا۔
Ulak	اُلاق/اُلاغ	ع	خبر لے جانے والا۔ کوریئر۔	چھوٹی کشتی۔ ڈاک کا گھوڑا۔
Ulema/ ülema	عُلَما	ع	جمع Âlim کی۔ عالم لوگ۔ اسلامی دینیات کے ماہر۔	عالم کی جمع۔ عالم فاضل لوگ۔ اسلامی دینیات کے ماہر۔ علما۔
Ulu	اُولُو	ع	مالک۔ صاحب۔ بڑا۔ بڑا آدمی۔	مالکان۔ قابضان۔ صاحبان۔ بہتر۔
Ululemir	اُولُو الامر	ع	حکمراں۔	صاحبانِ حکم۔ بااختیار لوگ۔ بادشاہ۔
Ulûm	عُلُوم	ع	جمع Ilim کی۔ علم۔ حکمتیں۔ سائنس۔	جمع علم کی۔ حکمتیں۔ ہنر۔ فنون۔
Ulus	اُلُوس	ت	دوسرے گروہوں سے زبان، ثقافت و کلچر اور فکر و عمل کے لحاظ سے الگ گروہ یا قبیلہ خاص طور سے چار تورانی قبائل میں سے ایک۔ قوم۔ گروہ۔ لوگ۔	قوم۔ تُرک۔
Ulüv	عُلُو	ع	(مرکبات میں) بزرگی۔ عظمت۔ بڑائی۔ بلندی۔	بلندی۔ اونچائی۔ برتری۔ رفعت۔
Ulüvvühi-mmet	عُلُوہمّت	ع	بلند آرزوئیں۔ اونچی تمنائیں۔	عالی ہمتی۔ ارادے کی بلندی۔ بلند ہمتی۔
Ulvî	عُلوی	ع	اعلیٰ۔ اونچا۔ فلکی۔	فلکی۔ اعلیٰ درجہ کا۔ ستارہ۔ آسمانی۔ فرشتہ۔ ملک۔
Ulviyet	عُلوِیّت	ع	برتری۔ بلندی۔ عظمت۔ شرافت۔	بلندی۔ رفعت۔
Umde	عُمدہ	ع	سہارا۔ پایہ۔ ٹیک۔ روک۔ اصول۔ وہ شخص جو کسی ادارہ یا مقصد میں کلیدی حیثیت کا حامل ہو۔	وہ جس پر اعتماد کیا جائے۔ کمیٹی۔ مجلس۔ نفیس۔ تحفہ۔ معتمد۔ اعتماد۔ ستون۔ تجربہ۔ اول درجے کا۔ اعلیٰ۔ خالص۔ منتخب۔ سردار۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Umk	عُمق	ع	گہرائی۔موٹائی۔	گہرائی۔اتھاہ۔تہہ۔
Umman	عُمّان	ع	سمندر۔بحر ہند۔	سمندر۔جنوبی مشرقی عرب میں واقع ایک ملک کا نام۔
Umran	عُمران	ع	اچھی حالت میں اور ٹھیک طرح تعمیر شدہ مکان۔اچھی طرح مزروعہ وخوشحال علاقہ۔ خوشحال۔ترقی یافتہ۔زمین کی اچھی حالت اور خوشحالی سے متعلق۔	سوسائٹی سے متعلق۔انسانوں کی آبادی سے متعلق۔
Umud/ Umut	عُمود	ع	اُمید۔آرزو کی ہوئی شے۔اُمید سے پیدا اندرونی خوشی۔	ستون۔تھم۔کھمبا۔چوب خیمہ۔خط مستقیم جو سیدھے خط پر واقع ہو اور زاویہ قائمہ بنائے۔
Umum	عُموم	ع	عالمگیر۔عام۔تمام۔کُل۔عام لوگ۔جملہ عوام الناس۔پبلک۔	عام۔عام ہونا۔سب جگہ ہونا۔بیشتر۔بہت۔سرسری طور۔
Umumen	عُموماً	ع	عام طور سے۔	عام طور پر۔اکثر۔بیشتر۔
Umumî	عُمومی	ع	عام طور سے۔خلقت یا عام آدمی سے متعلق۔عام۔	اکثر و بیشتر۔عام۔منسوب بہ عموم۔عموم کا۔عموم کی۔
Umumiyet	عُمومیّت	ع	عام۔عالم گیریت۔کلّیت۔	عالم گیریت۔عام ہونا۔
Umur	اُمُور	ع	جمع Emir کی۔کام۔معاملات۔خاص یا اہم باتیں۔واسطہ۔سروکار۔	جمع اَمر کی۔بہت سے کام۔بہت سی باتیں۔
Unf	عُنفُ	ع	سختی۔دُرشتی۔تشدّد۔	تندی۔سختی۔دُرشتی۔
Unfuvan	عُنفُوان	ع	اُٹھتی جوانی یا خوبصورتی۔نوخیزی۔عالمِ شباب۔	آغاز جوانی۔خوبصورتی۔تازگی۔آغاز۔ہر شے کا اوّل۔شروع۔
Unk	عُنق	ع	گردن۔	گردن۔
Unsur	عُنصر	ع	تت۔مادّہ۔جُز۔حصّہ۔ٹکڑا۔جزٔ۔	اصل۔بنیاد۔اصلی جُز۔طبیبوں کی اصطلاح میں پانی،فلک اور آگ میں سے ہر ایک۔منفرد چیز۔وہ چیزیں جو مرکّب نہ ہوں۔
Unsurî	عُنصُری	ع	بنیادی۔اصولی۔غیر مرکّب۔اصلی۔	منسوب بہ عنصر۔بنیادی اجزا سے متعلق۔
Unvan	عُنوان	ع	خطاب۔خط پر پتہ۔پریڈ۔شو۔غرور۔بالائی تحریر۔سرنامہ۔	سرنامہ۔سُرخی۔ہر چیز کا دیباچہ۔خط کا پتہ۔آغاز۔شروع۔فصل۔باب۔سبب۔وجہ۔طور۔طریق۔ڈھنگ۔
Uruc	عُروج	ع	اونچائی۔چڑھائی۔اُٹھان۔چڑھاؤ۔بلندی۔اوپر چڑھانا۔	بلندی۔اونچائی۔ارتقا۔
Uruk	عُروق	ت/ع	Irk کی جمع۔تخم۔نسل۔سلسلہ۔قبیلہ۔خاندان۔	عرق کی جمع۔نسلیں۔درخت کی جڑیں۔بدن کی باریک رگیں۔
Uryan/ Üryan	عُریان/عُریاں	ع	ننگا۔برہنہ۔	ننگا۔برہنہ۔
Usat	عُصَات	ع	جمع Asi کی۔نافرمان۔مجرم۔تقصیروار۔باغی۔	جمع عاصی کی۔گناہگار لوگ۔مجرم۔خطاکار۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Usta	اُستاد	ت	کسی کام یا فن کا ماہر۔ ماہر کاریگر۔ ماہر۔ فورمین۔ اورسیر۔ ہنر مند۔ چالاک۔ تجربہ کار۔ پرانے زمانہ میں رکھیل عورتوں یا ملازمین کی دیکھ بھال کرنے والی عورت۔ کاریگروں کے نام کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے جیسے Mehmet Usta بمعنی محمد استاد۔	معلم۔ گرو۔ ماسٹر۔ کامل فن۔ چالاک۔ مشاق۔ پٹے باز۔ سکھانے والا۔ تجربہ کار۔
Ustura	اُسترہ	ف	بال مونڈنے کا اوزار۔ استرہ۔	استرہ۔ بال مونڈنے کا اوزار۔
Usul	اُصول	ع	راستے۔ طرز۔ بنیادی اصول۔ قاعدے۔ طریقے۔ دستور۔ (بطور واحد) میتھڈ۔ سسٹم۔ قاعدہ۔ دستور العمل۔ پروسیجر۔ (موسیقی) وقت۔ آہستگی سے۔ ملائمت سے۔ خاموشی سے۔ توجہ سے۔ جمع Asıl کی۔	جمع اصل کی۔ جڑیں۔ قاعدے۔ بنیادیں۔ ڈھنگ۔ طور وطریقہ۔ دستور۔
Uşşak	عُشّاق	ع	جمع Âşık کی۔ چاہنے والے۔ درویش۔ گھوم پھر کر گانے والے۔ ترکی موسیقی میں ایک راگ۔	جمع عاشق کی۔ چاہنے والے۔ عشق کرنے والے۔ ایک راگ کا نام۔
Utarid/ Utarit	عُطارِد	ع	سیارہ عُطارِد یا بدھ۔	ایک ستارے کا نام۔ عطارد۔ بدھ۔ دبیر فلک کیمیاگروں کی اصطلاح میں جست۔
Utopia	یُوٹوپیا	یونانی	خیالی۔ قیاسی۔ خیالی پروجیکٹ۔	خیالی۔ خیالی حکومت۔ مثالی مقام یا معاشرت۔
Utufet	عُطوفیت	ع	مہربانی۔ نیک اندیشی۔ کرم۔	مہربانی۔ شفقت۔ کرم۔ نوازش۔
Uygur	اُویغُر	ت	ترکوں کا ایک فرقہ یا نسل یا اس فرقہ کا کوئی بھی فرد۔	ترکوں کا ایک فرقہ اور اس فرقہ کا کوئی بھی شخص۔
Uyun	عُیُون	ع	جمع Ayn کی۔ آنکھیں۔	جمع عین کی۔ آنکھیں۔ پانی کے چشمے۔
Uzlet/ Üzlet	عُزلت	ع	گوشہ نشینی۔ تنہائی۔ عبادت کے لیے گوشہ نشینی اختیار کرنا۔	گوشہ نشینی۔ خلوت۔ تنہائی۔ اعتکاف۔
Uzma	عُظماء، عُظمیٰ	ع	جمع Azim کی۔ بزرگ لوگ۔ بہت بڑے۔ سب سے بڑے۔ بہت عظیم۔	جمع عظیم کی۔ بزرگ لوگ۔
Uzuv	عُضو	ع	جسم کا حصہ۔ کسی تنظیم یا انجمن کا ممبر۔ بازو۔	بدن کا حصہ۔ ممبر۔ رُکن۔ جسم۔ بدن۔ جوڑ۔ بند۔ بدن کا ٹکڑا۔ اندام۔
Uzvî	عُضوِی	ع	عُضو سے متعلق۔ کسی تنظیم کے رُکن سے متعلق۔	اعضاء سے متعلق۔ عُضو سے منسوب۔

Ü/(ü)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Übüvvet	اُبُوّت	ع	پدریت۔ پدری رشتہ۔	پدری۔ باپ ہونا۔
Ücret	اُجرت	ع	تنخواہ۔ مزدوری۔ ڈاک و تار کا صرفہ۔ ریل کے ٹکٹ کی قیمت۔	بدلہ۔ صلہ۔ مزدوری۔ محصول۔ کام کا عوض۔ حق الخدمت۔ نقد مزدوری۔
Ücurat	اُجرات	ع	جمع Ücret کی۔ تنخواہیں۔ فیسیں وغیرہ۔	جمع اُجرت کی۔ مزدوریاں۔ حق الخدمات وغیرہ۔
Üdeba	اُدبا	ع	جمع Edib کی۔ فاضل۔ علم سے منسوب لوگ۔ عالم اور ادیب لوگ۔	ادیب کی جمع۔ ادب سکھانے والا۔ انشا پرداز لوگ۔ شعرا۔ نثار۔
Üftade	اُفتادہ	ف	گرا ہوا۔ پریشانی میں۔ غش میں مبتلا۔ برباد۔ اوندھا پڑا ہوا۔	گرا پڑا۔ درماندہ۔ بغیر جوتی ہوئی ناکارہ زمین۔ غیر مزروعہ زمین۔
Üful	اُفول	ع	ڈوبنا یا غروب ہونا۔ نیستی۔ فنا۔ موت۔	ڈباؤ۔ غروب۔
Ülfet	اُلفت	ع	دوستی۔ بے تکلفی۔ اُنسیت۔ بے تکلفانہ ربط ضبط۔	دوستی۔ پیار۔ محبت۔
Ülûhiyet	اُلوہیّت	ع	خدائیت۔	خدائی۔ خداوندی۔ ربّانیت۔ معبودیت۔ شان خداوندی۔
Ümem	اُمم	ع	جمع Ümmet کی۔ مذہبی فرقے۔ عوام۔ قومیں۔	جمع اُمّت کی۔ امتیں۔ آدمیوں کے گروہ۔
Ümera	اُمَرا	ع	جمع E m i r کی۔ سرادر۔ محکموں کے افسران۔	جمع امیر کی۔ رئیس۔ سردار۔ مالدار۔ دولت مند لوگ۔ معزز۔
Ümid/Ümit	اُمید	ف	توقع۔ آس۔ آشا۔	آرزو۔ آس۔ توقع۔ حمل۔
Ümidgâg	اُمید گاہ	ف	شخص یا چیز سے امید وابستہ ہونا۔	امید کی جگہ۔ جس پر امید کا دارومدار ہو۔
Ümidvar	اُمید وار		امید رکھنے والا۔ پُر امید۔ آرزومند۔	امید رکھنے والا۔ آرزومند۔ خواہش رکھنے والا۔ آئندہ بھروسے پر کام کرنے والا۔
Ümmet	اُمّت	ع	ایک ہی مذہب کا فرقہ۔ عوام۔ قوم۔ کسی پیغمبر کے ماننے والے۔	گروہ جو کسی کے تابع ہو۔ پیرو۔ تابع۔ جماعت۔
Ümmeti-Muhammed	اُمّتِ محمّد	ع	مسلمان۔ اکثر عوام کے معنوں میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔	محمد کی اُمّت۔ مسلمان۔
Ümmî	اُمّی	ع	بے پڑھا لکھا۔	بے پڑھا لکھا۔ اَن پڑھ۔
Üniforma	یونیفارم	فرانسیسی	فوجیوں کی پوشاک یا وردی۔	وردی۔ بانا۔ یونیفارم۔
Ümniye	اُمنیت	ع	امید۔ خواہش۔ مقصد۔	آرزو۔ امید۔
Üniversite	یونیورسٹی	فرانسیسی	یونیورسٹی۔	یونیورسٹی۔ جامعہ۔ تعلیم گاہ جس میں طلبہ کے لیے جملہ علوم یا اکثر علوم کی اعلیٰ تعلیم یا امتحان یا دونوں کا انتظام ہو۔
Ünsiyet	اُنسیّت	ع	دوستی۔ لگاؤ۔ بھاری چاہ۔	محبت۔ پیار۔ لگاؤ۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Üranyum	یُورَینِیم	لاطینی	ایک دھات کا نام۔ یورینیم۔	یورینیم۔ دھات۔
Üre	یُوریا	یونانی	یُوریا۔	یُوریا۔
Üryan	عُریاں	ع	برہنہ۔ ننگا۔	برہنہ۔ ننگا۔ بے پرواں۔
Üryani	عُریانی	ف	باریک چھلکے کے بیر کی ایک قسم۔ کھال اتارا ہوا خشک کیا ہوا آلو بخارہ یا بیر۔	برہنگی۔ ننگا ہونا۔
Üsera	اُساریٰ	ع	جمع Esir کی۔ جنگی قیدی۔	جمع اسیر کی۔ قیدی۔ بندی۔
Üslûb/ Üslûp	اُسلوب	ع	ڈھنگ۔ طریقہ۔ طرز تحریر۔	طور۔ طریق۔ طرز۔ روش۔
Üstad/ Üstat/Üstaz	اُستاد/ اُستاذ	ف	سکھانے والا۔ ماسٹر۔ ماہر۔	سکھانے والا۔ ماسٹر۔ معلّم۔ گرو۔ تجربہ کار۔ کامل فن۔ مُدرّس۔ استاد۔
Üşne	اُشنہ	ع	ایک قسم کی بوٹی جسے خوشبو کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔	ایک خوشبودار گھاس جس کو ہندی میں چھڑیلہ یا ملا گیر کہتے ہیں۔
Üsür	عُشر	ع	دسواں حصہ۔	دسواں حصہ۔ قرآن شریف کی دس آیتیں۔
Üzlet	عُزلت	ع	تنہائی میں چلے جانا۔ تنہائی۔ خلوت۔ گوشہ نشینی۔	خلوت۔ تنہائی۔ اعتکاف۔
Üzletgâh	عُزلت گاہ	ع	تنہائی میں بیٹھنے کی جگہ۔	گوشہ تنہائی۔
Üzletnişin	عُزلت نشیں	ع ف	گوشہ نشین۔	گوشہ میں بیٹھا ہوا۔ تنہائی میں بیٹھا ہوا۔
Üzüm	اُزم	ت	انگور۔	انگور۔

V/(v)

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Vabeste	وَابَستہ	ف	متعلق۔ منحصر۔ تابعدار۔	بندھا ہوا۔ منسلک۔ متعلق۔ رشتہ دار۔ عزیز۔
Vacib/Vacip	وَاجِب	ع	لازم۔ ضروری۔ مسلمانوں کے لیے ضروری ہونا۔	لازم۔ لائق۔ ضروری۔ ہمیشہ۔ دائم۔ سزاوار ہونے والا۔ فقہ میں وہ رکن دین جس کو بغیر عذر ادانہ کرنے والا گناہگار ہو۔
Vacib-üleda	وَاجِبُ الاَدَا	ع	جس کو ادا کیا جانا چاہیے۔	جس کو ادا کیا جانا ضروری ہو۔ ایسی رقم جو کسی کے ذمہ نکلتی ہو۔
Vacibülnifaz	وَاجِبُ النِّفَاذ	ع	حکم جس کی عمل آوری ہونی چاہیے۔	حکم جس کا نفاذ ہونا چاہیے۔
Vadi	وَادِی	ع	گھاٹی۔ درّہ۔ راستہ۔ موضوع۔ دائرہ۔ معنی مطلب۔ کھلی جگہ۔	گھاٹی۔ نیچی زمین۔ دو پہاڑوں کے درمیان کی زمین۔ نالے یا دریا کے سیلابی پانی کی گذرگاہ۔ جنگل۔ صحرا۔ بیابان۔ مجازاً مقدمہ۔ معاملہ۔
Va'di/Vaid	وَعدَہ	ع	وعدہ۔	وعدہ۔
Vafi	وَافِی	ع	کثرت سے۔ وافر۔ فراواں۔ کثیر۔	بہت سارا۔ خاطر خواہ۔ پورا۔ مکمل۔ پر خلوص۔ مخلص۔
Kâfi-ve-Vafi	کَافِی وَافِی	ع	کافی۔ کافی سے زیادہ۔	بہت سے۔ بہت۔ بھرا ہوا۔ بخوبی۔ پورا پورا۔
Vagon	وَیگَن	انگریزی	لوہے کی پٹری پر چلنے والی گاڑی۔	ویگن۔ مال گاڑی کا ڈبہ۔ چھکڑا۔
Vah	وَاہ	ف	رحم یا افسوس کے ظاہر کرنے کا کلمہ یا حرفِ ندا جسے زیادہ تر بار بار استعمال کیا جاتا ہے۔	وائے یا کلمہ۔ آہ۔ افسوس۔ کسی کام سے انکار (کیوں؟)۔ کلمہ تحسین وآفرین۔ ماشاءاللہ۔ سبحان اللہ۔ آفرین۔ شاباش۔ مرحبا۔ کیا بات ہے؟۔ (طنزاً) کیا خوب۔ چہ خوش۔ (حیرت یا تعجب) ارے۔ کیسے۔
Vahamet	وَخَامَت	ع	سنجیدہ نتائج سے بھرا ہوا۔ سنجیدگی۔ گمبھیرتا۔ موقعہ کی سنجیدگی۔ خطرہ ہوسکنے والی حالت۔	گرانی۔ دشواری۔ ناسازگاری۔
Vahdaniyet	وَحدَانِیّت	ع	خدا کی رحمت۔	خدا کی یکتائی۔ توحید۔ واحد ہونا۔ اکیلا پن۔ ایک ہونا۔
Vahdet	وَحدَت	ع	یگانگت۔ یکتائی۔ اکیلا پن۔	ایک ہونا۔ یکتائی۔ توحید۔ اکیلا پن۔ یگانگت۔
Vahdet-i-vücud	وَحدَتُ الوُجُود وَحدتِ وُجُود	ع/ف	عقیدہ جس میں دنیا کو خدا مانتے ہیں۔ ہمہ اوست۔	صوفیوں کی اصطلاح میں تمام موجودات کو خدائے تعالیٰ کا ایک وجود ماننا اور وجود ماسوا کو محض اعتباری سمجھنا جیسے موج اور حباب اور بھنور اور قطرہ وغیرہ سب کو پانی سمجھنا۔
Vâhi	وَاہی	ع	بیہودہ۔ بیکار۔ ناکارہ۔	بیہودہ۔ لغو۔ فضول۔ سست۔ ناکارہ۔ گمراہ۔ کمزور۔ کاہل الوجود۔
Vâhid/ Vâhit	وَاحِد	ع	ایک۔ یگانہ۔ اکیلا۔ تنہا۔ یکتا۔	ایک۔ منفرد۔ یکتا۔ یگانہ۔ اکیلا۔ تنہا۔ صرف۔ محض۔ فقط۔ فرد۔ خدا کا ایک صفاتی نام۔
Vahîd	وَحِید	ع	ایک۔ تنہا۔ یگانہ۔	یگانہ۔ یکتا۔ لاثانی۔ اکیلا۔
Vahîm	وَخِیم	ع	بھاری۔ ڈراونا۔ بہت زیادہ پر خطر۔	دشوار۔ گراں۔ ناگوار۔ بد۔ زشت۔ برا۔ بدگو۔ بھدا۔
Vahime	وَاہِمَہ	ع	وہم۔ بُرے خیالات۔ اوہام۔ جو چیز نہ بنی ہو اس کو یقین کرنا۔ بلاوجہ کا شبہ۔ دھوکا۔ غمگین۔ غم آلودہ۔	قوت تصور۔ وہ تصور جس سے ایسی باریکیاں اور جزیات معلوم ہوتی ہیں جن کا تعلق محسوسات سے ہے۔ وہ قوت جو وہم کی جزیات کو معلوم کرے اور دیکھی اور بغیر دیکھی ہوئی چیزوں کا خواہ چ

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
				ہوں خواہ جھوٹ خیال کرے اور یہ قوت عقل کے تابع نہیں ہے برخلاف دوسری قوتوں کے مثلاً کوئی شخص اندھیرے مکان میں مُردے کے پاس ہو اور ہر چند عقل کہے گی کہ مُردہ جماد ہے اس سے خوف نہ کرنا چاہیے مگر قوت واہمہ ضرور خوف دلائے گی۔
Vahiy/ Vahyi	وَحی	ع	خدا کی طرف سے پیغمبر کو ترسیل یا پیغامات۔ وحی۔الہام۔	وحی۔ الہام۔ خدا کا پیغام یا خدا کے وہ احکام و پیغام جو نبیوں پر اترتے ہیں۔
Vahşet	وَحشت	ع	خوف۔ ڈر۔ جنگلی پن۔ تنہائی۔ اُداسی۔ ویرانگی۔بے رحمی۔غم آلود۔حیوانیت۔	گھبراہٹ۔دیوانگی۔جنون۔حیوانیت۔نفرت۔آوارگی۔اُداسی۔ خوف۔ڈر۔ہیبت۔آوارگی۔بھڑک۔
Vahşi	وَحشی	ع	جنگلی۔ ظالم۔ شرمندہ۔ انسان سے خوف زدہ۔ظالمانہ۔حیوان خصلت۔	صحرائی۔ جنگلی۔ غیر مہذب۔ ناتراشیدہ۔ اُجڈ۔ بھڑکنے والا۔ غیر مانوس۔ جسے انسانوں سے وحشت ہو۔
Vahşiyane	وَحشِیانہ	ف	جنگلی۔ناشائستہ۔بےرحم۔بے رحمی۔خونخوار۔	وحشیوں کی طرح۔
Vaız	وَعظ	ع	وعظ۔دینی نصیحت۔نصیحت۔پند۔	مذہبی نصیحت جو زبانی کی جائے۔ مذہبی تقریر۔ مذہبی باتوں کا بیان۔نصیحت۔پند۔
Vaiz	وَاعِظ	ع	وعظ کہنے والا۔دینی نصیحت کرنے والا۔	وعظ کہنے والا۔نصیحت کرنے والا۔
Vak'a	وَاقِعہ	ع	حادثہ۔ واقعہ۔ سانحہ۔ تاریخی اہمیت کا واقعہ۔ جسے جنگ عظیم یا پلیگ وغیرہ پھیلنے کا کیس۔	حادثہ۔ وقوعہ۔ سانحہ۔ واردات۔ خیر حال۔ ماجرا۔ سرگذشت۔ جگ بیتی۔ آپ بیتی۔ لڑائی۔ جنگ۔ مڈبھیڑ۔ انتقال۔ موت۔ وفات۔ سختی۔ آفت۔
Vakaâ/ Vakıâ	وَاقِعی	ف	دراصل۔ اصلیت میں۔ واقعی۔ یہ سچ ہے کہ۔	درست۔ ٹھیک۔ سچ مچ۔ دراصل۔ حقیقت میں۔ واقع کی طرف منسوب۔
Vakar/ Vekar	وَقار وَقُر	ع	مرتبہ۔قائم مزاجی۔سنجیدگی۔شان۔شکوہ۔	بھاری بھرکم پن۔ متانت۔ سنجیدگی۔ بردباری۔ قدرومنزلت۔ جاہ۔جلال۔حلم۔
Vekayi	وَقائع	ع	جمع Vakıa کی۔ واقعات۔ حادثے۔ ادبار۔ مصیبتیں۔جنگیں۔	جمع وقیعہ کی بمعنی لڑائی کی خبر۔ واقعات۔ حالات۔ حوادث۔ مصیبتیں۔لڑائیاں۔جنگ کی خبریں۔
Vakfe	وَقفہ	ع	انٹرول۔ٹھہرنا۔توقف کرنا۔ٹھہراؤ۔	مہلت۔ انٹرول۔ ٹھہراؤ۔ رکاوٹ۔ قرآن شریف کی تلاوت میں اوقاف پر رُکنا۔
Vakif	وَقف	ع	وقف۔صالح عطیہ۔	ٹھہراؤ۔توقف۔خدا کے نام پر چھوڑی ہوئی چیز جس کا کوئی مالک نہ بنایا گیا ہو۔
Vakıfname	وَقف نامہ	ع	نیک کام کے لیے بنائے گئے وقف کی دستاویز۔	وہ دستاویز جو وقف کردہ جائداد کے لیے کی جائے۔
Vâkıf	وَاقِف	ع	جانکار۔ آگاہ۔ محرم۔ بیدار۔ خبردار۔ جائداد وقف کرنے والا۔	شناسا۔آگاہ۔جاننے والا۔ماہر۔تجربہ کار۔مطلع۔چابک دست۔
Vaki	وَاقِع	ع	واقع ہونے والا۔ ہونے والا۔ واقعہ۔ اصلی۔صحیح۔سچ۔	ہونے والا۔پیش آنے والا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
	وَاقی	ع	حفاظت کرنے والا۔ بچانے والا۔ حمایتی۔	نگاہ رکھنے والا یعنی کسی کو بچانے والا۔ حفاظت کرنے والا۔
Vakit	وَقت	ع	ٹائم۔ وقت۔ کب۔	زمانہ۔ عرصہ۔ گھڑی۔ ساعت۔ میعاد۔ مہلت۔ فرصت۔ نوبت۔ باری۔ حالت۔ موت۔ عمر۔ زندگی۔ مصیبت۔ وقت۔ دشواری۔
Vakom/ Vakum	وَیکیُومْ	لاطینی	خالی جگہ۔ خلا۔	خالی جگہ۔ خلا۔
Vakur	وَقُور	ع	باحُرمت۔ سنجیدہ۔ باعزت۔	ذی عزت آدمی۔
Valâ	وَالا	ف	بلند۔ اعلیٰ۔ ممتاز۔	بزرگ۔ بلند مرتبہ۔ عالی۔ اونچا۔ ذی عزت۔ ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا۔
Vali	وَالی	ع	صوبہ کا گورنر۔	مالک۔ آقا۔ سردار۔ حاکم۔ بادشاہ۔ گورنر۔ صوبے دار۔ حاکم صوبہ۔ دوست۔ حمایتی۔ مُربّی۔ سرپرست۔ محافظ۔ نگہبان۔
Valid	والِد	ع	باپ۔ پیدا کرنے والا۔	باپ۔ پتا۔
Valide	وَالِدہ	ع	مادر۔ ماں۔	مادر۔ ماں۔ ماتا۔
Valideyn	وَالدَین	ع	ماں باپ۔ مادر پدر۔	ماں باپ۔ ماتا پتا۔ مادر و پدر۔
Valih	وَالِہ	ع	گھبرایا ہوا۔ حیران۔ پریشان۔	شیفتہ۔ سرگشتہ۔ عاشق۔ مجنوں۔ فریفتہ۔ شیدا۔
Valihane	وَالِہانَہ	ع	سرگشتی کے انداز میں۔ جنونی انداز میں۔ شیفتگی کی طرح۔	شیفتگی کے انداز میں۔ عاشقانہ انداز میں۔ شیفتہ کی مانند۔
Vallah/ Vallahi	وَاللہ	ع	خدا کی قسم۔ میں قسم کھاتا ہوں کہ یہ ایسا ہے۔	قسم خدا کی۔ بے شک۔ یقیناً۔ سچ مچ۔ فی الحقیقت۔
Vantilâtör	وَینٹی لیٹَر	فرانسیسی / انگریزی	روشن دان۔ پنکھا۔ غلیظ ہوا نکلنے کا آلہ۔ بادہ کش۔	روشن دان۔
Varak	وَرَق	ع	پتّی۔ کاغذ کا شیٹ۔ پھول کی پتّی۔ سونے یا چاندی یا دوسری کسی دھات کو کوٹ کر بنایا گیا باریک پتّر۔	درخت کا پتّا۔ کاغذ کا ٹکڑا یا پارچہ۔ چاندی یا سونے کو کوٹ کر بنایا گیا باریک پتّر۔ پھول کی پتّی۔ تاش کا پتّا۔ باریک اور چوڑی تراشی ہوئی کوئی چیز۔
Varaka	وَرَقَہ	ع	کاغذ۔ لکھنے کا کاغذ۔ واحد ورق۔ واحد پتّہ یا پتّی۔ نوٹ۔ خط۔ دستاویز۔	کتاب کا ورق۔ پتّا۔ ٹکٹ۔
Varkî	وَرَقی	ع	ورق کی طرح۔ ورق سے منسوب۔	ورق سے منسوب۔ پرت دار۔
Vâreste	وَارَستہ	ف	آزاد۔ مُبرّا۔ بری الذمہ۔ معاف۔	آزاد۔ فارغ البال۔
Varid	وَارِد	ع	آنے والا یا واقعہ ہونے والا۔ اغلب۔ روا۔ جائز۔ قرین قیاس۔	آنے والا۔ پہنچنے والا۔ قاصد۔ موجود۔
Varidat	وَارِدات	ع	آمدنی۔ سالانہ محاصل۔ سالانہ آمدنیاں۔	وارد کی جمع۔ جو کچھ اوپر بیتی ہوں۔ وہ حال جو آدمی پر گذرے۔ پیش آئی ہوئے۔ حال احوال۔ حالات۔ سانحہ۔ حادثہ۔ واقعہ۔ فساد۔ ہنگامہ۔ لڑائی۔ جھگڑا۔
Vâris	وَارِث	ع	وارث۔ وارث ہونا۔ ارث ہونے والا۔	میراث لینے والا۔ مُردے کے مال کا صحیح حقدار۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Vasat	وَسط	ع	درمیان۔ بیچ۔ درمیانہ۔ اوسط۔ اوسط درجہ یاقد کا۔ میانہ۔ متوسط۔	درمیان۔ بیچ۔ قلب۔ مرکز۔ وہ چیز جو جسامت یادرجہ میں میانہ ہو۔
Vasatî	وَسطی	ع	بیچ کا۔ بیچ کی۔ درمیانہ۔ اوسط۔ اوسط درجہ یاقد کا۔ میانہ۔ متوسط۔	بیچ کا۔ بیچ کی۔ درمیانی۔ اوسط درجہ کا۔
Vasfî	وَصفی	ع	قابلیت والا ہونا۔ کوالی فائی کرنے والا۔	صفاتی۔ توصیفی۔ تعریفی۔
Vasıf	وصف	ع	خصوصیت۔ تعریف۔ بیان۔ صفت۔ کوالٹی۔	تعریف۔ خوبی۔ اچھائی۔ عمدگی۔ صفت۔ کمال۔ ہنر۔ جوہر۔ مخصوص صلاحیت۔ پہچان۔ گُناہ۔
Vâsıf	وَاصِف	ع	بیان کرنے والا۔ تعریف کرنے والا۔ کوالی فائی کرنے والا۔	تعریف کرنے والا۔ وصف یا خوبی بیان کرنے والا۔
Vasıl	وَصل	ع	ملنا۔ ملاقات۔ ملاپ۔ اتصال۔ حصول۔	ملاقات۔ معشوق سے ملنا۔ ہجر کی ضد۔
Vâsıl	وَاصِل	ع	پہنچنے والا۔ ملنے والا۔ پہنچنا۔ اپنے محبوب سے ملنا۔	ملنے والا۔ حاصل ہونے والا۔ ملاقات کرنے والا۔
Vasi	وَصِی	ع	ٹرسٹی۔ سرپرست۔ کسی یتیم، عقل سے کمزور یا بیمار شخص کی جائداد کا انتظام کرنے والا۔	وہ شخص جس کو وصیت کی گئی ہو۔ وصیت پر عمل کرنے والا۔ سربراہ۔ مُنتظم۔
Vâsi	وَسیع	ع	چوڑا۔ فراخ۔ فراواں۔ بہتات سے۔	فراخ۔ چوڑا۔ کشادہ۔ دُور تک پھیلا ہوا۔
Vasiyet	وَصِیَّت	ع	مرنے والے کی آخری خواہش۔ وصیت۔	آخری نصیحت یا ہدایت۔ سفر کو جاتے وقت یا زندگی کے آخری لمحوں میں ہدایت کرنا کہ میرے بعد ایسا کرنا یا نہ کرنا۔
Vasiyet-name	وَصِیَّت نَامَہ	ع	تحریری وصیت۔	تحریری وصیت۔
Vaşak	وَشَق	ف	بن بلاؤ۔ بَن بلاؤ سے حاصل کردہ اُون یا فر۔	ایک جانور کا نام جو ترکستان میں لومڑی کے برابر ہوتا ہے اور اس پر سفید اور کالے رنگ کے دھبے ہوتے ہیں اور جس کی پوست کا پوستین بنتا ہے۔ اس جانور سے حاصل شدہ پوستین۔
Vat	وَاٹ	انگریزی	واٹ۔ ایک پیمانہ۔	واٹ۔ بجلی ناپنے کا پیمانہ۔
Vatan	وَطَن	ع	رہنے کی اصلی جگہ یا ملک۔ ماتر بھومی۔ آبائی ملک یا مقام۔	پیدا ہونے اور آدمی کے رہنے کی جگہ۔ دیس۔ جنم بھومی۔ اپنا ملک۔
Vatanî	وَطَنی	ع	وطن سے منسوب۔	وطن سے متعلق۔ ہم وطن۔ ایک دیس کا۔
Vatanperver	وَطَن پَرْوَر	ف	حُبّ الوطن۔ وطن پرست۔ حب الوطنی سے بھرا ہوا۔	حُبّ الوطن۔
Vavelyâ	وَاوَیلَا	ع	افسوس۔ خوف یا غم سے چلانا۔ فریاد۔	افسوس۔ فریاد۔
Vay	وَای۔وَائے	ع	حرفِ ندا جو تعجب یا افسوس کے اظہار کے کلمہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔	کلمۂ افسوس جو اظہار مصیبت یا رنج والم کے موقعہ پر زبان پر آتا ہے۔
Vazaif	وَظَائِف	ع	فرائض۔ ڈیوٹیاں۔	جمع وظیفہ کی۔ وہ چیزیں یا کام جو کسی کے واسطے روزمرہ کے لیے مقرر رہوں۔ ڈیوٹیاں۔ فرائض۔ تنخواہیں۔ پنشن۔ نادار بچوں کی

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
				تعلیمی اخراجات کے لیے دی جانے والی رقومات۔
Vazelin	ویسلین/ویزلین	جرمن/انگریزی	ویسلین۔خام پٹرول سے برآمد ۳۱ ڈگری درجہ حرارت پر گرم کرنے سے حاصل الگ ایک معدنیاتی تیل۔	ویسلین۔ایک قسم کی چکنی نرم چیز جو مرہم میں استعمال ہوتی ہے اور اعضا میں نرمی پیدا کرنے کے لیے لگاتے ہیں۔موم۔روغن۔
Vazı	وَضع	ع	جمانے، ڈالنے یا قائم کرنے کا عمل۔جمع کرنا۔ٹیکس لگانا۔انتظام۔طورطریق۔رویّہ۔ڈھنگ۔چال چلن۔	طورطریق۔رنگ ڈھنگ۔طرز۔چال ڈھال۔چلن۔ظاہری حالت۔حال۔شکل۔صورت۔حلیہ۔بناوٹ۔ساخت۔ترکیب۔مجرا۔منہا۔کاٹنا۔تفریق کرنا۔ترتیب کرنا۔جننا۔
Vazıhamil	وضعِ حَمل/وَضعِ الحَمل	ع	بچہ دینا۔جننا۔زائدگی۔پیدائش۔	بچہ پیدا ہونا۔
Vâzı	وَاضِع	ع	شروع کرنے والا۔قائم کرنے والا۔	رکھنے والا۔بنانے والا۔
Vâzı-ı-kanun	وَاضعِ قانون	ع	قانون ساز۔قانون بنانے والا۔	قانون بنانے والا۔
Vazıh	وَاضح	ع	کھلا ہوا۔ظاہر۔عیاں۔	عیاں۔آشکارا۔روشن۔کھلا ہوا۔صاف۔مفصّل۔شرح کے ساتھ۔جلی قلم سے لکھا ہوا۔ظاہر۔جس کے پڑھنے میں کوئی دقت نہ ہو۔
Vazife	وَظِیفہ	ع	فرض۔ڈیوٹی۔کام۔تنخواہ۔اسکول کی فیس۔	وہ کام جو روزانہ پابندی سے کیا جائے۔وہ چیز جو کسی کے واسطے ہر روز کے لیے مقرر ہو۔کوئی دعا جو روزانہ پڑھی جائے۔تنخواہ۔وہ رقم جو نادار طالب علم کی تعلیمی اخراج کے لیے دی جائے۔کسی بات کی رَٹ۔حُسنِ خدمات کے سلسلے میں عطا کی گئی وغیرہ۔روزینہ۔پنشن۔خدمت۔
Ve	و	ع	اور۔دو جملوں یا الفاظ کو جوڑنے کے لیے درمیان میں استعمال کیا جاتا ہے۔	اور۔
Veba	وَبَا	ع	پلیگ۔مہاماری۔طاعون۔	متعدی بیماری۔مرگ عام جیسے طاعون، ہیضہ وغیرہ۔وہ بیماری جو ہوا خراب ہونے کی وجہ سے پھیلتی ہے۔
Vebaî	وَبَائی	ع	پلیگ یا مہاماری سے متعلق۔	وبا سے متعلق۔
Vebal	وَبَال	ع	گناہ جس کی سزا دوسری دنیا میں دی جائے گی۔برے یا منحوس نتائج۔	بوجھ۔بار۔عذاب۔آفت۔مصیبت۔بپتا۔جو ناگوار معلوم ہو۔دکھ۔گرانی۔
Veca	وَجَع	ع	تکلیف۔دردِ شکم۔قولنج۔	درد۔ٹیس۔دکھ۔
Vecahet	وَجَاہَت	ع	خوبصورتی۔شکل وصورت کی عظمت یا شرافت۔	خوبصورتی۔چہرے کی رونق۔چہرہ کا رعب۔احترام۔عزت۔حکومت۔دبدبہ۔
Vecd/ Vecid	وَجد	ع	انبساط۔جوش۔مسرّت۔نہایت خوشی۔بیخودی۔وحشیانہ خوشی۔	بیخودی کی حالت۔بے اندازہ خوشی۔حال۔جذبہ۔صوفیوں کی اصطلاح میں وہ حالت بیخودی جو بعض اشخاص کو سماع سے ہوتی ہے۔
Vecdaver	وَجد آور	ع	وجد میں آنے والی۔بیخود کرنے والی۔فریفتہ کرنے والی۔	وجد میں آنے والی۔بیخود کرنے والی۔
Veche	وَجہہ	ع	سمت۔رُخ۔سائڈ۔	طرف۔جانب۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Vechi/ Vecih	وَجہ	ع	چہرہ۔ سطح۔ سمت۔ طوروطریق۔ سبب۔ ذریعہ۔طرز۔	منہ۔ چہرہ۔ طریقہ۔ سبب۔ باعث۔ ذات۔ طرف۔ رقم۔ معاش۔
Vecîh	وَجِیہہ	ع	خوش وضع۔ مائل یا رجوع کرنے والا۔	خوبصورت۔ صاحب جاہ۔ خوش وضع۔ مردروشناس۔ موزوں۔ زیبا۔ دولت مند۔
Veciz	وَجِیز	ع	مختصر۔ چھوٹا۔ صاف۔ لطیف۔ نفیس۔ مختصر بات۔ ذومطلب۔ پُرمعنی۔	کوتاہ۔مختصر۔
Veda	وِداع	ع	رخصت دینا۔ الوداع۔ رخصت۔	رخصت۔ روانگی۔ دلہن کی رخصتی کی رسم۔
Vedad	وِدَاد	ع	محبت۔ دوستی۔	دوستی۔ محبت۔ الفت۔ انس۔ چاہت۔
Vedia	وَدِیعت	ع	امانت۔ چیز جوجمع کی جائے یا حفاظت سے رکھنے کے لیے دی جائے۔	امانت۔ سپردگی۔
Vefa	وَفَا	ع	وفاداری۔ نمک حلالی۔ خیرخواہی۔ ایمان داری۔	خیرخواہی۔نمک حلالی۔عقیدت مندی۔ دوستی۔تعمیل وتکمیل۔
Vefadar	وَفَادار	ف	خیرخواہ۔ نمک حلال۔ وعدہ پورا کرنے والا۔	وفا کرنے والا۔ باوفا۔ نبھانے والا۔ نمک حلال۔ وعدہ پورا کرنے والا۔ دوست۔
Vefat	وَفَاتْ	ع	موت۔ انتقال۔ مرنا۔ انتقال ہونا۔	موت۔ مرگ۔
Vefik	وِفَاق	ع	سازگاری۔ موافق کرنا۔ ساتھی۔	موافقت کرنا۔ مطابقت کرنا۔ سازگاری کرنا۔ محبت۔ اتفاق ۔کئی ریاستوں یاصوبوں کا مل کر ایک حکومت بنالینا۔ فیڈریشن۔
Vefiyat	وَفیَات	ع	جمع Vefat۔اموت۔ وفاتیں۔	وفاتیں۔ مجازاً وفات پانے والے۔
Vefk	وَفق	ع	موافقت۔ مطابقت۔ تعویذ۔ گنڈا۔	موافقت۔ سازگاری۔ مطابقت۔
Vega	وَغَا	ع	شور۔ غوغا۔ مخالفت۔ جھگڑا۔ نزاع۔	شوروغل۔ جنگ۔ لڑائی۔ ہنگامہ۔
Vehabî	وَہابی	ع	وہابی عقائد کے لوگ۔ وہابی۔	شیخ الوہاب کے فرقے سے تعلق رکھنے والے لوگ۔ وہابی۔
Vehbî	وَہبی	ع	فطری۔ جبلی۔ سرشتی۔ خدا کی طرف سے بخشا ہوا۔	بخشا ہوا۔ عطا کیا ہوا۔ قدرت کی طرف سے دیا ہوا۔ کسبی کی ضد۔
Vehim	وَہمْ	ع	بلاوجہ کا خوف۔ شُبہ۔ شک۔ گمان۔ فریب۔ دھوکا۔ بہلاوا۔ کسی چیز کی پہلے سے خبر خاص طور سے بُری بات کا احساس۔	وہم۔ شک۔ بے اعتباری۔ دماغ کی وہ قوت جوفاسد خیالات۔ پیدا کرتی ہے۔ احتمال۔ وسواس۔
Vehimî	وَہمی	ع	خیالی۔ قیاسی۔ قیاتی۔	قیاسی۔ خیالی۔ موہوم۔ وہم سے تعلق رکھنے والی۔ وہ ہر بات میں وہم کرے۔
Vehle	وَہلہ۔ وَہلا	ع	لمحہ۔ لحظہ۔	ڈرنا۔ خوف۔ حملہ۔ دھاوا۔ نوبت۔ باری۔ مرتبہ۔ دفعہ۔ ایک بار۔
Vekâlet	وَکالت	ع	کسی کا ایجنٹ یا نمائندہ ہونا۔ (ترکی زبان میں وزارت)۔ ایناریٔ شپ۔ مختاریت۔	وکیل کا کام۔ وکیل ہونا۔ قائم مقامی۔ نیابت۔ نمائندے کی حیثیت سے کسی کے معاملے کو پیش کرنا۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Vekaleten	وَکالتاً	ع	کسی کا نمائندہ یا نائب ہونے کی حیثیت سے۔	وکیل کے ذریعہ۔ وکیل کی معرفت۔ اصالتاً کی ضد۔
Vekalet-name	وَکالت نامہ	ع	وکیل نامزد کیے جانے کا کاغذ۔ مختار نامہ۔	وکیل یا مختار مقرر کیے جانے کا کاغذ۔ وکالت کے لیے مختار نامہ۔ وکالت نامہ۔
Vekar	وَقار	ع	سنجیدگی۔ قائم مزاجی۔ عزت۔ جلال۔ شان۔ شکوہ۔ درجہ۔ توقیر بخش سکون۔	بردباری۔ حلم۔ گرانباری۔ متانت۔ سنجیدگی۔ بھاری بھرکم پن۔ جاہ وجلال۔ قدر ومنزلت۔
Vekil	وَکیل	ع	ایجنٹ۔ نمائندہ۔ نائب۔ قائم مقام۔ عوض (صرف ترکی میں) وزیرِ مملکت۔	مختار۔ قائم مقام۔ نائب۔ وہ شخص جس پر کوئی دوسرا اپنا کام سپرد کرے۔ سند یافتہ قانون داں۔
Velâdet	وَلادَت	ع	پیدائش۔	پیدائش۔ بچہ جننا۔ جنم۔
Velâkin	وَلیکن	ف	لیکن۔ پھر بھی۔	لیکن۔ مگر۔ بلکہ۔
Velâyet	وِلایَت	ع	وَلی ہونا۔ سرپرستی۔ ٹرسٹی ہونا۔ اولیا پن۔ ٹرسٹی شپ۔	وَلی ہونا۔ سرپرستی ہونا۔ وَلی کا مرتبہ۔ ملک۔ اقلیم۔ سلطنت۔ مملکت۔ بادشاہت۔ محکوم ملکوں کے باشندوں کے لیے وہ ملک جہاں کا بادشاہ ہو۔
Veled/ Velet	وَلَد	ع	بچہ۔ لڑکا۔ اولاد ذکور۔	بچہ۔ بیٹا۔ فرزند۔ لڑکا۔ پسر۔
Veledizina	وَلَدِ الزِّنا	ع	حرام کا بچہ۔ غیر منکوحہ عورت کی اولاد۔ کمینہ یا بدخصلت شخص۔	حرام کا بچہ۔ حرام زادہ۔ وہ کیڑے اور پروانے وغیرہ جو برسات میں پیدا ہوتے ہیں اور بعد طلوع کرنے ستارہ سہیل کے مرجاتے ہیں۔
Veleh	وَلَہ	ع	بیخودی۔ بے حواسی۔ بیہوشی۔ تند جذبہ۔	سرگشتگی۔ عشق۔ غصہ۔ غضب۔ شیفتگی۔
Veli	وَلی	ع	خدا کے نزدیک۔ خدا کا دوست۔ دُرویش۔ بچہ کا سرپرست۔ اولیا۔	سرپرست۔ محافظ۔ مربّی۔ متولی۔ دوست۔ یار۔ خدا کے نزدیک۔ کسی کام کا ذمہ دار اور کفیل۔ ایسا انسان جو خدا کے قریب ہو۔
Veli-ahad	وَلی عہد	ع	تاج وتخت کا وارث۔	بادشاہ وقت کا ہونے والا جانشین۔ تاج وتخت کا وارث۔
Velinimet	وَلی نعمت	ع	سرپرست۔ خیر خواہ۔ احسان یا نیکی کرنے والا۔ پشت پناہ۔	پرورش کرنے والا آقا۔ مُربّی۔ سرپرست۔
Velime	وَلیمہ	ع	شادی کی ضیافت۔	شادی کا کھانا۔ بیاہ کی ضیافت۔
Velûd/ Velût	وَلُود	ع	ثمردار۔ بچہ دینے والی۔ بچہ پیدا کرنے والی۔ زرخیز۔	وہ عورت جو بہت زیادہ بچے جنتی ہو۔ بہت بچے جننے والی بکری۔
Veludiyet	وَلُودِیَّت	ع	زرخیزی۔ پیداواری۔ باواری۔ ثمرداری۔	
Velvele	وَلوَلہ	ع	فریاد۔ شور۔ غُل۔ فغاں۔ جوش وخروش۔ غوغا۔ باجوں کا شور۔	اُمنگ۔ بہت زیادہ شوق۔ شور وغُل۔ جوش وخروش۔ فریاد۔
Veraset	وِرَاثت	ع	ورثہ۔ میراث۔	ورثہ۔ میراث۔ ترکہ۔
Verdî	وَردِی	ع	گلاب کے پھول سے متعلق۔ گلابی رنگت۔	گلاب سی رنگت۔
		ہندی	———	فوجی لباس۔ یونیفارم۔ ڈریس۔ پریڈ پر طلبی کے لیے بجایا جانے والا بگل۔ وہ باجہ جو فوجی بارکوں میں صبح کو جگانے اور رات کو سونے کے لیے بجتا ہے۔

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
Verem	وَرَم	ع	تپ دق۔ مدقوق۔ تپ دق کا مریض۔ چھپی روگ والا۔	بیماری یا چوٹ سے جسم کا سوجھنا یا پھول جانا۔ سوجن۔ اماس۔
Verese	وَرثاء	ع	جمع Varis کی۔ وارثان۔ میراث پانے والے۔	جمع وارث کی۔ میراث پانے والے لوگ۔ ورثاء۔
Verid	وَرِید	ع	وہ رگ جو خون کو دِل کو واپس پہنچاتی ہے۔ رگ۔	گردن کی موٹی رگ۔ شہ رگ۔ طبیبوں کے نزدیک وہ رگ جو پھڑکتی نہ ہو برخلاف شریان کے جو پھڑکتی ہے۔
Vesail	وَسَائِل	ع	جمع Vasile کی۔ بہانے۔ حیلے۔	وسیلہ کی جمع۔ وسیلے۔ واسطے۔ ذریعے۔
Vesaik	وَثَائِق	ع	جمع Vesike کی۔ دستاویزات۔	جمع وثیقہ کی۔ وعدے۔ معاہدے۔ دستاویزات۔ تمسکات۔
Vesait	وَسَائِط	ع	جمع Vasıta کی۔ ذرائع۔ وسیلے۔	جمع واسطہ کی۔ واسطے۔ وسیلے۔ تعلقات۔ ذریعے۔
Vesatet	وَسَاطت	ع	بچولیاپن۔ درمیانی۔ بچولیا کی طرح کام کرنا۔ ذریعہ ہونا۔ بیچ میں پڑنا۔	وسیلہ۔ ذریعہ۔ واسطہ۔ وسیلہ ہونا۔ درمیان ہونا۔ واسطہ ہونا۔ بیچ۔
Vesaya	وَصَایَا	ع	Vasiyet کی جمع۔ احکامات۔ ہدایات۔ تنبیہات۔ نصیحتیں۔ وصیتیں۔	جمع وصیت کی۔ نصیحتیں۔ مرنے والی کی نصیحتیں۔ وصیتیں۔
Vesi	وَسِیع	ع	کشادہ۔ فراواں۔ کثرت سے۔ کافی۔ فراخ۔ کثیر۔	کشادہ۔ فراخ۔ چوڑا۔ دُور تک پھیلا ہوا۔
Vesika	وَثِیقہ	ع	وہ دستاویز جس سے کسی چیز کی شناخت ہوتی ہو۔ قبالہ۔ دستاویز جس سے حق ثابت ہو۔ راشن کارڈ۔	اقرار نامہ۔ عہد نامہ۔ بانڈ۔ پٹہ۔ تمسک۔ پرونوٹ۔ پرامسری نوٹ۔ دستاویز۔ مضبوطی۔ استحکام۔ اعتماد۔ بھروسہ۔ پیمان۔
Vesile	وَسِیلہ	ع	سبب۔ ذریعہ۔ بہانہ۔ موقعہ۔	ذریعہ۔ واسطہ۔ سبب۔ حمایت۔ سہارا۔ آسرا۔
Vesim	وَسِیم	ع	خوب صورت۔ جمیل۔	خوب صورت۔ جمیل۔ خوش وضع۔ حسین۔ نشان کیا ہوا۔
Vesvese	وَسْوَسہ	ع	فکر۔ تشویش۔ شک۔ شبہ۔ اندیشہ۔ تردّد۔ ڈر جو پنہاں ہو۔	وہم۔ ڈر۔ خوف۔ شبہ۔ گمان۔ اندیشہ۔ بدی۔ بُرائی۔ بُری بات جو دل میں آئے۔ عورت کے زیور کی آواز۔
Veşim	وَشم	ع	گودنا۔ نشان لگانا۔	نشان۔ نقش۔
Veted	وَتَد / وَتِد	ع	میخ۔ چوب۔ کھونٹا۔ خیمہ کی کھونٹی۔ کھوپڑی کی ایک ہڈی۔	لکڑی کی میخ۔ کھونٹی۔ کھونٹا۔ میخ۔ لاٹھی۔ ڈنڈا۔ سہ حرفی لفظ (علم عروض میں)
Veter	وَتَر	ع	کمان کا زہ۔ کمان کا چلّہ۔ باجے کا تار۔ پٹھا۔ عصب۔	باجے کا تار۔ کمان کا چلّہ۔ مثلث۔ قائم الزاویہ کا سب سے بڑا ضلع۔ وہ خط جو چار ضلعوں کی شکل کے مخالف کونوں کو ملائے۔ وہ خط جو دائرے کے کسی حصہ کو گھیرے اور دائرے کے قطر سے چھوٹا ہو۔
	وَطر	ع	———	حاجت۔ ضرورت۔
Vetire	وَتیرہ	ع	راہ۔ راستہ۔ طور و طریق۔ دو خالی جگہوں کے بیچ کی دیوار۔	راہ۔ روش۔ دستور۔ شیوہ۔ طریقہ۔
Veto	ویٹو	لاطینی	اختیار نامنظوری قانون وغیرہ سے۔ نامنظوری۔ حاکمانہ امتناع۔ روکنے یا رد اختیار۔ حق استرداد۔	نامنظوری۔ حاکمانہ امتناع۔ کسی فیصلے یا قانون کی نامنظوری کا

ترکی زبان میں لفظ	اردو زبان میں لفظ	ماخذ	ترکی زبان میں معنی	اردو زبان میں معنی
			کرنے کا اختیار۔منظوری کو روک دینا۔	
Veyl	وَیل	ع	افسوس۔ افسوس تیرا کیا حال ہے کہنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔	کلمہ افسوس۔عداوت۔تختی۔شوروغل۔ہلاکت۔انتقام۔مصیبت اور غم میں بے قراری اور فریاد۔دوزخ کی ایک وادی کا نام۔
Vezaif	وَظائف	ع	جمع Vezife کی۔فرائض۔ڈیوٹیاں۔	جمع وظیفہ کی۔وہ چیزیں جو کسی کے واسطے ہر روز کے لیے مقرر ہوں۔
Vezaret	وَزارت	ع	وزیر کا دفتر۔وزیر کا عہدہ۔	وزیر ہونا۔وزیر کا عہدہ۔وزیر کا کام وزیر کا دفتر۔
Vezin	وَزن	ع	بوجھ۔بھاری پن۔بھار۔شعر کی بحر۔قافیہ۔	بوجھ۔بار۔پیمانہ۔اندازہ۔عزت۔وقار۔بزرگی۔سنجیدگی۔متانت۔علم عروض میں شعری بحر۔
Vezir	وَزیر	ع	وزیر۔منسٹر۔منتری۔شطرنج کا وزیر۔	وزیر۔منتری۔بادشاہ یا حکومت کے سربراہ کے ساتھ سلطنت کے نام بوجھ اٹھانے و ذمہ داری سنبھالنے والا۔وہ شخص جو بوجھ اٹھانے میں کسی کا شریک ہو۔
Vezir-i-azam	وَزیرِ اعظم	ع	بڑا وزیر۔پردھان منتری۔وزیر اعظم۔	بڑا وزیر۔پردھان منتری۔مرکزی حکومت کا سب سے بڑا وزیر۔
Vezne	وَزنہ	ع	ترازو۔خزانہ۔دفتر جہاں سے تنخواہ ملتی ہے۔باروت دانی۔	باروت کا پیانہ۔
	وَزنہ	اردو	————————	لوہے یا پتھر کی بنی ہوئی وہ چیز جو کاغذ کو دبانے کے لیے اس پر رکھی جائے۔پیپر ویٹ۔
Vicdan	وَجدان	ع	ضمیر۔دل۔قوت ایمانیہ۔تمیز۔	قوت ذکاوت۔جاننے و دریافت کرنے کی قوت۔دریافت کرنا۔کھوئی ہوئی چیز کو پانا۔جاننا۔آگاہی۔
Vicdanî	وَجدانی	ع	ضمیر سے متعلق۔	وجدان سے متعلق۔
Vifak	وِفاق	ع	راضی نامہ۔موافقت۔اتفاق۔ہم آہنگی۔صلح میل۔	محبت۔اتفاق۔اتحاد۔سازگاری کرنا۔موافقت کرنا۔کئی ریاستوں یا صوبوں کا مل کر ایک حکومت بنالینا۔
Vikaye	وِقایہ	ع	حفاظت۔محافظت۔حفاظت کرنا۔	نگاہ رکھنا۔حفاظت۔نگہبانی۔وہ چیز جس سے دوسری چیز کو محفوظ رکھ سکیں۔
